UNIVERSAL
LIBRARY
OU_224728
UNIVERSAL
LIBRARY

جلد (۷) شمارہ (۱)

زیر سرپرستی جناب خان فضل محمد خاں صاحب ایم۔ اے ناظم تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی

حیدرآباد ریویو

انجمن اساتذہ حیدرآباد دکن کا سہ ماہی رسالہ

مجلس ادارت:۔ سید علی اکبر ایم۔ اے (کنٹب) مدیر مسئول
سید فخر الحسن بلگرامی اے۔ بی۔ ٹی (علیگ) مدیر
محمد عبدالنور صدیقی بی اے۔ بی۔ ٹی (علیگ) شریک مدیر

مقاصد

(۱) طبقۂ اساتذہ کے احساس معلمی کو بیدار کرنا۔
(۲) طبقۂ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجربات معلمی کو شائع کرنا۔
(۳) فن معلمی پر نفسیاتی حیثیت سے نقد و نظر۔
(۴) انجمن اساتذہ کے مفید مضامین کی اشاعت۔
(۵) انجمن اساتذہ کے مقاصد و اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا۔

قواعد

(ا) رسالہ کا نام حیدرآباد ٹیچر ہوگا اور ہر سہ ماہی پر صدر دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے شائع ہوگا۔
(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بتفصیل ذیل ہوگی۔
اندرون و بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی تین روپیہ مع محصول ڈاک سالانہ (سکہ رائجہ)
صرف اردو حصہ (۱۴ عہ) سالانہ۔ قیمت فی پرچہ اردو و انگریزی (۱۲ر) صرف اردو (۸ر)
(ج) رسالہ نصف انگریزی و نصف اردو ہوگا جس میں حسب موا بدید تغیر بھی ہو سکے گا۔
(د) صرف وہی مضامین درج ہو سکیں گے جو تعلیم سے متعلق ہوں۔
(ر) جملہ مضامین و مراسلت دفتر کے پتہ سے ہونی چاہئے۔
(س) اشتہارات کا نرخ حسب تفصیل اشاعت ہذا رہے گا۔

نرخ اشتہارات حیدرآباد ٹیچر حسب ذیل ہے

مقدار	سال بھر	۶ ماہ	فی اشاعت
پورا صفحہ	۷	۴	۱
نصف صفحہ	۴	۲-۱۲	۸ر
ربع صفحہ	۲-۸ر	۱-۶ر	۱۵ر
فی سطر	۱۰	۸	۶ر

اعظم اسٹیم پریس چارمینار حیدرآباد دکن میں طبع ہو کر دفتر انجمن اساتذہ واقع رہتمی تعلیمات بلدہ سے شائع ہوا

جلد ۷ شمارہ (۱)

حیدرآباد ٹیچر

بابت شہر یور ۱۳۴۱ف مطابق جولائی ۱۹۳۲ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	عجائب خانوں کا اثر علی تعلیم پر	جناب امداد احمد زبیری صاحب بی۔اے (علیگ)	۲
۲	رُوسو کے مختصر حالات اور تعلیمی نظریات	" عبدالشکور خاں صاحب۔ بی۔اے مدرس مدرسہ فوقانیہ بیڑ۔	۱۰
۳	عجائبات قدرت۔	جناب ناظم صدیقی صاحب بی ایس سی۔	۱۴
۴	بچے کی تعلیم اور مدرسہ کی شرکت۔	" عبدالجبار سبحانی صاحب بی۔اے۔ بی ٹی۔	۲۱
۵	شذرات۔		۳۰ تا ۳۲
۶	طریقہ تعلیم ریاضی	جناب ڈی۔سی بھوگلے صاحب بی۔اے، بی ٹی۔	۳۷ تا ۴۸
			۶۴

عجائب خانوں کا اثر عملی تعلیم پر

از

(امداد احمد زبیری - بی۔ اے۔ (علیگ)

عجائب خانوں کا تخیل زمانہ قدیم سے موجود ہے۔ یہ انسانی فطرت ہے کہ جب کوئی نادر چیز ہاتھ لگتی ہے تو وہ اس کو حفاظت اور احتیاط سے رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔ درحقیقت یہی انسانی خواہش عجائب خانوں کا پیش خیمہ ہے۔ نوادر اشیاء کو بہ حفاظت رکھنے میں بڑا کام کیا ہے۔ بعض نے اپنی بزرگوں کی یادگار کے طور پر بعض نے مذہبی اہمیت کا خیال کرکے اور بعض نے ملکی اور سیاسی خیالوں سے نوادر کا اچھا ذخیرہ جمع کیا۔ چنانچہ دنیائے اسلام میں انفرادی طور پر اس قسم کے بہت سے عجائب خانے موجود تھے لیکن آئے دن کی سیاسی جنگوں نے ان کو قایم نہ رہنے دیا۔ اور وہ دنیا سے نیست و نابود ہو گئے اور اب ان کا وجود سوائے تاریخ کے صفحات کے کہیں نظر نہیں آتا۔

پہلے زمانے میں عجائب خانے صرف نوادر اشیاء کے انبار خانے سمجھے جاتے تھے اور ان کو مشکل ہی سے حیات جاودانی بخشے جانے کے قابل تصور کیا گیا تھا۔ لیکن اب حالات کے پلٹا کھانے اور تعلیم میں ترقی ہو جانے کی وجہ سے تحقیق کا مادہ لوگوں میں اس قدر پیدا ہو گیا ہے کہ عجائب خانوں کو عجیب و غریب اور نادر اشیاء کا صرف گنجینہ ہی نہیں خیال کیا جاتا بلکہ قومی قالبوں میں روح پھونکنے کیلئے ان کا وجود لازم سمجھا گیا ہے۔

یوروپین اقوام نے اس نکتہ کو پہلے ہی سمجھ لیا تھا۔ چنانچہ انھوں نے اپنے بزرگوں کی نادر اشیاء کو دل سے لگا کر رکھا اور اس کا جو نتیجہ نکلا وہ ظاہر ہے۔ ان عجائب خانوں نے یوروپین اقوام کو ان کے بزرگوں کے عملی کارناموں کا جائزہ لینے اور ان کے ترقی و زوال کے عملی نمونے دیکھنے اور ان سے سبق حاصل کرکے اپنی زندگی کو لازوال بنانے میں بڑی مدد دی ہے۔ یورپ کے اس عملی شغف کو دیکھ کر ہندوستان میں بھی اس کا صحیح ذوق پیدا ہو رہا ہے۔ چنانچہ نہ صرف برٹش گورنمنٹ نے ہندوستان کے مشہور شہروں میں بلکہ بعض ریاستوں نے بھی اس طرف توجہ مبذول کی ہے۔ چنانچہ ہمارے بادشاہ اعلیٰ حضرت قدرقدرت سلطان العلوم میر عثمان علی خان خلداللہ ملکہٗ وسلطنتہٗ کی خسروانہ توجہ اور شاہانہ سرپرستی سے حیدرآباد میں بھی ایک عجائب خانہ کی بنا پڑ چکی ہے۔ گو یہ ابھی ابتدائی حالت میں ہے۔ مگر پھر بھی کتبوں۔ قدیم اسلحہ

بیدری سامان اور مرقعوں وغیرہ کا اچھا ذخیرہ فراہم ہوگیا ہے۔ اگر سلطنت کے ساتھ ساتھ اہل ملک بھی اس طرف توجہ کریں تو یہ عجائب خانہ کم از کم ہندوستان میں بڑی اہمیت حاصل کرسکتا ہے۔ مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اہل ملک نے اس کی خصوصیت اور اہمیت کو کماحقہ نہیں سمجھا۔ یہاں اس کا مفہوم صرف اس قدر ذہن نشین کرلیا گیا ہے کہ شام کو باغ عامہ کی روشوں پر چکر لگاتے ہوئے ایک اچٹتی ہوئی نظر سے ایک برجیوں والی سفید اور نوساختہ عمارت میں بھی چکر لگا لیا جائے۔ اوپر نیچے پھر کر اپنے دوستوں کے ساتھ خوش گپیوں میں چند لمحے از راہ تفریح اس عمارت میں بھی گذار دے جائیں۔ حیدرآباد اور ریاست حیدرآباد میں نادر اشیاء کا بڑا ذخیرہ موجود ہے۔ اہل ملک اگر اس طرف توجہ کریں تو "قطرہ قطرہ بہم شود انبار" کے مقولے کے موافق چند ہی دنوں میں ہمارے عجائب خانے کو چار چاند لگ جائیں گے نادر چیزیں عجائب خانہ میں دیدی جائیں تو اس سے کئی فائدے حاصل ہوں گے۔ اول تو یہ کہ ہمارا عجائب خانہ صف اول میں آکر فوق علمی کی آبیاری کرے گا۔ دوسرے یہ کہ ہندوستان سے دلچسپی رکھنے والے لوگ دوسرے ممالک سے اپنی علمی تشنگی بجھانے ہمارے ہاں آئیں گے۔ تیسرے جو نوادر ادھر اُدھر بکھرے ہوئے ہیں اور جن کے انفرادی حالت میں تباہ ہوجانے کا احتمال ہے وہ محفوظ ہوجائیں گے چوتھے اہل ملک ان چیزوں کو دیکھ کر فائدہ حاصل کریں گے اور ان میں علمی ترقی کا ایک صحیح ذوق اور تحقیق کی ایک نئی امنگ پیدا ہوجائے گی۔

دُور جانے کی ضرورت نہیں۔ مصر کے عجائب خانے ہی پر نظر دوڑائیے تو معلوم ہوجائے گا کہ اس میں کس قدر نادر الوجود اشیاء مہیا کی گئی ہیں جن سے قدیم مصری تہذیب کا مطالعہ کیا جاسکتا ہے۔ مصریوں میں مصالحہ لگا کر لاشوں کو محفوظ رکھنے کا بڑا رواج تھا۔ چنانچہ اس قسم کی ہزارہا سال پیشتر کی مصالحہ دار لاشیں جن کو "ممی" کہتے ہیں مصر کے عجائب خانے میں موجود ہیں۔ ان لاشوں کے دیکھنے سے ہزارہا سال پیشتر کے انسانوں کے قد و قامت اور ان کی شکل و شباہت کا پتہ چلتا ہے۔ ان کے فن تعمیر کی پائداری اس سے ظاہر ہے کہ ان لاشوں کے لئے جو مقبرے بنائے تھے جو اہرام مصری کہلاتے ہیں اس وقت تک حوادثات زمانہ کا مقابلہ کرتے ہوئے اپنے اولوالعزم بانیوں کی رفعت و تہذیب کا مظاہرہ کررہے ہیں اور ہزارہا برس کے رازہائے سربستہ کو اپنے اندر چھپائے ہوئے ہیں لیکن موجودہ علمی تحقیق کے ذوق کا بھلا ہو کہ ان تھک کوششوں کے بعد ان رازہائے سربستہ کو بھی منظر عام پر آنا ہی پڑا۔ اور کئی ہزار برس پہلے کی دنیا کی تہذیب کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے دنیا کے ہر حصے سے جوق جوق لوگ آرہے ہیں اور اپنے حسب مراد موتی رول کرلئے جارہے ہیں۔ اور خود مصریوں کو

جو فائدہ پہنچ رہا ہے اس کے اظہار کی ضرورت نہیں۔

مصر سے آگے بڑھ کر اب ذرا یورپ پر نظر ڈالیے۔ آپ اس ملک کے کسی حصے میں چلے جائیے ہر جگہ آپ کو اعلیٰ درجہ کے عجائب خانے دکھائی دیں گے۔ جن سے وہاں کی علمی اور عملی ترقی کے مطالعہ کرنے میں بڑی مدد ملے گی۔ نقاشی کے نمونے اگر دیکھنا ہوں تو اٹلی کے عجائب خانے مانی اور بہزاد کے نقاش خانوں کو مات کریں گے۔ برلن جو علمی معلومات اور تحقیقات کا ایک بڑا مرکز ہے۔ عجائب خانوں کی کثرت کے لئے بھی مشہور ہے۔ تحصیل علم کا یہ شوق ہے کہ علم کا کوئی شعبہ ایسا نہیں کہ جس میں انہوں نے ذہانت کا اظہار نہ کیا ہو۔ علم موسیقی کی تحقیق کو انہوں نے درجہ کمال کو پہنچا دیا اور ایک عجائب خانہ میں قدیم ترین آلات موسیقی جمع کر دئے گئے ہیں اس کے علاوہ کوئی تعلیمی شعبہ ایسا نہیں کہ جس کے الگ الگ عجائب خانے موجود نہ ہوں۔ چنانچہ ایک عجائب خانہ ایسا بھی ہے جس میں ستاروں کی گردش دکھانے کا قدیم سامان بھی مہیا کیا گیا ہے۔

برلن اور پیرس سے قطع نظر کر کے اگر انگلستان کو دیکھا جائے تو عجائب خانوں کی بہتات اور نادر اشیاء کی فراوانی ہمیں حیرت میں ڈال دیتی ہے۔ تحقیقات علمی کے پیاسے دور دراز ملکوں سے یہاں کھنچے چلے آتے ہیں۔ وہ مومی پتلوں کو انسان سمجھ کر گفت و شنید کرتے ہیں لیکن جب ان کو اپنی آنکھوں کا قصور معلوم ہوتا ہے تو پھر حیرت میں ڈوب جاتے ہیں اور انسانی کمال پر سر دھننے لگتے ہیں۔ اور لندن میوزیم میں آکر زمانہ قدیم کے تمدن و معاشرت کا اندازہ کرنے میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ اس سے گذر کر "ولیس کلکشن" کی نادر الوجود تصاویر ان کے پیش نظر ہوتی ہیں۔ جن کو انگلستان کے ایک امیر کبیر نے جمع کیا تھا جس کے انتقال کے بعد اس بیش بہا ذخیرہ کو اس کی بیوہ خاتون نے ملک و قوم کی فائدہ رسانی کے لئے حکومت کے سپرد کر دیا ہے۔ ایک وہ ملک ہے کہ جہاں کی خواتین بھی اپنے ملک کی قومی اور سیاسی ضروریات سے واقف ہیں اور بخوبی واقف ہیں کہ کس چیز کا کیا محل ہے لیکن ایک ہمارے یہاں کے مرد ہیں کہ جن کو فرض شناسی اور ضروریات ملکی و قومی سے ذرا سا بھی حس نہیں۔ ہمارے یہاں بھی نادر اشیاء کے انفرادی ذخیرے موجود ہیں مگر ان سے کوئی کام نہیں لیا جاتا اور نہ اس بات کی اجازت ہے کہ دوسرے اس سے فائدہ حاصل کریں۔ اگر ان علمی جواہر پاروں کو پبلک کی خاطر منظر عام پر لایا جائے تو ملک اور قوم کو بے حد فائدہ پہنچے گا۔ خدا ہمارے ملک کے ایسے امراء کو توفیق دے کہ وہ مسز سر جرڈ ولیس کی طرح کام لے کر بقاء دوام حاصل کریں۔

علم و تعلیم کی ترقی کے ساتھ ساتھ عجائب خانوں کی تحریک بھی ایک نئی صورت اختیار کر چکی ہے۔

اور یہ مان لیا گیا ہے کہ عملی تعلیم کے لئے عجائب خانوں کا وجود لازم ہے۔ صرف درسی کتب کو پڑھ لینے سے دماغی نشوونما میں وہ جلا نہیں آسکتی جو ان چیزوں کے مشاہدہ سے آتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کنڈرگارٹن کے تعلیمی اصول نے بچوں کے ذہنی ارتقا میں زبردست انقلاب پیدا کر دیا ہے۔ اس کا اصول یہی ہے کہ بچوں کو مختلف چیزوں کے نمونوں، تصویروں اور کھیلوں کے ذریعہ سے تعلیم دی جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے ان کا دماغ کتابوں کے بوجھ سے ایک حد تک بے نیاز ہو جاتا ہے۔ چنانچہ اسی مشاہدہ کا ایک جزو عجائب خانہ ہے۔ لندن میوزیم پر نظر ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ مشاہدہ کرانے کے لئے اور حقیقی جذبہ علمی پیدا کرنے کے لئے کس قدر تیاریوں کے ساتھ ہر ایک شعبہ کو مکمل کر دیا گیا ہے۔ صرف لائبریری کی کتابوں کی تعداد بتیس۳۲ پچیس۲۵ لاکھ کے قریب ہے۔ علاوہ ازیں یہاں پر مصر و یونان و روم وغیرہ وغیرہ کی نادر اشیاء کا بھی کافی ذخیرہ موجود ہے۔ شعبہ حیوانات، شعبہ نباتات، شعبہ معدنیات اور شعبہ ارضیات وغیرہ کے متعلق کثرت کے ساتھ مواد موجود ہے۔

یورپ نے اس باب میں جو ترقی کی ہے۔ وہ تو آپ اپنی نظیر ہے۔ لیکن امریکہ نے اس میں جو حوصلہ فیاں کی ہیں وہ یورپ سے بھی سبقت لے گئی ہیں۔ اس نے عجائب خانوں کے اصول و اصل کو سمجھ لیا ہے اور اس سے فائدہ اٹھا کر عملی تعلیم کی طرف جو قدم اٹھایا ہے اس کی وجہ سے قصر تعلیم میں ایک نئے باب کا اضافہ ہو گیا ہے۔ وہاں پر سفری عجائب خانے قایم کئے گئے ہیں جو ملک کے ہر حصے میں اپنی چیزوں کا مظاہرہ کرتے رہتے ہیں۔ امریکہ میں ایک ہزار سے زیادہ عجائب خانے ہیں۔ جن میں سے "دی فیلڈ میوزیم آف نیچرل ہسٹری چکاگو" کو دنیا میں بڑی شہرت حاصل ہے۔ عام طور پر امریکہ کے عجائب خانے چار حصوں پر منقسم ہیں۔ (۱) تاریخ (۲) مصوری و نقاشی۔ (۳) سائنس (۴) صنعت و حرفت۔ تاریخی عجائب خانے تعداد میں بہت زیادہ ہیں۔ امریکہ کی اڑتالیس ریاستوں میں سے ہر ایک میں تاریخی انجمن ضرور موجود ہے۔ مصوری، نقاشی اور سائنس کی انجمنیں بھی اکثر مقامات پر قایم ہیں اور ترقی کر رہی ہیں۔

صنعت و حرفت نے عجائب خانوں کی سرزمین میں بالکل نیا قدم رکھا ہے۔ اور ان کی تعداد ابھی بہت کم ہے۔ مگر مشینوں کی فراوانی سے صنعت و حرفت کو چار چاند لگ گئے ہیں۔ عجائب خانوں کے نقاد صنعت و حرفت کے کارناموں کو بھی ایک ممتاز جگہ دے رہے ہیں۔ سائنس کی تحقیقات کیلئے امریکہ کے نیشنل میوزیم سے بہتر کوئی عجائب خانہ نہیں۔ اس کے صرف ایک شعبۂ اقتصادی ارضیات میں پانچ لاکھ سے زیادہ مختلف قسم کے نمونے پیش کئے گئے ہیں۔ جو دنیا میں لاثانی ہیں۔

نیشنل میوزیم میں اگر ہیں ایک طرف امریکہ کے تاریخی نوادر نظر آتے ہیں تو دوسری طرف ریلوے انجن اور اس کی تدریجی تبدیلیوں کا پورا سامان پیش نظر ہوتا ہے۔ اس عجائب خانہ میں جمع شدہ اشیاء کی قیمت اندازہ سے مستغنی ہیں۔ کیا جارج واشنگٹن کی تلوار کو کوئی دولت خرید سکتی ہے؟۔

امریکہ میں دو طرح کے عجائب خانے ہیں۔ قومی رور ذاتی یا انفرادی۔ قومی عجائب خانے پبلک خرچ پر قایم کئے گئے ہیں اور ان کی دیکھ بھال اور انتظام حکومت کرتی ہے بعض اوقات پرائیویٹ فیاضی سے عجائب خانہ قایم ہوجاتا ہے۔ شہر واشنگٹن کا مشہور "اسمتھ یونین انسٹیٹیوشن" مسٹر اسمتھسن کے پرائیویٹ ذوق وشوق کی یادگار ہے۔ پانچ لاکھ ڈالر اس کی آمدنی کے لئے وقف کردیئے گئے ہیں لیکن اس کو قومی ادارہ بنانے کے لئے امریکہ کی کانگرس کو اس کی برابر امداد کرنی پڑتی ہے۔ اگر حقیقت پوچھو تو اسمتھسن اپنا نیک نام ہمیشہ کے لئے چھوڑ گیا۔ تاکہ آئندہ آنے والی نسلیں اس کے نیک کام سے فائدہ حاصل کریں اور اس کی نیکی کی پیروی کرکے ملک وقوم کو فائدہ پہونچائیں۔

امریکہ کے عجائب خانوں میں جو خوبی ہے دنیا کے کسی اور عجائب خانے میں نہیں وہ یہ کہ یہاں عجائب خانوں کو عملی تعلیم کا ایک ذریعہ تسلیم کرلیا گیا ہے۔ چنانچہ بڑے بڑے عجائب خانوں میں نمائشی چیزوں پر لیکچر دے جاتے ہیں۔ مدرسین کے لئے نصاب مخصوص ہے۔ شام کو بچوں کی جماعتیں بھی ترتیب دی جاتی ہیں۔ ان لیکچروں کے ذریعہ جو تعلیم دی جاتی ہے۔ اس میں بہت سے مدرسوں کے طلبا رشریک ہوتے ہیں۔ اس میں وسعت پیدا کرنے کے لئے طلبا رکو کئی کئی ٹکڑیوں میں لیجاکر اشیاء متعلقہ سے روشناس کرایا جاتا ہے۔ تاکہ جو مضمون زیر بحث تھا اس کو بنظر خود بھی دیکھ لیں۔

علم کے عام کرنے میں امریکہ والے جو کوشش کر رہے ہیں اس کی ایک ادنیٰ مثال یہ ہے کہ آنکھ والے تو تماشہ دیکھتے ہیں۔ انہوں نے اپنے اندھوں کو بھی اس لطف سے محروم نہ رکھا۔ چنانچہ نیچرل ہسٹری (تاریخ طبعی) کا جو عجائب خانہ نیویارک میں ہے اس نے اندھوں کی تعلیم کا خاص انتظام کر رکھا ہے۔ اور وہ بھی عام طلبار کے دوش بدوش ایک ہی مدرسے میں تعلیم پاتے ہیں۔ ان کے گروپ بنادیے گئے ہیں اور ان کی نگرانی ٹرینڈ اساتذہ کرتے ہیں۔ امریکہ کے عجائب خانوں نے ان بچوں کی تعلیم میں بڑی سہولتیں پیدا کردی ہیں۔ پہلے ان کو زبانی تعلیم دی جاتی ہے۔ بعد ازاں یا تو ان کو اصلی چیزیں دکھائی جاتی ہیں یا اُن کے نمونے دے جاتے ہیں چونکہ اندھے بچے اپنے اردگرد کی چیزوں کو صرف چھوکر تمیز کرسکتے ہیں۔ اس لئے امریکہ کے عجائب خانوں میں ان کو جانوروں۔ چڑیوں۔ پھولوں اور دھاتوں کے متعلق عملی تعلیم حاصل کرنے کا بڑا

موقعہ حاصل رہتا ہے۔ عجائب خانوں کے کارپردازان بے چارے بچوں کے ساتھ بڑی ہمدردی کے ساتھ پیش آتے ہیں اور ہر طرح کی ممکنہ سہولتیں ان کو مہیا کر دیتے ہیں۔ ان کی اس ہمدردی کا نتیجہ یہ ہے کہ ایک لاچار مخلوق بھی علم کی نعمتوں سے محروم نہیں رہنے پاتی۔ اگرچہ یہ تسلیم شدہ امر ہے کہ اس قسم کی تعلیم خود دماغ کی طرح سطحی نظروں سے پوشیدہ ہوتی ہے لیکن طلبہ کی آیندہ زندگی پر اس تعلیم کے نتائج کا بڑا زبردست اثر پڑتا ہے۔

ہمارے یہاں کس قدر بچے آنکھوں کی نعمت عظمیٰ سے محروم رہتے ہیں۔ مگر کوئی ان کی خبر نہیں لیتا۔ مسلمانوں میں بہت ہی کم ایسے ہوتے ہیں جنہیں قرآن شریف حفظ کرادیا جاتا ہے۔ مگر عام طور پر ان کی زندگی اس قدر خوش گواری کے ساتھ بسر نہیں ہوتی جس قدر کہ ان ہی جیسے افسانوں کی زندگی امریکہ یا یورپ میں بسر ہوتی ہے۔ اب وقت آگیا ہے کہ قوم کی وہ مخلوق جس کو بیکار محض سمجھ لیا گیا ہے اس کو بھی باکار اور حوصلہ مند بنانے کے لئے کوشش کی جائے۔ ہندوستان میں اس اہم مسئلہ پر بہت کم غور و فکر کی گئی ہے۔ اگرچہ یہ مسئلہ زیر بحث ضرور آچکا ہے۔ چنانچہ صاحب زادہ آفتاب احمد خاں مرحوم و مغفور نے اس جانب ملک کی رہنمائی فرماتے ہوئے اعلیٰ پیمانے پر اپنے والد صاحب کی یادگار میں "مدرسۂ نابیناں" علی گڑھ میں قایم کر دیا۔ مدرسہ کی عمارت بورڈنگ ہاؤس اور مدرسین کے مکان سب انہوں نے اپنے سامنے بنوا دیے تھے۔ ان اندھے بچوں کو کرسیاں بننا لکڑی اور دوسری چیزوں سے سامان بنانا وغیرہ سکھایا جاتا ہے۔ حساب اور اردو کی تعلیم بھی ایک خاص قسم کے ابھرے ہوئے الفاظ اور ہندسوں میں دی جاتی ہے۔ وہاں اندھے اساتذہ کو اندھے بچوں کی تعلیم میں مشغول دیکھ کر عجیب کیفیت طاری ہوتی ہے۔ بچوں کو موسیقی بھی سکھائی جاتی ہے اور ان کے لئے کھیل کود کا بھی خاص طور پر انتظام کیا گیا ہے۔ جس وقت وہ کھیل میں مشغول نظر آتے ہیں تو ان میں زندگی اور خوشی کا ایک جذبہ موجزن نظر آتا ہے۔

اب ضرورت ہے کہ حکومت اور عوام اس ضروری مسئلہ پر غور کریں اور اس لاچار مخلوق کے لئے بھی عملی زندگی بسر کرنے اور خوش خرم رہنے کا کوئی سامان بہم پہنچایا جائے۔

امریکہ میں تعلیمی سہولتیں اس قدر پیدا کر دی گئی ہیں جس کی وجہ سے وہاں جاہل نام کو بھی نہیں ملتا۔ امریکہ کے عجائب خانوں نے عملی تعلیم کا جو مظاہرہ کر رکھا ہے وہ دنیا میں اپنی نوعیت کے لحاظ سے خصوصیت رکھتا ہے۔ ان عجائب خانوں نے اپنے یہاں کے مدارس سے بڑا زبردست اتحاد عمل قایم کر لیا ہے چنانچہ "فیلڈ میوزیم آف چکاگو" جس میں ہزاروں بلکہ لاکھوں نادر اشیا موجود

ہیں وہ اپنے یہاں کی چیزوں کو مدارس میں بھیجتا ہے۔ ان چیزوں سے تقریباً چار سو مدارس فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔ اس طرح کہ تعطیل موسمی کے بعد جب اسکول کھلتے ہیں تو کچھ مدارس میں نمائشی اشیاء بھیجدی جاتی ہیں۔ دو مہینے گذرنے کے بعد اُس مدرسہ سے ان چیزوں کو دوسری جگہ روانہ کر دیا جاتا ہے۔ اور میوزیم سے دوسری اشیا پھر یہاں بھیجدی جاتی ہیں۔ اس طرح ہر مدرسہ میں یکے بعد دیگرے مختلف اقسام کی چیزیں طلبا کی نظروں سے گذرتی رہتی ہیں۔ ان چیزوں کے مشاہدہ اور مطالعہ کا طلبا کی ذہنیت پر گہرا اثر پڑتا ہے۔ اس طریقہ عجائب خانہ اور مدارس ایک دوسرے سے قریبی طور پر ایک رشتہ میں منسلک ہو جاتے ہیں۔

ان اشیاء کی نمائش پبلک مدارس تک ہی محدود نہیں بلکہ ان سے خانگی مدارس یتیم خانے اصلاحی ادارے اور عام کتب خانے بھی متمتع ہوتے رہتے ہیں۔ یہ سلسلہ یہیں ختم نہیں ہو جاتا بلکہ اکثر و بیشتر ان چیزوں کی نمائش سلطنت متحدہ امریکہ سے دوسرے مقامات اور کناڈا کے مختلف شہروں میں بھی کی جاتی ہے۔ ان عجائب خانوں کے متعلق جاپان اور انگلستان میں بھی بڑی دلچسپی کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ کیونکہ امریکہ والوں کا عجائب خانوں کے متعلق موجودہ تخیل دنیا بھر میں مخصوص حیثیت رکھتا ہے۔

ان اشیاء کے نمائش کے علاوہ "فیلڈ موزیم"۔ لینٹرن سلائڈز اور تعلیمی متحرک تصاویر بھی طلبا کی تعلیم کی خاطر مہیا کرتا ہے۔ جن کے ذریعہ قدرتی مناظر۔ تاریخی واقعات اور انسانی اولوالعزمی و بہادری کے کارناموں کو پیش کیا جاتا ہے۔ ان کی وجہ سے تعلیمی اسباق میں جاذبیت پیدا ہو جاتی ہے۔ کیونکہ بہت سے ایسے مضامین ہیں جن کی تعلیم صرف کتابوں کی حد تک محدود ہے وہ مضمون خشک رہ جاتا ہے اور طلبا کو دلچسپی نہیں پیدا ہو سکتی۔

پبلک کی فائدہ رسانی کا جذبہ اس قدر بڑھا ہوا ہے کہ ان عجائب خانوں میں آنے جانے اور وہاں کے لکچروں میں شریک ہونے کی کوئی فیس نہیں لی جاتی بلکہ ان کے مہتمموں کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ جس قدر ممکن ہو سکے آسانیاں بہم پہنچائی جائیں تاکہ ان سے زیادہ لوگ فائدہ حاصل کر سکیں۔

یہ معلوم کر کے تعجب ہوگا کہ عملی تعلیم کی اس فراوانی کو شروع ہوئے صرف پچیس سال ہوتے ہیں۔ اس قلیل عرصہ میں ان عجائب خانوں نے امریکہ کی تعلیمی دنیا میں انقلاب پیدا کر دیا ہے امریکہ کی "مجلس عجائب خانہ" نے اس معاملہ میں بڑا حصہ لیا ہے۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ باقاعدہ طریقہ پر

عجائب خانوں سے کام لیا جائے۔ چنانچہ اسے خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوئی اور اس کا دائرہ عمل اس قدر وسیع ہو گیا ہے کہ اس کی شاخیں ملک کے ہر گوشے میں پھیلی ہوئی ہیں۔ یہی نہیں بلکہ اب اس کا حلقہ اثر امریکہ سے نکل کر یورپ و جاپان تک پھیل چکا ہے۔ جس کا یہ نتیجہ ہے کہ یہ سب ممالک ایک رشتہ میں منسلک ہو گئے ہیں۔ اب دنیا کے کسی حصے میں اگر کوئی نادر چیز منظر عام پر آتی ہے تو اُس کی خبر اس انجمن کو فوراً ملجاتی ہے۔ اس طرح یہ ممالک ایک دوسرے کے نوادر سے باخبر رہتے ہیں۔

ہمارے یہاں بھی انجمن اساتذہ حیدرآباد کی جانب سے مدرسین و طلبہ کو شوق دلانے کے لئے سالانہ کانفرنس کے ساتھ تعلیمی نمائش کے قیام کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔ جو عملی تعلیم کی طرف ایک عمدہ اور مبارک اقدام ہے۔ اس وجہ سے کہ مقامی مدارس کے طلبہ کو اس نمائش سے استفادہ کی اجازت دی جاتی ہے لیکن اس انتظام میں کسی قدر اصلاح کی ضرورت ہے۔ کوئی ایسا پروگرام رکھا جائے کہ اساتذہ صاحبان طلبا کی رہنمائی کریں۔ ہر چیز کی ماہیت طلبا کے ذہن نشین کرانے اور سمجھانے میں حصہ لیں تو اس کا اثر طلبا کی ذہنی استعداد پر بہت اچھا پڑے گا۔ علاوہ ازیں تاریخ و جغرافیہ کے متعلق بطور خاص اشیاء کی فراہمی کا انتظام بھی ضروری ہے اور ان کو اس طرح ترتیب دیا جائے کہ جن سے عہد بہ عہد کے حالات کا صحیح خاکہ نظر آجائے۔

ہمارے خیال میں امریکہ کی طرح اگر حیدرآباد میں بھی ایک مرکزی گشتی عجائب خانہ کا قیام سررشتہ عالیہ تعلیمات سرکار عالی کی جانب سے عمل میں آئے تو اس طرح عملی تعلیم کا ایک نیا باب نہ صرف ریاست ابدمدت میں بلکہ ہندوستان کی تعلیمی دنیا میں کھل جائے گا۔ خدا کے فضل و کرم سے حیدرآباد میں مدارس کی کافی تعداد موجود ہے اور ابتدا میں یہاں اس کا تجربہ بہت آسانی سے کیا جاسکتا ہے۔ اس مرکزی عجائب خانے کی اشیاء مدارس میں گشت کرتی رہیں اور ان اشیاء پر متعلقہ اساتذہ صاحبان اپنے یہاں کے طلبہ کے سامنے لکچر دیا کریں تاکہ طلبا کو ان چیزوں کی ماہیت سمجھنے میں آسانی ہو اگر یہ صورت حوصلہ افزا ثابت ہوتی تو اضلاع کے مدارس کو استفادہ کا موقع دیا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک عام سالانہ نمائش کا قیام بھی عمل میں لایا جائے اور اس کے لئے جملہ مدارس کے طلبا کی بنائی ہوئی اشیا فراہم کی جائیں بعد از نمائش ان اشیاء کو مرکزی عجائب خانہ میں تبدیل کر دیا جائے۔ اس طرح طلبا کی ذہنی استعداد کی تدریجی ترقی کا خاصہ مواد ہمارے پاس جمع ہوتا جائے گا۔

کہا گیا ہے کہ روم ایک دن میں نہیں بنا بلکہ رومی تمدن کو ترقی کرنے کے لئے صدیاں درکار ہوئیں اس طرح یہ کام استقلال اور استمرار زمانہ کا متقاضی ہے۔ اس لئے سررشتہ تعلیمات وقت کی اہمیت کے مدنظر اس قسم کی علمی تعلیم کی اشاعت اور اس کی ترقی میں کوشش کرے تو یہ مخلوق خدا کی ایک ایسی خدمت ہوگی جس سے آیندہ نسلیں فوائد عظیم حاصل کرینگی اور تعلیم کے ایک صحیح اصول کو اختیار کرکے تعلیمی دنیا کے ارتقا میں متمدن ممالک کا ساتھ دے سکیں گی۔ اس میں شک نہیں ہر بڑے کام کی طرح اس کام کے لئے بھی عزم و استقلال کی ضرورت ہے۔ اگر اس طرف سررشتہ تعلیمات استقلال کے ساتھ قدم اٹھائے تو خدا وہ دن جلد دکھائے گا۔ کہ اُسے اس کام میں ہر طرح کی کامیابی آسان نظر آئے گی۔ فقط

رُوسو کے مختصر حالات اور تعلیمی نظریات

از

(محمد عبدالشکور خاں مدوگار مدرسہ فوقانیہ بیڑ)

رُوسو فرانس کا ایک نامور ماہر تعلیم، فلسفی اور مدبر گزرا ہے۔ ۱۷۱۲ء میں وہ جینوا کے مقام پر پیدا ہوا۔ اس کا باپ جینوا میں گھڑی سازی کا پیشہ کیا کرتا تھا۔ روسو کو پیدا ہوئے چند دن ہی ہوئے تھے کہ اس کی مادر شفقت کا سایہ اس کے سر سے اُٹھ گیا۔ چونکہ اس کا باپ ایک کمزور طبع جذباتی شخص تھا۔ اس لئے اس کی ابتدائی تعلیم کی طرف سے غایت درجہ بے التفاتی برتی گئی۔ دس سال کی عمر تک وہ باپ ہی کی زیر تعلیم رہا۔

رُوسو کو تحصیل علم کا بڑا ذوق تھا۔ فسانے اور ناول اس کے خاص مطالعہ کی چیزیں تھیں اس نے گرجوں کی تاریخیں اور پلوٹارک کے سوانح حیات کا خوب مطالعہ کیا تھا۔ اسی قسم کے ابتدائی مطالعہ نے اس کے خیالات کو انتہا پسند بنا دیا تھا۔

اس کے باپ کے ترک وطن کے بعد وہ ایک پادری کے پاس باقاعدہ تعلیم حاصل کرنے لگا۔ یہاں دو سال تک اپنے استاد کی صحبت میں رہکر اس نے دیہاتی زندگی سے الفت پیدا کرلی اول اول اس کو ایک مذہبی پیشوا بننے کا شوق چرایا جس کے لئے کئی سال کی مسلسل تعلیم کی ضرورت

تھی مگر بہت جلد اس کا یہ خیال بدل گیا۔ اب اس نے ایک ادارۂ بلدیہ میں منشی کی خدمت اختیار کر لی۔ یہاں بھی وہ زیادہ عرصہ نہ ٹکا اور خیالات نے ایسا پلٹا کھایا کہ وہ منشی سے نقاش بن گیا۔ اس کی بدنصیبی دیکھئے کہ اس پیشہ میں بھی وہ کامیاب نہ ہو سکا۔

سولہ سال کی عمر میں وہ فرانس پہنچا۔ یہاں کچھ عرصہ بیکار رہنے کے بعد اس نے خانگی مدرسی کا پیشہ اختیار کر لیا۔ مگر یہ کام بھی زیادہ عرصہ نہ کر سکا۔ پھر دس سال تک تلاش روزگار میں سرگرداں اور مفلوک الحال پھرتا رہا۔ آخر ایک متمول فرانسیسی نے اپنے دو بیٹوں کی تعلیم کے لئے اس کو مقرر کیا۔ ایک سال تک وہ یہ خدمت انجام دیتا رہا۔ مگر ناکامی اور نامرادی نے یہاں بھی ساتھ نہ چھوڑا اور اس کو اس خدمت سے دست بردار ہونا پڑا۔

اب وہ پائے تخت کی طرف روانہ ہوا۔ پیرس میں وہ چند اعلیٰ طبقہ کی خواتین سے ملا جنہوں نے اس کی بے چارگی اور بے کسی دیکھ کر اس کے ساتھ ہمدردی کا سلوک کیا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب کہ صنف نازک کا اثر فرانس کی حکومت اور سیاسی حلقوں میں بڑا زبردست تھا۔ ان خواتین کی سفارش سے فرانسیسی سفیر نے روسو کو اپنا معتمد بنا لیا۔ کچھ عرصہ تک وہ اپنے فرائض حسن و خوبی سے انجام دیتا رہا۔ مگر سچ یہ ہے کہ قضا و قدر کے آگے کسی کا کچھ نہیں چلتا۔ فطرت انسانی اپنا جلوہ دکھائے بغیر نہیں رہ سکتی۔ یہاں بھی وہ ایک مناقشہ کا شکار ہوا اور خدمت سے بہ مجبوری علیحدگی اختیار کرنی پڑی۔ اس وقت وہ نہایت مفلس اور قلاش ہو گیا تھا اور یہ اشعار اس کے حسب حال تھے:۔

میری خواری کے رتبہ کا کمال اوج تو دیکھو — کہ ہے چرخ زحل بھی سایہ بخت دژم میرا
وہ ہوں میں آتشین گل تازہ نخل شمع الفت کا — نہیں ہے کوئی گل چیں غیر مقراض ستم میرا

اب اس نے قلم کو اپنا معاون بنایا اور ایک انعامی مضمون لکھا جس کا عنوان تھا کہ "آیا سائنس اور دیگر علوم و فنون اخلاق سنوارتے ہیں یا بگاڑتے ہیں؟" اس مضمون میں اس نے آخر الذکر خیال کی تائید کی تھی۔ دوسرا مضمون اس نے انسانوں کے عدم مساوات پر سپرد قلم کیا اور اس میں سوسائٹی کو مخرب اخلاق ثابت کیا۔ ۱۷۶۱ء میں حکومت فرانس کے خوف سے وہ جینوا بھاگ گیا۔ اب اس کی تصانیف کا دور شروع ہو گیا تھا۔ اس کے علم و فضل کا آوازہ دور پھیل گیا تھا۔ انگریز فلسفی ہوم نے بھی اس کو انگلستان آنے کی دعوت دی تھی۔ آخر عمر میں وہ پیرس واپس آ گیا تھا۔ ۱۷۷۸ء میں یہ بڑا فلسفی اور ماہر تعلیم اس دار المحن سے رخصت ہو گیا۔

روسو کے نظریات ۔ روسو کے نظریات اس کی زندگی کے تجربات کا نتیجہ ہیں اور ان میں عقل

کی بجائے جذبات کو زیادہ دخل ہے۔ اس کا مقولہ تھا کہ خدا نے تمام چیزیں اچھی بنائیں ہیں مگر انسان ان میں مداخلت کرکے خراب کر دیتا ہے۔ تاہم تعلیم نہایت ضروری چیز ہے۔ بہترین تعلیم یافتہ وہ شخص ہے جو زندگی کے آلام و خوشیاں بہترین طور پر برداشت کر سکتا ہے۔

اس کا پہلا علمی کارنامہ وہ انعامی مضمون تھا جس کا ذکر اوپر آچکا ہے۔ دوسرا مضمون انسانوں کی عدم مساوات پر تھا اس میں اس نے ایک فرضی قدیم سوسائٹی کا خاکہ کھینچا تھا۔ یہی آگے چل کر انقلاب فرانس کی بنیادی تعلیم اور آزادی کا اعلان ثابت ہوا۔ اس کا سب سے بڑا ادبی اور تعلیمی شاہکار ایمیل ہے۔ یہ ایک طویل داستان بطرز ناول ہے جو نصائح اور ہدایات سے پُر ہے۔ اس میں ایک بچہ کی تعلیم فطرت کے مطابق ایک خیالی سوسائٹی میں ایک فرضی استاد کی زیر نگرانی کی گئی ہے۔ اس میں جو نظریات اس نے پیش کئے ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے۔

تعلیم کا مقصد دل و دماغ اور قوت فیصلہ کی تربیت ہے۔ اس کے خیال میں عمل علم سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ ہر بچہ کے فطری رجحانات کو وہ زیادہ قابل ستائش خیال کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ اپنے فرضی شاگرد ایمیل کو سوسائٹی سے علحدہ رکھ کر تعلیم و تربیت کرنا چاہتا ہے۔ مذہب و اخلاق کی درستی کے لئے وہ غیر رسمی تعلیم کو زیادہ ضروری سمجھتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ تحصیل علم عمل کے ذریعہ سے ہوتی ہے نہ کہ راست تعلیم سے۔ اس کے نظام تعلیم میں اخلاق اور منطق کی تعلیم کا وقت سن بلوغ کے بعد ہے۔

وہ کہتا ہے کہ علم کی ابتدا اس وقت ہوتی ہے جب ہم زندگی بسر کرنا سیکھ جاتے ہیں۔ لوگ اپنے بچوں کی زندگی کے تحفظ میں متفکر ہیں۔ لیکن حقیقت میں ان کو چاہئے کہ بچوں کو خود اس کی حفاظت کرنا سکھائیں۔ بچوں کے معلم کو خود بچہ بن جانا چاہئے۔ استاد بچوں کو نصیحت نہ کرے بلکہ ان کو خود اپنے تجربات سے نصیحت حاصل کرنے کا موقع دے۔

بیمار اور کمزور بچہ کسی تعلیم سے اثر پذیر نہیں ہو سکتا۔ اگر تم کو حقیقی بہادر کی تلاش ہے تو وہاں جاؤ جہاں ڈاکٹر نہ ہوں۔ جہاں ملا نہ ہوں اور جہاں فلسفی نہ ہوں۔ کیونکہ ڈاکٹر اپنی ہدایات فلسفی اپنے نظریات اور ملا اپنے مواعیظ سے انسانوں کے دلوں کو کمزور اور موت سے خوف زدہ کر دیتے ہیں۔ اعتدال اور محنت تمام امراض کا علاج ہے۔ کام بھوک پیدا کرتا ہے اور اعتدال اس کو قابو میں رکھتا ہے۔

بچوں میں شرارت کمزوری سے پیدا ہوتی ہے۔ اس کو طاقتور بناؤ اور تمام شرارت

دور ہو جائیگی۔ بچوں کی حقیقی ضروریات کا خیال رکھو۔ دیگر خواہشات کے لئے ان کو خود تمہارے پاس آنے دو۔ ان کو زیادہ بکو اس کے لئے مجبور نہ کرو۔ جب حاجت ہوگی وہ خود باتیں کریں گے بچوں کو بہت سے الفاظ سکھانا درآں حالیکہ ان کے خیالات کا سرمایہ غایت درجہ کم ہو بہت بڑی غلطی ہے۔ دہقان لوگ جو شہریوں سے زیادہ عملی ہوتے ہیں اس کی بڑی وجہ یہی ہے کہ اُن کے پاس الفاظ کی پونجی تھوڑی ہوتی ہے۔

جب ایمیل کی اشاعت ملک میں ہوئی تو ہر طرف سے اعتراضات کی بوچھاڑ ہونے لگی اس لئے کہ جو طریقہ تعلیم اس میں پیش کیا گیا تھا وہ مروجہ تعلیم کے بالکل برعکس تھا۔ روسو نے اپنے نکتہ چینوں کو ان الفاظ میں جواب دیا تھا "میری تعلیم کا مقصد بچہ کو سست و کاہل بنانا نہیں ہے بلکہ اس کے فطری قویٰ اور رجحانات کو بروئے کار لانا ہے۔ میں نہیں چاہتا کہ بچہ کی مرضی کو ٹھکرایا جائے۔ بلکہ اس کو سنجیدہ کار اور استوار کرنا چاہیئے۔ میری تعلیم نیکی نہیں سکھاتی بلکہ برائی سے بچاتی ہے۔ وہ صداقت پیدا نہیں کرتی بلکہ غلطی سے محفوظ رکھتی ہے۔"

رُوسو کے خیالات کی کنہ تک پہنچنا ذرا مشکل ہے۔ اس کی تعلیم کے حقیقی مقصد کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ اس زمانہ کے تاریخی حالات اور رسم و رواج سے واقفیت حاصل کی جائے۔ جب کہ اس نے ایمیل تصنیف کی تھی۔

سیرت محمد علی

انشاء اللہ ۲۹ اکتوبر ۱۹۳۳ء کو شائع ہوگی۔

مولانا محمد علی کے ہزارہا معتقدوں اور اُن کی سیرت کے ہزارہا مشتاقوں کو یہ سن کر مسرت ہوگی کہ ان کی سیرت نگاری کا کام ایک مختصر پیمانہ پر ختم ہو چکا ہے، اور اب مولانا عبدالماجد مدیر "سچ" مسودوں کی نظر ثانی کر رہے ہیں۔ طباعت کا کام انشاء اللہ اگست سے شروع کر دیا جائیگا اور بانی جامعہ کی یہ سیرت انشاء اللہ یوم تاسیس جامعہ (۲۹ اکتوبر ۱۹۳۳ء) کو شائع ہو جائیگی۔ قیمت غالباً تین روپے ہوگی۔

خریداری کی تمام درخواستیں اسی وقت مندرجہ ذیل پتہ پر بھیجدی جائیں۔

(مہتمم مکتبہ جامعہ دہلی)

"عجائباتِ قدرت"

قدرت کے کمالات و عجائبات کی حد نہیں۔ ہزارہا سال سے انسان تجسس و تحقیق میں مشغول ہے۔ تاہم ہنوز روزِ اول نظر آتا ہے۔ آئے دن ایسے عجیب و غریب انکشافات ہوتے رہتے ہیں کہ بڑے بڑے عقلا حیران رہ جاتے ہیں۔ اور قدرت کی نیرنگیاں دیکھ کر بے ساختہ منہ سے نکل جاتا ہے۔ ع دامانِ نگہ تنگ و گلِ حسنِ تو بسیار۔

مثلاً قدرت نے مچھلی کو ایک آبی جانور بنایا ہے۔ یہ ہمیشہ پانی ہی میں رہتی ہے۔ پانی سے نکلی کہ اس کی جان پر بن آئی۔ ماہی بے آب کی تڑپ مشہور ہے۔ مگر یہ سن کر تعجب ہوگا کہ مچھلیاں پانی کے بغیر بھی زندہ رہ سکتی ہیں۔ چنانچہ واقعہ ہے کہ دنیا میں ایسی مچھلیاں بھی ہیں جو پانی سے باہر آتی ہیں۔ مینڈک کی طرح خشکی پر چلتی ہیں اور پرندوں کی طرح ہوا میں پرواز کرتی ہیں۔



چلنے والی مچھلی

علیٰ ہذا پرندوں کے علاوہ بعض چوپائے بھی ایسے ہیں جو ہوا میں اُڑتے ہیں۔ بعض ایسے ہیں جو انڈے دیتے ہیں یا پرندوں کی طرح درختوں پر گھونسلے بناتے ہیں۔

کیلیفورنیا اور جزائر شرقیہ کے قریب خط سرطان سے گذرتے ہوئے اکثر مچھلیاں ہوا میں اڑتی ہوئی نظر آتی ہیں۔ یہ مچھلیاں ہیرنگ مچھلی (Herring) کی شکل کی ہوتی ہیں۔ البتہ ان کے سینہ کے پنکھڑے زیادہ بڑے ہوتے ہیں۔ اور پرند کے بازوؤں کی طرح معلوم ہوتے ہیں۔ ان کے اُوپر کے چھلکے چاندی کے مانند چمکدار ہوتے ہیں۔ جب ان مچھلیوں کے غول کسی جہاز کے قریب سے اڑتے ہوئے گذرتے ہیں تو اُن کے بازوؤں کے رُوپہلی چھلکے دیکھنے والوں کو جواہرات کی طرح جگمگاتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ ان کے علاوہ اور بھی بعض مچھلیاں ایسی ہیں جو پرواز کر سکتی ہیں۔ مثلاً تیتری مچھلی جو دریائے وکٹوریا اور کیمرون میں پائی جاتی ہے اس کے بازو بالکل تیتری کے پروں سے ملتے ہوئے ہوتے ہیں۔ اس لئے اُس کو تیتری مچھلی کہتے ہیں۔ گرنرڈ Gurnard اسی قسم کی ایک دوسری مچھلی ہے جو اکثر بحر روم میں اڑتی ہوئی دیکھی گئی ہے۔



اڑنے والی مچھلی (گرنرڈ)

اڑنے والی مچھلی

بعض مچھلیاں مینڈک کی طرح خشکی اور پانی دونوں میں رہتی ہیں۔ ان مچھلیوں کے صرف تین اقسام ملے ہیں جو افریقہ۔ اسٹریلیا اور جنوبی امریکہ کے ان دریاؤں میں پائی جاتی ہیں جو خط سرطان کے قریب گذرتے ہیں۔ سانس لینے کے لئے ان مچھلیوں کے گلپھڑوں کے علاوہ پھیپھڑے بھی ہوتے ہیں اور اسی وجہ سے یہ خشکی پر بھی رہ سکتی ہیں۔

مغربی افریقہ کی دلدل پر پھدکنے والی مچھلی کو چلنے والی مچھلی (Walking fish)

بھی کہتے ہیں۔ یہ ایشیا اور اسٹریلیا کے بعض دریاؤں کے دہانوں کے قریب دلدل میں بھی ملتی ہے یہ مچھلیاں بہت چھوٹی ہوتی ہیں۔ ان کے غول اکثر پانی سے نکلکر دلدل پر آجاتے ہیں۔ ان مچھلیوں کے صدری پنکھڑے عضلاتی اور مضبوط ہوتے ہیں جن کی ساخت کچھ مینڈک کے پاؤں کی طرح ہوتی ہے۔ اس وجہ سے یہ مچھلیاں دلدل پر پھدک سکتی ہیں۔ پانی سے نکل کر اپنا سر اوپر کو اٹھا کر چلتی ہوئی بہت ہی عجیب معلوم ہوتی ہیں۔ اٹھا ہوا سر، ابھری ہوئی آنکھیں جونکوں کی طرح پھیلی ہوئی اور پریشان۔ بڑا مضحکہ آمیز منظر ہوتا ہے۔ دیکھتے ہی ہنسی آجاتی ہے۔ یہ مچھلیاں درختوں پر بھی چڑھ سکتی ہیں۔ انسان سے بہت جلد اتنی مانوس ہو جاتی ہیں کہ خود بخود ہاتھ پر آبیٹھتی ہیں

دلدل پر پھدکنے والی مچھلی

افریقہ میں دلدل میں رہنے والی ایک اور مچھلی پائی جاتی ہے جسے بیروٹیرن (Protopterus) کہتے ہیں۔ موسم گرما میں جب جھیلوں اور دریاؤں کا پانی خشک ہو جاتا ہے تو یہ دلدل کے اندر گھس جاتی ہے۔ اس کے اوپر لیس دار چکنے مادے کی ایک تہ آجاتی ہے جب دلدل سوکھ کر خشک ہو جاتی ہے تو اس کے اوپر ایک کوبہ (Cocoon) سا بنجاتا ہے۔ جس میں ہوا آنے کے لئے ایک سوراخ کھلا رہتا ہے۔ کیونکہ اس دوران میں مچھلی برابر اپنے پھیپھڑوں سے جو دھوائی پھکنوں کی طرح ہوتے ہیں سانس لیتی ہے۔

جنوبی امریکہ کی پھیپھڑے والی مچھلی لیپیڈاسرن (Lepidosiren) کہلاتی ہے اکثر دریائے امیزن کی وسیع دلدل میں گھنے گھاس کے اندر رینگتی پھرتی ہے۔ یہ مچھلی تقریباً ۴ فٹ لمبی ہوتی ہے۔ اس کا جسم مضبوط اور گٹھا ہوا ہوتا ہے۔ دم نوکدار ہوتی ہے۔ میانہ پنکھڑا پیچھے دم کے اطراف تک چلا جاتا ہے اور آگے گردن تک پھیلا ہوا ہوتا ہے۔ باقی پنکھڑوں کے دو جوڑ گاؤدم ریشے کی طرح ہوتے ہیں۔ اس کے چھلکے چھوٹے چھوٹے اور کھال کے اندر پیوست ہوتے ہیں۔ یہ زیادہ تر گھونگے کھاتی ہے جن کو اپنے سخت جبڑوں سے پیس ڈالتی ہے۔ تھوڑے

تھوڑے وقفے کے بعد اپنے پھیپھڑوں میں ہوا بھرنے کے لئے سطح پر آتی ہے۔ موسم گرما کی آمد پر دلدل کے اندر ایک نالی نما سوراخ کرکے اس میں سو جاتی ہے۔ اور اُس کا دہانہ مٹی سے بند کرلیتی ہے۔ موسم برسات آنے پر دروازہ کھول کر باہر نکلتی ہے۔ اب یہ زمانہ اس کے بیانے کا ہوتا ہے۔ چنانچہ دلدل میں چھوٹے چھوٹے گڑھوں کے اندر انڈے دیتی ہے۔ جب ان میں سے بچے نکل آتے ہیں تو نر اُن کی حفاظت کرتا ہے۔ ان کے حوضی پنکھڑے بہت بڑے ہوتے ہیں جن پر موٹے موٹے ریشے نکل آتے ہیں جو تنفس کا کام کرتے ہیں۔ ان کے اندر خون کی نالیاں بہت زیادہ ہوتی ہیں۔

چوپائے خواہ وہ رینگنے والے ہوں یا دودھ پلانے والے ہمیشہ اپنی زندگی خشکی پر ہی بسر کرتے ہیں۔ مگر بعض دودھ پلانے والے جانور پانی میں بھی رہتے ہیں۔ مثلاً وھیل (whale) جس کو دودھ پلانے والی مچھلی کہتے ہیں۔ اس کی دم پتوار کی ہم شکل ہوتی ہے۔ جو تیرتے وقت پانی کاٹنے کے کام آتی ہے۔ اس کے جسم پر بال نہیں ہوتے۔ صرف منہ کے اطراف تھوڑے سے بال رہتے ہیں جو بہت حساس ہوتے ہیں۔ اس کے سینہ کی جوف بہت بڑی ہوتی ہے جس کے اندر صاف خون کی بہت سی نالیاں بہتی ہیں۔ اسی وجہ سے یہ جانور بغیر سانس لئے دو دو گھنٹے تک پانی کے نیچے رہ سکتا ہے۔ پانی کے اندر اس کے بچوں کو دودھ کھینچنے میں دشواری پیش آتی ہے۔ اسی وجہ سے قدرت نے اس کے تھنوں کی ساخت کچھ ایسی عجیب رکھی ہے کہ بچے کو دودھ چوسنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ بلکہ ایک دم اُس کا منہ دودھ سے بھر جاتا ہے اسی طرح واٹر شرو (water shrew) ایک دوسرا پانی کا چوپایہ ہے۔ اس کی پچھلی ٹانگوں میں پاؤں کے تلوؤں اور انگلیوں پر عجیب شکل کے بال ہوتے ہیں۔ جب یہ پانی میں تیرتا ہے تو بال کنگھے کی طرح کھلے رہتے ہیں لیکن زمین پر چلتے وقت بند ہوجاتے ہیں۔ اس کی دم عمودآ چپٹی ہوتی ہے۔ جس کی بطنی سطح پر لمبے لمبے بال ہوتے ہیں۔ یہ دم پتوار کا کام دیتی ہے۔

بہت سے دودھ پلانے والے جانور ہوا میں پرواز بھی کرسکتے ہیں۔ یہ اپنی اگلی ٹانگوں یا پاؤں کی مدد سے اور بعض اپنی مخصوص دُموں کے ذریعہ سے ہوا میں اُڑتے ہیں چنانچہ امریکہ میں ایک گلہری ہوتی ہے جو ہوا میں اُڑ کر ایک درخت سے دوسرے درخت پر پہنچ جاتی ہے۔ آسٹریلیا میں بھی بعض گلہریاں اُڑنے والی ہوتی ہیں۔ اُن کے پہلوؤں میں پسلی پر کی کھال پنکھے کی طرح پھیلی ہوئی ہوتی ہے۔ جس کی وجہ سے یہ ہوا میں اُڑتی

اڑنے والی گلہری

ہیں۔ اسی طرح اپوسم (opossum) ایک دوسرا جانور ہے یہ بھی ہوا میں اڑ سکتا ہے۔
سیلون میں ایک لومڑی (Flying Lemur - Yzmit) ہوتی ہے جو اُڑ سکتی ہے۔ یہ چمگادڑ سے ملتی ہوئی ہوتی ہے اور درختوں کی شاخوں پر الٹی لٹک جاتی ہے۔ اس کے بازو بہت زیادہ پھیل سکتے ہیں۔

بعض اوقات یہ ربڑ کے پودوں پر اس قدر زیادہ تعداد میں آکر لٹک جاتی ہیں کہ ان کے وزن سے اکثر شاخیں ٹوٹ کر گر جاتی ہیں۔

اڑنے والا مینڈک

جیکو

چوپایوں میں چھپکلی کی طرح کا ایک اور جانور جیکو (gecko)

ہوتا ہے۔ اس کی پسلیوں کے اوپر کی جلد بہت ڈھیلی ہوتی ہے۔ جب یہ اڑتا ہے تو یہ کھال پھیلکر ایک پرند کے بازوؤں کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ اڑنے میں یہ اپنی دم سے پتوار کا کام لیتا ہے بعض مینڈک بھی طاقت پرواز رکھتے ہیں۔ ان کے چاروں پاؤں میں چوڑی چوڑی جھلی ہوتی ہے۔

دودھ پلانے والے جانوروں کی یہ ایک خصوصیت خیال کی جاتی ہے کہ وہ ہمیشہ بچے دیتے ہیں۔ لیکن اسٹریلیا اور ٹاسمینیا کا جانور پلیٹی پس (Platypus) پرندوں کی طرح



پلیٹی پس یا ڈک بل

انڈے دیتا ہے۔ اس کا منہ بطخ کی چونچ کی طرح ہوتا ہے۔ یہ دریا کے کنارے زمین دوز گھونسلا بناتا ہے۔ جس کے دو راستے ہوتے ہیں۔ بیانے کے زمانے میں مادہ دو یا تین انڈے دیتی ہے ایکڈنا (Echidna) اور پرو ایکڈنا (Pro-echidna) اور ایسے دودھ پلانے والے جانور اسٹریلیا میں پائے جاتے ہیں۔ جو انڈے دیتے ہیں۔

یہ بھی اکثر مشاہدے میں آیا ہے کہ بعض دودھ پلانے والے جانور پرندوں کی طرح درختوں پر اپنے گھونسلے بناتے ہیں۔ جزائر سماترا اور بورنیو میں اورنگوٹنگ (orang outan) ایک قسم کا بندر ہوتا ہے۔ جو جنگلوں میں درختوں پر نشیمن بناتا ہے اور اس کے آگ اپنے سونے کے لئے لکڑیوں کا ایک چھوٹا چبوترا سا تیار کرتا ہے۔ ایک مرتبہ چڑیا خانے سے یہ جانور رات کو آزاد ہو گیا تھا۔ صبح کو دیکھا گیا کہ اس نے رات بھر میں اپنے لئے اسی باغ میں ایک درخت پر گھونسلا بنا لیا تھا جس میں وہ خود بیٹھا پایا گیا۔ اسی طرح گوریلہ ایک بن مانس ہے جو اپنے متعلقین کے لئے درختوں پر گھونسلا رکھتا ہے۔ بیانت کے زمانے کے لئے اس کے علاوہ یہ ایک اور مخصوص مکان بناتا ہے۔ جب مادہ کے بچے پیدا ہونے کا زمانہ قریب آتا ہے تو

یہ اس کو اس خاص مکان میں منتقل کر دیتا ہے۔

جزیرۂ میڈاگاسکر میں بھی لیمور (Lemur) ایک لنگور ہوتا ہے جو درختوں پر نشیمن بناتا ہے۔ جس کا قطر تقریباً ایک فٹ ہوتا ہے۔ دیکھا گیا ہے کہ یہ لنگور بالعموم بہ یک وقت دو گھونسلے بناتا ہے۔ ایک میں یہ خود رہتا ہے اور دوسرا غلّہ وغیرہ فراہم کرنے کے کام میں لاتا ہے۔ اسی جزیرے میں آئے آئے (aye-aye) ایک اور جانور پایا جاتا ہے جو بانس کے جنگلوں میں درختوں کے اوپر گھونسلا بنا کر رہتا ہے۔ یہ چھوٹے چھوٹے کیڑے اور مختلف پرندوں کے انڈے کھاتا ہے۔ کینگارو (Canadoo) میں بعض کو دنے والے چوہے ہوتے ہیں جو کھلیانی کھلاتے ہیں۔ یہ زمین کے اوپر رہتے ہیں۔ حالانکہ ان کے دوسرے ہم جنس جو شہری ہوتے ہیں ہمیشہ زمین کے اندر بلوں میں رہتے ہیں۔

غرض دنیا میں دست قدرت ہزاروں ایسے نئے نئے کھلونے بناتا ہے اور پھر خود ہی ان کو بگاڑ دیتا ہے۔ خاموش بیٹھے اس کی نیرنگی کا تماشا دیکھا کیجئے۔ وہ خود اپنی قدرت کاملہ سے ایک حسین کھلونا بناتا ہے۔ اس کے ماحول اور اس کی ضروریات کے مطابق اسے آراستہ کرتا ہے۔ تماشا گاہِ عالم میں کچھ دن اُس کا پر لطف تماشا دیکھتا ہے اور پھر اُسے نیست و نابود کر دیتا ہے۔ جیسے ایک معصوم بچہ ایک مٹی کے کھلونے سے کھیلتا ہے اور کھیلتے کھیلتے اسے ہاتھ سے پھینک کر دوسری طرف متوجہ ہو جاتا ہے۔ پھر اس کھلونے کی شکستگی پر نہ اسے کبھی افسوس ہوتا ہے اور نہ شاید کبھی اس کا خیال دل میں آتا ہے۔

ناظم صدیقی۔ بی ایس سی۔

بچے کی تعلیم اور مدرسہ کی شرکت

بچہ کو کس عمر میں مدرسہ شریک کیا جائے؟ یہ ایسا سوال ہے جو عموماً والدین کے دماغ میں پیدا ہوتا ہے۔ عام رواج یہ ہے کہ جب بچہ پانچ سال کا ہوتا ہے تو اُسے مدرسہ بھیج دیتے ہیں، مکتب میں داخلہ کا پہلا دن رسم کے مطابق بڑی خوشی کا دن ہوتا ہے۔ مسلمانوں میں اس رسم کو بسم اللہ خوانی کہتے ہیں۔ عزیز و اقارب دوست احباب جمع ہوتے اور مولوی صاحب بچے کے معلم بنتے ہیں، اس دن خاندان کا ہر فرد اور خاص طور پر وہ بچہ خوشی مناتا ہے۔ اس قدیم رواج کو ترک کرنا مناسب نہیں۔ تاکہ بچے قدیم دیرینہ رسوم سے واقف ہوں اور اس خاص رسم کو جان کر اس کی اہمیت کو سمجھیں۔ تیسری بات ان دونوں سے اہم یہ ہے کہ بچہ کی تعلیم کی ابتدا بزرگوں کی دعاؤں اور اعزہ و اقربا کی تمناؤں و آرزوؤں سے ہوتی ہے۔ پہلا روز تسمیہ خوانی اور دوسرا دن متبرک کلمات کے دہرانے میں صرف ہو جاتا ہے۔ اور اس کے چند دن بعد حروف تہجی کی ابتدا کی جاتی ہے۔ میری رائے میں تعلیم اطفال کے نصاب کی ابتدا اسی طریق پر ہونی مناسب ہے۔ حروف تہجی الفاظ اور مختصر جملے، تصاویر و کہانی اور نظم کے ذریعہ سیکھ لینے کے بعد بچہ کی تعلیم کا ایک حصہ ختم ہو جاتا ہے۔ ممکن ہے بعض حروف چھوٹ گئے ہوں۔ اس لئے میری رائے ہے کہ ہر قاعدہ اور ہر پہلی کتاب کے اول و آخر دونوں صفحوں پر حروف تہجی درج ہوں تاکہ اس مرتبہ حروف تہجی کی تدریس سے سابقہ تعلیم کی تکمیل ہو جائے یہ امر کتب درسی کی تالیف و تصنیف سے شغف رکھنے والے حضرات کے توجہ خاص کا محتاج ہے۔ بچہ اب اول جماعت سے اوپر ایک درجہ ترقی کرتا ہے۔ اب اُسے حروف تہجی کی ترتیب اور سلسلہ پر غور کرنے کا موقع ملتا ہے۔ یہ حروف پہلے ہی سے اُسے ازبر ہوتے ہیں۔

مگر اس کا لازمی نتیجہ نہیں کہ بچہ کو پانچ برس کی عمر سے قبل شریک مدرسہ ہی نہ کیا جائے بلکہ اس عمر سے قبل ہی بچہ کی تعلیم گھر پر لازمی اور قریب تر مدرسہ میں اولی اور نرسری اسکولوں کا انتظام و قیام ضروری ہے۔ سر لزلی میکنزی (Sedlie mackenzie) اپنی کتاب موسومہ "بچہ مدرسہ میں" (The Child at School) میں تحریر فرماتے ہیں کہ اگر مدرسہ اچھا ہے تو بچہ کو تین برس کی عمر میں بھی مدرسہ بھیجنا جلدی نہیں کہا جا سکتا۔ ایسے طریقوں سے آراستہ مدرسہ میں جو آج کل تمام نرسری مدارس میں رائج ہیں۔ بچہ

کے واسطے ایسا ماحول پیدا ہو جاتا ہے۔ جہاں اُسے اپنی زندگی کے متعلق احساس کی تربیت کا موقع ملتا ہے۔ نونہالان قوم کی عمر عزیز کو خراب حال اور گلی کوچہ کے آوارہ گرد لڑکوں کی صحبت میں گزارنے سے مدرسہ میں گزارنا بدرجہا بہتر ہے اگر ان کم سن بچوں کا حضوری مدرسہ تعلیمی مفاد سے عاری ہو تو بُری صحبتوں سے صیانت اور پابندی مدرسہ کی عادت کے فائدہ عظیم سے خالی نہیں ہے۔ گو یہ بات اسکاٹ لینڈ کے بچوں کے متعلق لکھی گئی ہے مگر پھر بھی نرسری مدارس کے قیام کے مسئلہ پر ہمیں سنجیدگی کے ساتھ غور کرنا چاہیئے۔

چند اہم باتیں ۔ بچے کی عادت و اطوار کے متعلق معلم یا والد کو بعض امور کا جاننا ضروری ہے جن میں سے چند درج ذیل کی جاتی ہیں۔

(۱) ابتداً بچے کتابیں پڑھنے سے متنفر رہتے ہیں۔ مگر جبلّاً و فطرتاً قصص و کہانیوں کے سننے اور تصاویر کے دیکھنے کا بے حد شوق ہوتا ہے۔ لیکن اسی ضمن میں رفتہ رفتہ ان میں کتاب پڑھنے کا شوق دل میں جاگزیں ہوتا جاتا ہے۔ (۲) اعداد کے اسباق زبان کے اسباق کے بعد آتے ہیں۔ گنتے وقت پہلے پہل وہ جلدی جلدی گنتا ہے اور ان اشیاء کی تعداد کا بھی لحاظ نہیں کرتا جو اس کے سامنے ہیں۔ مگر رہنمائی کی جائے اور بار بار دہرائے اور تجربہ ہو جائے تو ہر چیز بتا کر شمار کرنے لگتا ہے۔ (۳) بعض اوقات بچہ کا جی کتاب لے کر بیٹھنے کو چاہتا ہے بعض دفعہ اسے تختہ سیاہ پر لکھنے کی خواہش ہوتی ہے بعض مرتبہ وہ انہیں چیزوں سے کھیلنا پسند کرتا ہے۔ دن کا زیادہ حصہ وہ آزاد اور خود مختار رہنا چاہتا ہے۔ بہت سی چیزیں صرف دیکھ کر اپنے آزاد شغلوں کے وقت خود انجام دینے کی کوشش کرتا ہے۔ یہ باتیں اس کی دماغی اور جسمانی نشوونما اور ترقی کے واسطے ایسی ہی ضروری ہیں جیسے کھانا پانی زندگی کے لئے لازمی ہے۔ (۴) کھیل کے وقت بھی ہم بچے سے باتیں کر سکتے ہیں بشرطے کہ ہم اس کی سی باتیں کریں۔ (۵) بچہ کو لکھنے پڑھنے کی تاکید کا عام طریقہ اس کے دل میں تعلیم سے نفرت پیدا کر دیتا ہے۔ اس لئے کہ کسی کام کے کرنے کی ہدایت سے پیشتر ہمیں چاہیئے کہ بچہ کو اس کام کی ترغیب و تحریص دلائیں اور اس سے دلچسپی پیدا کرائیں۔ اس لئے ہمیں خود اس کے ساتھ بیٹھنا چاہیئے اور دیکھنا چاہیئے کہ وہ کیا کرتا ہے۔ اور اس کی دل افزائی کریں اور وقت ضرورت اس کو مشورہ دینا چاہیئے۔ جب بچہ کو کام کی رغبت ہو جائے گی تو پھر ہم جو کہیں گے وہ انجام دے گا۔ (۶) اگر اس طرح اس کے ساتھ بیٹھنے سے کوئی تھک جائے تو بچہ کو اکیلے چھوڑ دینا چاہیئے۔ بچہ پر خفگی نہ کرے اور نہ ناشائستہ و غیر مہذب الفاظ سے انہیں زجر و توبیخ کرے۔ چونکہ بچوں میں تقلید کا مادہ زیادہ ہوتا ہے۔ ممکن ہے کہ وہ بھی اس مذموم عادت کے مرتکب ہو کر آئندہ دوسروں کے نسبت

اس کا استعمال کریں۔ (۷) جو چیزیں بچہ کو کھیلنے کے واسطے دی جائیں بہت ممکن ہے کہ بچہ ان میں سے بعض اشیاء کو نظر انداز کر جائے، اور بعض چیزوں کی طرف بہت رغبت کرے اس لئے ایک کتابچہ میں تمام سامان درج کر کے کھیل کے اعداد و شمار درج کئے جائیں تاکہ معلوم ہو جائے کہ بچہ نے کس دن کس چیز کو استعمال کیا اور کس چیز کو بالکل استعمال نہیں کیا۔ جن اشیاء کو بچہ نے بالکل استعمال نہیں کیا، انہیں اس طرح پیش کرنا چاہیے کہ اُسے وہ چیزیں پسند آئیں اور اچھی معلوم ہوں۔ جو بچہ اپنی عمر کے ابتدائی ایام گھر میں محبت و پیار کے ساتھ بسر کرتا ہے، بڑا خوش قسمت ہے، جس گھر میں تمیز و تہذیب سے بات چیت کی جاتی ہے۔ جہاں تعاون اور خود اعتمادی رائج ہوتی ہے، جہاں کسی میں خود رائی نہیں ہوتی جہاں ہمیشہ مہربانی کے ساتھ ایک دوسرے سے نیک سلوک کیا جاتا ہے۔ جہاں عمدہ چال چلن دوسروں کے لئے نمونہ کا کام دیتا ہے ایسا گھر دوسری جنت ہے۔

اس حصہ کو فری بل (Frobel) کے الفاظ میں ختم کرنا مناسب ہے "اے والدین ہمیں اپنی خامیوں کو اپنے بچوں میں سے دفع کرنا چاہیئے۔ وہ ابتدائی اور حیات بخش قوت جو ہم میں نہیں ہے ہمارے بچوں کی زندگی سے ہمیں حاصل ہو جائے۔ ہمیں اپنے بچوں سے سبق لینا چاہیئے۔ ہمیں ان کی زندگی کے نازک احساسات اور ان کے دماغ کے خاموش مطالبات پر غور کرنا چاہیئے۔ ہمیں اپنی زندگی وقف کر دینی چاہیئے۔ تب ہمیں ان کی زندگی سے اطمینان و آرام ملے گا۔ اور تب ہمیں خود بھی عقل اور سمجھ آئے گی"۔

معلم کی گذشتہ عظمت ۔ سب سے اہم اور قابل غور مسئلہ معلم کا ہے۔ ہر شخص اس بات پر متفق ہے کہ تعلیمی حکمت عملی میں ہر اصلاح کی جان معلم ہے۔ اس کی حالت پر غور کرنا ہمارا فرض اولین ہے۔ اگرچہ بے شک اس مسئلہ کا حل خود ہم پر ہمارے احساس فرائض پر اور بڑی حد تک سررشتہ تعلیم پر ہے، تاہم والدین کے تعاون عمل کے بغیر یہ مسائل حل نہیں ہو سکتے اس لئے کہ مدرسین کی محنت کا بہترین دشیریں ثمرہ والدین حاصل کرتے ہیں مدرس کی حیثیت پر تین پہلو سے غور کرنا چاہیئے۔ (۱) زمانہ قدیم کا مدرس۔ (۲) بعد کا مدرس (۳) موجودہ مدرس۔

زمانہ قدیم میں مدرس کی وقعت شاہ و گدا سب کرتے تھے، بچے اس کے قدموں کے پاس بیٹھکر درس لینے کو فخر جانتے تھے۔ بچے ہی اس کے گھر بار کی دیکھ ریکھ کرتے تھے اور اس کے کھانے پینے کو لاتے تھے، ہندوؤں میں یہ باتیں حد درجہ کو پہونچ گئی تھیں اور گرو کی سیوا کرنا خدا

کی عبادت کے مساوی سمجھا جاتا تھا۔ استاد اور شاگرد ساتھ ساتھ رہتے سہتے تھے اور ایک دوسرے کے سفاد کا خیال رکھتے تھے۔ مدرس کو اپنی آمدنی اور گزر بسر کے متعلق کوئی تشویش نہ ہوتی تھی۔ راج ویر جا سب دان کرتے اور مدرس کو اپنی ضروریات سے زیادہ مل جاتا تھا۔ مدرس کا سارا وقت دھیان گیان یا درس و تدریس میں صرف ہوتا تھا۔ کسی عالی شان عمارت یا گران بہا ساز و سامان کی ضرورت نہ تھی۔ نہ درسی کتابیں رائج تھیں جو گرو جی پڑھتے وہی سیوک دہراتے جاتے تھے۔ گرو جی کی سادہ زندگی راست گفتاری اور اعلیٰ خیالی قابل تقلید ہوتی تھی وہ اخلاق حسنہ کا مجسمہ ہوتے تھے اور ایک زندہ مثال ہوتے تھے جس کی تقلید اور پیروی ان کے سب شاگرد اور سیوک کیا کرتے تھے۔

ایک گروہ دیہاتی مدرسین کا تھا۔ دیہاتی مدرسین ہر فن میں کامل و ماہر سمجھا جاتا تھا۔ وہ دیہات کا جوتشی بھی تھا اور پروہت بھی دستاویزوں کا لکھنا بھی اُس کے ذمہ ہوتا تھا اور خطوط کا لکھنا بھی۔ اس طرح ان سب باتوں کے علم سے اُسے وہی حیثیت حاصل ہو جاتی تھی جو پہلے اُس کے آباو اجداد کو حاصل تھی۔ بچوں کے والدین اور دیہات کے لوگ سب اونہیں کی خبر گیری کرتے تھے اور اس کے خاندان کے دوسرے لوگوں کے ساتھ بھی نیک سلوک کرتے تھے۔ اس کی آمدنی کا ذریعہ دیہات کی مشترکہ زمین کا ایک کھیت ہوتا تھا جو اسی کے نام منسوب ہوتا۔ اور اکثر ایک دوسرے کو در اثناً پہونچتا رہتا تھا۔ اس کے علاوہ فصل کے زمانہ میں غلے اور دیگر اشیاء مایحتاج جو سال بھر کے لیئے کافی ہوں اُسے مزید مل جایا کرتی تھیں۔ تیوہار سے پہلے بچوں کے والدین اور بچے دھان چاول گھی تیل پھل پھلاری سبزی ترکاری پارچہ وغیرہ ہر قسم کے تحف و ہدایا مدرس کے گھر پہونچا دیتے تھے۔ جس کی وجہ ضروریات معیشت سے کسی چیز کی حاجت اور کسی قسم کی تشویش باقی نہ رہتی تھی۔

بچے دن بھر مدرس کے گھر گذارتے اور مدرس پورا دن ان کی تعلیم و تدریس میں صرف کرتا۔ استاد و شاگرد اور مدرس اور والدین کے فی مابین اتحاد و اتفاق کا گہرا تعلق ہوا کرتا تھا۔ جو ہر سہ کے لئے مفید تھا۔ کسی شاندار عمارت یا قیمتی ساز و سامان کی ضرورت نہیں ہوتی تھی۔ تعلیم کا طریقہ یہ تھا کہ بچے استاد کے ساتھ ساتھ الفاظ و عبارت دُہراتے۔ پاس لکھنے کے لئے زمین کاٹی ہوتی تھی یا لکڑی کی تختیاں استعمال کی جاتی تھیں۔ بچے بڑے ہو کر مدرس کی بڑی عزت و تعظیم کرتے تھے اور بچپن میں جو استفاضہ و استفادہ کیا تھا۔ ان کی یاد دلوں میں تازہ رکھتے تھے۔

ان دونوں طرز کے مدرسوں میں چند خصوصیات مشترک ہیں۔ جو قابل غور ہیں۔ (۱) مدرس کی عزت و تعظیم کی جاتی تھی (۲) اس کی تمام ضروریات مہیا کی جاتی تھیں۔ (۳) وہ پورا دن کام کرتا تھا' والدین اور استاد اور استاد اور شاگرد میں تعلقات نہایت خوش گوار ہوتے تھے۔ بچے گرد کے سیوا دل و جان سے کرتے تھے۔ (۴) والدین تعلیم اطفال کو بہت اہم سمجھتے تھے' اور اس کی جانب کافی توجہ کرتے تھے۔ اس کے تعلیم و تدریس کا کامیابی لازمی نتیجہ تھا۔

(۲) بعد میں' مرور زمانہ سے ایک اور طرز کے مدرسین ہو گئے' جن کی عزت و وقعت بھی مندرجہ بالا اساتذہ کی طرح ہوتی تھی' مگر یہ اساتذہ درس و تدریس میں اپنی شخصیت کے اثر سے بجائے سزا زیادہ کام لیتے تھے' جن کے اس طریقہ عمل سے بچوں کو تعلیم سے رغبت کے بجائے نفرت ہو جاتی تھی۔ مگر اب زمانہ بالکل بدل گیا' ان اساتذہ کے مطمح نظر میں وسعت پیدا ہو گئی' جدید تبدیلیوں سے وہ آگاہ اور باخبر ہیں۔ ایسے پرانی قسم کے اساتذہ یا تو روز افزوں ضروریات کے مدنظر جدید طرز اختیار کرتے جا رہے ہیں' یا بتدریج ناپید ہو رہے ہیں۔ بہر حال دیہات والے کسی نہ کسی مدرس کو ہر طرح کی مالی خدمت اور نیک سلوک کر کے نہایت عزت و وقار کے ساتھ اپنے گاؤں میں رکھتے تھے۔

مسلمان بادشاہوں کے عہد حکومت میں سلاطین مغلیہ کے زمانہ میں بھی اساتذہ کی تقسیم کم و بیش یہی رہی۔ اس دور کی تعلیمی حالت کا تفصیلی بیان ایک علیحدہ اور مستقل مضمون کا محتاج ہے' یہاں صرف اس ایک واقعہ کا اظہار مقصود ہے کہ سلطنت کے فرائض اور بادشاہت کی اہم ذمہ داریوں سے سبکدوش ہونے کے بعد ہر طرح کی آسائش اور ہر قسم کے سامان راحت کے باوجود نظر بندی کے زمانہ میں شاہ جہاں نے لڑکے پڑھانے کی خواہش کی۔ شہنشاہ عالمگیر نے کہا کہ شاید بادشاہت کا شوق ابھی قایم و برقرار ہے۔ اورنگ زیب کے اس بیان سے اُس زمانہ کے خیالات کی جھلک نظر آتی ہے کہ مدرس کی وقعت شاگردوں اور ان کے والدین اور عزیز و اقارب کے نزدیک بادشاہ سے کم نہیں تھی۔

(۳) زمانہ ماضی کے پُر شکوہ اور دلفریب تذکرہ جس قدر کئے جائیں کم ہیں۔ زمانہ موجودہ کی حالت کا اظہار غیر ضروری ہے۔ مدرسہ کے مدرس کی حالت آپ کے پیش نظر ہے' اس کی ذمہ داریاں کم نہیں ہوئیں۔ بلکہ ان میں معتد بہ اضافہ ہو گیا ہے۔ اس کی خدمت اعلیٰ و ارفع تصور کی جاتی ہے۔ لوگوں کو بھی اس پیشے کی تقدیس کا احساس ہے' مگر یہ احساس ابھی

صرف زبانی ہمدردی پر مشتمل ہے۔ عملاً اس پر کوئی توجہ نہیں۔ قرینہ ہے کہ اس پیشہ کی بنیادیں زیادہ استوار ہو جائیں۔ عوام میں ہر شخص کو اگر اس بات کا احساس ہو جائے تو سابقہ حالت بہت جلد عود کر سکتی ہے اور یہ کچھ بہت دشوار نہیں۔

اعتماد و بھروسہ۔ ایک مرتبہ جب مدرس کی خدمات حاصل کر لی گئیں تو پھر اُس پر پورا پورا اعتماد اور بھروسہ کرنا چاہیئے۔ اس کے تفویض دو چار بچے نہیں ہوتے بلکہ نہیں بلکہ ایسے بچوں کی جماعت سے واسطہ رہتا ہے جن کی عمر مختلف، استعداد جدا اور مزاج میں کوئی یکسانیت نہیں ہوتی، ایسی صورت میں فرداً فرداً ہر بچہ کی حالت اور تدریجی ترقی پر غور کرتے رہنا اگر محال نہیں تو دشوار ضرور ہے۔ صرف وہی لوگ مدرس کی دشواریوں اور ذمہ داریوں کا صحیح اندازہ لگا سکتے ہیں جنہیں خود ایک سے زائد بچے ہوں۔ ہر بچہ کی ضرورت پر ہمیشہ الگ الگ نگاہ رکھنی پڑتی ہے۔ طلبہ پر منفردہ طور سے توجہ کرنا موجودہ تعلیم کا جزو لازم قرار پایا ہے، اور اس کے لئے ایسی تدابیر اختیار کی جا رہی ہیں کہ اساتذہ ہر بچہ کی الگ الگ ضروریات کے مناسب حال ترقی کے ذرائع اختیار کریں۔ اس ضمن میں سب سے اہم جو چیز ہے اور جس پر ہم سب ابھی تک نظر انداز کئے ہوئے ہیں گھر کی تعلیم و تربیت ہے۔

ڈاکٹر اور مدرس۔ ڈاکٹر یا طبیب کو لیجئے جب ہم اس کے پاس علاج کی غرض سے جاتے ہیں تو پہلے سے معلوم کر لیتے ہیں کہ اس کے ہاتھ میں شفا ہے یا نہیں۔ اس کی عام شہرت کیسی ہے لوگ اس کے متعلق کیسا خیال رکھتے ہیں۔ اس کا برتاؤ اور اخلاق کیسا ہے لیکن مدرس کے متعلق کیا ہم کسی خوبی کی جانچ پرتال بھی کرتے ہیں؟ نہیں ہرگز نہیں بلکہ ہر شخص کوئی بھی مدرسی کا اہل سمجھا جاتا ہے۔ اہل الرائے کا خیال ہے کہ مدرس کو اپنے فن کی تحصیل لازم ہے۔ کیونکہ فن تدریس ترقی کرتے کرتے سائنس ہو گیا ہے۔ بے شک بعض مستثنیات بھی ہیں جن اشخاص کو بچوں کا تجربہ ہوتا ہے وہ پیدائشی مدرس ہوتے ہیں۔ مگر عام طور پر ہر مدرس کو جو اپنے پیشے میں کامیاب ہونا چاہتا ہے تھوڑی بہت فنی واقفیت نہایت ضروری ہے۔ کیا طبیب یا ڈاکٹر ہر وقت بیمار کے پاس یا اس کے ساتھ رہتا ہے۔ وہ صرف یہ کرتا ہے کہ بیمار کی نبض دیکھی، مرض کی تشخیص کی نسخہ تجویز کیا۔ ضروری ہدایات دیں اور چلا گیا۔ اب یہ کام عزیز و اقارب کا ہے کہ بیمار کی خبر گیری کریں۔ مناسب غذا کھلائیں، تسلی تشفی دیں اور جسمانی اور دماغی آرام و آسایش کا خیال رکھیں، گو مدرس طالب علم کے ساتھ زیادہ وقت صرف کر سکتا ہے مگر اس کو صرف طالب علم کا اور نیز اس کے والدین کا رفیق دم ہر تصور کرنا چاہیئے۔

ادنیٰ طبقہ کے لوگوں میں یہ امر نہایت ضروری ہے کہ والدین بچوں پر نگرانی رکھیں، مدرسہ کے کام سے واقف رہیں اور اساتذہ سے میل جول رکھیں۔

عملی کام اور قوت حافظہ ۔ تعلیم جدید میں دو امور ایسے ہیں جن پر زیادہ زور دینے کی ضرورت ہے (۱) قوت حافظہ۔ حافظہ کی تربیت اور عملی کام کی صلاحیت پیدا کرنا۔ قوت حافظہ یہ چیز قدیم ہے جس میں ہم بھی مشہور زمانہ تھے۔ مگر عملی کام کی صلاحیت بالکل جدید چیز ہے۔ ان ہر دو میں عملی کام کی قوت کی تربیت پر زیادہ توجہ کرنی چاہیئے۔ اور ساتھ ہی قوت حافظہ کا بھی خیال رکھنا چاہیئے۔ اس کے نظر انداز کرنے کی کیا وجہ ہے؟ یہ وجہ نہیں کہ حافظہ کی خوبی جدید فن تدریس کی ایجاد ہے جس کی وجہ ہمارے بچے اس میں ناقص رہ جاتے ہیں۔ بلکہ اصلی سبب یہ ہے کہ گھر میں اس پر آج کل مطلق توجہ نہیں ہوتی بچہ کی تعلیم اگر ان اصولوں پر ہوتی جن کا مختصر سا خاکہ رسالہ حیدرآباد ٹیچرز میں راقم الحروف نے اپنے سابقہ مضمون میں درج کیا ہے تو بچہ کو بعض باتوں کے حفظ کی عادت استاد کے بغیر تعریف و ترغیب خود ہو جاتی۔

قدیم فن تدریس کی یہ ایک بڑی خامی تھی کہ عملی کام کی کوئی تربیت نہیں کی جاتی تھی۔ بجائے اس کے کہ بچہ کو خود کام کرنے کا موقع دیا جائے اس سے مشین کا سا کام زیادہ لیا جاتا تھا۔ تعلیم اطفال میں تجرباتی تعلیم نے "ہاتھ اور آنکھ کی تربیت" اور مصروف رکھنے کے طریقے ایجاد کیے۔ اسی طرح مدرسہ میں علم الحساب کی تدریس میں زندگی کے عملی پہلو سے حقیقی طور پر مطابقت کی جاتی ہے۔ اب ہمارا کام یہ ہے کہ جدید و قدیم کو ایک دوسرے میں ایسا پیوست و الحاق کر دیں کہ دونوں ایک ہو جائیں۔

نصاب تعلیم ۔ مروجہ طریقہ تعلیم کے متعلق مدارس میں متعدد اور مختلف مضامین کی کثرت کی شکایت ہر شخص کے زبان زد ہے۔ یہ شکایت بسا اوقات خود اساتذہ صاحبان بھی کرتے رہتے ہیں۔ بے شک یہ درست ہے کہ مدرس کی زیادہ توجہ لکھنا، پڑھنا اور حساب کی جانب ہی منعطف رہنی چاہیئے۔ دوسرے مضامین کا کام صرف یہ ہے اور ہونا چاہیئے کہ جو معلومات اس طرح حاصل ہوں اُن کے آپس میں تعلق قایم کر کے معین و مستحکم کیا جائے۔ دیگر مضامین کی تدریس کے ضروری ہونے کے وجوہات ذیل میں درج کیے جاتے ہیں۔

(۱) **مشاہدہ قدرت** ۔ اس مضمون سے قوت متخیلہ اور مشاہدہ کی تربیت ہوتی ہے۔ بچے اس مضمون کی تعلیم سے قدرت کی حسن کاری اور مناظر قدرت کی نیرنگی سے دلچسپی لیتے ہیں، اور مصنوع

سے صانع کی محبت اپنے دل میں پیدا کرتے ہیں۔ اور اس سے زبان کی اصلاح اور قوت بیانیہ میں کافی مہارت حاصل ہوتی ہے۔ قدیم مذہبی روایات قصہ اور کہانیوں سے اس مضمون کی تدریس میں امداد لی جاسکتی ہے۔

(۲) **تاریخ**۔ اگر ہم کو اپنے نوجوانوں میں حب وطن اور ملک کی قدیم تاریخی حالات سے دلچسپی پیدا کرنا مقصود ہو تو یہ صرف اس طرح ممکن ہے کہ مشاہیر زمانہ افراد کے حالاتِ زندگی بیان کیے جائیں جنہوں نے بادشاہ سپہ سالار۔ یا مدبر کی حیثیت سے ملک و قوم کی خدمت گزاری کی ہو۔

(۳) **جغرافیہ**۔ ان کے اصلی کاموں کو سمجھنے کے واسطے جو اس نے مختلف نوعیت سے انجام دئے ہیں مثلاً صنعتی، تجارتی اور معاشی، اور جو خدمت انسان اس ملک اور دوسرے اور ممالک میں اپنے نوع کی انجام دے رہا ہے یہ اور اس قسم کی دوسری باتیں جاننے کے واسطے جغرافیہ کی تعلیم نہایت ضروری ہے

(۴) **دستی مشاغل**۔ اس مضمون کو شریک نصاب کرنے کا مقصد اعظم یہ ہے کہ ہمارا مطمح نظر محنت کا اعزاز ہونا چاہئے۔ نیز اس سے طلبہ کی آنکھوں اور ہاتھوں کی تربیت ہوتی ہے۔ گھر میں اگر کوئی معمولی سا کام مثلاً دیوار میں کیل گاڑنا۔ لیمپ جلانا۔ اسی طرح کے کچھ کام اگر پیش آجائیں اور بچے نہ کرسکیں تو وہ ہمارے بے حد خفگی کا باعث ہوتے ہیں۔ دستی مشاغل سے بچے ہر شئے کو خوش اسلوبی سے موزوں اور مناسب موقع پر با اصول استعمال کرنے کا طریقہ جانتے ہیں۔

(۵) **تعلیم ورزش جسمانی**۔ یہ امر واقع ہے کہ ہمارے طلبہ محنت جسمانی کے اعتبار سے بہت کمزور ہیں۔ اور ہمارے بچوں میں تحمل اور برداشت کا وہ مادہ نہیں ہوتا جو دوسرا نتائج ہیں اپنے بزرگوں سے حاصل ہوا تھا۔ گو اس کا نہایت گہرا تعلق بچوں کی غذا اور مناسب نشوونما کے اہم مسئلہ سے ہے۔ تاہم دماغی اور اخلاقی تعلیم کے ساتھ ساتھ تعلیم ورزش جسمانی بھی ضرور ہونی چاہئے۔ کیونکہ صحیح دماغ تندرست جسم میں ہوتا ہے۔ اگر خوش حال لوگ مدرسہ کے غریب بچوں کی غذا کی طرف ذرا بھی توجہ کریں تو یہ اہم مسئلہ بڑی حد تک پورا ہو جائے گا۔

(۶) **اخلاقی تعلیم**۔ ہمیں معلوم ہے کہ ہمارے بچے کس طرح لامذہب ہو جاتے ہیں اور کیسی خراب عادتیں ان کو لاحق ہو جاتی ہیں۔ ان میں مذہبی روح پیدا کرنے کے واسطے ہمیں سیرت رسول صلعم اور قصص قرآن پاک کی تعلیم دینی چاہئے۔ تاکہ دل و دماغ کی جلا ہو جائے۔ اور خصائل حمیدہ اور شمائل ستودہ حاصل کرکے ان پر زندگی میں عمل پیرا ہوں۔ اور بفحوائے الانسانیۃ تتخصر فی الاخلاق الحسنہ رسول صلعم کے اسوہ حسنہ اور اکابر اسلام اور بزرگان عظام کے سیر کی اتباع کرکے انسان کہلانے کے مستحق ہیں۔

تحریک کشاف بڑی حد تک اس ضرورت کو پیدا کرنے کے واسطے جاری ہوئی ہے۔ بیرونی

ڈھانچہ یعنی جسم پر توجہ کرنے کے بجائے اندرونی احساسات کو بیدار کرنا نہایت ضروری ہے۔ اس لئے مار پیٹ کرنا یا زجر و توبیخ سے کوئی فائدہ مترتب نہ ہوگا۔ تحریص و ترغیب کے ذریعہ احساس پیدا کرنا ضروری ہے۔

(۷) **باغ بانی**۔ مدارس میں باغ بانی کی تعلیم کا منشا یہ ہے کہ ہر گھر میں چھوٹا سا باغ ہو جس سے دماغی کام میں انہماک و شغف کے بعد دماغ کو فرحت و تازگی اور آنکھوں کو طراوت حاصل ہو اور عمدہ فواکہ و نیز سبزیات سے ہمارے باورچی خانہ کی معمولی ضروریات پوری ہوں۔ باغ بانی کی تعلیم سے اول تو اپنی مدد آپ کرنے کی عادت ہوتی ہے۔ دوم اپنی تعلیم بھی خود کرلی آجاتی ہے۔ اور تیسرے قدرت کی عظمت کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ ہمارا ملک زرعی ہے اور اس لئے باغ بانی کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ ہمارے بچے جسمانی محنت کو ایسا ذلیل سمجھتے ہیں کہ آئندہ زندگی میں ان سے ہل چلانے کی توقع رکھنا فضول ہے۔ حالانکہ ان میں جسمانی محنت کے کاموں کی وقعت ہونی چاہئے۔

(۸) **انگریزی**۔ انگریزی سلطنت کا دائرہ جس قدر وسیع ہوتا جارہا ہے۔ انگریزی زبان بھی عالمگیر ہوتی جارہی ہے۔ انگریزوں کے ساتھ انگریزی بھی ہمارے ملک میں مستقل طور پر آگئی ہے۔ چاہئے انگریز اس ملک سے چلے جائیں۔ مگر انگریزی جاتی نظر نہیں آتی۔ انگریزی ساری دنیا کی بین الاقوامی زبان ہوگئی ہے۔ ہندوستانی حکومت کی زبان بھی انگریزی ہے۔ حکام عدالت اور عہدہ دار بھی انگریزی بولتے ہیں۔ تجارت اور کاروباری زندگی کے ہر شعبہ میں انگریزی کی شدید ضرورت ہے۔ والدین کی یہ عین خواہش رہتی ہے کہ بچے انگریزی بولیں اس لئے انگریزی ہندوستانی مدارس کے نصاب تعلیم کا جزو لاینفک ہے۔

(۹) **اُردو**۔ اُردو کی تعلیم جس قدر آسان سمجھ لی گئی ہے، اتنی آسان نہیں۔ نادری زبان ہونے کی حیثیت سے اس کا معیار ابھی بہت بلند ہونا چاہئے۔ یہ دیکھ کر بڑا صدمہ ہوتا ہے کہ پڑھے لکھے لوگ نہایت معمولی غلطیاں کرتے ہیں جس سے چشم پوشی کی جاتی ہے۔ انگریزی تحریر میں ذرا سی غلطی بھی سخت معیوب خیال کی جاتی ہے۔ ملک میں عثمانیہ یونیورسٹی کے قیام سے اردو کی اہمیت بہت بڑھ گئی ہے۔ سرکاری زبان ہونے کے باوجود محض سرکاری دفاتر میں اُردو کی جانب کم التفاتی باعث تعجب ہے۔ خود جامعہ عثمانیہ سے طلبہ بغیر اُردو پڑھے بھی اسناد حاصل کرسکتے ہیں۔ اسی طرح کی اور باتیں حد درجہ قابل غور ہیں۔ اس لئے اُردو زبان کا نصاب محتاج نظر ثانی ہے۔ ناظرین پر اس طرح ظاہر ہوگا کہ بچوں کی تعلیم میں کس قدر دشواریاں حائل ہیں اور اساتذہ کا کام کتنا اہم ہے۔ تفصیلی طور پر ان باتوں کو بیان کرنے کی اس مختصر سے مضمون میں گنجائش نہیں۔ ضرورت ہے

کہ آیندہ اس عنوان پر ایک بسیط وجامع مضمون قلم بند کیا جاے جو تمام مسائل پر حاوی ہو۔

عبدالجبار سبحانی
مددگار فوقانیہ نام پلی

شذرات

روئداد جلسہ سالانہ مدرسہ تحتانیہ تکمیل ضلع میدک

مدرسہ ہذا کا یہ سب سے پہلا جلسہ۔ زیر صدارت مولوی محمد اسمٰعیل صاحب سابق سررشتہ دار فوجداری منعقد ہوا۔ جس میں حاضرین کی تعداد تقریباً ڈیڑھ سو تھی۔ حمد باری تعالیٰ وترانہ شہریار دکن سے جلسہ کا آغاز ہوا۔ اس کے بعد محمد عبدالرحمن خاں صاحب معتمد جلسہ ومسٹر لچھمی راج مددگار نے اردو وتلنگی میں مدرسہ ہذا کی رپورٹ سنائی۔

بعد ازاں صدر مدرس صاحب موصوف نے ضروریات مدرسہ پر روشنی ڈالتے ہوے مؤثر دل نشین تقریر فرمائی جس پر پورے فنڈ مدرسہ میں (۹۰ء) کا چندہ جمع کیا گیا اور اعلیٰ حضرت بندگان عالی وصاحب زادگان ہمایوں فال وصاحبزادیان خجستہ خصال کی درازی عمر واقبال وترقی جاہ وجلال پر جلسہ ختم ہوا۔

مدرسہ تحتانیہ قصبہ سون تعلقہ نرمل

مدرسہ ہذا کا سالانہ جلسہ بتاریخ ۳۰ خرداد ۱۳۴۱ف بصدارت عالی جناب مولوی محمد عبدالعزیز صاحب ڈویژن انجینیر گودا وری برج سون منعقد ہوا۔ میدان بازی گاہ مدرسہ۔ اشیاء تعلیمی وگلی تصاویر دستی مشاغل اور پرچم عثمانی نیز رنگ برنگ کی جھنڈیوں سے خوب سجایا گیا تھا۔ پانچ بجے جلسہ کا آغاز ہوا۔ اولاً طلبہ نے اردو، تلنگی، مرہٹی نظم سنائی۔ اس کے بعد مسٹر باپورو معتمد جلسہ، پنڈت کنڈاچاری نے حالات مدرسہ اور مولوی محمد اسمٰعیل صاحب مددگار نے ورزش وکھیل کے فوائد ومسٹر نارائن مددگار نے باغیچہ مدرسہ کی اہمیت پر اردو میں اور مسٹر زہری مددگار نے تعلیم کی ضرورت پر تلنگی میں تقریر فرمائی۔ اور صدر مدرس صاحب مدرسہ نے سالانہ رپورٹ سنائی۔ بعد ازاں عالی جناب صدر نشین صاحب نے نمایش تعلیمی کا افتتاح اور گیمس کا ملاحظہ فرماکر خوشنودی کا اظہار اور سودمند پند ودلپذیر تقریر کے بعد اشیاء نمایشی وگیمس کے کامیاب طلبہ کو انعامات تقسیم فرمایا۔ اور ۱۰ بجے جلسہ برخاست ہوا۔

جلسہ تقسیم اسناد وامتحان سالانہ مدرسہ تحتانیہ قصبہ گنگا کھیڑ ضلع پربھنی

مدرسہ ہذا کا جلسہ تقسیم اسناد زیر صدارت مسٹر عرب گنپت راؤ صاحب جاگیردار بی۔ اے۔ ایل ایل بی۔ منعقد ہوا جس میں اولیاء طلبہ دشتہ داران وحکام مقامی شریک تھے۔ مدرسہ اور اس کے محاذی

میدان کو پرچم اصفی و مختلف رنگ کے جھنڈیوں و سامان ڈرائنگ و نقشے سے بخوبی سجایا گیا تھا۔ صدر صاحب جلسہ کو کرسی صدارت پر جلوہ افروز ہوتے ہی پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور اس کے بعد حمد باری تعالیٰ و ترانہ وکن سے جلسہ کا آغاز ہوا۔ طلبہ نے نہایت دلچسپ مکالمہ کیا اور بزبان اردو و مرہٹی و انگریزی خوش الحانی سے سبق و نظمیں سنائیں جس پر حاضرین جلسہ محظوظ ہوئے۔ اول مددگار صاحب نے مدرسہ کی رپورٹ پڑھی۔ اور بعد ازاں عالیجناب صدر نشین صاحب نے تعلیم پر بزبان مرہٹی نہایت فصیح و بلیغ مبسوط تقریر فرمائی اور جلسہ اعلیٰحضرت بندگان عالی و شہزادگان بلند اقبال و شہزادیان نیکو فال کی ترقی عمر و اقبال و ازدیاد جاہ و جلال پر برخاست ہوا۔ اور حاضرین کی شیرینی سے تواضع کی گئی۔

مدرسہ تحتانیہ تعلقہ سرلور۔ بتاریخ ۲۹ اردی بہشت ۱۳۴۱ف زیر صدارت عالی جناب مولوی **ضلع عادل آباد** ۔ محمد الیاس خاں صاحب خویشگی منصف تعلقہ سرلور مدرسہ ہذا میں جلسہ یوم الوالدین منایا گیا جس میں مقامی حکام کے علاوہ دکلار و دیگر معززین و اولیاے طلبہ شریک تھے جلسہ کا آغاز مغرب کے بعد قرأت سے ہوا۔ اور اس کے بعد اردو تلنگی میں متفرق طلبا نے حمد پڑھی۔ اس کے بعد محمد عبدالرحمن خاں صاحب صدر مدرس نے مقصد تعلیم و تربیت اخلاق میں والدین کا حصہ اور مولوی فتح محمد صاحب مدرس نے طلبہ اور مکانات کی صفائی۔ اور مولوی سید موسی صاحب مدرس نے تعلیم بالغان پر مضمون سنایا۔ اور آخر میں جناب صدر نشین صاحب نے اولیاے طلبہ اور مدرسین کے خوشگوار تعلقات و تبادلہ خیالات اور تعلیم بالغان سے جو قومی و ملکی فوائد مترتب ہوتے ہیں ظاہر فرمایا۔ اس کے بعد دعائے سلامتی اعلیٰحضرت و استرداد بیمار کی نظم پر برخاست ہوا اور حاضرین کی چاے شیرینی و پان وغیرہ سے تواضع کی گئی۔

جلسہ انجمن اساتذہ مدرسہ تحتانیہ درجہ اول قصبہ چنڈر کی ضلع گلبرگہ شریف۔ بتاریخ ۲۷ فروردی روز دوشنبہ انجمن اساتذہ کا جلسہ زیر صدارت جناب سٹرونیکشن راؤ صاحب مددگار اول مڈل اسکول کرشکال منعقد ہوا۔ تقریباً اسٹاف مڈل اسکول اور مدرسین تحتانیہ و امرگدہ و کانکرتی شریک جلسہ تھے۔ علاوہ ازیں مولوی عبدالواحد صاحب بی۔ اے انسپکٹر انجمن امداد باہمی و ویژن یادگیر نے شرکت کی عزت بخشی۔ ٹھیک ۳½ بجے سے کارروائی انجمن کا حمد باری تعالیٰ و نظم سلامتی اعلیٰحضرت بندگان عالی و ترانہ وکن سے آغاز ہوا۔ مولوی مظفر محمود صاحب صدر مدرس مدرسہ تحتانیہ و امرگدہ نے تعلیم کی ضروریات پر نہایت مبسوط مضمون سنایا۔ اور چار مینار کی تعمیر پر تاریخ کا سبق دیا۔ اس کے بعد عبدالرزاق و گوبند راؤ نے بلحاظ حالات زمانہ تحتانی تعلیم کو خیر کافی ٹھہراتے ہوے لزوم تعلیم میاٹرک و ضرورت شرکت مدارس فوقانیہ پر مکالمہ کیا۔ اس کے بعد صدر مدرس مدرسہ ہذا نے

فن تعلیم اور اس کی اہمیت پر تقریر کی۔ جناب انسپکٹر صاحب ممدوح نے شرکا کی استدعا پر تحریک امداد باہمی اور تعلیم کے درمیانی تعلقات کو بوضاحت تمام بیان فرمایا اور توجہ دلائی کہ اساتذہ صاحبان باہمی اتفاق و اتحاد سے (جس طرح کہ اس وقت تین چار مدارس کے یہاں جمع ہیں) انجمن امداد باہمی کا افتتاح فرما کر اپنی مدد آپ کرنے کے اصول پر کاربند ہیں تو یقین ہے کہ اوروں پر بھی اس کا مفید اثر ہوگا۔ صدر نشین صاحب نے فن تعلیم اور نفسیات پر نہایت تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالتے ہوئے یہ ثابت فرمایا کہ انجمن اساتذہ کا وجود مدارس اور مدرسین ہر دو کے حق میں نہایت مفید و بہتر ہے۔ تبادلۂ خیالات سے اصول و طریقۂ تعلیم میں اضافہ اور مدرسین کی دقتوں اور پیچیدگیوں کا ارتفاع ہوتا ہے۔ اس کے بعد صدر مدرس صاحب مدرسہ ہذا نے جملہ اساتذہ صاحبان و معززین شرکا و جناب انسپکٹر صاحب کا شکریہ ادا کیا اور قریب ۶ بجے یہ جلسہ نہایت کامیابی کے ساتھ برخاست ہوا۔ رات میں اساتذہ صاحبان و معززین کے خورد و نوش کا معقول انتظام تھا۔

تعمیر عمارت مدرسہ تحتانیہ وامرگدہ۔ قصبہ وامرگدہ آبادی کی کثرت و سوتی و ریشمی صنعت و تجارت کے لحاظ سے شہرۂ آفاق ہے۔ یہاں ۱۳۲۶ف سے مدرسہ تحتانیہ کا قیام ہے۔ مکان مدرسہ عرصہ سے نہایت شکستہ و بوسیدہ حالت میں تھا۔ شیخ محمود صاحب نے مدرسہ ہذا کی کرسی صدارت پر متمکن ہونے کے بعد سب سے بڑا اور بے مثل کام تعمیر عمارت مدرسہ کا خیال کیا اور بڑی عرق ریزی و جانکاہی سے عالی جناب مولوی سید معین الدین صاحب بی۔ ایس، سی، بی۔ ٹی علیگ مہتمم تعلیمات ضلع ہذا کی گرانقدر نقد (۱۱۱) عطا اور سنین آیندہ کی گنجایش سے مزید املاک منظوری کا وعدہ فرمانے پر مہاراجہ گوئندراؤ صاحب ساہو کے بسبب دلتاً املاک نقد و ہر ممکنہ مدد سے ہاتھ بٹانے و نیز دیگر حامیان معاونان مدرسہ (جن میں سے علاوہ ساہو صاحب موصوف قابل الذکر جناب مسٹر رامچندر راؤ صاحب وکیل و چندر راؤ صاحب پٹواری و مسٹر بیا صاحب مابن بلی و جناب محبوب شریف صاحب و فدار پولس دپتیا صاحب کوٹرگی ہیں) کے (۱۱۱۵) نقد چندہ و حسب استطاعت ہر قسم کی درخت و مٹی و پتھر باربرداری کے لئے بلا اجرت بندی و محصلہ چندہ ناکار ملکڑی کی قیمت (۵۵) کی قابل شکر امداد سے مدرسہ ہذا کی بلڈنگ کو شاندار تعمیر کروا کر اپنے منصوبوں کو کامیاب کر دیکھایا۔ جو عالیجناب صدر مہتمم صاحب کے حسن انتظام و تعلیمی شغف اور صدر مدرس صاحب موصوف کے بے لوث مساعی جمیلہ اور ساکنین قصبہ مذکور کی ہمدردی و علمی قدردانی کا ثبوت ہے۔ جن کا یہ کام دیگر مدارس کے لئے سبق آموز و مشعل ہدایت ہوگا۔

نیز تاریخ قیام سے ۱۳۴۰ف تک یہ مدرسہ نہایت زبون حالت میں رہا لیکن موجودہ صدر مدرس صاحب نے صوری تعمیر عمارت کے نصب العین کے ساتھ معنوی ترقی مدرسہ کو اپنے مرکوز خاطر رکھ کر اپنے صرف ایک سالہ صدارت میں رعایا میں تالیف قلوبی و تعلیمی شوق و ولولہ پیدا کر کے طلبہ و اسٹاف کے تعداد میں کافی اضافہ سے مدرسہ کو ترقی کے زینہ پر پہونچا کر دیگر مدارس تحتانیہ کے لئے نمونہ بنا دیا۔

طریقہ تعلیم ریاضی

از ڈی سی تھوا کلے

گذشتہ سے پیوستہ

۴۔ دفعہ چہارم۔ اب ایسے سوالات دیے جائیں جن میں صرف مجرد طور پر اعداد پیش کئے جائیں

محض مجرد اعداد کا چیزوں کے ساتھ تعلق دیکر اعداد پیش کرنے کی ضرورت نہیں۔ مثلاً ۳۔

استعمال اور ۲ ملکر کتنے ہوتے ہیں زبانی ۳۔ اور ۲ ملکر ۵ ہوتے ہیں تحریری ۵=۲+۳

۵۔ دفعہ پنجم مشقی مثالیں۔ ۵ کے ترکیبی اجزا کی کافی مشق ہونے کے خیال سے مندرجہ ذیل سوالات آخر میں دیے جائیں۔ (۱) ایک بچے کو اس کے والد نے ۳ پیڑے دیے اور اس کی ماں نے ۲ پیڑے دیے تو اس کو کل کتنے پیڑے ملے (۲) ایک گوالن پہلے روز ۲ سیر دودھ دوسرے روز ۲ سیر اور تیسرے روز ایک سیر دودھ لائی تو بتاؤ تین دن میں کل کتنے سیر دودھ ہوا

اس طرح کسی عدد کے اجزائے ترکیبی معلوم کرانے سے بچوں کو جمع کی مشق خود بخود ہو جائے گی اور آئندہ جمع کے اسباق دینے میں بالکل وقت محسوس نہ ہوگی

اجزائے ترکیبی کا تصور دلاتے وقت تفریق کا بھی عمل بچوں سے کرایا جا سکتا ہے مثلاً

۱۔ دفعہ اول بذریعہ اشیاء محسوسہ۔

۵۔ گولیوں میں سے دو گولیاں علیحدہ رکھ دینے کے لئے کہا جائے۔ اور باقی گولیوں کی تعداد دریافت کی جائے۔ بذریعہ سوال و جواب یہ نتیجہ اخذ کیا جائے کہ ۵ گولیوں سے ۲۔ گولیاں کم کر دی جائیں۔ تو ۳ گولیاں باقی رہتی ہیں۔ (زبانی)

۵ گولیاں۔ ۲ گولیاں = ۳ گولیاں۔ (تحریری) اسی طرح گولیوں میں سے ایک گولی کم کر دیجائے تو باقی ۴ گولیاں رہتی ہیں۔ (زبانی)

۵۔ گولیاں۔ ۱ گولی = ۴ گولیاں۔ تحریری۔

۲ دفعہ دوم۔ بذریعہ اشکال پانچ مربع میں سے تین مربع الگ کئے جائیں تو باقی دو رہتے ہیں۔ (زبانی)

۵۔ مربع ۔ ۳۔ مربع = ۲ مربع

(تحریری)۔

۳۔ آسان عبارتی سوالات۔ بغیر اشیاء محسوسہ

احمد کے پاس ۵ سیب تھے ان میں سے تین سیب اس نے بشیر کو دیدیئے باقی سیب

اس کے پاس کتنے رہے ؟

۵ سیب میں سے ۳ سیب دے دیے جائیں تو ۲ سیب رہتے ہیں۔ (زبانی)

۵ سیب - ۳ سیب = ۲ سیب (تحریری)

۴۔ دفعہ چہارم۔ مجرد اعداد۔

۵۔ میں سے ۳ کم کر دیے جائیں تو ۲ رہتے ہیں۔ (زبانی)۔

۵ - ۳ = ۲ (تحریری)

۵۔ دفعہ پنجم۔ شفی سوالات۔

ایک شخص کے پاس ۵ پیسے تھے۔ ان میں سے ۳ پیسے اس نے ایک فقیر کو دیئے تو اس کے پاس باقی کتنے پیسے رہے۔

۵ پیسوں میں سے ۳ پیسے خیرات دیئے باقی ۲ پیسے رہے (زبانی)

۵ - پیسے - ۳ پیسے = ۲ پیسے۔ (تحریری)

اعداد شناسی اور اعداد نویسی کی مشق۔

گنتی کے اسباق کے ساتھ ساتھ مدرس بچوں میں قراءت و کتابت اعداد کی استعداد پیدا کرے۔ اعدادی ہندسوں کے مطابق بچوں سے اشیاء کی گنتی کرائے اور ہندسوں کے نزدیک بچوں سے ان اشیاء کو رکھوائے۔ مثلاً ان کی سلیٹ پر ۳، ۵، ۶، ۴ وغیرہ ہندسے لکھ دیے جائیں۔ اور ان ہندسوں کے مطابق چیزوں کی گنتی کرا کے وہ چیزیں ان ہندسوں کے نیچے قرینہ سے رکھوا دی جائیں۔ جیسا کہ ذیل میں بتایا جاتا ہے۔



یہ خانے اس قدر بڑے بنائے جائیں کہ ان کے نیچے چیزوں کا مجموعہ آسانی سے رکھ سکیں چیزوں کی گنتی کرائی جائے اور اس گنتی کے مطابق ان چیزوں کے مجموعہ کے

نزدیک تعداد بتانے والا ہندسہ لکھوایا جائے۔ جیسا کہ ذیل میں بتایا جاتا ہے۔



اس طرح کے مشق سے بچوں کو اعداد شناسی اور اعداد نویسی میں اچھی مہارت ہو سکتی ہے۔ بچوں کو کام میں مشغول رکھ سکتے ہیں۔ جس کی وجہ سے بچے جلد اکتاتے بھی نہیں۔

ایک سے ۱۰ تک کے اعداد کے تصور اور مشق کے لئے حسب ذیل تختہ کارآمد ہو سکتا ہے

۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱
۲	۲	۲	۲	۲	۲	۲	۲	۲	۲
۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳
۴	۴	۴	۴	۴	۴	۴	۴	۴	۴
۵	۵	۵	۵	۵	۵	۵	۵	۵	۵
۶	۶	۶	۶	۶	۶	۶	۶	۶	۶
۷	۷	۷	۷	۷	۷	۷	۷	۷	۷
۸	۸	۸	۸	۸	۸	۸	۸	۸	۸
۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹
۱۰	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰

۲ سے ۱۰ تک کے اعداد کے اجزاء ترکیبی کے لئے بھی یہ تختہ استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ اور اس کی مدد سے اجزائے ترکیبی بچے فوراً معلوم کر سکتے ہیں۔ مثلاً ۶ ہندسے بتائی والی قطار ۱۰ ہندسے بتانے والی قطار پر رکھی جائے تو یہ معلوم ہوگا۔ ۶ سے ۱۰ بننے کے لئے اور ۴ کی ضرورت ہے۔ یعنے ۱۰ کے اجزار ترکیبی ۶ اور ۴ ہوتے ہیں۔ ۷ ہندسے والی قطار ۹ ہندسے والی قطار پر رکھدیجائے تو یہ معلوم ہوگا کہ ۷ سے ۹ بننے کے لئے ۲ کی ضرورت ہے یعنے ۹ کے اجزار ترکیبی ۷ اور ۲ ہوتے ہیں۔

Number Zader

ایک سے دس تک کے اعداد کا زینہ

اوپر بیان ہو چکا ہے کہ اسے ۹ تک کی گنتی سکھانے میں ان اعداد کا پختہ تصور دلانے میں اور ان کی قرأت و کتابت کی تعلیم میں بہت وقت صرف کرنا ہوگا۔ عمارت پائیدار و مضبوط ہونے کی غرض سے بنیاد ہی پختہ ڈالنی چاہیئے۔ اگر بنیاد پختہ نہ ہو تو عمارت جلد گر جانے کا خوف رہتا ہے۔ اسے ۹ تک کی تعلیم کے ساتھ ساتھ ان کے اجزائے ترکیبی بھی بتا دیئے جائیں تو آئندہ جدید ابتدائی قاعدے سکھانے میں سہولت ہوگی۔

۱۰ کا تصور دس کا تصور بھی اسی طرح دیا جا سکتا ہے جس طرح ایک سے ۹ تک کا تصور دلایا جاتا ہے۔ لیکن دس کی کتابت میں بچوں کو ایک نئی بات معلوم ہوگی ایک کے

نو تک کے اعداد ظاہر کرنے کے لئے ایک ایک ہی علامت (ہندسہ) بتائی گئی لیکن ۱۰ کے لئے دو علامتیں (ہندسے) بتائی جاتی ہیں۔ جن میں سے ایک ہندسہ سے تو واقف ہوتے ہیں البتہ دوسرا ہندسہ (صفر) ان کے لئے بالکل نیا ہے۔ لہٰذا صفر کی بناوٹ اور اس کے معنی بچوں کو سمجھانا ضروری ہے۔ صفر کا تصور اور اس کی بناوٹ حسب ذیل طور پر سمجھائی جائے

بچے ایک سے نو تک کے ہندسوں سے واقف ہیں۔ ان کے سامنے چند چیزیں۔ مثلاً۔ گولیاں رکھدی جائیں۔ اور کہا جائے کہ ان میں سے ایک ایک چیز الگ کرتے جائیں۔ اور باقی چیزوں کی تعداد بچوں سے اخذ کی جائے اور اس تعداد کو بتانے والا ہندسہ ان کے سلیٹ پر لکھوایا جائے۔ اس طرح ۹ سے ایک کے ہندسے بچوں سے لکھوائے جائیں اور جب کوئی بھی چیز ان کے سامنے نہیں رہے گی۔ تو اس کی تعداد بچوں سے دریافت کی جائے۔ اگر یہ بتا سکیں تو دوسرا سوال کیا جائے کہ میرے پاس دو پیسے تھے وہ دونوں پیسے میں نے فقیروں کو دیدے۔ اب میرے پاس کتنے پیسے رہے۔ جواب کچھ بھی نہیں ملیگا اس کے بعد ان سے کہا جائے کہ ۹، ۸، ۷، ۶، وغیرہ کے لئے الگ الگ علامات ہیں اسی طرح کچھ بھی نہیں کیلئے کوئی علامت ہونی چاہئے کچھ بھی نہیں۔ کے لئے علامت۔ صفر بتا دی جائے۔ اور کچھ بھی نہیں کے لئے مختصر نام "صفر" بتایا جائے۔

صفر کا پختہ تصور دلانے کے لئے حسب ذیل سوالات کئے جائیں۔ تم صفر گولیاں اٹھاؤ مجھے صفر پیسے دو۔ تم صفر مرتبہ دوڑو۔ تم صفر مرتبہ کودو۔ وغیرہ وغیرہ۔ صفر کے معنی خالی کچھ بھی نہیں بتائے جائیں۔

صفر کا تصور اور اس کی علامت پوری طور پر ذہن نشین کرنے کے بعد اکائی ہندسہ کس طرح لکھتے ہیں۔ اور وہ اس طرح کیوں لکھتے ہیں۔ بتایا جائے۔

بچوں سے دس دس چیزیں گنوائی جائیں اور ہر دس چیزوں کا مجموعہ انہیں سے بنوایا جائے۔ مثلاً دس تیلیوں کا ایک بنڈل بنوایا جائے۔ دس گولیوں کی ایک قطار بنوائی جائے۔ دس بچوں کا ایک ڈھیر بنوایا جائے پھر یہ بات بچوں کے ذہن نشین کی جائے۔ دس چیزوں کے مجموعہ کو (خواہ وہ مجموعہ بنڈل ہو، قطار ہو۔ مالا ہو یا ڈھیر ہو) دہائی کہتے ہیں اور یہ بھی ان کو بتایا جائے کہ جس طرح دس چیزوں کے مجموعہ کو دہائی کہتے ہیں ایک چیز کو اکائی سے تعبیر کرتے ہیں۔ کافی مشق کے لئے بچوں سے مختلف چیزیں گنوا کر ان کو دہائی اور اکائی کی صورت

میں ظاہر کرنے کے لئے کہا جائے۔ مثلاً ۲۵ تیلیاں ان کے سامنے رکھدیجائیں اور کہا جائے کہ ان میں سے دس دس تیلیوں کا ایک ایک بنڈل بنائیں۔ بذریعہ سوال وجواب یہ بات ان سے اخذ کی جائے کہ ۲۵ تیلیوں کے ۲ بنڈل دس دس کے ہوتے ہیں۔ اور ۵ تیلیاں اکائیوں کی صورت میں رہتی ہیں یعنے ۲۵ میں ۲ دھائیاں اور ۵ اکائیاں ہوتی ہیں۔ اس عمل کے بعد بچوں کو یہ کہدیا جائے کہ اپنے سامنے بائیں طرف دہائیوں کے مجموعوں کو رکھدیں اور ان مجموعوں کے نیچے کی طرف دہائیوں کی تعداد بتانیوالا ہندسہ لکھدیں اور دائیں طرف صرف اکائیاں رکھدیں اور ان کے نیچے کی طرف اکائیوں کی تعداد بتانے والا ہندسہ لکھدیں۔ ۲۵ تیلیوں میں دہائیوں کے مجموعے ۲ ہیں اور اکائیاں ۵ ہیں۔ ان کو حسب ذیل صورت میں ظاہر کیا جاتا ہے۔

دہائیاں　　اکائیاں

۲　　۵

اس لحاظ سے بچوں سے دس چیزیں گنوا کر سوال کیا جائے کہ ان کی کتنی دہائیاں بن سکتی ہیں اور اکائیوں کی صورت میں کتنی چیزیں باقی رہتی ہیں اور جواب اخذ کیا جائے کہ دس چیزوں کی ایک دھائی بنے گی۔ اور اکائیاں کچھ بھی نہیں رہیں گی۔ لہذا دہائی کی تعداد بتانے والا ہندسہ اپنے بائیں طرف رکھدیا جائے۔ اور کچھ بھی نہیں۔ بتانیوالا ہندسہ یعنے (صفر) دائیں طرف رکھکر دس کو مندرجہ ذیل صورت میں ظاہر کیا جائے

دہائی　　اکائی

اس طرح دس کا ہندسہ
۱۰ ظاہر کیا جاتا ہے۔

دہائی کا تصور کافی طور پر ہونے کے بعد ۲ دہائیاں ۳ دھائیاں بنوا کر ان کو ہندسوں کی صورت میں ان کی سلیٹوں پر لکھوایا جائے مثلاً ۲۰ دو دہائیاں، ۳۰ تین دہائیاں، وغیرہ۔ طلبہ کو اس طرح عادی بنایا جائے کہ دہائیاں ظاہر کرنے والے ہندسے دہائی کے خانے میں لکھدیں اور اکائی کے خانہ میں کچھ نہیں، کی علامت "۰" لکھدیں

اس طرح تیس۔ چالیس۔ پچاس وغیرہ کی کتابت کا تصور دلایا جائے۔

۱۱ سے ۹۹ تک کی قرات و کتابت

سابقہ وقفیت میں بچوں سے دس گولیاں۔ دس تیلیاں۔ دس بیج وغیرہ گنوائی گئی ہیں اب ان کو دھائی کی صورت میں (ڈھیری یا بنڈل یا مالا جو صورت مناسب ہو) تبدیل کرایا جائے اور دہائی کے نام سے تعبیر کرایا جائے۔ بعد دس گولیوں میں ایک گولی اور زیادہ کی جائے اور کل گولیوں کی تعداد بچوں سے دریافت کی جائے۔ ممکن ہے کہ کوئی بچہ گیارہ بتائے۔ نہ بتانے کی صورت میں استاد خود کہدیگا کہ ۱۰ گولیوں میں اگر ایک گولی زیادہ کیجائے تو کل گولیوں کی تعداد گیارہ ہوتی ہے۔ ۱۰ تیلیوں میں ایک تیلی زیادہ کی جائے تو کل گیارہ تیلیاں ہوں گی۔ اسی طرح دس میں ایک زیادہ کیا جائے۔ تو اس عدد کو گیارہ کہتے ہیں۔ الغرض گیارہ کا تصور۔ ان کو ٹھیک طور پر دلایا جائے اور بعد میں گیارہ کو ہندسوں میں کس طرح ظاہر کرتے ہیں یعنے گیارہ کا ہندسہ بھی بتایا جائے۔ ان سے بطور سوال و جواب یہ بات اخذ کیجائے کہ گیارہ میں ایک دہائی اور ایک اکائی کا ہندسہ ۱ دائیں طرف لکھکر اس کے بائیں طرف دھائی کا ہندسہ ۱ لکھتے ہیں۔ لہذا گیارہ کے اس عدد کو حسب ذیل صورت میں بتایا جائے۔ (۱۱)



گیارہ کا تصور ٹھیک طور پر ہونے کے بعد بچوں کو یہ بتایا جائے اور بذریعہ تجربہ ان سے اخذ کیا جائے کہ جس طرح ایک دہائی اور ایک کو گیارہ کہتے ہیں۔ ایک دہائی اور دو کو بارہ کہتے ہیں۔ ایک دہائی اور تین کو تیرہ کہتے ہیں۔ علیٰ ہذا انیس ۱۹ تک کا تصور اشیاء اور ہندسوں کے ذریعہ دلایا جائے اور حسب سابق اعداد مذکور کے اجزاء ترکیبی بھی بچوں سے نکلوائے جائیں۔ ابتدا میں دہائی کو ظاہر کرنے والا ہندسہ اکائی کے ہندسہ سے کسی قدر بڑا لکھا جائے تاکہ بچے آسانی سے دہائیاں اور اکائیاں پہچان سکیں مثلاً۔

۱۱، ۱۲ وغیرہ

عدد کے نام	اکائیاں	دہائیاں
گیارہ	۱	۱
بارہ	۲	۱

رفتہ رفتہ یہ طریقہ ترک کر دیا جائے اور دونوں ہندسہ مساوی پیمانے پر

لکھے جائیں۔ بعد میں ہندسوں	تیرہ	۳	۱
کی قیمت ان کے مقام کے	چودہ	۴	۱
لحاظ سے بچوں کو ذہن نشین	پندرہ	۵	۱

کی جائے۔ مثلاً ۱۹ میں ۱ کی اصلی قیمت ۹ سے کم ہے۔ وغیرہ لیکن دہ دہائی کے مقام پر ہونے کی وجہ سے اس کی قیمت بجائے ایک کے دس ہے یعنے ۹ سے زیادہ ہے

اگر بچوں کو اکائی اور دہائی کی تمیز اچھی طرح ہوجائے تو ۲۰ کی قرأت وکتابت میں ان کو بالکل دقت محسوس نہ ہوگی ۱۹ میں ایک دہائی اور ۹ اکائیاں ہوتی ہیں اُن میں ایک اکائی زیادہ کیجائے تو ایک دہائی اور دس اکائیاں ہوں گی۔ لیکن دس اکائیوں کی ایک دہائی بنتی ہے لہذا کل دو دہائیاں ہوں گی اور اکائی میں کچھ نہیں ہوگا لہذا ہیں کو ۲۰ سے ظاہر کرتے ہیں۔

۲۱ سے ۹۹ تک کی قرارت و کتابت اس کی تفہیم میں بھی وہی طریقہ تعلیم اختیار کیا جائے جو ایک سے نو تک کے اعداد کے تصور دلانے کے لئے اختیار کیا گیا تھا۔ دس چیزوں کی گنتی ہوتے ہی ان کی دہائیاں بنائی جائیں۔ مکمل دہائیوں کو دہائی کے درجہ میں اور اکائیوں کو اکائی کے درجہ میں دہائی کی دائیں طرف لکھدیا جائے اور اکائی نہ ہونے کی صورت میں اس کی جگہ یعنے اکائی کے درجہ میں صفر کی علامت لکھدی جائے۔ البتہ ان اعداد کا تصوّر دلانے میں بھی مقرون اشیاء کا استعمال کرنا اور طلبہ کی ذاتی کوشش و تجربہ سے کام لینا ضروری ہے۔ ان کی قوت باصرہ ولامسہ سے کام لیا جائے۔ اور ان کی قوت متخیلہ کی بھی تربیت کی جائے۔

مندرجہ بالا طریقہ سے اعداد کا تصور دلانے میں اعداد کے مختلف نام مثلاً۔ اکیس ۲۱۔ بائیس ۲۲۔ تیئیس ۲۳ یا اکاون۔ باون۔ ترپن وغیرہ وقت واحد میں یاد رکھنے کی چنداں ضرورت نہیں۔ اعداد کو دہائیوں اور اکائیوں کی صورت میں ظاہر کرنا کافی ہے مختلف نام تجربہ اور مشق سے ان کو یاد ہوں گے۔ اکیس ۲۱۔ بائیس ۲۲۔ تیئیس ۲۳ وغیرہ کہنے کی بجائے اگر بچے یہ کہدیں کہ دو دہائیاں اور ایک اکائی۔ دو دہائیاں اور دو اکائیاں دو دہائیاں۔ اور تین اکائیاں وغیرہ تو کافی ہے۔ بعد میں مروجہ نام ان کو بتائے جائیں اس طرح ۹۹ تک کے اعداد بچے ذاتی تجربہ سے اور استاد کی رہنمائی سے معلوم

کرسکتے ہیں۔ ۹۹ کو وہ ۹ دہائیوں اور ۹ اکائیوں سے ظاہر کرسکتے ہیں۔

گنتی کے اسباق دیتے وقت ہی بچوں میں ہندسوں کی مقامی قیمت کا تصور پختہ طور پر قائم کیا جائے تاکہ آیندہ ابتدائی چار قاعدوں میں نیچے کے درجہ کے اعداد کو اوپر کے درجہ میں یعنے اکائیوں کو دہائیوں میں اور دہائیوں کو سینکڑوں میں تبدیل کرنے میں دقت محسوس نہ ہو۔ اعداد نویسی کے سوالات میں ہندسوں کی مقامی قیمت کا علم ہونا نہایت ضروری ہے۔ اس کی اہمیت ہرگز نظر انداز نہ کیجائے۔ ابتدا میں تمام تحریری سوالات میں اعداد نویسی کے وقت اعداد کے مختلف مدارج ظاہر کرنے کے لئے خانوں کا استعمال کیا جائے اور ان میں سیکڑہ دھائی اکائی وغیرہ لکھکر ان کے مطابق ہندسے ترتیب وار مختلف خانوں میں لکھے جائیں۔ یہ بات بچوں کے ذہن نشین کی جائے کہ سب سے چھوٹے درجہ کا یعنے اکائی کا ہندسہ دائیں طرف لکھا جائے اس سے اوپر کے درجہ کا یعنے دھائی کا ہندسہ اکائی کے بائیں طرف اور دھائی سے اوپر کا یعنے سیکڑہ کا ہندسہ دھائی کی بائیں طرف لکھتے ہیں۔ جس قدر اعداد کا درجہ بڑھتا جائے گا اس قدر اس کا مقام بائیں طرف منتقل ہوتا جائیگا۔ اعداد کی مقامی قیمت کلی کافی تصور ہونے کے لئے اعداد نویسی میں کافی مشق کی ضرورت ہے مثلاً ۵ ۵ میں دونوں ۵ کی مقامی قیمت کیا ہے؟ ۸ ۷ میں ۸ کی مقامی قیمت زیادہ ہے یا ۷ کی۔ علی ہذا۔

سو کا تصور اور اسکی قرأت و کتابت بچوں کو ۹۹ کا تصور ہو چکا ہے۔ سوال وجواب کے ذریعہ وہ یہ بتا سکیں گے کہ ۹۹ میں ۹ اکائیاں اور ۹ دھائیاں ہیں۔ ان میں اگر ایک اکائی ملائی جائے تو کیا نتیجہ ہوگا۔ بچے جواب دینگے کہ ۹ دھائیاں اور دس اکائیاں ہوں گی بعد میں یہ سوال کیا جائے گا کہ ایک دھائی میں کتنی اکائیاں ہوتی ہیں یا کتنی اکائیوں کی ایک دھائی بنتی ہے۔ جواب ملیگا کہ ۱۰ اکائیوں کی ایک دھائی بنتی ہے۔ اس لحاظ سے ۹ دھائیاں اور دس اکائیاں ملکر ۹ دھائیاں اور ایک دھائی بنتی ہے یعنے کل ۱۰ دھائیاں بنتی ہیں۔ بعد میں مدرس یہ سمجھائیگا کہ جس طرح دس اکائیوں کے مجموعہ کو ایک دھائی کہتے ہیں۔ اسی طرح دس دھائیوں کے مجموعہ کو ایک سو یا ایک سیکڑہ کہتے ہیں۔ اور اس کا درجہ اعداد نویسی میں دھائی کی بائیں طرف ہوتا ہے۔

اس طرح اگر ایک سو ظاہر کرنا ہو تو سیکڑہ کے خانہ میں

سیکڑہ	دھائی	اکائی
۱	۰	۰

ایک۔ دہائی اور اکائی کے خانوں میں کچھ نہیں کی علامت صفر رکھدیتے ہیں۔ اور ایک سو کا ہندسہ ۱۰۰ اسے ظاہر کیا جاتا ہے سو (۱۰۰) تک کی گنتی اور اس کی قرات و کتابت کی تفہیم میں بہت سا وقت مدرس کو صرف کرنا ہوگا اگر ان اعداد کے متعلق معلومات پختہ طور پر بچوں کو بہم پہونچائے جائیں۔ اور ان سے کافی مشق کرائی جائے تو بڑے درجوں کے اعداد کا تصور دینا بہت ہی آسان ہوگا اور اعداد نویسی میں بہت کم وقت محسوس ہوگی۔

اعداد نویسی اور اعداد شناسی کے لئے مندرجہ ذیل تختہ کارآمد ہوسکتا ہے۔ اگر یہ خیال کیا جائے کہ جب تک تمام اعداد کا تصور بچوں کو نہ دلایا جائے اعداد نویسی کا کام شروع نہیں کیا جاسکتا۔ تو اس صورت میں بچوں کی ترقی بہت ہی آہستگی سے ہوتی رہے گی۔ کیونکہ بڑے بڑے اعداد کا پوری طور پر تصور دلانا ایک مشکل کام ہے۔ لاکھ یا کروڑ کا تصور اشیاء محسوسہ کے ذریعہ دلانا ممکن نہیں ہے۔ ایسے بڑے بڑے اعداد سکھانے میں بچوں کی قوت متخیلہ ہی سے کام لیا جائے۔ ابتدائی جماعت میں اتنا سمجھ لیں تو کافی ہے کہ ۱۰ اکائیوں کی ایک دہائی ہوتی ہے۔ دس دہائیوں کا ایک سیکڑہ ہوتا ہے اور دس سیکڑے کا ایک ہزار ہوتا ہے۔ اعداد کی ساخت سمجھنے کے لئے ۱۰۰ تک کا تصور پوری طور پر دلانا کافی ہے بالعموم کے ایک تار پر دس گولیاں ہوتی ہیں۔ ایسے دس تار پر کل سو ۱۰۰ گولیاں ہوتی ہیں۔

تختہ بغرض مشق اعداد نویسی اور اعداد شناسی

۹۱	۸۱	۷۱	۶۱	۵۱	۴۱	۳۱	۲۱	۱۱	۱
۹۲	۸۲	۷۲	۶۲	۵۲	۴۲	۳۲	۲۲	۱۲	۲
۹۳	۸۳	۷۳	۶۳	۵۳	۴۳	۳۳	۲۳	۱۳	۳
۹۴	۸۴	۷۴	۶۴	۵۴	۴۴	۳۴	۲۴	۱۴	۴
۹۵	۸۵	۷۵	۶۵	۵۵	۴۵	۳۵	۲۵	۱۵	۵
۹۶	۸۶	۷۶	۶۶	۵۶	۴۶	۳۶	۲۶	۱۶	۶
۹۷	۸۷	۷۷	۶۷	۵۷	۴۷	۳۷	۲۷	۱۷	۷
۹۸	۸۸	۷۸	۶۸	۵۸	۴۸	۳۸	۲۸	۱۸	۸
۹۹	۸۹	۷۹	۶۹	۵۹	۴۹	۳۹	۲۹	۱۹	۹
۱۰۰	۹۰	۸۰	۷۰	۶۰	۵۰	۴۰	۳۰	۲۰	۱۰

اعداد شماری کی تعلیم دیتے وقت مندرجہ بالا تختہ خوش نویس سے تیار کیا ہوا اگر جماعت میں بچوں کے سامنے رکھا جائے تو اس تختہ کی مدد سے ۰۰ اتک کے اعداد کی بناوٹ ان کو معلوم ہوگی اور یہ بھی معلوم ہوگا کہ ہر ایک سابقہ عدد میں ایک زیادہ کرنے سے دوسرا عدد بنتا ہے۔ اور تختہ پر نظر ڈالنے سے بچے یہ دیکھ سکیں گے کہ ۱۳ یعنی ۱۰ اور ۳ و ۲۶ یعنی ۲۰ اور ۶ و ۳۹ یعنی ۳۰ اور ۹ و ۴۰ اور ۴ علیٰ ہذا تختہ مذکور کی مدد سے ان کو یہ بھی معلوم ہوگا کہ ۷ میں متواتر ۱۰ جمع کرنے سے ایک ایک دہائی زیادہ کرنے سے ۱۷، ۲۷، ۳۷ وغیرہ بنتے ہیں۔ یہی تختہ آئندہ نظری طور پر ۰۰ اتک کی جمع و تفریق کے لئے بھی کام آئیگا۔

بچوں کو صفر کی اہمیت زیادہ تر اس وقت محسوس ہوگی جب ان کو اعداد نویسی کا کام کرنا ہوگا۔ مثلاً دو سو پانچ کو ہندسوں میں اگر ظاہر کرنا ہو تو وہ سیکڑہ کے خانہ میں ۲ کا ہندسہ لکھینگے اور دہائی کے خانہ میں لکھنے کے لئے کوئی عدد نہیں ہے لہٰذا اس خانہ میں کچھ نہیں کی علامت (۰) صفر رکھدیں گے اور اکائی کے خانہ میں ۵ رکھ دیں گے اس طرح دو سو پانچ کو ۲۰۵ سے ظاہر کریں گے۔

اکائی	دہائی	سیکڑہ
۵	۰	۲

بچوں کو اعداد نویسی کی کافی مشق ہونے کے بعد سکڑہ دہائی اکائی وغیرہ کے الفاظ ہندسوں کے اوپر لکھنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ طریقہ مذکور کو ترک کر دیا جائے۔ اور متعلقہ ہندسوں کی مقامی قیمت دل میں قرار دیکر ہندسے دیدئے جائیں۔

چار ہندسوں کی اعداد نویسی میں مندرجہ ذیل قسم کا چوکھٹا کسی قدر مفید ثابت ہوگا اس چوکھٹے میں چار تار عمودی طور پر لگائے ہوئے ہوتے ہیں۔ اور ہر ایک تار کے اوپر کی جانب اعداد کے درجے مثلاً ہزار سینکڑہ۔ دہائی اکائی وغیرہ بائیں جانب سے دائیں جانب ترتیب دیکر ظاہر کئے جاتے ہیں۔ مثلاً دائیں ہاتھ کی طرف کی پہلے تار پر کی گولیاں اکائیاں ظاہر کریں گی۔ اس کی بائیں طرف کے تار پر کی گولیاں دہائیاں ظاہر کریں گی اسی طرح درجہ بدرجہ بائیں طرف کے تاروں پر سینکڑہ ہزار بتائے جائیں گے۔ استعمال کے وقت چوکھٹا زمین پر



اس طرح رکھیں گے جیسی کہ وہ ہمیشہ رکھا کرتے ہیں تاکہ اکائی کے خانہ کے نیچے اکائی کی گولیاں دہائی کے خانہ کے نیچے دہائی کی گولیاں نظر آئیں اور جو عدد حسب مطلوب ہے اس کے درجہ کے مطابق گولیاں نیچے کی طرف تار پر اتاری جائیں گی ذیل کی شکل میں ہزار کے تار پر کی ۲ گولیاں سیکڑے کے تار پر کی



اکائی	دہائی	سیکڑہ	ہزار
۴	۳	۵	۲

۵ گولیاں دہائی کے تار پر کی ۳ گولیاں اور اکائی کے تار پر کی ۴ گولیاں اتری ہوئی ہیں لہذا عدد مطلوبہ دو ہزار پانچ سو چونتیس (۲۵۳۴) ہے اس طرح اعداد نویسی کی مشق کے لئے اور مقامی قیمت کے نچتہ تصور کے لئے یہ چوکھٹا کار آمد ہو سکتا ہے۔

جمع اعداد کا تصور دلاتے وقت اشیاء محسوسہ کی مدد سے بچے جمع کا طریقہ سمجھ لیتے ہیں مثلاً ۶ گولیاں اور ۴ گولیاں ملکر ۱۰ گولیاں ہوتی ہیں۔ ۶ انار اور ۴ آنار ملکر ۱۰ انار ہوتے ہیں۔ ۶ قلم اور ۴ قلم ملکر ۱۰ قلم ہوتے ہیں۔ ۶ چنریں اور چار چنریں ملکر ۱۰ چنریں ہوتی ہیں۔ اور آخر میں مجرد اعداد کا استعمال کرکے ۶ اور ۴ ملکر ۱۰ ہوتے ہیں۔ یہ بات بچوں سے اخذ کرائی جاتی ہے۔ اعداد کے اجزائے ترکیبی کا تصور دلاتے وقت بھی بچوں کو جمع کا طریقہ کسی قدر معلوم ہو سکتا ہے اس لئے اب جمع تحریری سکھانے میں دقت محسوس نہ ہوگی۔

ابتدا میں بچوں سے مقروں اشیاء مثلاً تیلیاں۔ بیج وغیرہ کے ذریعہ جمع کا عمل کرایا جائے کسی بچے کو ۶ تیلیاں دیجائیں اور ان میں ۳ تیلیاں زیادہ کرنے کے لئے کہا جائے اور ان سے کل تیلیاں گنوا کر یہ نتیجہ اخذ کرایا جائے کہ ۶ تیلیاں اور ۳ تیلیاں ملکر ۹ تیلیاں ہوتی ہیں۔ یعنے ۶ اور ۳ ملکر ۹ ہوتے ہیں۔

دوسرے بچے کو ۵ بیج دے جائیں۔ اور ان میں ۴ بیج زیادہ کرنے کے لئے کہا جائے

اور گنوا کر یہ نتیجہ اخذ کرایا جائے کہ ۵ بیج اور ۴ بیج ملکر ۹ بیج ہوتے ہیں یعنے ۵ اور ۴ ملکر ۹ ہوتے ہیں۔ اسی طرح ۷ اور ۲ = ۹ و ۱ اور ۸ = ۹ وغیرہ باتیں بچّوں سے اخذ کرائی جائیں۔

اکائیوں کی جمع

اکائیوں کی جمع سکھانے میں وہی اشیاء استعمال میں لائی جائیں جو اعداد کا تصور دلانے میں پیش کیگئی تھیں۔ اگر بچوں کو اکائیوں کی جمع اچھی طرح سمجھائی جائے تو بچے آسانی سے اکائیوں کی جمع کے سوالات حل کریں گے۔ اس صورت میں مدرس کا کام صرف سوالات کو مناسب طور پر مرتب کرنا اور ان کا مفہوم بچوں کو ٹھیک طور پر سمجھانا ہوگا۔ جہاں اعدادی تصاویر یا کنڈرگارٹن کی تیلیاں یا اور کسی چیزوں کا میسر آنا ممکن نہ ہو ایسی صورت میں بالغریم اور تختہ سیاہ کے استعمال سے بھی جمع کے سوالات بتائے جاسکتے ہیں۔ جمع سکھانے میں حسب ذیل طریقہ اختیار کیا جائے۔



(۱) عدد ۴ کھا جائے۔ بالغریم پر ۴ گولیاں گنوائی جائیں اور تختہ سیاہ پر ۴ کا ہندسہ لکھدیا جائے۔ اسی طرح دیگر اعداد کے ساتھ جن کو جمع کرنا ہے عمل کیا جائے۔

۲۔ ہر صورت میں چیزوں کی گنتی پہلے ہونی چاہئے۔ اور بعد میں مجرد اعداد تختہ سیاہ پر لکھے جائیں۔

۳۔ جمع کا عمل حسب ذیل مدارج میں تقسیم کیا جائے۔

۲۔ گولیاں اور ۳ گولیاں ملکر ۵ گولیاں ہوتی ہیں۔ اس لئے ۲ اور ۳ ملکر ۵ ہوتے ہیں۔ ۵ گولیاں اور ۴ گولیاں ملکر ۹ گولیاں ہوتی ہیں۔ اس لئے ۵ اور ۴ ملکر ۹ ہوتے ہیں

۴۔ مدرس ۲ کے نیچے ایک اُفقی خط کھینچکر جواب ۹ لکھدے طلبہ اسی طریقہ سے پورے کے ہندسے جمع کرتے آئیں اور جواب کی تصدیق کریں۔

۵۔ یہی عمل کنڈرگارٹن مکعب یا اینٹوں کے ذریعہ بھی بچوں سے کرایا جائے

□ □ اور □ □ □ ملکر □ □ □ □ □
۲ مکعب + ۳ مکعب = ۵ مکعب

□ □ □ □ □ اور □ □ □ □ ملکر □ □ □ □ □ □ □ □ □
۵ مکعب + ۴ مکعب = ۹ مکعب

مکعب کے ذریعہ اعداد کے اضافہ کا تصور بچوں کے ذہن نشین ہوسکتا ہے اس صورت میں بھی تختہ سیاہ کا استعمال ہونا ضروری ہے انواع و اقسام کی چیزوں کے استعمال کرنے سے جمع کے اصول کی تحقیق اور صداقت بچوں کے دل پر نقش کی جاسکتی ہے اور وہ یقینی طور پر یہ سمجھ لیتے ہیں کہ خواہ کوئی شی استعمال میں لائی جائے ۴ اور ۳ ملکر ۷ ہی ہوتے ہیں۔ اور اس کے ذریعہ ان کو مجرد اعداد کی جمع کا تصور پختہ طور پر اور آسانی کے ساتھ دلایا جاسکتا ہے

(۶) اس کے بعد مقرون اشیاء کا استعمال ترک کیا جائے اور جمع کا عمل زبانی کیا جائے۔ اکائیوں کی جمع کی مشق حسب ذیل طریقہ پر کرائی جائے۔

کسی عدد میں دو دو جمع کئے جائیں مثلاً ۲ میں ۲ جمع کرنے سے ۴ ہوتے ہیں ۴ میں دو جمع کرنے سے ۶ ہوتے ہیں۔ رفتہ رفتہ یہ الفاظ "جمع کرنے سے" "اتنے ہوتے ہیں" کہنا ترک کردیا جائے اور دل میں جمع کا عمل کرکے نتیجہ حسب ذیل ظاہر کیا جائے۔ ۲، ۴، ۶، ۸، ۱۰ وغیرہ

۳ سے شروع کرکے دو دو ملانے سے۔ ۳۔ ۵۔ ۷۔ ۹۔ ۱۱۔ وغیرہ

۷ سے شروع کرکے تین تین جمع کرنے سے ۷۔ ۱۰۔ ۱۳۔ ۱۶۔ وغیرہ

اس طرح اگر اکائیوں کی جمع کی زبانی مشق پختہ ہوجائے تو آیندہ جمع کے بڑے بڑے سوالات حل کرنے میں مطلق مشکل محسوس نہیں ہوگی اور استاد اور شاگرد دونوں کا کام بالکل آسان ہوگا۔

صرف اکائیوں کی جمع کی کے لئے یہ تختہ کار آمد ہوسکتا ہے۔ تختہ مذکور سے ظاہر ہوگا کہ اکائیوں کی جمع میں صرف ۳۶ ہی اعداد یاد رکھنے ہوں گے۔ جن میں سے آٹھ اعداد ضربی دو دو کا پہاڑہ تیار کرتے وقت پائے جائیں گے مثلاً

۲ + ۲ = ۴، ۳ + ۳ = ۶، ۴ + ۴ = ۸۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

۹ + ۹ = ۱۸۔ الغرض اگر یہ ۳۶ اعداد بچے پختہ طور پر یاد رکھیں تو جمع کے ہر ایک نتیجہ کو جلد پہونچ سکیں گے۔

	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	
۹	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	
۸	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶		
۷	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴			
۶	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲				
۵	۷	۸	۹	۱۰					
۴	۶	۷	۸						
۳	۵	۶							
۲	۴								

تختہ مذکور کا استعمال حسب ذیل طریقہ پر کیا جائے۔

اگر ہمیں ۷ اور ۵ کا حاصل جمع مطلوب ہے تو عمودی حاشیہ کی بائیں طرف ۷ کا ہندسہ دیکھ لیں اور افقی حاشیہ کی اوپر کی طرف ۵ کا ہندسہ دیکھ لیں اب ۷ سے افقی سمت میں دائیں طرف اور ۵ سے عمودی سمت میں نیچے کی طرف دیکھیں۔ جہاں یہ دونوں سمتیں ملتی ہوں وہ ہندسہ (یعنے یہاں پر ۱۲) ۷ اور ۵ کا حاصل سمجھا جائے۔ ۷ اور ۵ کا حاصل جمع وہی ہے جو ۵ اور ۷ کا حاصل جمع ہے یعنے ۷ + ۵ = ۵ + ۷ یہ بات بچوں کو بذریعہ تجربہ سمجھائی جائے جن دو اکائیوں کو جمع کرنا ہے ان میں سے بڑا عدد عمودی حاشیہ کی بائیں طرف اور چھوٹا عدد افقی حاشیہ کی اوپر کی طرف دیکھکر بڑے عدد کی افقی سمت اور چھوٹے عدد کی عمودی سمت جہاں ملیں گی وہ عدد دونوں اعداد کا حاصل جمع ہوگا۔ اکائیوں کی جمع کی مشق بچوں سے اسقدر کرائی جائے کہ کسی دو اکائیوں کی جمع وہ حفظ یاد رکھ سکیں تاکہ آئندہ کسی دو عددوں کو جمع کرتے وقت دقت محسوس نہ ہو اور حاصل جمع آسانی سے دریافت کرسکیں بچے صرف اتنا ہی نہ سمجھیں کہ ۶ اور ۸ ملکر ۱۴ ہوتے ہیں۔ بلکہ تجربہ سے وہ یہ معلوم کرسکیں گے کہ جن اعداد کے اکائی کے ہندسے بالترتیب ۶ اور ۸ ہوں اور ان اعداد کو اگر جمع کرنا ہو تو حاصل جمع میں اکائی کے درجہ پر ۴ ہی کا ہندسہ ہوا کرے گا۔

بچوں کو ان کے ذاتی تجربہ سے یہ بات بھی معلوم کرائی جائے کہ بڑے عدد میں چھوٹا عدد جمع کرکے حاصل جمع دریافت کرنا آسان ہے بہ نسبت چھوٹے عدد میں بڑا عدد جمع کرکے حاصل جمع دریافت کرنے کے۔ مثلاً ۲ اور ۸ کا حاصل جمع دریافت کرنا ہے۔ ۲ میں ۸ جمع کرکے نتیجہ دریافت کرنا کسی قدر مشکل ہوگا۔ مگر ۸ میں ۲ جمع کرکے حاصل جمع آسانی سے دریافت کیا جاسکتا ہے کیونکہ اس میں جمع کرنے کا عدد چھوٹا ہونے کی وجہ سے منزل مقصود کو جلد پہونچ سکتے ہیں۔ نتیجہ دونوں صورتوں میں ایک ہی ہوگا ۲ + ۸ = ۸ + ۲ = ۱۰ بذریعہ اشیاء محسوسہ بچوں کو یہ بات سمجھائی جائے کہ اعداد کی اول بدل کرنے سے حاصل جمع میں فرق نہیں آتا۔ اور بڑے عدد میں چھوٹا عدد جمع کرکے حاصل جمع دریافت کرنا بہت آسان ہے ۹ + ۱ = ۱ + ۹ = ۱۰ ، ۷ + ۳ = ۳ + ۷ = ۱۰ وغیرہ۔

جمع کی مشق کے لئے حسب ذیل طریقہ بھی مفید ثابت ہوگا۔

مدرس تختۂ سیاہ پر ایک دائرہ کھینچے اور اس کے محیط پر ایک سے نو تک کے ہندسے کسی ترتیب سے لکھے اور جو عدد جمع کرنا ہو وہ ہندسہ مرکز پر لکھدے۔ اس عدد کو محیط کے ہر ایک عدد میں بچوں سے یکے بعد دیگر جمع کرائے اور بچوں سے ہی نتیجہ اخذ کرائے۔ مثلاً ایک بچے ۲ اور ۴ کا حاصل جمع دریافت کرایا جائے دوسرے سے ۳ اور



۴ کا تیسرے سے ۶ اور ۴ کا چوتھے سے ایک اور ۴ کا علی ہذا۔ اس قسم کی مشق سے تمام جماعت ایک کام میں مشغول رہتی ہے اور پھرتی اور صحت کے ساتھ جواب نکلوانے میں یہ طریقہ کسی قدر مفید ثابت ہوگا۔

کسی صورت میں ابتدا میں جمع کے سوالات سلیٹوں پر نہ کرائے جائیں اگر تحریری کام ابتدا سے ہی زیادہ دیا جائے تو بچے گھبرائیں گے اور اس کا تعلیم حساب پر خراب اثر پڑیگا چھوٹے بچوں کے لئے لکھنے کا کام بہت تکلیف دہ معلوم ہوتا ہے واضح اور صاف طور پر لکھنے کی کوشش کرنے میں بچے جلد تھک جائیں گے اور اس سبب سے تحریری حساب کے تعلقات سمجھنے سے وہ قاصر رہیں گے۔ دوسری بات یہ ہے کہ بالکل ابتدا میں تحریری عمل ان کے خیالات کے تسلسل میں رکاوٹ پیدا کریگا۔ اور اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ حسابی تعلقات میں سلسلہ قائم نہیں رہ سکے گا۔ حساب کی تحریر بالکل چھوٹے بچوں کے حق میں مضر ہے زبانی مشق کے دوران میں تحریری مشق کی چنداں ضرورت نہیں۔

کافی زبانی مشق کے بعد تحریری مشق مناسب سمجھی جائے گی۔ اس صورت میں حسب ذیل قسم کے تاش کا استعمال عمل میں لایا جائے تو بچوں کو تحریری مشق تکلیف دہ نہ ہوگی۔ اور جواب کی ترتیب بھی ان کی سمجھ میں آئے گی۔ اور جواب صاف اور واضح طور پر لکھنے کی عادت ان میں پیدا ہوگی۔

صرف دس تک کی جمع کے تاش برائے مشق

جمع	+
۸ + ۹	= ۱۰
۶ +	= ۹
۵ +	= ۸
۷ +	= ۱۰
۴ +	= ۷

جمع	+
۱ + ۶	= ؟
۳ + ۵	= ؟
۴ + ۶	= ؟
۶ + ۳	=
۵ + ۲	=

مقررہ خانوں کی تکمیل مہندسوں کے ذریعہ طلبہ ہی سے کرائی جائے اعداد کا تصور دلاتے وقت اجزار ترکیبی بچوں سے نکلوائے گئے ہیں لہٰذا اس وقت جمع کرنے میں بچوں کو کسی قدر آسانی ہوگی تاہم جواب صحیح نہ آنے کی صورت میں اشیار محسوسہ کا استعمال کرکے بچوں سے جواب اخذ کرایا جائے۔ اور معرا خانوں کی تکمیل کرائی جائے۔

اکائیوں اور دہائیوں کی جمع

I جس میں حاصل نہ آئے۔ مثلاً ۱۴ + ۱۲

(۱) بذریعہ اشیا محسوسہ۔ چند طلبہ کے سامنے کچھ بیج دئے جائیں اور ان سے کہا جائے کہ ان میں سے ایک مرتبہ ۱۴ چیزیں اٹھائیں اور الگ رکھدیں۔ دوسری مرتبہ باقی چیزوں میں سے اور ۱۲ چیزیں اٹھائیں اور پہلے ڈھیر کے پاس رکھدیں۔ بعد میں یہ کہا جائے کہ ۱۴ چیزوں میں سے ۱۰ چیزوں کی ایک دہائی (بنڈل) بنائیں اور وہ دہائی (بنڈل) اپنی بائیں طرف اور اس کے پاس دائیں طرف باقی ۴ چیزیں رکھدیں



وہی عمل ۱۲ چیزوں کے ساتھ کیا جائے بعد میں ان سے دریافت کیا جائے کہ ان دونوں ڈھیروں میں ملکر کل دہائی (بنڈل) کتنی ہیں۔ اور کھلی چیزیں کتنی ہیں۔

اور یہ جواب اخذ کیا کہ ۲ بنڈل دس دس کے یعنے دو دہائیاں اور ۶ کھلی چیزیں یعنے اکائیاں ہوں گی۔ اور جواب ۲۶ ہوگا۔

ب۔ چیزوں کے ساتھ تعلق دیکر بغیر موجودگی اشیاء محسوسہ

اشیاء محسوسہ کی مدد سے مندرجہ بالا سوال کرنے پر اس کا تحریری عمل کرنے کا طریقہ بتایا جائے اور اُن کو کہدیا جائے کہ وہ دہائیوں، اکائیاں دہائی کے نیچے دہائیاں لکھدیں اور ان دونوں اعداد کے نیچے ایک خط کھینچیں بعد اکائیوں میں اکائیاں جمع کرکے حاصل جمع اکائیوں کے درجہ میں لکھدیں اور دھائیوں میں دہائیاں جمع کرکے حاصل جمع دہائیوں کے درجہ میں لکھدیں اور جواب ۲ دہائیاں اور ۶ اکائیاں (۲۶) بتائیں۔

۴	۱ گولیاں
۲	۱ "
۶	۲ "

ج۔ بذریعہ اعداد مجرد۔

بچوں کو اس قسم کی جمع کا تصور ہوجانے کے بعد کہ ۱۴ گولیاں اور ۱۲ گولیاں ملکر ۲۶ گولیاں ہوتی ہیں۔ ۱۴ تیلیاں اور ۱۲ تیلیاں ملکر ۲۶ تیلیاں ہوتی ہیں۔ ۱۴ پیسے اور ۱۲ پیسے ملکر ۲۶ پیسے ہوتے ہیں۔ ۱۴ چیزیں اور ۱۲ چیزیں ملکر ۲۶ چیزیں ہوتی ہیں ۴ ۱

ان سے بذریعہ سوال و جواب یہ بات اخذ کرائی جائے کہ ۱۴ ۲ ۱

اور ۱۲ ملکر ۲۶ ہوتے ہیں۔ اور عمل حسب مندرجہ حاشیہ لکھتے ہیں ۲۶

اس طرح متعدد سوالات بچوں سے حل کرائے جائیں اور بعد میں مشقی سوالات کے تاش دے جاکر ان سے جواب کی تکمیل کرائی جائے۔

مندرجہ ذیل قسم کے مشقی تاش مدارس خود تیار کرکے بچوں میں تقسیم کرے اور بچوں سے مقراخانوں کی تکمیل کراکے جواب نکلوائے۔

دہائی	اکائی
۱۰ + ۵ = ۵	
۱۰ + = ۱۱	
۱۰ + = ۱۴	
۱۰ + = ۱۶	
۲۰ + = ۲۴	

دہائی	اکائی
= ۳ + ۳	۶
= ۳ + ۱۳	
= ۲ + ۴	
= ۲ + ۱۴ = ۱	۶
= ۱۲ + ۱۴	

دو ہندسوں کے اعداد کی جمع میں مدرس پہلے اس بات کا اطمینان کرلے کہ بچے ان اعداد کے اجزائے ترکیبی سے پوری طرح واقف ہیں۔ اس کے لئے چند اعداد کے اجزائے ترکیبی بنالئے جائیں۔ مثلاً ۷، ۳، ۱۴، ۴۳، وغیرہ اعداد ان کے سامنے تختہ سیاہ پر لکھکر ان کی دہائیاں اور اکائیاں بچوں سے دریافت کی جائیں اور ان سے اکائی اور دہائی کے ہندسے متعلقہ ہندسوں میں لکھوائے جائیں ساتھ ہی مدرس اس بات کا بھی یقین کرلے کہ بچوں کو نظام عشری کے پیمانوں سے واقفیت ہے مثلاً ۱۰ اکائیاں = ۱ دہائی ۱۰ دہائیاں = ۱ سیکڑہ وغیرہ تاکہ آئندہ حاصل والی جمع میں یہ پیمانے ابتدا سے بتانے کی ضرورت نہ پڑے۔

اصل عدد	اکائی	دہائی
۳۷ =	۷	۳
۱۴ =	۴	۱
۴۳ =	۳	۴

□ دو ہندسی اعداد کے حاصل والی جمع۔

جس میں صرف اکائیوں کی حاصل جمع کو دہائیوں میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہو۔ مثال۔ ۳۷ + ۱۴ + ۴۳۔

ا۔ بذریعہ اشیاء محسوسہ

بچوں کو ۳ بنڈل دس دس کے اور ۷ تیلیاں، ایک بنڈل دس کا اور ۴ تیلیاں اور ۴ بنڈل دس دس کے اور ۳ تیلیاں دیدیجائیں اور کہا جائے کہ وہ ان کو دہائیوں اور اکائیوں کی ترتیب میں رکھدیں۔



دہائی	اکائی
۳	۷
۱	۴
۴	۳
۸	۱۴

اس طرح ہندسوں کے درجوں کے مطابق بنڈل اور کھلی تیلیاں رکھکر بچوں سے ان کی گنتی کرائی جائے اور جواب اخذ کرایا جائے۔ کہ کل بنڈل دس دس کے ۸ ہیں۔ اور کھلی تیلیاں ۱۴ ہیں۔ اب ان سے دریافت کیا جائے کہ آیا ۱۴ تیلیوں میں

۔ تیلیوں کا ایک بنڈل بن سکتا ہے۔ ان سے دس تیلیوں کا ایک بنڈل بندھوایا جائے اور جملہ بنڈلوں کی تعداد دریافت کی جائے۔ نیز کھلی تیلیوں کی۔ اور یہ جواب اخذ کرایا جائے کہ جملہ بنڈلوں کی تعداد ۹ ہوگی اور کھلی تیلیاں ۴ ہوں گی۔ یعنے جواب ۹۴ ہوگا۔

ب۔ اعداد کا چیزوں کے ساتھ تعلق دے کر مگر بغیر موجودگی اشیا محسوسہ اشیا محسوسہ کی مدد سے مندرجہ بالا سوال حل کرنے پر اس کا تحریری عمل بچوں کو بتایا جائے اعداد لکھنے کی ترتیب تو ان کو معلوم ہے لہذا ان سے چیزوں کی تعداد ہندسوں میں سلیٹوں پر لکھوائی جائے۔ نمونہ کے لئے تختہ سیاہ پر بھی وہ ہندسے لکھے جائیں بعد میں ان کو کہا جائے کہ وہ اعداد کو جمع کریں مثل سابق بچے اکائیوں کو جمع کر کے ۱۴ اکائیاں اور دہائیوں کو جمع کر کے ۸ دہائیاں جواب بتائیں گے۔ اس کے بعد ان سے یہ دریافت کیا جائے کہ کھلی (اکائی) چیزوں کو بنڈل (دہائی) کی صورت میں کب تبدیل کرتے ہیں۔ ان سے یہ جواب اخذ کرایا جائے کہ دس چیزیں ہوتے ہی ایک بنڈل بناتے ہیں۔ اس لحاظ سے ۱۴ میں سے ۱۰ تیلیوں کا ایک بنڈل جدید تیار ہوگا۔ یہ جدید بنڈل اور سابق ۸ بنڈل ملکر ۹ بنڈل ہوئے اور ۴ کھلی تیلیاں رہیں لہذا کل مجموعہ (حاصل جمع) ۴ اکائیاں اور ۹ دہائیاں یعنے ۹۴ ہوا۔

اکائی	دہائی	تیلیاں
۷	۳	〃
۴	۱	〃
۳	۴	〃
۴	① ۸	〃
۴	۹	〃

حاصل کا تصور۔ بچوں کو یہاں پر یہ سمجھایا جائے کہ۔ اجزیں ہوتے ہی ایک جدید بنڈل تیار کیا جاتا ہے اوسکو حاصل کا بنڈل کہتے ہیں۔ مثلاً اکائیوں کو جمع کرنے سے ۲۴ اکائیاں اگر آجائیں تو ان کی دو دہائیاں بن سکتی ہیں۔ لہذا یہاں حاصل کے ۲ سمجھے جائیں گے جو سابقہ دہائیوں میں ملائی جائیں گی۔ اگر اکائیوں کی حاصل جمع ۳۵۔ ہو تو حاصل کی ۳ دہائیاں ہوں گی علی ہذا۔

ج بذریعہ اعداد مجرد۔

اب بچوں سے یہ سوال کیا جائے کہ وہ ۳۷ + ۱۴ + ۴۳ کا حاصل جمع دریافت

اکائیاں	دہائیاں
۷	۳
۴	۱
۳	۴
۴ ①	
①	
۴	۹

کریں ان کو کہا جائے کہ اعداد مذکور کو عمودی طور پر لکھیں اور جب اکائیوں کو زبانی جمع کریں تو عمل حسب ذیل ہو۔ ۳ اور ۴ سات ۷ اور ۷ چودہ جواب چودہ بتائیں گے اور وہ اکائیوں کے درجہ میں لکھدیں گے دہائیوں کی زبانی جمع حسب ذیل ہوگی ۴ اور ایک پانچ ۵ اور ۳ آٹھ ۸ کہکر وہ دہائیوں کے درجہ میں لکھدیں گے۔

اب مدرس ان سے دس اکائیوں کی ایک دہائی بنوائے گا (اور طلبہ سے کہیگا کہ اس جدید دہائی کو حاصل کی دہائی سمجھتے ہیں) اور سابقہ ۸ دہائیوں میں شامل کرلے گا۔ اکائیوں کے درجہ میں اب ۴ اکائیاں رہیں گی اور دہائیوں کے درجہ میں ۹ دہائیاں ہوں گی۔ جواب ۹۴ لکھا جائیگا۔ اس طرح عمل مدرس تختہ سیاہ پر کرے اور بچوں سے ان کی سلیٹوں پر کروائے دو ہندسوں کی اعداد کی جمع کی مشق بچوں سے کافی طور پر کرائی جائے اور وہ اعداد لکھکر آسانی کے ساتھ ان اعداد کا حاصل جمع دریافت کرسکیں۔ ان میں تاش تقسیم کرکے مشق اور جواب کی تکمیل کرائی جائے

۲۵ + ۲۷ = ۵۲	۱۵ + ۱۷ + ۹ = ۴۱
= ۴۵ + ۳۸	= ۱۰ + ۱۸ + ۲۲
= ۳۲ + ۵۹	= ۱۵ + ۱۲ + ۵۴
۲۸ + ۶۴	= ۱۶ + ۱۹ + ۱۳

اس قسم کی مشق کے بعد عبارتی سوالات بھی حل کرائے جائیں مثلاً ایک تاجر کو یکشنبہ کے روز ۱۵ روپیہ نفع ہوا۔ دوشنبہ کے روز ۱۷ روپیہ نفع ہوا۔ اور سہ شنبہ کے روز ۹ روپیہ نفع ہوا۔ تو بتاؤ کہ تین دن میں اس کو کل کتنا نفع ہوا۔

عمودی جمع کی بھی مشق بچوں میں تاش تقسیم کراکے جواب کی تکمیل بچوں سے کرائی جائے۔

۲۲	۳۸
۱۵	۱۵
۳۰	۴۰
۱۹	۷

دو ہندسی اعداد کی جمع جن کا حاصل جمع نو سے زیادہ ہو

مثال ۔ ۸ ۷ + ۶۹

۱۔ پہلے مندرجہ بالا اعداد بچوں سے ترتیب وار لکھوا کر مدرس بھی خود تختہ سیاہ پر وہی اعداد ترتیب وار لکھے۔

اصل عدد		اکائی	دہائی
۸ ۷	=	۸	۷
۶۹	=	۹	۶

اکائیوں کو اکائیوں میں جمع کرنے کے لئے کہا جائے ۔ ۹ ۔ اکائیاں اور ۸ اکائیاں ملکر ۱۷ اکائیاں ہوتی ہیں ۔ یہ جواب بچوں سے اخذ کرایا جائے بعد میں سوال کرکے یہ بات نکلوائی جائے کہ ۱۷ اکائیوں میں ۷ اکائیاں اور ایک دہائی ہوتی ہے لہذا ۱۷ اکائیوں کو اکائی کے درجہ میں لکھدیا جائے اور ایک دہائی دہائیوں میں جمع کرائی جائے

اس کے بعد کل دہائیوں کو جمع کرایا جائے ۱ دہائی + ۶ دہائیاں + ۷ دہائیاں ملکر ۱۴ دہائیاں ہوتی ہیں ۔ ۱۴ دہائیوں میں ۴ دہائیاں اور ایک سیکڑہ ہوتا ہے لہذا ۱۴ دہائیوں کو دہائی کے درجہ میں لکھدیا جائے ۔ اور ایک سیکڑہ دہائیوں کی بائیں طرف رکھدیا جائے ۔ حاصل جمع میں ہندسے متعلقہ درجوں میں بچوں سے لکھوا کر مدارس خود تختہ سیاہ پر لکھے ۔

سیکڑہ	دہائی	اکائی
	۷	۸
	۶	۹
۱	۴	۷

بچوں سے بھی یہی عمل مکمل طور پر کروایا جائے ۔



مندرجہ بالا سوال کا عمل اشکال کے ذریعہ ذیل میں بتایا جاتا ہے۔ اس سے بھی جواب کی تصدیق ہو سکتی ہے

۹ اکائیاں + ۸ اکائیاں = ۱۷ اکائیاں

۷ " + ۱ دہائی = ۷۰

حاصل کی



جواب ۷۔ اکائیاں ۴ دہائیاں ۱ سیکڑہ = ۱۴۷

تین ہندسوں کے اعداد کی جمع۔

۱۔ جمع بلا حاصل۔

چونکہ اب بچے اکائیوں کو آسانی سے ۹ تک (بموجب سبق اول) جمع کر سکتے ہیں لہٰذا مندرجہ ذیل قسم کے سوالات حل کرنے میں ان کو مطلق دقت محسوس نہ ہوگی۔

	اکائی	دہائی	سیکڑہ
۲ اور ۵ سات اور ۱ آٹھ اکائیاں	۱	۳	۲
۲ اور ۴ چھ، ۶ اور ۳ نو دہائیاں	۵	۴	۳
۱۔ اور ۳ چار، ۴ اور ۲ سیکڑے	۲	۲	۱
	۸	۹	۶

اب بچوں کو اس طرح عادی بنایا جائے کہ وہ ۲ اور ۵ سات، ۷، اور ۱ آٹھ کہنے کے بجائے وہ ہندسوں کو دیکھتے ہی ۲، ۷، ۸، کہکر اکائیوں کے درجہ میں لکھدیں۔ ۲ اور ۴ چھ، ۶ اور اسات کہنے کے بجائے۔

۲، ۶، ۹۔ کہکر ۹ کو دہائیوں کے درجہ میں لکھدیں اور اسی طرح ۱، ۴، ۶ کہکر ۶ کو سیکڑہ کے خانہ میں لکھدیں۔ اس طرح جلد جواب نکالنے کی عادت ہوجاتی ہے اس قسم کے سوالات میں سوائے مشق کے اور کوئی بات ملحوظ نہیں ہوسکتی۔

ب۔ حاصل والی جمع۔

طریقہ تعلیم وہی ہوگا۔ جو دو ہندسی جمع میں اختیار کیا جاتا ہے اب تعلیمی آلات کی چنداں ضرورت نہیں بچوں کی قوت متخیلہ سے کام لیا جاسکتا ہے البتہ بچے اگر سمجھ نہ سکیں تو اس صورت میں آلات کا یعنے اشیاء محسوسہ کا استعمال بچوں کی تفہیم کے لئے مناسب سمجھا جائے گا۔ بچوں کو اعداد کے ہندسوں کی مقامی قیمت سے واقف ہونا ضروری ہے اور ساتھ ہی ۱۰ اکائیوں کی ایک دہائی اور دس دہائیوں کا ایک سیکڑہ اور دس سیکڑہ کا ایک ہزار یہ پیمانہ نظام عشری کا معلوم ہونا چاہئے۔

بچے عموماً ٹور پر جمع کے سوالات اتارلیں اور ابتدا میں ہندسوں کے اوپر ان کے درجوں کا نام بھی مثلاً اکائی۔ دہائی سیکڑہ لکھدیں اور زبانی عمل حسب ذیل کریں۔

	اکائی	دہائی	سیکڑہ
I پہلے اکائیوں کی جمع ۵ اور ۸ تیرہ	۴	۳	۲
۱۳ اور ۴ سترہ اکائیاں جن میں حاصل کی ایک	۵	۲	۱
دہائی آتی ہے اور ۷ اکائیاں باقی رہتی ہیں	۸	۶	۱
جو اکائیوں کے درجہ میں لکھدیجائیں۔ اور حاصل	۷	۲	۵

کی ایک دہائی دہائیوں میں جمع کی جائے۔

II دھائیوں کی جمع۔ ۱ (حاصل کا) اور ۶ سات ۷ اور ۲ نو ۹ اور ۳ بارہ دہائیاں۔ جن میں دس دہائیوں کا ایک سیکڑہ حاصل آتا ہے۔ اور ۲ دھائیاں باقی رہتی ہیں۔ جو دھائیوں کے درجہ میں لکھدی جائیں اور حاصل کا ایک سیکڑہ سیکڑے میں جمع کیا جائے۔

III سیکڑوں کی جمع۔ ۱ (حاصل کا) اور ۱ دو اور ۱ تین، ۳ اور ۲ پانچ سیکڑے۔ سیکڑے کے درجہ میں لکھدئے جائیں اور جواب ۲۵۷ بتایا جائے کافی مشق کے بعد درجوں کے نام اعداد پر لکھنے کا طریقہ ترک کیا جائے

اور بچوں کو اس طرح عادی بنایا جائے کہ ۸ اور ۵ تیرہ، ۱۳ اور ۴ سترہ وغیرہ طول طویل عبارت میں کہنے کے بجائے صرف مندرجہ ذیل طور پر کہدیں۔ ۸، ۱۳ اور ۱، سترہ کے، حاصل آیا ۱، اکائی کے درجہ میں، لکھدیں ۱، ۷ و ۹ ۱۲، بارہ کے ۲ حاصل آیا۔ ۱ دھائی کے درجہ میں ۲۔ لکھدیں، ۱، ۲، ۳، ۵، پانچ کے ۵ بیکڑے کے درجہ میں ۵ لکھدیں۔

کافی مشق ہونے تک حاصل کا ہندسہ اس درجہ کے اعداد کے اوپر یا نیچے لکھدیا جائے لیکن ہمیشہ کے لئے اس کا لکھنا ضروری نہیں۔

جمع کے سوالات کی جانچ اوپر سے نیچے کی طرف جمع کرکے اور بعد نیچے سے اوپر کی طرف جمع کرکے کرائی جائے۔ عمودی اور افقی دونوں طریقوں سے جمع کے سوالات حل کرائے جائیں مثلاً ۲۳۴ + ۱۲۵ + ۱۶۸ = ۵۲۷۔

بہت لمبے سوالوں میں ایک سطر یا ایک درجہ کی جمع کرنے پر خفیف سا آرام دیا جائے کیونکہ بعض بچے دیر تک توجہ نہیں قائم رکھ سکتے اگر جمع کرتے وقت توجہ دوسری طرف بٹ جائے تو سوال کا جواب صحیح آنا مشکل ہے جمع میں اکثر غلطیاں عدم توجہی کی وجہ سے ہوا کرتی ہیں۔

بچوں کو ہدایت کی جائے کہ جب ان کو پریشانی یا تکان معلوم ہو تو وہ ذرا کام روک دیں اور تھوڑی دیر تک دوسری طرف دیکھتے رہیں ذرا گہری سانس بھی لیں۔ لیکن اس وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ سوال کہاں تک حل کیا گیا ہے اور کہاں سے حل کرنا باقی ہے سوال جہاں تک حل ہوا ہو۔ اس مقام پر حاصل جمع کی نشانی پنسل سے لگانا نامناسب نہ ہوگا۔ کیونکہ بچے جلد بھول جاتے ہیں۔ اور بار بار وہی اعداد جمع کرنے لگتے ہیں۔ پہلی گنتی کہاں تک ہوئی تھی اس کا خیال ان کو مطلق نہیں رہتا۔

بچوں کی قوت متخیلہ اور استدلال کی تربیت کی غرض سے بچوں کو چند عبارتی سوال ایسے دئے جائیں جن میں بچوں کو سوال سمجھ لینے کی اور بعد میں اس کو حل کرنے کی تدابیر سوچنے کی ضرورت محسوس ہو۔ مثلاً

۱۔ احمد کے پاس ۵ گولیاں ہیں۔ بشیر کے پاس احمد سے ۲ گولیاں زیادہ ہیں تو۔

احمد اور بشیر کے پاس ملکر کل کتنی گولیاں ہونگی۔

اس سوال میں جب تک بشیر کی گولیاں معلوم نہ ہوں دونوں کے پاس کی گولیوں کی تعداد صحیح طور پر معلوم نہیں ہوسکتی بشیر کی گولیوں کی تعداد معلوم کرنے کے لئے احمد کی گولیوں کی تعداد میں ۲ زیادہ کرنا ہوگا۔ یعنے ۵ + ۲ = ۷ گولیاں بشیر کے پاس ہوں گی۔ اب احمد اور بشیر کی گولیوں کو جمع کیا جائے اور جواب نکالا جائے (عمل) احمد کے پاس ۵ گولیاں۔ بشیر کے پاس ۲ گولیاں زیادہ یعنے بشیر کے پاس ۵ - ۲ - ۷ گولیاں احمد و بشیر کے پاس ملکر گولیوں کی کل تعداد۔

۵ + ۷ = ۱۲ ہوگی۔ جملہ ۱۲ گولیاں جواب۔

(۲) جماعت چہارم میں ۵ طلبا پڑھتے ہیں۔ جماعت سوم میں چہارم سے ۵ طلبہ زیادہ ہیں۔ جماعت دوم میں چہارم و سوم ملکر جتنے طلبہ ہیں اتنے طلبہ پڑھتے ہیں تو بتاؤ کہ دوم، سوم، چہارم ملکر طلبہ کی تعداد کیا ہوگی؟

اس قسم کے سوالات سے بچوں کی قوت متخیلہ اور استدلال کی تربیت ہوکر جمع کی مشق بھی ہوگی۔ جواب عجلت و صحت کے ساتھ نکلوانے کی کوشش ضرور کی جائے مدرس اس بات کا خیال رکھے کہ سوالات حل کرنے میں دو چیزیں یعنے عجلت و صحت زیادہ اہمیت رکھتی ہیں۔ لہذا مشق ہونی چاہئے۔ اور ہر وقت سوالات حل کرانے میں کتنا وقت صرف ہوگا اس کا بھی اندازہ لگا لینا چاہئے۔ صرف جلد حل کرنے سے مطلب نہیں ہونا چاہئے بلکہ کوشش کی جائے کہ جوابات صحیح ہوں۔ سوالات کی نقل اتارنے کی ضرورت نہیں صرف جواب بچوں سے دریافت کیا جائے۔ اگر سوالات اجتماعی ہوں تو کافی وقت دینے کے بعد مدرس اس سوال کا جواب کہدے اور بچے اپنے جواب کی جانچ خود کرلیں یا مدرس خود کرے یا دوسرے طلبہ سے کرائے اگر غلطی ہو تو اس کی تصحیح لازمی طور پر فوراً ہونی چاہئے۔ ورنہ سوالات کی اہمیت باقی نہیں رہے گی۔ صحیح جواب بچوں کے ذہن نشین کردیا جائے اگر سوالات کی جانچ احتیاط کے ساتھ نہ ہو تو بچے لاپرواہ بن جائیں گے۔ مشقی سوالات بچوں کی ترقی آزمانے کے لئے کارآمد ہوں گے حساب کی تعلیم کا مقصد ہمیشہ یہ ہوا کرے کہ بچے تھوڑے عرصہ میں صحیح جواب نکالیں۔ بعض بچے حاصل کا مندسہ تختی یا کاغذ پر لکھا کرتے ہیں

اس معیوب عادت کو روک دیا جائے۔ البتہ طول طویل جمع میں حاصل لکھ رکھنے سے مدد ملتی ہے۔ لیکن جہاں جمع کرنے کے اعداد بالکل تھوڑے ہوں وہاں حاصل لکھنے کی مطلق ضرورت نہیں تعلیم حساب میں عجلت اور صحت دونوں مساوی طور پر اہمیت رکھتے ہیں۔ لہذا یہ دونوں جزو ہرگز نظر انداز نہ کئے جائیں۔

تفریق

جب بچوں کی استعداد اس قدر ہو جائے کہ وہ جمع کے آسان سوالات حل کر سکیں تو تفریق کا تصور دلانا نامناسب نہ ہوگا جمع اور تفریق دونوں کے قاعدے ساتھ ساتھ پڑھانے میں کوئی عیب نہیں ہے تفریق کا تصور جمع کے بعد اس وجہ سے دلایا جاتا ہے کہ بہ نسبت جمع کے تفریق کا عمل کسی قدر مشکل ہوتا ہے۔ کیونکہ تفریق کے سوالات کی ترتیب مختلف طور پر ہوتی ہے اسی حالت میں تفریق کے سوالات مساوات کی صورت میں باسانی ظاہر نہیں کئے جا سکتے نمونہ کے طور پر تفریق کی ایک مثال ذیل میں درج ہے۔

(۱)۔ ۷ میں سے ۵ کم کرو۔ یعنے ۷ نفی ۵ جس کو ۷ ۔ ۵ = ۲ سے ظاہر کر سکتے ہیں۔

(۲)۔ ۵ میں کیا جمع کیا جائے کہ حاصل جمع ۷ ہو؟ یہ سوال جمع معکوس کا Inverse Addition ہے اور وہ ۵ + ؟ = ۷ سے ظاہر کر سکتے ہیں۔

(۳)۔ ۷ کا عدد ۵ سے کس قدر زیادہ ہے؟ اس سوال سے دو اعداد کا مقابلہ مطلوب ہے اور اس کا جواب یا تو راست تفریق (Direct Subtraction) یا جمع معکوس سے دریافت کیا جا سکتا ہے۔

(۴)۔ ۵ کا عدد ۷ سے کس قدر چھوٹا ہے؟

(۵) ۷ اور ۵ میں کس قدر فرق ہے؟

مذکورۂ بالا اقسام کی مثالوں سے واقف ہونے کی غرض سے بچوں سے زبانی مشق کرانے کی ضرورت ہے۔ اور یہ سوالات ابتدا میں بذریعہ مقررہ اشیاء

بچوں کے تجربہ اور ذاتی کوشش سے حل کروائے جائیں تاکہ اُن کو تفریق کا تصور ٹھیک طور پر ہو سکے۔

مثلاً سوال نمبر (۱) میں بچے ۷ گولیاں اٹھائیں اور ان میں سے ۵ گولیاں الگ کردیں اور باقی گولیوں کی گنتی کرکے دیکھ لیں کہ ۷ گولیوں میں سے ۵ گولیاں نکالی جائیں تو ۲ گولیاں باقی رہتی ہیں۔ مختلف بچے مختلف چیزوں کا استعمال کرکے بھی نتیجہ معلوم کرلیں ○○ ○○○○○

سوال نمبر ۲ میں بچے ۵ گولیاں اٹھائیں اور ان میں اتنی گولیاں جمع کرتے جائیں کہ کل تعداد ۷ ہو جمع کی ہوئی گولیوں کو گن کر یہ نتیجہ نکالیں کہ ۵ میں ۲ جمع کئے جائیں تو ۷ ہوتے ہیں۔ یہی عمل مختلف چیزوں کے ذریعہ کرایا جائے۔

سوال نمبر (۳) میں بچے ۷ گولیوں کا ڈھیر بنائیں اور دوسرا ڈھیر ۵ گولیوں کا بنائیں اور ان دونوں کا مقابلہ کرکے دیکھیں کہ ۷ گولیوں کے ڈھیر میں ۵ گولیوں کے ڈھیر سے کتنی گولیاں ○○

○○○○○
○○○○○

زیادہ ہیں۔ تجربہ کرکے اس نتیجہ کو پہونچیں کہ ۷ گولیوں کے ڈھیر میں ۲ گولیاں زیادہ ہیں۔

بعض اصحاب تفریق کی تفہیم کے لئے معکوس جمع کا طریقہ زیادہ پسند کرتے ہیں۔ ان کا یہ بیان ہے کہ یہ عمل (جمع معکوس کا) قدرتی ہے اور بچوں کے لئے آسان بھی ہے کیونکہ طریقہ مذکور جمع کے ساتھ زیادہ تعلق رکھتا ہے۔

دیگر اصحاب تفریق بہ طریقہ راست پسند کرتے ہیں۔ ان کا یہ بیان ہے کہ تفریق کرنا یا کم کرنا بچوں کو زیادہ آسان معلوم ہوتا ہے اور مساوات کے اظہار میں بھی زیادہ آسانی معلوم ہوتی ہے۔ مثلاً ۷ - ۵ = ۲، ۷ کم ۵ برابر ۲۔ تفریق کی ابتدا کے لئے تو یہی طریقہ مناسب ہے

تفریق کی تعلیم میں دونوں طریقے (۱) تفریق بہ طریقہ راست اور (۲) تفریق بہ طریقہ جمع معکوس استعمال میں لائے جائیں اور دونوں طریقوں کی اچھی مشق کرائی جائے۔ جب دو اعداد تقریباً مساوی ہوتے ہیں تو طریقہ جمع معکوس استعمال میں لایا جائے اور جب ایک عدد دوسرے سے بہت بڑا ہو تو تفریق بطریقہ راست

کا استعمال کیا جائے ۔ مثلاً

۱۰۶ ۔ ۸۷ کے حل میں طریقہ جمع معکوس اور ۱۰۶ ۔ ۱۷ کے حل میں طریقہ تفریق راست عمل میں لایا جائے ۔

جب تک بچوں کو تفریق کا تصور پختہ طور پر نہ دلایا جائے تفریق کے مروجہ طریقہ ۔ (۱) طریقہ تحلیلی (۲) طریقہ مساوی جمع یا (۳) طریقہ تکمیلی سے تفریق سکھانا مناسب نہ ہوگا ۔

THE ELEMENTS OF ALGEBRA, by Three Authors. Thoroughly revised & rewritten by N. Panchapagesan, B.A., L.T., Findlay College, Mannargudi. Just Ready. (C. Group.) .. Rs. 2-0-0.

A MANUAL OF ARITHMETIC, by the late S. Radhakrishna Aiyar, B.A. (H. S. Classes.) Rs. 2-0-0.

A NEW GEOMETRY FOR HIGH SCHOOLS, by A. A. Krishnaswami Aiyangar, M. A. Maharaja's Intermediate College, Mysore Rs. 2-8-0.

A PREPARATORY ALGEBRA, by V. Raghunatha Aiyar, B.A., L T., Deputy Inspector of Schools, Ambasamudram .. .. Rs. 2-0-0.

A TEXT BOOK OF ARITHMETIC for Lower Secondary and Middle Schools by the late S. Radhakrishna Aiyar, B. A., and K. Vaidyanathaswami Aiyar, B.A., PART I FOR FORM I As. 12 PART II FOR FORM II & III As. 12.

THE ELEMENTS OF BOOK-KEEPING by K. Subramani Aiyar B.A., F.S.A.A. Re. 1-8-0.

Also other COMMERCIAL BOOKS by Rao Sahib S. Vaidyanatha Aiyar, T. V. Subramania Aiyar and other High School Books in Elementary Mathematics, etc., available.

Srinivasa Varadachari & Co.,

Publishers, 190, Mount Road, Madras.

THE HYDERABAD TEACHER.

CONTENTS.

	PAGES.
THE STUDY OF GREEK AND LATIN IN INDIAN SCHOOLS BY REV. FATHER A. J. STEFANETTI.	1
MAKING CITIZENS. WHAT THE SCHOOL CAN DO BY DR. G. S. KRISHNAYYA, M. A. (MADRAS), M. A., Ph. D., (COLUMBIA).	8
"BILINGUALISM" BY DR. MICHAEL WEST *A Summary and Criticism* BY M. S. DORAISWAMI, M. A., L. T.	15
A PLEA FOR PLAY-WAY IN EDUCATION BY S. M. H. NAKAVI, B. A., Dip. Ed. (Leeds), Head-Master, Nampalli High School, Hyderabad.	27
THE HYDERABAD TEACHERS' ASSOCIATION *Summary of General Secretary's Report for the Period June 1931—August 1932.*	31
EXTRACTS FROM EDUCATIONAL NEWS BULLETIN	35
RULES OF THE LIBRARY OF THE HYDERABAD TEACHERS' ASSOCIATION.	41
EDITORIAL.	48
REVIEWS.	51

The Hyderabad Teacher.

ADVERTISEMENT RATES.							SUBSCRIPTION RATES.
Space.	Whole year.		Six months.		Per Issue.		For the Nizam's Dominions O. S. Rs. 3 annually, (including postage).
	B. G. Rs.	As.	B. G. Rs	As	B. G. Rs.	As.	For British India B. G. Rs. 3 a year (including postage).
Full page ...	12	0	6	0	4	0	Single copy O. S. As. 12 for H. E. H. the Nizam's Dominions
Half page	6	0	3	8	2	0	Single copy B.G. As. 12 for British India.
Quarter page	3	0	1	12	1	0	
Per line ...	0	10	0	8	0	6	

The Urdu Section is published separately also. Subscription Re. 1 As. 14 a year.

Members of the Hyderabad Teachers' Association can obtain back numbers of THE HYDERABAD TEACHER at a reduced price.

Apply to.

S. M. KHAIRATH ALI, MANAGER,

"The Hyderabad Teacher,"

Gun Foundry, Hyderabad-Deccan.

Vol. VII. REGISTERED ASAFIA No. 47. No. 1.

THE

HYDERABAD TEACHER

Quarterly Magazine of the Teachers' Association, Hyderabad-Deccan.

Under the Patronage of Khan Fazl Mohamed Khan Esq., M. A., Director of Public Instruction.

JULY-SEPTEMBER, 1932

Editorial Staff:

S. ALI AKBAR, M. A. (Cantab.)
F. C. PHILIP, M. A.
M. ATAUR RAHMAN, B. A.
Dr. G. S. KRISHNAYYA, M. A., Ph. D., (Columbia.)

SECUNDERABAD-DECCAN
RINTED AT THE EXCELSIOR PRESS, SECUNDERABAD.

1932.

Annual Subscription Rs. 3.

JUST PUBLISHED PRICE, Rs. 4.

INSTRUCTION IN INDIAN SECONDARY SCHOOLS

Formerly Edited by **A. H. MACKENZIE**

This well-known Work has been completely Revised and Enlarged

Under the Editorship of

E. A. MACNEE, M. A., I. E. S.

Principal, Spence Training College, Jubbulpore.

Royal 8vo. **304 Pages.**

SYNOPSIS OF CONTENTS.

PRINCIPLES OF EDUCATION, by K. N. Brockway, M.A., Principal, St. Christopher's Training College, Kilpauk, Madras; SCHOOL MANAGEMENT: ITS PRINCIPLES AND PRACTICE, by A. C. Miller, M.A., O.B.E., I.E.S., Principal, Rajkumar College, Rajkot; CLASS TEACHING: ITS PRINCIPLES AND PRACTICE, by G. S. Krishnayya, M.A., Ph.D. (Columbia), formerly Professor of Education and Head of the Department of Teaching in the University of Mysore; THE DALTON PLAN, by J. E. Parkinson, M.A., (Cantab.), I.E.S., Principal, Central Training College Lahore; THE TEACHING OF THE MOTHER-TONGUE, by Michael West, M.A., D.Ph. (Oxon.), I.E.S., and Gurubandhu Bhattacharya, M.A., B.T., of the Teachers' Training College, Dacca; THE TEACHING OF ENGLISH, by E. A. Macnee. M.A., (Cantab.), I.E.S., Principal, Spence Training College, Jubbulpore; THE TEACHING OF MATHEMATICS, by H. R. Hamley, M.A., M.Sc., Ph.D., London Day Training College; formerly Principal, Secondary Training College, Bombay; THE TEACHING OF HISTORY, by K. D. Ghose, M.A., (Oxon.), Professor of History at the David Hare Training College, Calcutta; THE TEACHING OF GEOGRAPAY, by L. D. Stamp, D.Sc., B.A., F.R.G.S., Sir Ernest Cassel Reader in Economic Geography in the University of London; formerly Professor of Geography and Geology in the University of Rangoon; THE TEACHING OF PHYSICS AND CHEMISTRY, by H. R. Hamley; THE TEACHING OF NATURE STUDY, by J. Pryde, M.A., B.Sc., formerly Inspector of Secondary Schools, Travancore; THE TEACHING OF DRAWING, by N. Heard, A.R.C.A., formerly Principal, School of Arts and Crafts, Lahore; THE TEACHING OF HANDWORK, by J. Y. Buchanan, formerly Inspector of Drawing and Educational Handwork, Punjab; PHYSICAL EDUCATION, by H. C. Buck, M.P.E., Principal, National Y. M. C. A., School of Physical Education, Royapettah, Madras; SCOUT TROOP, by F. G. Pearce, M.A., Principal, Sardars' School, Gwalior, formerly Chief Commissioner, Indian Boy Scouts' Association.

OXFORD UNIVERSITY PRESS

NICOL ROAD BOMBAY | LAL BAZAR STREET CALCUTTA | MOUNT ROAD MADRAS

Vol. VII. No. 1.

THE HYDERABAD TEACHER

JULY - SEPTEMBER, 1932

Editorial Staff:

S. ALI AKBAR, M. A. (Cantab.)

F. C. PHILIP, M. A.

M. ATAUR RAHMAN, B. A.

Dr. G. S. KRISHNAYYA, M. A., Ph. D., (Columbia.)

SECUNDERABAD-DECCAN

PRINTED AT THE EXCELSIOR PRESS, SECUNDERABAD.

1932.

*

جلد (۷)　　شمارہ (۲)

زیر سرپرستی جناب خان فضل محمد خان صاحب ایم۔ اے ناظم تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی

حیدرآباد ریویو

انجمن اساتذہ حیدرآباد دکن کا سہ ماہی رسالہ

مجلس ادارت :۔ سید علی اکبر ایم۔ اے (کنٹب) مدیر مسئول
سید فخر الحسن ملابی اے۔ بی۔ ٹی (علیگ) مدیر
محمد عبدالنور صدیقی بی۔ اے۔ بی۔ ٹی (علیگ) شریک مدیر

مقاصد

(۱) طبقۂ اساتذہ کے احساس معلمی کو بیدار کرنا۔
(۲) طبقۂ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجربات معلمی کو شائع کرنا۔
(۳) فن معلمی پر نفسیاتی حیثیت سے نقد و نظر۔
(۴) انجمن اساتذہ کے مفید مضامین کی اشاعت۔
(۵) انجمن اساتذہ کے مقاصد و اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا۔

قواعد

(ا) رسالہ کا نام حیدرآباد ٹیچر ہوگا اور ہر سہ ماہی پر صدر دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے شائع ہوگا
(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بتفصیل ذیل ہوگی۔
اندرون و بیرون ممالک محروسۂ سرکار عالی تین روپیہ مع محصول ڈاک سالانہ (سکہ رائجہ)
صرف اردو حصہ (۱۴ر) سالانہ۔ قیمت فی پرچہ اردو انگریزی (۱۲ر) صرف اردو (۸ر)
(ج) رسالہ نصف انگریزی و نصف اردو ہوگا جس میں حسب صوابدید تغیر بھی ہوسکے گا۔
(د) صرف وہی مضامین درج ہوسکیں گے جو تعلیم سے متعلق ہوں۔
(ر) جملہ مضامین و مراسلت دفتر کے پتہ سے ہونی چاہیئے۔
(س) اشتہارات کا نرخ حسب تفصیل اشاعت ہذا رہے گا۔

نرخ اشتہارات حیدرآباد ٹیچر حسب ذیل ہے

مقدار	سال بھر	۶ ماہ	فی اشاعت
پورا صفحہ	۵	۳	۱
نصف صفحہ	۳	۲	۸ر
ربع صفحہ	۱ر ۸ر	۱ر ۱۲ر	۱۵ر
فی سطر	۱۰ر	۸ر	۶ر

اعظم اسٹیم پریس چارمینار حیدرآباد دکن میں طبع ہوکر دفتر انجمن اساتذہ واقع صدر مہتمی تعلیمات بلدہ سے شائع ہوا

حیدرآباد ٹیچر

بابتہ ماہ آذر ۱۳۴۲ف م اکتوبر ۱۹۳۲ء

فہرست مضامین

جلد ۷ شمارہ (۲)

نشان سلسلہ	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	خطبہ استقبالیہ انجمن اساتذہ بلدہ کی چھٹی کانفرنس	جناب مولوی سید علی اکبر صاحب ایم اے (کنٹب) صدر مہتمم تعلیمات بلدہ	۲
۲	رپورٹ انجمن اساتذہ بلدہ	جناب سید محمد شریف صاحب مشہدی معتمد عمومی	۸
۳	خطبہ صدارت	جناب نواب سر نظامت جنگ بہادر (ایم اے) بیرسٹرایٹ لا سابق صدالمہام سیاسیات سرکار عالی	۱۱
۴	رپورٹ تعلیم ڈرائنگ	جناب مولوی شیخ ابوالحسن صاحب بی اے۔ ایل۔ ٹی پرنسپال مدرسہ فوقانیہ عثمانیہ دارالعلوم بلدہ	۲۰
۵	تجرباتی تعلیمی نفسیات	جناب ابوالمکارم مولوی فیض محمد صاحب صدیقی بی اے۔ ڈپ ایڈ (عثمانی) مدرس مدرسہ فوقانیہ دارالعلوم	۳۸
۶	رپورٹ السنہ مشرقیہ		۴۸
۷	روئداد ضمنی جلسہ السنہ قدیم	جناب مولوی سید حسام الدین صاحب فاضل معتمد کمیٹی	۶۰
۸	رپورٹ نمایش تعلیمی بابتہ ۱۳۴۱ف	جناب مولوی نظیر حسین شریف صاحب معتمد نمایش کمیٹی	۶۲
۹	شذرات		۶۴
۱۰	روئداد کانفرنس انجمن اساتذہ بلدہ		۷۱

خطبۂ استقبالیہ

انجمن اساتذہ مستقر بلدہ کی چھٹی سالانہ کانفرنس

از

مولوی سید علی اکبر صاحب، ایم۔ اے (کنٹب) صدر نشین مجلس استقبالیہ

صدر نشین مجلس استقبالیہ کی حیثیت سے میں آپ تمام اصحاب کی اس انجمن اساتذہ

معزز خواتین و حاضرین جلسہ حیدرآباد کی چھٹی سالانہ کانفرنس میں شرکت کا مخلصانہ خیر مقدم کرتا ہوں۔ نواب سر نظامت جنگ بہادر نے جو پرسکون گوشۂ عافیت سے نکل کر اس کانفرنس کی صدارت کو قبول فرمایا ہے۔ یہ ہمارے لئے باعث فخر و مباہات ہے۔ یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ نواب سر نظامت جنگ بہادر جیسے تبحر اور بلند پایہ قابلیت کا شخص ہماری کانفرنس کی کارروائیوں کی رہنمائی کر رہا ہے شاعر کی حیثیت سے آپ کا شہرہ چار دانگ عالم میں بلند ہے لیکن آپ محض شاعر ہی نہیں بلکہ ایک زبردست مفکر دائمی مطالعہ جاری رکھنے والے شخص ہیں جنہوں نے مغربی اور مشرقی فلسفہ و علوم کے سرچشمہ سے گہرا فیض حاصل کیا ہے۔ اس امر کے اعادہ کی ضرورت نہیں کہ ایک فلسفی ایک مدرس کے مجمع کی کافی رہنمائی کر سکتا ہے۔ فن تعلیم کے آپ کس قدر ماہر کیوں نہ ہوں آپ صحیح معنوں میں مدرس نہیں ہو سکتے تاوقتیکہ آپ اپنا کوئی نصب العین قرار نہ دیں۔ اور نہ کوئی نظام تعلیم مکمل کہلایا جا سکتا ہے۔ تاوقتیکہ اس کی فلسفیانہ بنیادیں مستحکم نہ ہوں۔ اٹھارویں صدی کے نصف آخر اور انیسوی صدی کے نصف اول میں جرمنی کی تاریخ تعلیم بیشتر ان اثرات کی تاریخ ہے جو کانٹ اور ہیگل جیسے معرکتہ الآرا فلاسفہ نے اس ملک کے نظام تعلیمی پر مرتب کیا۔ لاک جے۔ یس۔ مل اور ہربرٹ اسپنسر نے انگلستان کی تعلیمی نشو و نما میں جو حصہ لیا اس سے فن تعلیم کا ہر مطالعہ کرنے والا بخوبی واقف ہے۔ ہم تعلیم کے عملی میدان میں گامزن ہیں، ہمارا تعلق محض اپنے شاگردوں کے جسمانی اور دماغی نشو و نما کی حد تک محدود نہیں ہے۔ بلکہ ہمارے ذمہ ان کی روحانی ترقی بھی ہے اس لئے ہمارا یہ فریضہ ہے کہ ہم اکثر و بیشتر فلاسفہ کے مشورہ و رہنمائی سے مستفید ہوں۔ ہندوستان کے تعلیمی مستقبل کے لئے میں اسے ایک نیک فال سمجھتا ہوں کہ ہماسرزمین کے موجودہ دور کے فلاسفہ نے یہاں کے تعلیمی مسائل میں دلچسپی لینی شروع کر دی ہے۔

ایک زمانہ تھا جب کہ مدرسین کے جلسوں سے کسی کو دلچسپی نہ ہوتی تھی بجز ان اصحاب کے جن کا تعلق راست تعلیم سے ہوتا تھا بہت سے حضرات کسی نکتہ چیں کے اس قول کے ہم آہنگ تھے کہ "دنیا کا سب سے قابل رحم منظر مدرسوں کے اساتذہ کا اجتماع ہوتا ہے" اگرچہ اب بھی مدرسین کی اہمیت کو عوام نے اس حد تک محسوس نہیں کیا ہے جس حد تک کہ وہ اس اعتراف کی مستحق ہے تاہم یہ واقعہ ہے کہ عوام میں تعلیم سے روز افزوں دلچسپی پیدا ہوتی جا رہی ہے۔ اور لوگوں نے یہ محسوس کر لیا ہے کہ تعلیم کا تعلق صرف مدرسین اور والدین سے ہی نہیں ہے بلکہ ان تمام اصحاب سے ہے جو اپنے ملک کی فلاح و بہبود کے دل سے خواہاں ہوں۔ اس زاویہ نگاہ میں تبدیلی کا نمایاں ثبوت یہ ہے کہ آج کے اجتماع کو معزز مہمانوں کی کثیر تعداد نے اپنی تشریف آوری سے مفتخر کیا ہے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ انجمن اساتذہ بلدہ کے اراکین ان اصحاب کے بیحد مشکور ہیں جنہوں نے ہماری دعوت قبول فرما کر ہمیں عزت بخشی ہے۔ ہمیں اس سے بجا طور پر بیحد مسرت حاصل ہے کہ آج ہم اپنے درمیان جناب مولوی فضل محمد خاں صاحب کو تشریف فرما دیکھتے ہیں۔ جنہوں نے اس انجمن کی سرپرستی اور اعلیٰ عہدہ دار تعلیمات کی حیثیت سے کہیں بھی قیمتی مشورہ اور رہنمائی سے دریغ نہیں فرمایا۔

اب ہم کانفرنس کی کارروائی کی طرف متوجہ ہوتے ہیں انجمن اساتذہ کے جنرل سکریٹری کی رپورٹ سے جس کو آپ بھی سماعت فرمائیں گے اور کانفرنس کے پروگرام کے ملاحظہ کے بعد جسکی کاپیاں آپ حضرات میں تقسیم کر دی گئی ہیں آپ کو انجمن کے کام کی نوعیت کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ سابق ناظم تعلیمات نواب مسعود جنگ بہادر کی سرپرستی میں سات سال قبل جن اغراض و مقاصد کے تحت اس انجمن کی افتتاح کی گئی تھی حسب ذیل تھے۔

(۱) مختلف مدارس کے اساتذہ میں یگانگی اور ارتباط کی روح پھونکنا۔

(۲) تعلیم کے متعلق جدید خیالات اور طریقہ تعلیم سے ان کو واقف رکھنا۔

(۳) اتحاد عملی سے ان کی عام دقتوں کو حل کرنا۔

تعلیم کے مختلف عملی مسائل پر غور کرنے کے لئے ماہانہ جلسوں کا انعقاد۔ نمونہ کے اسباق کا انتظام نصاب کے مختلف مضامین پر رپورٹیں تیار کرنے کے لئے سب کمیٹیوں کا انعقاد سہ ماہی رسالہ اور کتب خانہ کا افتتاح اور سب سے زیادہ اہم سالانہ کانفرنس اور تعلیمی نمائش کا انعقاد یہ سب وہ ذرائع ہیں جن کو انجمن اساتذہ نے مذکورہ مقاصد کی تکمیل کی خاطر اختیار کیا ہے۔ سالانہ کانفرنس ہماری سالانہ مساعی کے انجام کو جس خوبی سے واضح نہیں کرتی جس خوبی سے کہ وہ سال آئندہ کے لئے نظام العمل کا تعین کرتی ہے ہم سال آئندہ کے پروگرام کو قبل از قبل متعین کر لیتے ہیں سال آئندہ کی کانفرنس کے انعقاد تک حتی الوسع اس پروگرام کی خاطر خواہ تکمیل کی کوشش کی جاتی ہے۔ ہر سال خاص طور سے دو یا تین مضامین پر اپنی توجہ مرکوز کر کے

اب تک نو رپورٹیں تیار کرلی ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے

رپورٹ تعلیم انگریزی۔ تعلیم تاریخ۔ تعلیم ریاضی۔ تعلیم سائنس تعلیم اردو۔ تعلیم اخلاق۔ پیشہ ورانہ تعلیم اور جسمانی تعلیم۔ تعلیم جغرافیہ۔

ان رپورٹوں کی تیاری میں انجمن کے اراکین کو ملکر کام کرنے کی خاصی مشق ہوگئی ہے۔ ان تمام رپورٹوں کو حیدرآباد پیپر میں شائع کردیا گیا ہے۔ ناظم صاحب تعلیمات نے ہماری کارگزاری کو بنظر استحسان دیکھا ہے اور ان رپورٹوں میں سے بعض کی خوبیوں کا اس طرح اعتراف کیا ہے کہ گشتیوں کے ذریعہ سے صدر مدرسین مدارس کی توجہ خاص طور پر ان کی جانب مبذول کرائی ہے۔

گذشتہ کانفرنس کے انعقاد کے بعد دو اور رپورٹیں مرتب ہوئی ہیں۔ ایک متعلق بہ تعلیم ڈرائنگ اور دوسری متعلق بہ تعلیم السنۂ قدیم۔ اول الذکر رپورٹ مولٰنا شیخ ابوالحسن صاحب وغیاث الدین صاحب کی مساعی سے اور دوسری رپورٹ مولوی حسام الدین صاحب۔ مولوی سید ہاشم صاحب۔ مولوی سعادۃ اللہ خاں صاحب۔ مسٹر چندر وارکر اور ریورنڈ فادر اسٹفناٹی کی کوششوں سے تیار ہوئی ہیں۔ ان ترمیمات کے ساتھ جو ضمنی اجلاس کانفرنس میں پیش ہوں گے۔ دونوں رپورٹیں کل آپ کے روبرو پیش کی جائیں گی۔ ڈرائنگ کے فن واری ضمنی جلسہ کی صدارت مولوی سید محمد حسین صاحب نائب ناظم تعلیمات فرمائیں گے۔ یہ پہلا موقع نہیں ہے کہ صاحب موصوف نے ہماری امداد فرمائی ہے۔ آپ کو یاد ہوگا کہ تین سال قبل آپ نے ضمنی کمیٹی "پیشہ کی تعلیم" کے صدر نشین کی حیثیت سے بیش بہا کام انجام دیا تھا۔ اسی طرح ہم خود کو اس بارہ میں خوش قسمت سمجھتے ہیں کہ "السنۂ قدیم" کی ضمنی کمیٹی کی صدارت کے لئے ایک عربی کے عالم اور تجربہ کار استاد ڈاکٹر عبدالحق کی قابل قدر خدمات حاصل ہوئی ہیں ایسے معروف اور موزوں صدر نشینوں کی رہبری میں دونوں ضمنی جلسوں کی کامیابی یقینی ہے۔

امسال کی کانفرنس کا خصوصی پہلو ضمنی جلسوں کا انعقاد ہے۔ ڈرائنگ اور السنۂ قدیم کے ضمنی جلسوں کے علاوہ ہم نے انگریزی کا بھی انتظام کیا ہے۔ اس سے پیشتر ۱۹۲۹ء میں مسٹر لیف۔ سی فلپ کے زیر صدارت ایک سب کمیٹی نے تعلیم انگریزی کے متعلق ایک تحسین آفریں رپورٹ مرتب کرلی تھی۔ لیکن ان چند جدید مسائل پر غور کرنے کے لئے جو بعد از ترتیب رپورٹ جدید انگریزی کتب کے شریک نصاب کرنے کی وجہ سے پیدا ہوگئے ہیں اس سب کمیٹی کے انعقاد کی ضرورت لاحق ہوئی۔ انجمن اساتذہ سے مخلصانہ ہمدردی اور مدارس میں انگریزی تعلیم کو ترقی دینے کا شوق مسٹر سید محمد اعظم میں اس قدر زبردست تھا کہ انھوں نے نہ صرف انگریزی کی ضمنی کمیٹی کی صدارت قبول فرمائی۔ بلکہ انگریزی کی تعلیم دینے

والے مدرسین کی سہولت کی خاطر مسٹر عطار الرحمٰن کے ذریعہ تعلیم انگریزی کے متعدد اسباق مظاہرہ کا انتظام فرمایا۔ مجھے اس امر کے اظہار سے مسرت ہوتی ہے کہ کانفرنس کے انعقاد کے ایک ہفتہ پہلے (۳۵) مدارس کے (۱۲۵) اساتذہ نے مختلف معینہ ایام میں ان اسباق سے فائدہ اٹھایا۔

مسٹر عطار الرحمٰن نے انکسار آان اسباق کو اسباق مظاہرہ کے نام سے موسوم کیا لیکن یہ فی الحقیقت نمونہ کے اسباق تھے جن کی تعلیم ایک ایسے شخص نے دی جن کو انگریزی تعلیم کا ایک خاص فن داں معلم تسلیم کیا جاسکتا ہے انجمن اساتذہ مسٹر اعظم کے ان اسباق کی تعلیم کے لئے مشکور ہے اس ابتدائی مرحلہ کے طے کرنے کے بعد ہم آج سہ پہر میں انگریزی کی تعلیم پر نہایت دلچسپ اور نتیجہ خیز مباحثہ کی توقع کرسکتے ہیں۔

انجمن اساتذہ کے مختلف مرکزوں میں ماہانہ جلسوں کے انعقاد سے اراکین میں ان تمام مدارس کے اساتذہ کی حاضری لازمی ہے جن کا تعلق قواعد انجمن منظورہ سرکار کے تحت ہے توقع کی جاتی ہے کہ انجمن کے ماہانہ مباحثہ میں اراکین زیادہ دلچسپی لیں گے تاکہ مختلف شاخوں کے معتمدین کو ان کی غیر حاضری کی سرکاری طور پر اطلاع دینے کی ناخوشگوار ضرورت لاحق نہ ہو۔ ہمارے معزز مہمان یہ سنکر شاید یہ معلوم کرنے کے لئے منتظر ہوں کہ آیا ہماری سالانہ کانفرنس نے مدرسین کی حاضری لازمی قرار دی ہے سابقہ سابق میں بیشک یونہی تھا لیکن امسال ایام تعطیل میں کانفرنس ہونے کی وجہ سے حاضری لازمی نہیں ہے انجمن اساتذہ کے مستقبل کے لئے یہ ایک امید افزا علامت ہے کہ موجودہ کانفرنس میں مدرسین کی اسی قدر تعداد حاضر ہے جس قدر کہ سابقہ کانفرنسوں میں تھی۔

انجمن اساتذہ کے کام کے ایک اور پہلو کی جانب آپ کی توجہ منعطف کرانی ہے۔ ہماری نوعیت کی انجمن کے لئے ایک اچھے کتب خانہ کی اہمیت ایک کھلی حقیقت ہے۔ ہم خان فضل محمد خاں صاحب ناظم تعلیمات کے مشکور ہیں کہ انہوں نے کتب خانہ کی توسیع اور قیام کی خاطر ہمارے لئے مالی امداد حاصل فرمائی زیادہ عرصہ نہیں گزرا کہ کیانٹربری کے بڑے پادری نے کسی موقع پر یہ کہا تھا کہ "تعلیم کا حقیقی انداز اس سے نہیں ہوتا کہ مدرس اپنے مفوضہ کام کو کس طرح انجام دیتا ہے بلکہ اس سے کہ وہ اپنے فرصت کے اوقات کو کس طرح صرف کرتا ہے" کتب خانہ کے قیام سے انجمن اساتذہ، مدرسین کو اپنے فرصت کے اوقات کے صحیح استعمال کی ترغیب دے رہی ہے اس کے علاوہ کتب خانہ سے رپورٹوں کی ترتیب میں بھی بہت کچھ مدد ملتی ہے۔

ہمارے مشاغل کا ایک اور پہلو ہے جس کی طرف ہلکا سا اشارہ کرنا چاہتا ہوں وہ تعلیمی نمائش ہے جو کانفرنس کے ساتھ ہر سال رکھی جاتی ہے اور بلدہ حیدرآباد میں اپنی نوعیت کی ایک ہی ہے اس

نمائش کی تنظیم سے ایک مفید مقصد حاصل ہوتا ہے۔ یعنی اس سے ڈرائنگ اور دستی مشاغل کی تعلیم کو تقویت پہنچتی ہے اس سلسلہ میں مس مچل ہمارے پرجوش شکریہ کی مستحق ہیں جنہوں نے نمائش کمیٹی کے صدر نشین ہونے کی حیثیت سے اس کو کامیاب بنانے میں جس کا کہ ہم کو اعتراف ہے انتھک کوشش کی ہے اس سال نمائش کے بعض شعبوں میں لڑکیوں کو لڑکوں کے ساتھ مقابلہ کرنے کا موقع دیا گیا ان شعبوں کے اکثر انعامات لڑکیوں کو ملے امید ہے کہ اس سے مدارس ذکور کو ڈرائنگ اور ہر قسم کے دستی کام کی جانب آئندہ زیادہ توجہ کرنے کی ترغیب ہوگی۔

۲۔ گذشتہ کانفرنس کے بعد ہماری انجمن میں ایک نہایت ہی محترم اور کارآمد رکن مولوی ظہور علی صاحب کی وفات سے کمی ہوئی انجمن کی جو خدمت انہوں نے کی ہے اس کی یاد آپ کے ذہن میں بالکل تازہ ہے اس کے ظاہر کرنے کی ضرورت نہیں مولوی صاحب مرحوم پیدائشی طور پر مدرس اور عوام کے خادم تھے ان کے نزدیک ان کا فریضہ ان کی جان سے زیادہ قیمتی تھا انجمن کے سارے اراکین کو ان کی وفات کا شدید صدمہ ہے۔

۳۔ میرا خیال ہے کہ انجمن اساتذہ کے مشاغل کا میں نے کافی ذکر کر دیا ہے جس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ انجمن ایک حقیقی ضرورت کو پورا کر رہی ہے اور یہ کہ اس کا وجود محض باتیں بنانے کے لئے نہیں بلکہ ٹھوس کام کرنے کے لئے ہے۔ جن مقاصد میں ہم اب تک کامیاب ہو چکے ہیں ان سے ہمارے مساعی میں مستقبل کے لئے اور ترغیب و تندہی پیدا ہونی چاہئے ذاتی اصلاح اور تعاون عمل کو اپنا شعار بنا کر ہم سررشتہ کو مدد پہونچانے کے لئے بہت کچھ کر سکتے ہیں اور یہی ہمارا خاص مقصد ہے مدرس کو چاہئے کہ ہر ممکنہ طریقہ سے پیہم کوشش کر کے خود کو بہتر بنائے تاکہ نہ صرف اس کی تعلیم خاطر خواہ ہو بلکہ وہ خود ان ساری صفات کی زندہ مثال ہو جو وہ طلبہ میں پیدا کرنا چاہتا ہے۔

۴۔ ہمارے جلالت مآب فرمانروا کے شاندار مہر آگیں عہد حکومت میں جن کی تعلیم سے دلچسپی اور ملک کے نوجوانوں کی فلاح کا خیال خوب آشکارا ہے اس ریاست کی تعلیم کو مستحکم بنیاد پر قائم کرنے کے لئے دو اہم کام ہوئے۔ پہلا جز جامعہ عثمانیہ کا قیام ہے اور دوسرا جز مدارس کے نصاب کی اصلاح نئے نصاب تعلیم نے ہماری جد و جہد کے لئے نیا باب کھول دیا ہے جس کے لئے عالیجناب خان فضل محمد خان صاحب ناظم تعلیمات قابل مبارکباد ہیں۔ اگر آپ اس نصاب کا بغور مطالعہ کریں اور اس کا مطالعہ کرنا ہر مدرس کا فرض بھی ہے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ یہ نصاب ملک کے معاشرتی اور اقتصادی حالات کے مطابق ہونے کے علاوہ فن تعلیم کے چند جدید اصول پر مشتمل ہے میرے خیال میں اس نصا

کے اطمینان بخش خصوصیات میں سے سائنس کا لازمی مضمون کی حیثیت سے داخل کیا جانا اور دستی مشاغل کی اہمیت اور جسمانی ریاضت کی تعلیم ہے لیکن نصاب کتنا ہی مکمل کیوں نہ ہو وہ تنہا تعلیمی عمدگی کے معیار کو بلند نہیں کر سکتا جس طرح تیز سے تیز گھوڑا دوڑ میں ناڑی سوار کے ان کے نیچے بازی ہار جاتا ہے اسی طرح دنیا کا بہترین نصاب بھی بے سود ثابت ہوگا اگر وہ ایسے مدرسین کے ہاتھ میں پڑے جو اس کے اندرونی اصول کو نہ سمجھیں جن اصول پر یہ جدید نصاب مبنی ہے ان میں سے صرف ایک امر کی جانب اساتذہ کی خاص توجہ منعطف کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ مدرسہ کی زندگی اور تعلیم کو جہاں تک ممکن ہو زندگی کے حقائق کے موافق ہونا چاہیئے۔ ہمارے مدارس کے اساتذہ اس اصول کی اہمیت کو کافی طور پر ذہن میں نہیں لاتے اور جو اس کی اہمیت کو جانتے ہیں ان میں عملی طور پر اس کو وسیع الخیالی اور اُپج کے ساتھ کام میں لانے کا مادہ نہیں اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہمارے مدارس کی تعلیم بڑی حد تک باوجود تبدیل نصاب کتابی بن جاتی ہے اس کی تشریح کے لئے میں بہت سی مثالیں دے سکتا تھا لیکن سردست دو ہی پر اکتفا کرتا ہوں کچھ زیادہ عرصہ نہیں گزرا کہ ایک مرتبہ ایک مدرسہ کے معائنہ کا اتفاق ہوا جو روڈ موسیٰ سے بہ مشکل دو کوس کے فاصلہ پر ہوگا میں نے یہ دیکھا کہ جماعت چہارم کے طلبا نے کبھی اس پر غور نہیں کیا تھا کہ ندی کس سمت کو بہ رہی ہے دوسرے مدرسہ میں جو فوقانیہ تھا مجھے اس سے بڑھکر حیرت ہوئی جب میں نے یہ دیکھا کہ جماعت ہشتم کے طلبا نے کبھی جنوب مغربی اور شمالی مشرقی موسمی ہواؤں کے زمانہ میں بادل کی حرکت کا مشاہدہ نہیں کیا تھا۔ تعلیم بالکل بے نتیجہ ہے اگر وہ بچہ میں اپنے ماحول کے سمجھنے کی لیاقت نہ پیدا کرے۔ اس قسم کے ملکہ کو ترقی دینے کے لئے مدرسہ کی تعلیم کو عملی زندگی سے متحد کرنے کے لئے سب سے سود مند چیز بچہ کے لئے جد وجہد کے طریقہ کو کام میں لانا ہے جرمنی میں ان طریقوں کی اہمیت اتنی ہے کہ وفاقی حکومت کے آئین میں جو دفعہ تعلیم سے متعلق ہے وہ دوسری چیزوں کے علاوہ یہ لازم گردانتا ہے کہ سارے مدارس میں تعلیم ذاتی جد وجہد کے اصول پر دی جائے گی۔ انگلستان میں اس اصول پر کاربند ہونے کی شہادت اس سے ملتی ہے کہ آپ کو جوق در جوق طلبہ بڑے شہروں کی سڑکوں پر اپنے اساتذہ کے ساتھ عجائب خانہ نباتی اور حیوانی باغ کارخانوں اور تاریخی اہمیت رکھنے والی عمارتوں کو جاتے ہوئے نظر آئیں گے۔ مدرسہ کی زندگی اور مدرسہ کے باہر کی زندگی میں ہندوستانی مدارس میں جو اختلاف پایا جاتا ہے وہ اسی وقت ناپید ہوگا جب کہ مدرسین تحریر و تقریر کے ذریعہ نہیں بلکہ تجربہ کے ذریعہ تعلیم دیں۔

ف خواتین و معزز حاضرین اگر میں نے اساتذہ کی خدمت میں کوئی مشورہ پیش کیا ہے تو اس

کا سبب یہ ہے کہ مدارس مہتمم کے لئے یہ امر ناگزیر ہے جب کہ وہ اساتذہ کے مجمع میں تقریر کرے اور مشورہ کا دا
اس میں پیدا نہ ہو۔ لیکن کچھ ہی ہو مجھے ختم کرنا چاہئے کیونکہ اساتذہ کا اس کثیر تعداد میں یہاں جمع ہونا اس لئے
نہیں کہ وہ مجھ سے مشورہ یا فیض حاصل کریں بلکہ اوروں سے جو مجھ سے کہیں زیادہ فضیلت رکھتے ہیں
بالخصوص ان ہستیوں سے جیسے کہ فاضل صدر اور ڈاکٹر کرشنیا سے جو کل اس عنوان پر تقریر کریں گے
کہ "ہم مدرس کی حیثیت سے کس طرح خود کو بہتر بنا سکتے ہیں" اور میرے دوست مسٹر پکھتال سے
گو ان کی تقریر کا عنوان "دکاہل لڑکا" ہے نہ کہ "دکاہل مدرس" فقط۔

رپورٹ انجمن اساتذہ مستقر بلدہ حیدرآباد دکن

بابتہ شہریور سنہ ۱۳۴۰ف لغایتہ مہر سنہ ۱۳۴۱ف

صدر محترم معزز حضرات و خواتین کرام خدا کا شکر ہے کہ برخلاف سال گزشتہ زمانہ زیر رپورٹ میں کسی مرض متعدی کی وجہ سے انجمن کے کام میں خلل واقع نہیں ہوا گذشتہ کانفرنس میں جو طریقہ کار اختیار کیا گیا تھا وہی اس مرتبہ بھی اختیار کیا گیا۔ بلکہ اس میں اس قدر اور اصلاح کردی گئی ہے کہ مقررہ مضامین پر جو رپورٹیں اس کانفرنس میں پیش شدنی ہیں اُن پر مضمون متعلقہ کے مدرسین اور اس مضمون سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کو علحدہ علحدہ جلسوں میں بخوبی غور و خوض اور مباحثہ کرنے کا موقع دیا گیا اس کے بعد عام اجلاس میں وہ رپورٹیں بغرض منظوری پیش ہوں گی۔

حضرات آپ کو یاد ہوگا کہ گذشتہ کانفرنس میں اعلان کیا گیا تھا کہ اس کانفرنس میں ڈرائنگ السنۂ قدیم علمی اور دستی مشاغل پر رپورٹیں پیش کی جائیں گی مگر بعد میں مرکزی انتظامی کمیٹی نے اس خیال سے کہ ابھی دستی مشاغل کو نصاب میں شریک ہوئے تھوڑا ہی عرصہ ہوا ہے یہ مناسب خیال کیا کہ حضرات مدرسین کو اس مضمون کے متعلق کافی تجربہ حاصل ہونے کے بعد دستی مشاغل کی رپورٹ مرتب کی جائے لہذا اس کانفرنس میں صرف السنۂ علمی اور ڈرائنگ کی سب کمیٹیوں کی رپورٹیں پیش ہوں گی۔ گذشتہ کانفرنس کی منظور شدہ دونوں رپورٹیں بتوسط دفتر صدر مہتمم تعلیمات بلدہ صد

میں پیش کی جاچکی ہیں امید ہے کہ ان پر مناسب کارروائی ہوا کرے گی۔

شاخہائے انجمن۔ سال زیر رپورٹ میں انجمن کی شاخوں کی تعداد میں جو (۱۴) ہیں کوئی کمی نہیں ہوئی اراکین انجمن۔ انجمن ہذا کے اراکین کی تعداد میں بمقابلہ سال گذشتہ تقریباً (۲۰) کا اضافہ ہوا ہے اور اس طرح کل اراکین کی تعداد ساڑھے گیارہ سو کے قریب ہوگئی ہے۔ مدارس سکندرآباد و ریزیڈنسی کے دفتر صدر مہتمی تعلیمات بلدہ سے علیحدہ ہوجانے کی وجہ سے تعداد اراکین میں خاصی کمی ہوجاتی مگر علاقہ مذکور کے ایجوکیشنل آفیسر جناب ڈاکٹر کرشنیا صاحب کی انجمن ہذا سے خاص دلچسپی کی وجہ سے مدارس مذکورہ کا انجمن ہذا سے تعلق برقرار رہے گا انجمن ہذا کے قواعد دفعہ (۴) ضمن (ب) کے لحاظ سے اراکین کی تعداد میں صرف ایک اضافہ ہوکر اب ان کی تعداد (۳۷) ہوگئی ہے۔

مرکزی انتظامی کمیٹی کے جلسے زمانہ زیر رپورٹ میں جس کی مدت (۱۴) ماہ ہے حسب ضرورت مرکزی انتظامی کمیٹی کے (۵) جلسے منعقد ہوئے جن میں قبل ازوقت ماہانہ جلسوں کا پروگرام مرتب کرنے اور دوسرے معمولی امور کے انتظام کے علاوہ ڈرائنگ کی کمیٹی۔ السنہ علمی کی کمیٹی اور اراکین کے ماہانہ جلسوں میں پابندی سے حاضر رہنے اور بحث مباحثہ میں کافی حصہ لینے کے تدابیر پر غور کرنے کے لئے ایک سب کمیٹی مقرر کی گئی چنانچہ قواعد انجمن میں جو ضروری ترمیم کمیٹی مذکور نے تجویز کی اور مرکزی انتظامی کمیٹی نے اس کو منظور کیا ہے وہ اس کانفرنس میں پیش ہوگی امید کہ آپ حضرات اس کو منظور فرمائیں گے۔

معمولی ماہانہ جلسے زمانہ زیر رپورٹ میں انجمن کے جملہ مرکزوں میں حسب ذیل گیارہ مضامین پر مباحثے ہوئے (۱) ڈرائنگ سکھانے کے مقاصد اور طریقے (۲) السنہ علمی کی تعلیم کی اہمیت (۳) دستی مشاغل کی اہمیت (۴) ڈرائنگ طلبہ میں مناظر قدرت کی قدر کرنا سکھانے کا ذریعہ (۵) السنہ علمی کی تعلیم کو ہر دلعزیز بنانے کے طریقے (۶) دستی مشاغل کو مدرسہ کے محدود ذرائع کے لحاظ سے کیسے کامیاب بنا سکتے ہیں (۷) ڈرائنگ اور دوسرے مضامین کا باہمی تعلق (۸) تاریخ اور السنہ علمی کا باہمی تعلق (۹) دستی مشاغل سائنس اور ڈرائنگ کا باہمی تعلق (۱۰) اسکول ہائی جین (۱۱) طلبہ میں لیڈرشپ کی تربیت۔

مذکورہ بالا مضامین سے اکثر سب کمیٹی کے ہر مرکز کے مباحثہ کے خلاصہ کو پیش نظر رکھکر ہر سب کمیٹی نے رپورٹ مرتب کی ہے۔

ایک بات قابل اظہار اور لوکل سکریٹری صاحبان کی توجہ کی محتاج میرے خیال میں آئی ہے اور وہ یہ ہے کہ ہر ماہانہ جلسہ کی کارروائی کا اقتباس اس تاریخ تک معتمد عمومی یا میر مجلس صاحب انجمن کے پاس وصول ہونا ضروری ہے جو پروگرام کے ساتھ مقرر کی جاتی ہے۔

عام جلسے زمانہ زیر رپورٹ میں کوئی عام جلسہ منعقد نہیں ہوا۔

انجمن امداد باہمی دفتر صدر مہتمی تعلیمات مستقر بلدہ کی انجمن امداد باہمی کے اراکین کی تعداد جو رپورٹ گذشتہ میں (۲۶۶) بیان کی گئی تھی اب (۱۱۰) تک پہنچ گئی ہے۔

دیگر زمانہ زیر رپورٹ میں آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرز اسوسی ایشنز (کان پور) کی سالانہ کانفرنس جو بنگلور میں بزمانہ کرسمس ۱۹۳۱ء منعقد ہوئی اس میں انجمن ہذا کی طرف سے مولوی سالم بن سعید صاحب بی۔اے۔بی۔ٹی صدر مدرس مدرسہ فوقانیہ عثمانیہ اور مولوی عبدالنور صاحب صدیقی بی۔اے۔بی۔ٹی صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ شاہ گنج شریک ہوئے۔ ہر دو حضرات کے مشاہدات کے نوٹ رسالہ میں شائع ہو چکے ہیں۔ ان ہر دو حضرات کے مصارف آمد و رفت انجمن سے ادا ہوئے کیونکہ سرکار عالی سے اس مرتبہ اس غرض سے امداد عطا نہیں ہوئی۔

انجمن ہذا کی لائبریری زمانہ زیر رپورٹ میں انجمن کی لائبریری کے لئے قواعد مرتب کئے گئے اور اب اس میں تقریباً (۲۵۰) کتب موجود ہیں جن کی مکمل فہرست بھی زمانہ زیر رپورٹ میں تیار کی گئی ہے جو زیر طبع ہے اس کی اشاعت کے بعد میں مدرسین بلدہ کو اس لائبریری سے مستفید ہونے میں بہت سہولت ہوگی۔

زمانہ زیر رپورٹ میں صدر انجمن اساتذہ ممالک محروسہ کے قیام کا مسئلہ گو طے نہیں ہوا مگر اس کے قواعد مرتب ہو کر دفتر صدر مہتمی تعلیمات بلدہ سے صدر میں پہنچ چکے ہیں

مالی حالت گذشتہ رپورٹ میں عرض کیا گیا تھا کہ ختم ۱۳۳۹ف پر خزانہ انجمن میں (۱۰۷۱۱/۲) موجود تھے ۱۳۴۰ف میں سالانہ چندہ آل انڈیا فیڈریشن و مصارف نمایندگان آل انڈیا کانفرنس کے علاوہ امداد رسالہ والونس صادر پر (۱۱۵۱۵) صرف کرنے کے بعد ختم ۱۳۴۰ف پر خزانہ انجمن میں مبلغ (۱۰۷۱۱/۱۲) موجود تھے خزانچی کے فرائض کی ادائی میں جناب مولوی سید خیرات علیصاحب ابتدائے قیام انجمن سے جو ایثار فرما رہے ہیں وہ محتاج بیان نہیں۔

رسالہ حیدرآباد ٹیچر انجمن کے رسالہ نے اپنی عمر کے ساڑھے چھ سال پورے کر لئے ہیں اور اب بھی اسی آن و بان سے نکل رہا ہے جو ابتداء میں تھی مگر جیسا کہ ہر سال عرض کیا جاتا ہے ابھی تک یہ رسالہ انجمن کی مالی امداد سے مستغنی نہیں ہو سکا۔ اس رسالہ کی ادارت کے اہم فرائض جناب مولوی سید علی اکبر صاحب جناب ریورنڈ فلپ صاحب۔ مولوی سید فخر الحسن صاحب اور مولوی عبدالنور صاحب صدیقی ادا فرما رہے ہیں اور حال میں مولوی عطاء الرحمن صاحب مدرس کارسٹی کالج اور جناب ڈاکٹر

کرشنیا صاحب نے بھی اس کام میں شرکت فرمائی ہے

حضرات اب میرے ذمہ ایک نہایت اندوہ ناک واقعہ کا اظہار باقی رہ گیا ہے جس کے بعد میں اپنی اس رپورٹ کو ختم کروں گا اور وہ یہ ہے کہ جس زمانہ کی بابتہ یہ رپورٹ عرض کی گئی ہے اس میں مولوی سید ظہور علی صاحب جیسا قابل فرد جن سے آپ سب واقف ہیں افسوس ہے کہ ہم سے ہمیشہ کے لئے جدا ہو گیا۔ مرحوم کے زور قلم اور موثر و دلچسپ طرز بیان کو آپ گذشتہ کانفرنس میں سن چکے ہیں۔ مرحوم کو انجمن سے جو دلچسپی تھی وہ محتاج بیان نہیں سال گذشتہ کی کانفرنس صاحب موصوف ہی کی دلچسپی کا نتیجہ تھی ان کے علاوہ اور بھی چند حضرات اراکین انجمن نے دائمی مفارقت کا داغ دیا۔ خدا ان کی مغفرت کرے اور ان کے پسماندگاں کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

حضرات اب میں آخر میں عالیجناب الحاج نواب سر نظامت بہادر کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جناب والا نے باوجود اپنی عدم فرصتی کے اس کانفرنس کی صدارت کو قبول فرما کر ہماری عزت افزائی فرمائی اب میں تہہ دل سے یہ دعا کرتے ہوئے اس رپورٹ کو ختم کرتا ہوں کہ جس طرح انجمن تقریباً سات سال سے اپنے مقاصد کی تکمیل میں منہمک ہے اسی طرح آئندہ بھی مدت دراز تک نونہالان ملک کو ملک و ممالک کے سچے خادم بنانے کی کوشش میں کامیاب ہو اور ہمارے آقائے ولی نعمت قدر قدرت حضور پر نور سلطان العلوم ..... خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ کا سایہ عاطفت ہمارے سر پر تا دیر قایم رہے اور شاہزادگان والاشان و شہزادیان ہمایوں فال حضور کے سایہ عاطفت میں شاد و خوش حال رہیں۔

خطبۂ صدارت

از جناب نواب سر نظامت جنگ بہادر

حضرات اس کانفرنس کی صدارت کی مجھ سے درخواست کر کے آپ نے جو میری عزت افزائی فرمائی ہے اسکی وجہ سے مجھے آپ تک ایک اہم پیام کے ایک ایسے پیام کے پہنچانے کا موقع مل رہا ہے جو گذشتہ چند سال سے برابر میرے دل میں آرہا ہے۔ اس کا تعلق تعلیم کے حقیقی مقصد

اور اساتذہ کے عمل سے ہے۔ مگر مجھے آپ کو متنبہ کرنا ہے کہ اس کو تعلیم و تدریس کے ظاہری کل پرزہ سے کوئی علاقہ نہیں ہے۔ وہ معیاروں اور امتحانوں، نصابوں، نصاب ناموں اور طریقوں سے ماورا ہے۔ یہ معاملات ماہرین کے لئے محفوظ ہیں۔ مجھ جیسا نامحرم اسرار تعلیم انسانی واقعات کا ایک خاموش ناظر، دنیا کا ایک حد تک بے تعلق شہری، محض اس سوال سے دلچسپی رکھتا ہے کہ "ہماری تعلیم ہمیں کہاں لے جا رہی ہے" اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کا جواب اس سوال میں مضمر ہے کہ "وہ ہمیں کہاں لے جا چکی ہے۔

جب میں اس مہذب دنیا کی طرف جیسی کہ وہ آج ہے دیکھتا ہوں تو محسوس کرتا ہوں کہ ہمیں خوش ہونے کی کوئی بڑی وجہ نہیں ہے۔ اپنی ساری ترقی اور خارجی معاملات میں اپنی ساری فتوحات کے باوجود ہماری دلی کیفیت کچھ ایسی ہو گئی ہے جس سے دنیا میں امن ناممکن ہو گیا ہے۔ کیا تعلیم نے ہمیں اس نوبت کو پہونچا دیا ہے؟ یا اس نے ایسے نتیجہ کو روک دیا ہے؟ یہ سوال مجھے ایذا پہنچا رہے ہیں اور مجھے ان کا کوئی اطمینان بخش جواب نہیں ملتا۔ میں یہ محسوس کرتا ہوا اندھیرے میں ٹٹول رہا ہوں کہ ہماری تعلیم میں کچھ کمی ضرور ہے اس قوت کی کمی جو انسان کے اندر عمیق گہرائی میں پڑی ہوئی، چھپی ہوئی اخلاقی قوت محرکہ پر اثر ڈال سکے۔ میرے خیال میں تعلیم، شائستگی، تہذیب، اخلاق اور مذہب کی صورت میں ہماری مساعی جمیلہ کا حقیقی، اگرچہ ہمیشہ نہ سہی، مسلم مقصد یہ ہے کہ فطرت انسانی کے حیوانی و روحانی جانبوں کے مابین توازن پیدا کر دیا جائے۔ میں اس چیز پر مستحکم اعتقاد رکھتا ہوں مگر بعض ایسے لوگ بھی ہیں جو افادت کا مذاکرہ کرتے ہیں۔ مجھے شعور اصول افادت سے کوئی مناقشہ نہیں ہے اور اس اصول کی میری توضیح یہ ہے "اس افادت" سے بڑھ کر کوئی اور چیز کارآمد نہیں ہو سکتی جو ہمارے ظاہر کی بہ نسبت باطن کو بہتر بنا سکتی ہے اس واسطے کہ ہمارا باطن جس طرح کا ہوگا اسی کے مطابق ہمارے کام کا نتیجہ رہے گا۔ ہم اپنی دنیا کے بنانے والے ہیں اور احکام الٰہی کے بموجب قرار پایا ہوا ہمارا یہ فریضہ ہے کہ اس کو ایک اچھی دنیا بنائیں۔ کیا آپ نے اس بات پر غور کیا ہے کہ بنی نوع انسان کی اس مجموعی بڑی دنیا کے اندر مگر اس سے بالاتر ہمارے ہی اندر ہم سے بہت قریب ہر شخص کی خفیف سی، ناقابل فنا خودی کی ایک زیادہ اہم دنیا ہے۔ سارے متعلقین کو اس عالم صغیر سے بڑی تکلیف و پریشانی لاحق ہوتی رہتی ہے۔ مگر سچا اوستاد ہمیں اس قابل بنا دیتا ہے کہ اس دنیا کو اس کے مناسب مقام میں رکھیں۔

اب میں آپ سے منصبی اساتذہ ہونے کی حیثیت سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ اس پر

غور کریں اور اپنی زندگی کا پورا زمانہ اس بات پر غور کرنے میں صرف کر دیں تاکہ آپ آخرکار امتحانوں سے کسی قدر بہتر چیز پر پہونچ جائیں یعنی امتحان ذات، تزکیہ ذات پر، اور اس طرح اس اندرونی قوت کو حاصل کرلیں جس کے بغیر دوسروں کے قلوب پر اثر ڈالنا اور انہیں حرکت میں لانا ناممکن ہے۔

معلم کا واسطہ زندگی کے ایک نہایت اہم فریضے سے ہوتا ہے۔ اس کو دنیا کی تہذیب کو ڈھالنا پڑتا ہے۔ اس کا کام مقدس ہے، وہ فطرت انسانی کا اعلیٰ پروہت ہے۔ کیا وہ اس کو فراموش کرسکتا ہے اور اپنے اعلیٰ مراتب پر فائز رہ سکتا ہے؟ بس اس پر غور کیجئے اور کئے جائیے اور آپ کو روشنی و رہنمائی مل جائے گی۔

سماج میں استاد کا موقف حال حال میں توجہ حاصل کرنے لگا ہے اور میں اس سے خوش ہوں۔ مگر معلم کو یہ یاد رکھنا چاہئے کہ قدرت نے اس کو وہ مرتبہ دے رکھا ہے جو سوسائٹی سے اس کو ملنے والے ہر مرتبے سے بالاتر ہے۔ بنی نوع انسان کے سب سے بڑے معلم کون ہوئے ہیں؟ ان عظیم انسان ناموں میں سے چند ایک کا ذرا تصور کیجئے اور اپنے سر خم کر دیجئے۔ کیا وہ دولت مند تھے یا مفلس و غریب؟ کیا آپ ان کے نقش قدم پر چلیں گے یا اجتماعی حرص و آز کو ترجیح دیں گے۔ اب میں جان رہا ہوں کہ آپ کا جواب کیا ہوگا۔ ایسے بعض امور پر جن کا تعلق آپ سے، ہم سے اور سب سے ہے اپنے بعض بھٹکے ہوئے خیالات کا آپ پر اظہار کروں گا۔

ایک مدت مدید سے میں یہ سوچتا رہا ہوں کہ اگر ہماری تعلیم ہمیں اپنی خواہشات کو پاک کرنے اور ان پر قابو حاصل کرنے کے قابل نہیں بناتی تو وہ اپنے مقصد میں ناکام رہتی ہے۔ ہماری دلیل اور ہماری آرزوؤں میں ایک دوامی محاربہ ہے۔ دماغ کی ایسی مکمل تربیت ہماری تعلیم کا کام ہے کہ وہ ہمیشہ فتح مند رہے مگر یہ اسی وقت ممکن ہے جب کہ اس کے آگے ایک مسلمہ اخلاقی مقصد ہو نہ کہ کچھ اور میں تو یہاں تک کہوں گا کہ تعلیم کے اہم فرائض میں سے ایک ہماری آرزوؤں اور خواہشات کی تربیت ہے

کیا دنیا اب یہ محسوس نہیں کرنے لگی ہے کہ اس کی ہر چیز اس لئے بے ڈھنگی ہے کہ ان میں اپنے اخلاقی توازن کو ٹھیک کرنے کی صلاحیت نہیں ہے؟

انسان اس طرح بنا ہے کہ وہ اس اخلاقی علت و معلول کی غیر مرئی آہنی زنجیر کو توڑ کر نہیں نکل سکتا جو اس کو ایک مرکزی نقطہ سے جو اشیاء کی عالمگیر اسکیم کا ایک ضروری حصہ ہے باندھے ہوئے ہے۔ اس بات کو محسوس کرنا، اپنے تعلقات کو اپنے ماحول کے ساتھ ہمدردانہ موانست کے

ذریعہ ٹھیک کرنا دانائی ہے۔ استاد کو اپنے شاگرد کو یہ سکھانا ہے کہ ایسا کس طرح کیا جائے۔ اسے اپنے شاگرد کو یہ یقین دلانا ہے کہ دانائی کی حقیقی مشق کے بغیر اس کی محبت کرنی ایسی بے ربطی ہے جیسے کہ مذہب عمل نیک کے بغیر خود فریبی یا ریا ہے۔ محض علم دانائی نہیں ہے۔ انسان کی روح کو ارادے یا مرضی کی پاکی وصفائی کے ذریعہ نشو ونما وسعت اور اضافۂ طاقت کی ضرورت ہے اور صداقت کی راہ میں اس کو اپنی سرگرمی جاری رکھنی ہے۔ معلم کو چاہیئے کہ اپنی زندگی کے ہر لحظہ میں اس بات کو اپنے ذہن میں رکھے اس واسطے کہ اس کو تاریکی کی روشنی کی جانب رہبری کرنی ہے۔ وہ صداقت تک پہونچانے والا رہنما ہے۔ مگر پہلے اس کو اپنا ہی دل صداقت کے لئے کھلا رکھنا چاہیئے اور ہم جانتے ہیں کہ صداقت کئی راہوں سے دلیں داخل ہوسکتی ہے بشرطیکہ دل اس کے استقبال کے لئے مفتوح رکھا جائے۔ غلط ہدایت یافتہ جذبات اور خطا کار وہم وخیال وہاں تک اس کی رسائی روک نہیں سکتے۔

میں خیال کرتا تھا اور اب بھی کرتا ہوں کہ تعلیم بعض قدرتی استعداد کو درست کر کے ادراک انسانی کو ایک اعلیٰ سطح تک پہونچا دیتی ہے۔ مگر اب میں اس کی نسبت شبہات میں پڑنے لگا ہوں۔ خواہ فطرت اپنی بدخوئی وضلالت میں بہت زیادہ مضبوط ہو یا ہمارا انتظام تعلیم ناکافی ہو۔ نتیجہ اطمینان بخش ہونے سے بہت دور ہے۔ مدرسہ سے نکلا ہوا۔ اوسط درجہ کا جوان ہمیشہ ایک ایسا نمونہ نہیں ہوتا جس پر فخر کیا جاسکے۔ اس کی مدرسی تعلیم ہمیشہ اس کے بدمیلانات کو روکنے اور اس کی فطرت کے شریف تر محرکات کو ظاہر کرنے میں کامیاب نہیں ہوتی۔ اس کی اخلاقی نظر نہ تو تیز ہوتی ہے اور نہ لطیف ونازک۔ وہ مدرسے یا کالج سے ایک ایسا دماغ لے کر نکلتا ہے جو متفرق سی اہضم علم کے ٹکڑوں سے بھرا ہوا ہے اور اگر وہ کتابوں کے پڑھنے میں زیادہ ہوشیار رہا ہے تو وہ کسی طرح ڈگری حاصل کرلیتا ہے مگر عام طور پر وہ اپنے باطن میں غیر ترقی یافتہ اور لطیف انسانی فضائل میں نامکمل ہی رہتا ہے۔ اس کے لئے معلم کس حد تک ذمہ دار ہے؟ آپ مجھ سے اتفاق کریں گے کہ اگرچہ استاد کا تعلق محض الفاظ اور اعداد واشکال کے ساتھ ہوتا ہے جو کتابوں میں مرتب کر دیئے گئے ہیں۔ تاہم اس کا محض یہی فرض نہیں ہے کہ وہ اپنے شاگردوں کو مدرسے کے اوقات میں ان الفاظ واشکال واعداد پر مکینکی طور پر گزار دے۔ اس کا حقیقی کام ایک بلند تر میدان میں ہوتا ہے اور وہ بہت زیادہ غیر محسوس ہے۔ اگر یہ درست ہے کہ تھوڑا سا علم خطرناک چیز ہے تو یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ تھوڑی سی تعلیم بھی خطرناک ہوسکتی ہے اس واسطے کہ ممکن ہے کہ اس سے یہ تھوڑا سا علم آئے اور اس کے ساتھ ہی جیسا کہ علی العموم ہوتا ہے بہت سا ادّعا پیدا ہوجائے۔ استاد کو یہ دریافت کرنا ہوگا ہے کہ آیا شاگرد کے دماغ میں علم کا حقیقی مادہ

راہ پا گیا ہے اور اگر ایسا ہے تو کتنا عمیق اثر ہے۔ اس نے کیا اثر چھوڑا ہے اور کیا میلانات پیدا کر دیئے ہیں۔ اس کو اپنے شاگرد کے ذہنی اور اخلاقی صفات کا جائزہ لینا پڑتا ہے اور وہ سب کچھ کرنا ہوتا ہے جو شخصی اثر کے ذریعہ شاگرد کے کردار کو ڈھال سکتا ہے۔ میرا دل اس قدیم ..... وضع کے اتحاد پر بڑے اشتیاق سے لگا ہوا ہے جس کی انگریزی زبان کی ناواقفیت کا بہت زیادہ معاوضہ اس کے دل کی صفات سے ہو جایا کرتا تھا، جس کا لائق احترام ظاہر خوف و احترام پیدا کرتا تھا اور جس کے بہروپ میں ایک محبت کرنے والا خالص خیر سگالی و ہمدردی سے بھرا ہوا دل چھپا رہتا تھا۔ اس کے دل سے کوئی چیت پاک کن قوت کا دھارا بہہ کر نکلتا اور ان شاگردوں کے دلوں میں داخل ہو جاتا تھا جو اس کے پیرو ہوتے تھے۔ یہ کوئی ایسی چیز تھی جس کا تعلق کتابوں سے نہ ہوتا مگر جو شدت کے ساتھ شخصی اور خیر سگالانہ ہوتی۔ یہ ایک روحانی موج تھی جس کے ذریعہ سے علم پہونچایا جاتا تھا اور وہ شاگرد کے دماغ میں پہونچتے ہوئے، ایسی ساری کثافتوں سے پاک ہو جاتا تھا۔ وہ ایک "روحانی قوت" ہوتی تھی جس کا استعمال موثر طور پر کیا جاتا تھا۔ اور اگر آپ مجھے اس کی کاشت اپنے اندر کریں گے تو اچھا ہوگا۔

شرارت آمیز اور خود غرضانہ خیالات و محرکات کو کس طرح ہمارے لڑکوں کے دماغوں سے باہر رکھیں، یہ اس اضطرابی دور میں زیادہ سے زیادہ شدید مسئلہ بنتا جا رہا ہے۔ مگر ہم سب جانتے ہیں کہ وہ لڑکا جس نے اچھے لوگوں میں پرورش پائی ہو اس لڑکے کی بہ نسبت جس کی ابتدائی زندگی قابل اعتراض صحبتوں میں گذری ہو ایسے میلانات پر آسانی سے غلبہ حاصل کر سکتا ہے۔ ہم یہ جانتے ہیں کہ اوائل عمر ہی میں مناسب رہنمائی ملی ہو تو ان کے دل پر اس کا دیرپا نقش بیٹھتا ہے۔ لہٰذا آپ مجھ سے اتفاق کریں گے کہ یہیں سے ایک استاد کا حقیقی کام شروع ہوتا ہے۔ جو شخص محض کتابی تعلیم تک محدود ہو جاتا ہے اور وہ اپنے ادنیٰ ہونے کا اعتراف کرتا ہے وہ محض روزمرہ کا کسل آور کام کر سکتا ہے اور اس سے زیادہ کچھ نہیں۔ مگر وہ استاد جو اعلیٰ اور نازک ذمہ داری کو سمجھتا اور اس کی قدر جانتا ہے اور جو کافی احساس ضمیر رکھتا ہے اس سے ہرگز مطمئن نہیں ہو سکتا اس کا مقصد یہ ہے کہ اپنے شاگردوں کے اخلاقی شعور کو حساسیت کے بلند تر درجہ تک پاک اور مرتفع کرے اور یہ وہ اس کے کانوں کو نظر کی کثرت سے بہرا بنا کر نہیں بلکہ حسن تدبیر کے ساتھ ایسے ایماؤں اور اشاروں کے ذریعہ کرتا ہے کہ شاگرد ایک اخلاقی وجود کی حیثیت سے اپنی اہمیت کو سمجھ لے اور اپنے اور اوروں کے اندر اچھے میں اونچا دکھائی دے۔ مجھے یقین ہے کہ اخلاقی اصول سنانے اور دھرانے کی بہ نسبت ایما کے ذریعہ

بہت سا ایسا کام ہو سکتا ہے جو کسی لڑکے کی مناسب خود قدر تی وحس فضیلت کو بیدار کرنے کا اثر رکھتا ہو۔

یہاں مجھے آپ حضرات سے یہ کہنا چاہئے کہ ایک مشہور شاگرد نے اپنے آپ پر اپنے استاد کے اثرات کی نسبت کیا لکھا ہے۔

"رسٹی کسی سے میں نے یہ اثر حاصل کیا کہ میرے کردار کو اصلاح و انضباط کی حاجت ہے اور یہ لکھا کہ بیراہ ہو کر سوفسطائی مجادلے کی طرف رہنمائی حاصل کروں نہ وہمی معاملات پر پُرسکون نہ خفیف پند آمیز خطبے دوں، نہ اپنے آپ کو ایک ایسا آدمی ظاہر کروں جو بہت زیادہ انضباط پر عمل پیرا ہے، یا یہ کی دکھا دینے کی غرض سے کرتا ہے اور بیان و بلاغت و شاعری اور تحریر لطیفہ سے مجتنب رہوں اور گھر میں اپنے لباس بیرون خانہ میں پہروں اور نہ اسی قبیل کے اور کام کروں اور اپنے خطوط ایسی سادگی سے لکھوں جیسے کہ وہ خط جس کو رسٹی کسی نے سوا سا سے میری ماں کے نام لکھا تھا اور ان لوگوں کے ساتھ جنہوں نے مجھ کو الفاظ سے تکلیف پہنچائی ہے، یا میرے ساتھ برائی کی ہے آسانی کے ساتھ آشتی و مصالحت برتوں اور توجہ کے ساتھ پڑھوں اور کسی کتاب کے سطحی افہام سے مطمئن نہ ہو جاؤں، نہ ان لوگوں کے آگے جلد رضامندی ظاہر کر دوں جو بہت باتونی ہوتے ہیں، اور میں ان کا ممنون ہوں کہ انہوں نے مجھ کو ایک سٹیس کے رسائل سے جن کو انہوں نے اپنے ہی مجموعے سے نکال کر دیا تھا، مجھے روشناس کرایا۔

"اپولونیس سے میں نے منشا کی آزادی اور نہ بھٹکنے والی التوائے مقصد سیکھی اور ایک لمحہ کے لئے بھی سوائے دلیل کے کسی اور کی طرف نہ دیکھنا اور سخت درد و دکھ میں، بچے کی اہلیت کے موقع پر اور طویل علالت میں ہمیشہ ایک ہی حال پر رہنا سیکھا، اور زندہ نظیر میں یہ دیکھنا کہ ایک ہی شخص بے حد ارادے کا پکا اور بات مان لینے والا ہو سکتا ہے اور اپنی ہدایت دیتے ہوئے چڑچڑا نہیں ہوتا، اور اپنی آنکھوں سے میں ایک ایسا شخص دیکھ چکا ہوں جو فلسفیانہ اصول کی توضیح و تشریح میں اپنے تجربے اور مہارت کو اپنی خوبیوں میں کمترین جانتا تھا اور اس سے میں نے سیکھا کہ کس طرح اپنے احباب سے وہ حاصل کروں جو عنایات سترگ کہلاتے ہیں بغیر اس کے کہ ان سے ذلت محسوس کروں یا بلاوجہ انہیں گذر جانے دوں۔

"سکسٹس سے ایک خیر اندیشانہ طبیعت، اور ایک ایسے خاندان کی نظیر جو پدرانہ طور پر چل رہا ہے اور فطرت کی مطابقت میں زندگی بسر کرنے کا خیال، اور بے تصنع متانت و احتیاط

کے مفاد کا حزم و احتیاط کے ساتھ خیال رکھنا، جہلا اور ان لوگوں کی باتوں کا تحمل جو بے سوچے سمجھے رائے قایم کر لیتے ہیں اس میں یہ قوت تھی کہ سب سے اپنے آپ کو موافق کر لیتا تھا حتیٰ کہ اس سے بات چیت کسی خوشامد سے زیادہ خوشگوار معلوم ہوتی تھی اور اس کے ساتھ وہ لوگ اس کی بے حد عزت کرتے تھے جو اس سے ملتے تھے اور اس میں زندگی کے لئے ضروری اصول کی فریسانہ اور باقاعدہ طور پر دریافت و ترتیب دونوں کی صلاحیت تھی، اور اس نے غصے یا کسی اور جذبے کا کبھی اظہار نہیں کیا اور بہت محبت کرنے والا تھا، اور وہ بغیر کسی پرشور نمایش کے اظہار پسندیدگی کر سکتا تھا اور اس کا علم بہت بڑا تھا جس کو وہ ظاہر نہیں ہونے دیتا تھا۔

"الگزنڈر قواعدی سے خطا جوئی سے اجتناب، اور ان لوگوں کو غیر ملامت آمیز انداز میں سرزنش جو کوئی گنواروں کا سا یا بے محاورہ یا اجنبی معلوم ہونے والا جملہ بولیں، بلکہ ہوشیاری کے ساتھ وہی جملہ جس کا استعمال ہونا چاہیئے تھا بطور جواب یا تصدیق کرتے ہوئے یا اس شئے کی نسبت دریافت میں شریک حال ہوتے ہوئے نہ کہ اسی لفظ کی نسبت، لے آنا یا کسی اور مناسب ایما، کے توسط سے۔

"فرانٹو سے میں نے یہ دیکھنا سیکھا کہ کسی ظالم بادشاہ میں حسد و رنگی اور آیا کیا چیزیں ہیں اور یہ کہ علی العموم ہم میں سے وہ لوگ جو امرا (پیاٹریشینز) کہلاتے ہیں پدرانہ محبت میں کچھ کمی ہی رکھتے ہیں۔

یہ شاگرد مارکس آرلیس تھا اور جو کچھ اس نے اپنے اساتذہ سے حاصل کیا تھا وہ قواعد اور معانی و بیان و بلاغت سے کچھ زیادہ تھا، وہ عملی اخلاقیات کی حقیقی روح تھی۔

جب میں آپ سے یہ کہوں کہ استاد کو نہ صرف کامیاب طلبہ پیدا کرنا ہے بلکہ نیک لوگ تو شاید آپ مجھ سے دریافت کریں کہ آیا اس مقصد کا حصول ممکن بھی ہے۔ ہاں صداقت اور اخلاص کے ذریعہ ان کی اتباع کیجئے اور آپ غلطی سے بچ جائیں گے۔

تجربے نے بار بار یہ بات ظاہر کر دی ہے کہ اور اک انسانی کی فطری تحدیدیں اس کی خود فریبی و شعور قابلیت و تمیز کے ساتھ ملکر اکثر اس کو غلط راہ پر چلانے کا سبب بن جاتی ہیں وہ اکثر غلط نتائج پر پہنچتا اور راہنی کو صداقتیں یقین کر لیتا ہے اور وہ اکثر غلطی یا تعصب سے قبل از قبل رائے قایم کر لیتا ہے، جو چیز ثابت شدنی ہے، اکثر وہ اس کو ثابت شدہ سمجھ لیتا ہے اور صرف وہی ثابت کرتا ہے جس کا اس نے قبل ہی فیصلہ کر لیا ہے فرقہ واری تعصب کی تنگ نظری سے ہٹ کر جس کے

بعض دل بری طرح عادی ہو رہے ہیں اور اس خاص قسم کی کوتاہ دلی سے علیحدہ ہو کر جو تسلی یا قومی خود داری کا نتیجہ ہے ایک ایسی جانبداری بھی ہے جو اس خیال و احساس کی نظیری قدامتوں سے پیدا ہوتی ہے یہ سب باہم ملکر کسی قدر غیر مفید ذہنی فضا پیدا کر دیتے ہیں اور ہمارے ذہنی اعمال پر چپکے ہی چپکے عمل کرتے ہوئے ہماری رائے اور ہمارے اعتقادات کو متاثر کر دیتے ہیں تشکی، غیر جانبدار دل بھی ایسے اثرات سے آسانی سے نہیں بچ سکتے لہذا یہ چیز سب سے زیادہ اہم ہے کہ ہم صداقت کی تحقیقات کے لئے ایسا دل لئے ہوئے بڑھیں جو ایک معرّا صفحہ کے مانند ہو اور ہم اس پر سب سے پہلے صرف ایسے واقعات تحریر کریں جو شک و شبہ کی گنجایش نہ رکھتے ہوں، ایسے واقعات جو فی الحقیقت زمانۂ ماضی میں واقع ہو چکے ہیں یا جو اب دنیا میں پیش آ رہے ہیں یا جنہیں ہم اپنے حواس کے ذریعہ فطرت میں دواماً موجود پاتے ہیں یہاں تک تو کام مقابلتاً آسان ہے لیکن جب ہم ان کی نوعیت اور ان کی معنی خیزی کو سمجھنے ان کی قدر و قیمت جاننے اور ان کے باہمی تعلقات کی قدر پہچاننے کی کوشش کرتے ہیں تب ہی کام زیادہ دشوار اور زیادہ پریشان کن ثابت ہوتا ہے۔ اس منزل میں یہ ضروری ہے کہ سطحی رائے سے اجتناب کریں اور دل کے پورے خلوص کے ساتھ تہ تک اتر جائیں تاکہ صداقت تک پہنچ سکیں صداقت اور خلوص باہم پیوستہ ہیں اور ان کی پیوستگی ناقابل انفکاک ہے۔ ان خصائص کے بغیر کوئی عظیم الشان کام نہیں ہو سکتا اور کوئی عظیم الشان کام دنیا میں کبھی ان کے بغیر ہوا بھی نہیں خواہ کوئی پیغمبر دنیا میں کوئی نیا مذہب لایا ہو یا کسی فلسفی نے دنیا کو فلسفے کا کوئی جدید طریقہ دیا ہو یا کسی فاتح عالم نے اپنے ممالک محروسہ میں کسی جدید براعظم کا اضافہ کیا ہو اس نے ضرور خلوص قلب کے ساتھ کام کیا اور کامیابی حاصل کی ہے۔ استادوں اور شاگردوں کو یہ بات یاد رکھنی چاہئے اور کسی جلیل القدر انسان کی تصنیف کو سمجھنے اور اس کی قدر کرنے کی کوشش کرتے ہوئے وہ روح کے اس شوق و اخلاص کو نظر سے اوجھل نہ ہونے دیں جن کے بغیر اس کی ساری مساعی بے سود رہتیں۔

سب کو میری یہ نصیحت ہے۔ رجال جلیل و نیک کی زندگیوں کا مطالعہ کیجئے اور جب کبھی آپ کسی ایسے شخص کی تصنیف اس کو سمجھنے کی غرض سے اٹھائیں تو اس کا اندازہ لگانے میں روح کے اتنے زیادہ اخلاص پر قابو حاصل کر لیجئے جتنے پر آپ کر سکتے ہیں اور اپنے دل کو احترام سے بھر لیجئے یہ وہ احساس ہے جس کے بغیر انسان کی فہم حیوانی فطرت کے سطح سے بلند نہیں ہو سکتی۔

میرے لئے یہ ایک دل خوش کن خیال ہے کہ انجمن اساتذہ نے پہلے سے کچھ اچھا کام

کیا ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ وہ بہت سا مفید کام انجام دینے کے لئے باقی رہے گی اور ہر وہ اوستاد جو اس میں شریک ہوگا اپنی روح کا کچھ حصہ اس میں بھرے گا۔ ترجیحاً اس کا بہترین حصہ۔ یہ میری نصیحت ہے، اس واسطے کہ مجھے یقین ہے کہ ادارے انسان کو اس کے نصف کے برابر بھی اچھا نہیں بنا سکتے جتنا کہ انسان اداروں کو بناتے رہتے ہیں۔ ان دنوں میں جب کہ انسانی ذہن کا عام میلان اس کی ضد کو سچ باور کرنے کی جانب ہے، اکثر مجھ کو اس کی یاد آتی رہتی ہے۔ ادارہ سازی انسان کی عمرانی یا اجتماعی عادات کے نتائج میں سے ایک ہے اور اس کی جبلی تحریکوں کی ترقی کے ساتھ ساتھ اس کی قوت و تاثیر پر ایمان بڑھ گیا ہے۔ ادارے اپنی نوبت پر اجتماعی تحریکات کو آگے بڑھاتے رہتے ہیں۔ اور یہی ان کی سب سے بڑی افادت ہے۔ وہ انسان کی تحریکات کو یکساں اور جبلی بنانے میں مدد دیتے رہتے ہیں، اور اس طرح ہمنوائی اور تعلقات کی مناسب درستی کا ظہور ہونے لگتا ہے مگر ان کی رہنمائی کے لئے مضبوط صحیح الارادہ ارواح کی ضرورت رہتی ہے پس اس انجمن میں اتحاد کا سب سے پہلا کام اس روح کے ایک حصہ کی ایسے طور پر فراہمی ہے کہ اس کا حصہ خواہ کتنا ہی قلیل ہو اس کے کام کے لئے کل کو زیادہ توانا بنا دے جس کو میں ایک برتر نمونے کے انسان کی آفرینش خیال کرتا ہوں۔ اس وقت تک اس انجمن نے جو کامیابی حاصل کی ہے اس کی نسبت میں تمام متعلقہ اشخاص کو مبارکباد دیتا ہوں اور اس ساری کامیابی کا آرزومند ہوں جس کی یہ تحریک سزاوار ہے۔

چند سال کی مدت میں ممکن ہے کہ یہ اپنے کام کے برتر اور زیادہ روحانی نتائج ظاہر کرنے کے قابل ہو مگر ان میں اشیائے نمایش کی صورت میں نہیں جنھیں ہم آج دیکھ چکے ہیں بلکہ ان کے شاگردوں کے اس شریف کردار کی شکل میں جس کے ساتھ ذہنی کارنامے بھی متحد ہوں گے اس طرح مجھے امید ہے وہ حقیقی خیر سگال بن سکتے اور ثابت کر سکتے ہیں کہ اساتذہ منظر ہی بنی نوع انسان کا حقیقی فائدہ ہے۔

رپورٹ تعلیم ڈرائینگ

تمہید

مرتبہ ومصححہ جناب مولوی ابوالحسن صاحب بی۔ اے۔ ایل ٹی پرنسپل مدرسہ فوقانیہ دارالعلوم بلدہ

محترم صدر معزز خواتین وحاضرین جلسہ

اظہار تشکر مجلس ذیلی تعلیم ڈرائینگ کی رپورٹ و روئداد گوش گزار کرنے سے قبل مناسب معلوم ہوتا ہے کہ سب سے پہلے اس کانفرنس کے روح رواں اور اس کے ہر شعبہ میں عمل اور شوق کا جذبہ پیدا کرنے والے جناب مولوی سید علی اکبر صاحب کا دلی شکریہ خاص طور پر ادا کیا جائے کہ انجمن وکانفرنس ہذا کے بانی مبانی بلکہ اس کے ناخدا بھی ہیں۔ چنانچہ ذیلی مجلس ہذا کی تشکیل مضامین کا انتخاب اور ان کی مناسب حال تقسیم ضروریات مدارس کا احساس۔ عہدہ داران وارکان مجلس کا انتخاب اور طریقہ کار وغیرہ سب کچھ ان ہی کی مساعی جمیلہ۔ حسن تدبیر۔ دیرینہ و وسیع تجربہ۔ علمی شوق۔ جدید الجدید معلومات فراست ومشورت کا حقیقتاً رہین منت ہے۔

تشکیل کمیٹی ہذا گزشتہ کانفرنس انجمن اساتذہ بلدہ منعقدہ ۲۶ و ۲۷ امرداد ۱۳۴۰ف میں آئندہ کانفرنس کے موقع پر رپورٹیں پیش کرنے کیلئے منتخب شدہ مضمون "ڈرائینگ" کا اعلان کیا گیا تھا۔ چنانچہ منجملہ (۱۴) مراکز کے اکثر شاخہائے انجمن ہذا موقوعہ بلدہ نے بدفعات دوران سال میں جلسے منعقد کرکے جو تقریریں تعلیم "ڈرائینگ" کی نسبت کی تھیں اور جن امور مختلف خیالات کا بہ اتفاق رائے اظہار کیا تھا ان کی نقول روئداد معتمد عمومی کانفرنس ہذا کے پاس وصول ہوئی تھیں۔ ان رپورٹوں پر غور کرکے ان کی مدد سے ایک اقتباسی رپورٹ تعلیم "ڈرائینگ" کے اغراض ومقاصد، اس کے حالیہ نصاب طریقہ تعلیم۔ دوسرے مضامین نصابی سے اس کے تعلق ضروریات مدارس کے متعلق تیار وپیش کرنے کے لئے صدر مجلس انتظامی کانفرنس ہذا نے اپنے اجلاس منعقدہ ۱۵ اشہریور ۱۳۴۱ف میں ایک سب کمیٹی کا انتخاب کیا تھا جس کے ارکان حسب ذیل مقرر کئے

گئے تھے۔

(۱) مولوی شیخ ابوالحسن صاحب بی۔ اے۔ ایل۔ ٹی پرنسپل مدرسہ فوقانیہ دارالعلوم بلدہ میر مجلس کمیٹی۔

(۲) مولوی غیاث الدین صاحب ڈرائینگ ماسٹر مدرسہ فوقانیہ نامزد معتمد۔

(۳) مولوی سید نثار علی صاحب ڈرائینگ ماسٹر مدرسہ فوقانیہ دارالعلوم بلدہ رکن۔

(۴) مسٹر گنگا دھر پھالک ڈرائینگ ماسٹر دارالشفا رکن۔

(۵) مولوی سید زین العابدین صاحب ڈرائینگ ماسٹر مدرسہ وسطانیہ کاچی گوڑہ رکن۔

محولہ روئداد ہائے وصول شدہ پر مکرر غور کرنے کے بعد اس سب کمیٹی نے جو اقتباسی رپورٹ پیش کی ہے وہ اس جلسہ میں پیش کی جارہی ہے لیکن اس اصل رپورٹ کے پیش کرنے کے قبل مختصراً موجودہ تعلیم ڈرائینگ کی کیفیت اس کے نتائج اور ملکی ماحول کا ذکر و اعادہ ضروری ہے تاکہ رپورٹ ہذا کی ضرورت و اہمیت کما حقہ واضح ہوسکے۔

انگلستان، فرانس، امریکہ، جرمنی اور جاپان کے ماہرین اصول تعلیم اور اصول کنڈرگارٹن کے موجد مسٹر فروبل وغیرہ نے ابتدائی تعلیم کی نسبت جو تحقیقات کی اور جو ہدایات دی ہیں وہ ہمارے بھی پیش نظر ہیں ان کی تحقیقات میں یہ امر بایہ ثبوت کو پہنچ چکا ہے کہ بچوں کی ذات میں نقالی کا جذبہ قدرۃً ودیعت کیا گیا ہے اور خوشنما و خوش رنگ پھول پتوں کے کھلونوں اور جانوروں یا ان کی تصویروں سے بچوں کو فطرتی لگاؤ ہوتا ہے اس لئے بچوں کی مشاہدوں میں ایسی ہی چیزیں پیش کی جائیں جو مقتضائے فطرت ہوں اور جن کی نقالی بچوں کو قابل قدر انسان بنا سکے۔ ابتدائی مشاہدات ہی کو حقیقی تربیت اطفال کہا جاسکتا ہے کیونکہ بچے انھیں جذبات کے تحت اپنے ماحول سے متاثر ہوا کرتے ہیں۔ پس بچوں کی فطرتی دلچسپیوں کا لحاظ ابتدائی تعلیم میں شعبہ ڈرائینگ کے سوا کسی اور شعبہ میں کافی طور پر رکھا نہیں جاسکتا۔ اس لحاظ سے تعلیم "ڈرائینگ" کو بالکلیہ بچوں کی فطرت کے مطابق کہا جاسکتا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ترقی یافتہ ممالک میں ابتدائی تعلیم کے لئے اصول کنڈر گارٹن اور ڈرائینگ کو نہایت اہمیت دی جاتی ہے۔ اس کا ثبوت ہمیں اس مثال سے بھی ملتا ہے کہ ہر ملک کی صحافت کے خواہ ادبی ہو یا اقتصادی تجارتی ہو یا صنعتی ہو ہر شعبہ میں نفس مضمون کو ڈرائینگ اور مصوری سے بطور خاص نمایاں کیا جاتا ہے اور یہی ان کی کامیابی کا بڑا راز ہے اس طریق تعلیم کو اس وجہ سے بھی اہمیت دی جاتی ہے کہ بچوں کو ڈرائینگ سے فطرتی لگاؤ ہوتا ہے

اور بچے ڈرائینگ سیکھنے میں خاص دلچسپی سے کام لیتے ہیں اگر اس فطرتی جذبہ کے مدنظر بچوں کو ابتدا ہی تعلیم ڈرائینگ دی جائے تو امید ہے کہ بہت جلد ان میں اپنے ماحول سے استفادہ کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جائے گی جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ آئندہ جس شعبہ علوم وفنون میں حصہ لیں گے اسکے متعلقات سے بآسانی بہرہ ور ہو سکیں گے اور نونہالان ملک کا اصولی وفطرتی تعلیم سے بہرہ ور ہونا ہی ملکی ترقی کا باعث ہے۔

مقاصد وقواعد تعلیم ڈرائینگ اکثر دیکھا جاتا ہے کہ بچے زمین کاغذوں یا سلیٹوں پر کسی کے سکھائے بغیر کوئلے سے بے ڈھنگی لکیریں کھینچتے یا منڈیریں بناتے پھرتے ہیں ان کے اس فطرتی جذبہ سے اکثر دیواریں سیاہ نظر آتی ہیں ان کا یہ جذبہ ان کو مجبور کرتا ہے کہ کاغذ پر یا دیوار پر مٹی لکیروں سے سیاہ کر دیں یا ریت مٹی سے مکانات یا قلعہ وغیرہ کی شکلیں بنائیں یا گھروندے بنائیں۔ بچوں کے اسی فطرتی جذبہ کے مشاہدہ واحساس نے ماہرین تعلیم کو پروجکٹ متہڈ کے ایجاد کی جانب مائل کیا۔ پھر وہ آدمیوں اور جانوروں کی غیر موزوں شکلیں بناتے ہیں حالانکہ ان کے سرپرست اور مہذب انھیں اس کام سے اکثر روکتے ہیں مگر وہ باز نہیں آتے گھنٹوں اس کھیل میں مصروف رہتے ہیں اور اگر ان کو معمولی رنگ وغیرہ ملجائے تو رنگ آمیزی سے بھی باز نہیں آتے اور جب یہی بچے تعلیم پاتے ہیں تو اساتذہ کا مشاہدہ ہے کہ بچے ڈرائینگ کے مضمون میں جس قدر دلچسپی کا اظہار کرتے ہیں کسی اور مضمون میں نہیں کرتے اس سے ظاہر ہے کہ بچوں کو ڈرائینگ سے فطرتی تعلق ہے ان ہی تجربات اور مشاہدوں کی بنا پر یورپ وامریکہ میں ڈرائینگ کو اساس تعلیم قرار دیا گیا ہے۔ ڈرائینگ کے ساتھ کھیلونوں اور با اصول کھیلوں کو بھی ذریعہ تعلیم قرار دیا جا کر کنڈرگارٹن کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ اور یہ محض اس لئے کہ بچے ابتدا میں علم وعمل کی حد تک فطرتاً انتقال رہتے ہیں اور تعلیم پانے اور مہارت پیدا کرنے کے بعد بلحاظ تہذیب وتمدن جدت پسند بنجاتے ہیں۔

ف۔ انسانی معلومات کے دو اہم ذرائع ہیں۔ ایک مطالعہ۔ دوسرا مشاہدہ جو بصارت کے دو شعبے ہیں اور دماغی نشو ونما ان کے ہی ذریعہ سے ممکن ہے۔ مطالعہ سے متعلق کتب بینی اور مشاہدہ سے متعلق مناظر قدرت وجذبات فطرت ہیں اسی طرح اظہار معلومات کے وسائل بھی دو ہیں۔ ایک تقریر دوسری تحریر۔ تقریر کا تعلق سماعت سے ہے اور تحریر کا بصارت سے۔ ظاہر ہے کہ اندھا سن سکتا ہے لیکن ماحول سے استفادہ نہیں کر سکتا اس کے بہ نسبت بینا دیکھ سکتا ہے اور حظ اٹھا سکتا ہے۔ مشاہدہ ہی ترقی کا ایک اہم ذریعہ ہے اسی لئے کہا جاتا ہے کہ "شنیدہ کے بود مانند دیدہ" لہذا نظر سے تعلق رکھنے والی اشیاء کے اظہار کیفیت کا تعلق ڈرائینگ سے ہے خواہ

وہ ارضی ہو یا سماوی۔ اس لحاظ سے انسانی دماغ کی داخلی پیداوار یعنی معلومات کو علم اور خارجی اثر کو عمل یا ڈرائینگ کہنا درست ہوگا جس کا ایک نمایاں شعبہ تحریر ہے۔ ڈرائینگ بھی ایک خاص قسم کا طرز تحریر ہے جس کو ایک جاہل بھی بخوبی اس کی نزاکتوں اور باریکیوں کے ساتھ نہیں تو بھی کسی قدر تو ضرور پڑھ اور سمجھ سکتا ہے تعلیم ڈرائینگ کا حقیقی مقصد یہی ہے کہ طلبا اپنے ماحول سے بخوبی واقف ہو جائیں اور اس سے استفادہ کرنے کی صلاحیت اپنے میں پیدا کرلیں۔ ڈرائینگ کا تعلق اس میں شک نہیں کہ زیادہ تر آنکھ یعنی بصارت سے ہے لیکن یہ قوت محض دماغی نشوونما کا ذریعہ ہے پس ڈرائینگ ماسٹر کو یہ امر بخوبی ذہن نشیں کرلینا چاہئے کہ وہ حقیقت میں بچوں کی دماغی نشوونما میں حصہ لے رہا ہے جو ایک نہایت اہم چیز ہے۔ ماحول سے کما حقہ استفادہ اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک قدرت کا مشاہدہ اور جذبات فطرت کا مطالعہ کافی طور پر نہ کیا جائے اور عام نصابی مضامین میں یہ خصوصیت نہیں پائی جاتی البتہ ڈرائینگ ہی ایک ایسا مضمون ہو سکتا ہے جس کے ذریعہ سے بلحاظ جامعیت کائنات کا حقیقی تصور دلایا جا سکتا ہے اور اسی لئے ڈرائینگ ایک ایسا مضمون ہے جس کا تعلق کم و بیش ہر نصابی مضمون سے ہے۔ اجرام فلکی کا نظام۔ اور معدنیات ارضی کا انکشاف اسی سے ہوتا ہے دیگر مضامین کا اثر دل و دماغ پر عارضی ہوتا ہے لیکن ڈرائینگ کا اثر جاذب نظر ہی نہیں بلکہ دل پر ایسا نقش ہو جاتا ہے جو بچوں کے لئے دماغی نشوونما کے ہر طریقہ میں معاون ہے۔

ف تخیل کو عملی جامعہ پہنانے اور اختراعات میں حسن و موزونیت پیدا کرنے کا احساس اسی مضمون کا اثر ہے۔

ف ڈرائینگ کے ذریعہ طلبا کی ذہنیت اور ان کے رجحان طبعی کا علم ہو سکتا ہے جو ان کی آئندہ زندگی کی تشکیل میں کارآمد ہے۔

ف گونگوں کو بھی ڈرائینگ کے ذریعہ تعلیم دی جا سکتی ہے اور مہذب ممالک میں ان کے خاص مدارس بھی قائم و جاری ہیں۔

ف ڈرائینگ و مصوری کے ہمہ گیر اثرات کے مدنظر یورپ میں ابتدائی تعلیم میں ڈرائینگ ہی کو زیادہ اہمیت دی گئی ہے تاکہ طلبہ مناظر قدرت اور مشاہدہ فطرت کے شائق ہو کر تحقیق کے عادی ہو جائیں اور اپنے ماحول سے خود مستفید ہو کر ملک اور ابنائے ملک کو مالا مال کر سکیں اور خود بھی اپنی محنت کا ثمرہ پا سکیں۔

ف۔ غرض ڈرائنگ کے مقاصد وسیع ہیں اور تعلیم ڈرائنگ سے مذکورہ فوائد کے علاوہ طلبا کے لئے مفید ترین فوائد یہ بھی ہیں کہ ڈرائینگ کی تعلیم سے طلبار کی جسمانی تربیت و دماغی پرورش باحسن وجوہ ہوتی ہے۔ قوائے متخیلہ۔ باصرہ۔ حافظہ۔ متصورہ۔ مدرکہ اور غور و امتیاز میں پختگی اور ترقی ہوتی ہے تجسس اور تحقیق کا شوق پیدا ہوتا ہے۔ عمل و انہماک کی عادت ہوجاتی ہے محسوسات قوی تر ہوجاتے ہیں۔ جذبہ تنقیہ و فیصلہ کی نشوونما ہوتی ہے۔ حسن پسندی اختراع اور جذبات کا احساس پیدا ہوتا ہے یہی وہ اسباب ہیں جو نونہالان ملک کو کاہلی سے باز رکھ کر میدان عمل میں پہنچاتے ہیں اور ترقی کی شاہراہ پر گامزن کرتے ہیں یہی جذبہ ملکی سرسبزی و ترقیات کی روح رواں اور امن و اطمینان کا سرچشمہ کہلاتا ہے۔

ف۔ ڈرائینگ کا ایک اور وصف بھی طلبار کے حق میں نعمت غیر مترقبہ ہے وہ یہ ہے کہ جب ڈرائنگ کا طالب علم بہترین تصویر بنانے میں منہمک رہتا ہے اور اپنی کوشش میں کامیاب ہوکر اپنی بنائی ہوئی تصویر کو اصل سے بالکل مطابق پاتا ہے تو اس کو جو حقیقی مسرت حاصل ہوتی ہے وہ اس حد اور اندازہ سے کہیں سوا ہے جو کسی کروڑپتی انسان کو محض دولت کی ترقی و فراوانی سے حاصل ہوسکتی ہے اس کی بھی مسرت اس کے لئے حوصلہ افزا ثابت ہوتی ہے۔ حقیقی مسرت جیسی بے اختیارانہ طور پر اس فن لطیف کے ذریعہ بارہا حاصل ہوتی ہے کسی اور فن کے ذریعہ نہیں ہوتی۔ ڈرائنگ سے نظر میں مرکزیت اور ہاتھ میں قوت عمل پیدا ہوتی ہے۔ یہی وہ آلہ ہے جس کے حاصل ہونے کے بعد انسان افلاس و محتاجی کے خاردار درخت کا استعمال کرسکتا ہے اور حقیقی مسرت و شادمانی حاصل کرسکتا ہے۔

طریقۂ تعلیم ڈرائنگ

موجودہ طریقۂ تعلیم اس موقع پر اگر موجودہ طریقۂ تعلیم ڈرائینگ کے نسبت کچھ عرض کیا جائے جو تجربہ اور مشاہدہ پر مبنی ہے تو غالباً بیجا نہ ہوگا۔ اس سے کسی پر اعتراض مدنظر نہیں ہے بلکہ مقصد اصلاح کار ہے۔

عموماً دیکھا گیا ہے کہ ڈرائینگ ماسٹر صاحبان معمولی ہدایت کے ساتھ کسی ایک نقشہ یا تصویر یا مطبوعہ ڈرائینگ وغیرہ کو لے کر طلبار کے سامنے رکھ دیتے ہیں اور ان کو ہدایت دیتے ہیں کہ وہ اس کی نقل یا تصویر اتاریں۔ دوران تعلیم میں ماسٹر صاحب کرسی پر بیٹھے رہتے ہیں

اور بعض شوخین لڑکے اپنی کاپیاں ماسٹر صاحب کو بتا کر ضروری اصلاح لیتے رہتے ہیں باقی لڑکے بہت کم دلچسپی لیتے ہیں سادی آڑی ٹیڑھی لکیریں کھینچتے رہتے ہیں یا ڈرائینگ کاپی کے آڑ میں اپنا ہوم ورک یا سبق یاد کرتے رہتے ہیں اسی کا نام فری ہینڈ ڈرائینگ ہے اگر سبق ماڈل ڈرائینگ ہو تو اکثر دیکھا گیا ہے کہ کمرہ اور آلات و ماڈلس وغیرہ نہایت غیر موزوں و بے ڈھنگے و بیکار ہوتے ہیں۔ طلبا ایک دوسرے کے پیچھے بیٹھے رہتے ہیں صرف سامنے کے چند طلبا ماڈلس کو بخوبی دیکھ سکتے ہیں۔ حالانکہ جملہ طلبا کی نشست ایسی ہونی چاہیئے کہ ہر طالب علم کو ماڈل کا کوئی نہ کوئی رخ بخوبی نظر آسکے۔ طلبا کو ان ماڈل کی شکلیں بتانے کی تاکید کی جاتی ہے لیکن اس کے بتانے کو معمولی اصول و قواعد نہیں سمجھائے جاتے جن سے اکثر یہ مدرسین خود ہی لاعلم ہوتے ہیں یا ان کو بھولے ہوئے ہوتے ہیں۔ اصل اصول ماڈل ڈرائینگ کا یہ ہے کہ ایسی شکلیں فطرتی طور پر دنیا کے مناظر قدرت میں پائی جاتی ہیں اور ان سے استفادہ کرنے اور ان کو سمجھنے کی اہلیت ماڈل ڈرائینگ سے پیدا ہو جاتی ہے۔ علاوہ ازیں جامٹریکل ماڈل ڈرائینگ کی مدد سے اکثر پیچیدہ عبارتی سوالات ایسے ماڈل کے متعلق حل ہو سکتے ہیں بہت کم مدارس میں فری آرم بلک لورڈ ڈرائینگ۔ اور کلرنگ۔ برش ورک کی تعلیم دیجاتی ہے اور جہاں ہوتی ہے وہاں بلا سمجھے بوجھے اس کی تعلیم ہوتی ہے جس کی وجہ سے بچے تعلیم ڈرائینگ کو محض تضیع اوقات سمجھتے ہیں۔ ملک سرکار عالی کے اکثر مدارس میں ڈرائینگ محض نقل کے طور پر سکھائی جاتی ہے اس کے حقیقی مقصد و فوائد کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ بچوں کی دماغی نشو و نما۔ قوت مشاہدہ کی ترقی ہر قسم کی خوبصورتی کا احساس اور غور و خوض کی عادت ڈالنے کا بہت کم خیال کیا جاتا ہے اور بچوں کے طبعی رجحان سے انکی آئندہ زندگی یا اس کے فطری لگاؤ کے نسبت کوئی نتیجہ اخذ نہیں کیا جاتا۔

تعلیم تعلیم ڈرائینگ کو اساسی اور ابتدائی تعلیم کا اہم ذریعہ سمجھا گیا ہے اس اہمیت کے مدنظر معلم **مجوزہ طریقہ تعلیم** ڈرائینگ کو امور ذیل کا ہر وقت لحاظ رکھنا چاہیئے۔

(۱) ڈرائینگ سکھانے کے لئے طلبا کی مناسبت سے مقام تجویز کیا جاسے جس میں ہوا اور روشنی کا کافی انتظام رہے چونکہ طلبا دیگر مضامین کی بہ نسبت ڈرائینگ میں زیادہ دیر منہمک رہتے ہیں اور خصوصاً امتحان میں شریک ہونے والے طلبا مدرسہ کے وقت کے بعد بھی اکثر مشق کرتے رہتے ہیں اس لئے مقام نشست مرطوب ہونے اور صاف نہ ہونے سے ان کی صحت پر برا اثر پڑنے کا اندیشہ ہے جس کا ازالہ لازمی ہے۔

(۲) طلبا کی نشست کا کافی لحاظ رکھنا چاہیئے تاکہ دیر تک پڑھنے سے ان کے کسی حصہ جسم

پر زیادہ بار نہ پڑے تاکہ دوران خون رک کر خرابی صحت کا باعث نہ ہو۔ ماڈل ڈرائینگ کی تعلیم کے وقت نشست طلبا ایک ایسی نصف دائرہ کی شکل میں ہونی چاہیئے کہ جس سے تمام طلبا ماڈل کے کسی نہ کسی رخ کو باسانی دیکھ سکیں۔

(۳) ہمہ قسم کے ماڈل اصولی نمونہ جات۔ خاکے۔ نقشے اصلی اشیا پورے اور ڈرائینگ کا ضروری سامان مہیا رکھنا چاہیئے جنمیں سے اکثر اشیاء و نمونہ ڈرائینگ ماسٹر صاحبان خود ذرا سی محنت سے تیار کر سکتے ہیں۔

(۴) مقاصد ڈرائینگ کے تحت طلبہ کی تفہیم اور نگہداشت ایسی شفقت و ہمدردی کے ساتھ کی جائے کہ طلبا پر گران نہ گزرے۔ اور ڈرائینگ سے ان کو دلچسپی پیدا ہو اور ان کا فطری شوق مزید ترقی کرے۔

(۵) طلبا کی غلطیوں کی اصلاح نہایت ہمدردی و احتیاط اور صحت کے ساتھ اس حد تک کی جائے جو ان کی عمر اور مذاق یا جماعت کے مطابق ہو۔

(۶) اشکال کی نقل کے لئے طلبا کو ڈرائینگ کاپی ایسے کاغذ کی دیجائے جس پر سے پنسل کے خطوط باسانی مٹ سکیں اور کاغذ میں دھبے نہ پڑنے پائیں۔

(۷) پنسل متوسط سرمہ کی ہونا چاہیئے سرمئی حصہ نہ زیادہ سخت نہ زیادہ نرم تاکہ کاغذ پر خط ہلکے کھنچیں اور ربڑ بھی اس قسم کی ہو کہ ذرا سی رگڑ سے خطوط مٹ جائیں اور کاغذ گھسنے نہ پائے اور اگر رنگ کیا جائے تو پھیل نہ سکے۔ پنسل کو لب سے مسلسل تر کرنے کی خاص کر ممانعت کی جائے یہ نہایت مذموم و مضر صحت عادت ہے۔

(۸) کل جماعت کے لئے بورڈ پر ایک ہی شکل اکثر نہ بنائی جائے بلکہ مختلف مقامات پر مختلف نمونے رکھے جائیں یا ایک ہی بورڈ پر مختلف شکلیں بنا دی جائیں تاکہ طلبا اپنے اپنے مذاق کے بموجب نقل اتاریں اس طریقہ تعلیم سے یہ فائدہ ہوگا کہ طلبا کو اپنے طبعی رجحان کے مطابق عمل کرنے کا موقع ملے گا اور معلم طلبا کے طبعی میلان سے واقف ہو سکے گا جو تعلیم ڈرائینگ کا حقیقی مقصد ہے طالب علم کا ذوق دریافت ہونے کے بعد اس کے مذاق کا لحاظ رکھا جائے تو یقیناً اس میں اپنے فطرتی جذبات بخوبی ادا کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جائے گی یہی عمل درآمد طلبا کو مہارت اور تکمیل کا شوق دلاتا ہے ایسی صورت میں طلبا خاطر خواہ دلچسپی لیں گے۔ جس سے عملی جذبہ بھی ترقی پاتا رہے گا۔

(۹) کبھی طلبا کو بلا قید خاکہ و نمونہ اپنے مشاہدے اور شوق کے تحت اشکال بنانے کی

ہدایت کرے اور کبھی غلط شکل بورڈ پر کھینچ کر صحیح شکل اتارنے کی ہدایت دی جائے تاکہ طلبا اپنے معلومات اور مشاہدے کے ذریعہ غلطیوں کی اصلاح بھی کر سکیں اس طریق تعلیم سے طلبا کو حسب خواہش عمل کرنے کی عادت بھی ہوگی اور امتیاز کی صلاحیت بھی پیدا ہوتی جائے گی اس کے علاوہ معلم کو طلبا کی ذہنیت کا بھی علم ہوتا جائے گا۔

(۱۰) طلبا کو وقت کی مناسبت سے اشکال نقل کے لئے دی جائیں تاکہ وقت کے اندر نقل کی جا سکے اور اسی عرصہ میں تفہیم و صحت بھی ممکن ہو۔

(۱۱) طلبا کے مذاق کی مناسبت سے ایسی آسان شکل دی جانی چاہیئے جس کی نقل بآسانی ہو سکے اور تفہیم دلچسپ و موثر الفاظ میں ہو کہ طلبا سمجھ جائیں اور نقل کرنے کا ان کو حوصلہ ہو نقل کا نتیجہ طلبا کے لئے مسرت بخش ہونا چاہیئے اس وجہ سے کہ نقل جس قدر اصل کے مشابہ ہوگی اسی قدر طلبہ کو اپنی کامیابی کا یقین اور مسرت ہوگی ورنہ ڈرائینگ ان کے دماغی بار کو ہلکا کرنے کے بجائے بارگراں ہو جائے گی ایسی صورت میں ان کا شوق بجائے ترقی پانے کے گھٹتا جائے گا۔

(۱۲) طلبا کو جس نمونہ کا مشاہدہ کرایا جائے اس کی مجموعی حالت قد و قامت۔ جسامت کا تناسب۔ رنگ اور اشیاء کا تصور عام فہم الفاظ میں دلانا چاہیئے تاکہ نمونہ کی مختلف اور ضروری کیفیات طلبا کے ذہن نشیں ہو جائیں۔

(۱۳) رنگ کے اقسام اور ان کی آمیزش کا اصول برش کی گرفت اور رنگ کا استعمال اصولی طور پر سمجھایا جائے اور ایک بار نمونتاً بتا کر پھر خود انسے بنوایا جائے۔

(۱۴) پنسل کی گرفت ہلکی رکھنے کی نسبت ہدایت کی جانی چاہیئے اور صحیح گرفت کی عادت ہونے تک طلبا کی مسلسل تفہیم کی جایا کرے۔ چھوٹی چھوٹی اور خراب پنسلیں استعمال نہ کرنے کی مسلسل تاکید کی جایا کرے اور اس کی کافی نگرانی رکھیں

(۱۵) نشست میں طلبا کو عادی کرایا جائے کہ وہ ڈرائینگ کے وقت اپنا سینہ اور کندھے میز کے متوازی رکھیں اور میز پر جھک نہ جائیں۔ سیدھے بیٹھا کریں ڈرائینگ بورڈ میز کے وسط میں رکھے جائیں۔

(۱۶) ڈرائینگ کرتے کے وقت طلبا کو میز پر کہنی نہ ٹیکنے اور صرف کلائی گھما کر کام کرنے کی ہدایت کی جائے اور جب عادت ہونے تک نگرانی رکھی جائے ہاتھوں کو میز پر پھیلا کر کام کرنا چاہیئے اور ڈرائینگ کرتے وقت پیروں کو سیدھا رکھنا چاہیئے بل دے کر ایک پیر دوسرے پیر پر نہ رکھنا چاہیئے

اور نہ میز یا اسٹول کے پایہ کے گرد لپیٹنا چاہیئے کسی طالب علم کو تختہ سیاہ کے بالکل قریب کھڑے ہونے کی اجازت نہ دینا چاہیئے۔

(۱۷) پنسل یا برش کا طول اس قدر ہو کہ استعمال کے وقت وہ ہتھیلی کے اندر نہ رہ جائے یعنی کم از کم پانچ یا چھ انچ ہو ورنہ بصارت پر مضر اثر پڑنے کا اندیشہ ہے۔

(۱۸) کاپی اور سلیٹ بھی میز کے متوازی رکھی جائے اور ڈرائنگ کرتے وقت کاپی یا سلیٹ کو گھمایا نہ جائے۔

(۱۹) پہلے خاکہ بنانے کا اصول سکھایا جائے اور پھر اس کو مکمل کرنے کا طریقہ تاکہ ڈرائنگ سیکھنا بچوں کو آسان ہو۔ توضیح ایسے الفاظ میں کی جائے جو مختصر، آسان اور زود فہم ہوں۔

(۲۰) سیمٹریکل اشکال بنانی ہوں تو پہلے بیچ کی لکیر کھینچیں اور اس کے بعد بائیں جانب سے شکل شروع کی جائے اور جس وضع کا خط اس جانب بنائیں ساتھ ہی سیدھے جانب اس کا جواب بنایا جائے علی خطوط جو امدادی طور پر کھینچے جائیں گے اور اصلی خطوط جو شکل کو ظاہر کریں گے ہلکے بنائیں جائیں تاکہ مٹنے میں آسانی ہو۔

(۲۱) نیچر ڈرائینگ میں پہلے بڑی ڈنڈی پھر پتوں کے ڈنٹھل اور پھول کا خاکہ بنائیں اس کے بعد احتیاط سے ہر ایک شکل مکمل کرنا چاہیئے اگر رنگ کرنا ہو تو رنگ ملا کر اول علیحدہ ایک کاغذ پر اس کا ایک نمونہ دیکھ لیا جائے اس کے بعد اصل ڈرائینگ کی رنگ آمیزی کرنا چاہیئے۔

(۲۲) میوے یا جانوروں کی شکلیں بورڈ پر بنا کر ان کے نام اور دیگر کیفیات طلباء سے دریافت کی جائیں اور مشابہ اشیاء کا تصور دلایا جائے تاکہ وہ دو مشابہ اشیاء کا فرق ذہن نشیں کر سکیں۔

(۲۳) چپٹی مخروطی گول مستطیل بیضوی مثلث وغیرہ ہندسی اشکال کی تفہیم نمونوں۔ ترکاریوں پھولوں کی مطابقت اور مشاہدے کے ذریعہ کرائی جائے تاکہ طلباء ہندسی اشکال کو خطوط ہی کی حد تک محدود نہ کریں بلکہ ان کی ضرورت و فائدہ بھی سمجھ سکیں۔

(۲۴) ہدایتوں سے اصلی اشیاء کا مشاہدہ کرانے کے بعد مشاہدہ کی ہوئی شکل کی نقل کھنچوائی جائے تاکہ ابتداء ہی سے اصل شئے کے مشاہدہ کا ان کو شوق پیدا ہو جو مشاہدہ قدرت کا ابتدائی زینہ ہے۔

(۲۵) ابتداً خطوط کی صحت پر زیادہ زور دینا مناسب نہیں کیونکہ مبتدی صحیح خطوط نہیں کھینچتا اس لئے صرف دی ہوئی شکل کی شبیہ نقل میں آنا کافی ہے جب طلباء میں ڈرائینگ کی صلاحیت و ذوق ایک حد تک پیدا ہو جائے تو صلاحیت کے لحاظ سے خطوط کی صحت اور مطابقت کی طرف توجہ کیجائے

اس کے بعد مہارت کے بموجب لائیٹ۔ شیڈ اور رنگ بھرنا سکھایا جائے۔

(۲۶) طلباء کی مہارت اور جماعت کے لحاظ سے مختلف اونارول اور آلات کی ڈرائینگ بتائی جاسکتی ہے۔ جو مختلف شعبوں سے تعلق رکھتے ہوں یعنی زراعت کے آلات۔ تعمیری آلات۔ طباعت صحافی۔ نجاری وغیرہ فنون کے آلات تاکہ طلباء کو آلات سے واقفیت حاصل ہو۔

(۲۷) پرندوں۔ بری و بحری جانوروں۔ دلچسپ مناظر مشہور مقامات کی رنگین تصویریں نمونے اور مجسمے مہیا کئے جائیں تاکہ بچوں کو وسیع معلومات عامہ حاصل ہوں لیکن ملکی پیداوار اور خصوصیات کا لحاظ رکھا جائے تو نہایت مناسب اور مفید ہوگا۔

(۲۸) اساتذہ صاحبان کو بھی ضروری اسباق کی تشریح بورڈ پر اسکال کے ذریعہ کرنی چاہئے تاکہ سبق جلد ذہن نشیں ہوجائے۔

(۲۹) ڈرائنگ کے ایسے نمونے جو طلباء کی اصول مہارت کا ثبوت ہوں محفوظ رکھے جائیں تاکہ نمائش گاہ میں پیش کئے جاسکیں۔

ڈرائینگ کا تعلق دیگر مضامین کیساتھ اساتذہ صاحبان کو اس جانب کافی توجہ کرنے کی سخت ضرورت ہے۔

ڈرائینگ کا تعلق ادب اردو یا دیگر ملکی السنہ اردو ادب کے مقاصد جس طرح الفاظ و عبارت کی صحت عربی۔ فارسی و تلنگی وغیرہ سے اور مافی الضمیر کو خوش اسلوبی کے ساتھ ادا کرنا ہے اسی طرح تحریر میں قوت کا پیدا کرنا بھی اس کے مقاصد میں داخل ہے۔ الفاظ کی نشست اگر مخاطب پر اثر ڈالنے کے لئے ایک ضروری چیز ہے تو تحریر میں کتابت کی خوبصورتی بھی ناظرین کے رجحانات کو جذب کرنے کے لئے لازمی ہے اور یہ صنعت ڈرائنگ کے اصول سے کہلا ہوا تعلق رکھتی ہے۔

اردو ادبیات اکثر و بیشتر محسوسات کے بیانات پر مشتمل ہوتی ہیں شہروں۔ دریاؤں جنگلوں پہاڑوں وغیرہ کے تذکروں سے بحیثیات مختلفہ پُر اور لبریز ہیں اور بعض اوقات اس امر کی ضرورت دعا ہوتی ہے کہ نقشہ کھینچکر اس کا صحیح تصور طلباء کو کرایا جائے جو ڈرائنگ کی واقفیت پر موقوف ہے موصوفہ درسیات ادبیہ میں اکثر مختلف اشیاء کی اسکال بھی دی جاتی ہیں ان کے حسن و قبح پر روشنی ڈالنے کے لئے بھی ڈرائنگ کے اصول سے واقفیت من قبیل واجبات ہے اس سے طلباء میں دلچسپی پیدا ہونے کے علاوہ فہم مطالب میں بھی کافی مدد ملتی ہے۔

ڈرائینگ جو مناظر قدرت کی نقل ہے ان اصل مناظر کی جانب ہماری رہنمائی کرتی ہے جن کا

ذکر اردو ادب کی کتابوں میں موجود ہے اور اسی طرح دلوں میں قدرت کی عظمت و شان پیدا کر دیتی ہے قدیم زمانے کی کتب میں بھی اس کا پتہ چلتا ہے کہ ادبی تعلیم کو نقشہ کشی سے کچھ نہ کچھ تعلق رہتا تھا اور قدیم زمانہ کی ادبی کتب بالتصویر ہوتی تھیں جو اب زمانہ حال میں معدوم ہیں۔

عربی کی تعلیم میں بھی ڈرائنگ سے مدد لی جا سکتی ہے فن ادب خواہ کسی زبان کا ہو ایک بحر ذخار ہے جہاں اس میں تخیلات و جذبات مذکور ہوتے ہیں محسوسات بھی آتے ہیں حیوانات و نباتات جو ملکی خصوصیات رکھتے ہیں ان کا تصور طلبہ کے ذہن میں ڈرائنگ ہی کے ذریعہ سے کرایا جا سکتا ہے۔

فارسی ادب کے قصص و حکایات ذہن نشین کرانے کے لئے برموقع ڈرائینگ سے مدد لی جائے تو واقعات دل نشیں ہو جاتے ہیں مثلاً عمر خیام کی بادہ پیمائی اور مئے نوشی کا سامان (جام۔ صراحی۔ ساقی۔ کباب وغیرہ) کسی شاداب سبزہ زار میں ایک دلکش نہر کے کنارے ڈرائنگ ہی کے ذریعہ نمایاں کئے جا سکتے ہیں۔ قدیم فارسی کتب میں اشعار کے ساتھ ڈرائنگ کے ذریعہ اشکال بھی دی ہوئی ہیں مثلاً "پیش بہ بر مزار ما غریباں نے چراغ و نے گلے۔ نے پر پروانہ سوزد نے صدائے بلبلے" فارسی ادب میں تخیلات درجہ کمال کے ساتھ ظاہر کئے گئے ہیں خصوصاً تغزل کی جان تخیلات ہی ہیں اس کا ثبوت اس طرح ملتا ہے کہ لیلیٰ کی یاد میں مجنوں کی محویت کا اثر چغتائی صاحب کی ڈرائنگ دیکھنے پر موقوف ہے

سائنس۔ چونکہ سائنس اظہار و توضیح کا محتاج ہے اس لئے توضیح و تشریح کے لئے ڈرائنگ بنانا پڑتی ہے۔ ورنہ نفس مضمون مبہم رہ جائے گا۔ مثلاً آکسیجن کی تیاری۔ اگر طالب علم آلہ کی شکل بنا کر ہر جز کا نام تیزوں کے نشانات کیساتھ لکھ دے۔ اور ایک دفعہ غور سے سمجھ جائے تو وہ خود محسوس کرے گا کہ ڈرائنگ کی کس قدر ضرورت ہے۔ اسی نقطۂ نظر کے تحت طبیعات۔ کیمیا وغیرہ مضامین میں بھی مطالب کو پورا پورا ظاہر کرنے۔ تجربات دکھانے اور آلات کی ترتیب ڈرائنگ کے بغیر ناممکن ہے خوردبین کے ذریعہ جو بھی جدید انکشافات ہوتے ہیں ان کا اظہار ڈرائنگ ہی کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔ تحریر سے حقیقی کیفیت کا اظہار جہاں ناممکن ہوتا ہے وہاں ڈرائنگ سے مدد لی جاتی ہے ورنہ مقصد کی کما حقہ تکمیل نہیں ہوتی۔

حفظان صحت۔ اس کو اچھی طرح سے حفظان صحت سے وابستہ کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً یہ کہ حفظان صحت میں جس وقت جسم انسانی کا ذکر آئے انسانی ڈھانچہ اتروایا جا سکتا ہے یا جب مکانات تالاب وغیرہ کا بیان آئے تو ان کے نقشے کھنچوائے جا سکتے ہیں۔

ریاضی۔ کسی اور مضمون کا تعلق ریاضی سے اتنا زیادہ نہیں ہے جتنا ڈرائنگ کا ہے ریاضی کے تمام شعبوں۔ مثلاً حساب۔ الجبرا۔ تربیعات۔ علم ہندسہ مساحت وغیرہ میں ڈرائینگ کی ضرورت پڑتی ہے

علم ہندسہ کے وہ مسائل جو مجسمات کے متعلق ہوتے ہیں اچھی طرح اسی وقت سمجھائے جا سکتے ہیں جب کہ ڈرائنگ سے امداد لی جائے۔ اسی طرح مساحت میں بھی مجسمات کے سوالات کی تفہیم میں ڈرائنگ مدد معاون ہوتی ہے۔ نفسیاتی نقطۂ نظر سے اگر دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ ریاضی کے تمام شعبوں کا مقصد ذہنی تصورات کا صحیح اندازہ اور اپنے تصورات کے مختلف جذبات کے تعلقات کی ٹھیک ٹھیک دلیل اور معقول پیمایش ہے یا پھر عام مشاہدات زندگی یا قوانین قدرت پر غور کرنے کے بعد ان کے پوشیدہ اصولوں کو اخذ کرنا ہے جس سے صاف ظاہر ہے کہ ریاضی کی تعلیم ادھوری بلکہ ایک حد تک ناممکن ہو جاتی ہے اگر بچہ قوت متصورہ میں کمزور ہو۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے بچے علم الریاضی کی باریکیاں اور دقتوں کو سمجھیں گے تو ہمیں ابتدائی جماعتوں کی تعلیم کا بہت بڑا وقت تعلیم ڈرائنگ ہی میں صرف کرنا چاہیئے۔ خطوط و سطوح وغیرہ کی ابتدائی پیمایش وغیرہ اور مختلف قسم کی چیزوں کی تصویریں کھینچوا کر بچے کی قوت متصورہ کو عملی طور پر ترتیب دیا جائے اور اس کے بعد پھر اس کو ریاضی کے تخیلی میدان میں چھوڑ دیا جائے تو وہ بھٹکا ہوا مارا مارا نہیں پھرے گا۔ بلکہ اس کا ہر قدم ایسے اٹھیگا گویا کہ اس کے سامنے ایک خاص مقصد ہے۔ چھوٹے چھوٹے بچوں کو ایسے عملی عبارتی سوالات جن میں کسی باغ کے اندر درخت اور پھر درختوں کی قطاریں اور ہر قطار میں درختوں کی تعداد وغیرہ یا اس قسم کے اور سوالات کرائے جاتے ہیں جن کا صحیح تصور ایک چھوٹے بچے کے چھوٹے دماغ میں آنا بہت مشکل ہے تاوقتیکہ اس کے دماغ میں تصوری شکلوں اور ذہنی آثار کو قایم کرنے کی صلاحیت ڈرائنگ کے ذریعہ پیدا نہ کر دی گئی ہو۔ سکہ جات۔ پیمایش اور وزن وغیرہ کے عبارتی سوالات اگر عملی طور پر کر دیئے جائیں تو اس سے بہت زیادہ مفید نتائج مترتب ہو سکتے ہیں الغرض ریاضی و ڈرائنگ کا فطرتی تعلق ہے اور ان دونوں کے تعلیم کا مقصد بھی ایک حد تک ایک ہی ہے علم المساحت۔ ہندسہ وغیرہ میں تو اس کا استعمال لازمی ہے بلکہ یوں کہنا چاہیئے کہ یہ ریاضی کا ایک جزو لاینفک ہے عملی علم ہندسہ خود اصلی تعلیم ڈرائنگ کا ایک اہم جز ہے۔

جغرافیہ تعلیم ڈرائنگ و تعلیم جغرافیہ کے درمیان قریبی تعلق ہے جغرافیائی نقشہ کشی ایک قسم کی فری ہینڈ ڈرائنگ ہے۔ طبعی جغرافیہ کی تعلیم میں اشکال کے ذریعہ وضاحت کی جا سکتی ہے مثلاً نظام شمسی۔ نظام قمری تبادلہ موسم وغیرہ کا تصور ڈرائنگ کے ذریعہ دلایا جا سکتا ہے سیاسی جغرافیہ میں بغیر نقشہ کے تعلیم محال ہے اس لئے کہ اس کے ذریعہ مقامات حدود طبعی حالات وغیرہ کا صحیح تصور دلایا جا سکتا ہے۔ دنیا کے قدرتی اقطاع اور وہاں کے باشندوں کی بود و باش اور معاشرت کا تصور ڈرائنگ کے ذریعہ دلایا جا سکتا ہے مثلاً۔ ٹنڈرا یا ریگستانی علاقہ کے باشندوں کا تمدن۔

طلباء کو طبعی حالات ملک اور زمین کی نوعیت کے متعلق معلومات بہم پہونچانے کے بعد ماڈل تیار کیا جاسکتا ہے اور طلباء سے اسی نوعیت کے نقشے مختلف رنگوں سے اور کھنچوائے جاسکتے ہیں جغرافیہ کی تعلیم ایک زمانہ میں نہایت مشکل۔ دقیق اور خشک سمجھی جاتی تھی لیکن اب ڈرائنگ کے نقشہ کشی کی مدد سے نہایت آسان، دلچسپ و باعث فرحت و دلبستگی اور موجب وسعت معلومات بن گئی ہے۔

تاریخ۔ تعلیم تاریخ کا تعلق ڈرائنگ کی تعلیم کے ساتھ نہایت قریبی ہے تعلیم تاریخ سے اسی وقت کامل استفادہ کیا جاسکتا ہے جب کہ ڈرائنگ کی اعانت حاصل کی جائے اس کے حسب ذیل طریقے ہیں۔

(۱) نقشہ کشی۔ حدود سلطنت اہم تاریخی مقامات کو نقشہ کشی کے ذریعہ واضح کیا جاسکتا ہے۔ فاصلہ اور اسمات کا تصور اور بادشاہوں کے حدود سلطنت کا مقابلہ صرف نقشہ سے واضح ہوسکتا ہے محض بیان سے تفہیم نہیں ہوسکتی اسی طرح بادشاہ کے فتوحات کا تسلسل یا لڑائی کا نقشہ واضح کیا جاسکتا ہے۔

(۲) تاریخ کے اسباق کو دلچسپ بنانے کے لئے سکون مساجد اور قدیم عمارات وغیرہ کے کتبات بتلائے جاسکتے ہیں سکون کا فراہم کرنا یا اوں کی تصاویر جمع کرنا بالخصوص دور ہنود کے نہایت مشکل ہے اس لئے یہ ہوسکے تو سکون اور کتبات کو کاغذ پر منقوش کرنا چاہیئے اور اس کی مطبوعہ نقلیں طلبار کو بتلائی جائیں تو بے حد سہولت ہوسکتی ہے۔ عربی جاننے والے طلبار کے لئے کتبات کی نقل دلچسپ نہایت ہوئی ہے۔

(۳) تعلیم تاریخ کے وقت چھوٹی جماعتوں میں ڈرائنگ کے لئے متعدد مواقع ہیں۔ مثلاً اگر کسی جنگ کا ذکر ہو تو اوزار اور آلات جو اس عہد میں استعمال کئے جاتے ہیں تختہ سیاہ پر بتلائے جاسکتے ہیں یا ان کے کاغذ کے نمونہ بنا کر طلبہ کو دیئے جاسکتے ہیں ڈرائنگ کا علم ایسی صورتوں میں بھی مفید ہوگا اسی طرح قدیم عمارات اور بادشاہوں کو بھی کہیں کبھی نقشہ کے ذریعہ دکھلایا جاسکتا ہے یا کسی عہد میں عوام کی معاشرت اور طرز زندگی کے نقشہ کے ذریعہ مفید نکات پر روشنی ڈالی جاسکتی ہے۔

(۴) تاریخی ٹائم چارٹس کے ذریعہ وقت کے مفہوم کو نہایت خوبی سے واضح کیا جاسکتا ہے عہد ہنود کی تاریک و نامعلوم تاریخ سے عہد برطانیہ تک جہاں واقعات کا ہجوم ہے چارٹس نہایت مفید ہوسکتے ہیں۔ عہد لامرکزیت کی تاریخ اور ایسے تاریخی واقعات جن کا تعلق دوسرے ممالک سے ہو تاریخی چارٹس کے ذریعہ واضح کئے جاسکتے ہیں۔

ڈرائنگ کا تعلق انگریزی ادب سے انگریزی کی تعلیم میں ڈرائنگ کی ضرورت یہ ہے کہ سب سے پہلے تعلیم حروف نویسی میں دینی پڑتی ہے انگریزی حروف کا صاف

صحیح بنانا ایک نہایت ضروری بات ہے خط برا ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ لوگ اس طرف کم توجہ کرتے ہیں اچھے خیالات کے لئے اچھے الفاظ کا ہونا ضروری ہے اسی طرح اس کی ظاہری شکل یعنی تحریر بھی عمدہ ہونا ضروری ہے۔ ڈرائنگ کے مدرس کو خوش خط انگریزی حروف کے سکھانے کی طرف خاص توجہ کی ضرورت ہے۔ جس کو لیٹر رائٹنگ ولیٹرنگ سے موسوم کیا جا سکتا ہے۔

انگریزی مضمون نویسی لڑکوں میں اشیاء کا تصور آنکھ کی بدولت ڈرائنگ ہی کے ذریعہ پیدا ہوتا ہے نیز مشاہدہ۔ حافظہ اور قوت استدلال کی بھی ترقی ہوتی ہے اس سے صاف ظاہر ہے کہ ڈرائنگ کی بدولت نہ صرف مضمون کے سمجھنے میں مدد ملتی ہے بلکہ انگریزی قصے۔ نظم اور پراگراف کے سمجھنے اور یاد کرنے میں بہت سہولت ہوتی ہے مدرس کے لئے اس کی ضرورت نہ صرف چھوٹی جماعتوں میں ہی ہوتی ہے بلکہ بڑی جماعتوں میں بھی اس کی ضرورت ہے تاکہ لڑکوں کا تصور درست ہو جائے اور دیکھی ہوئی چیزوں کو بیان کرنے کی قوت پیدا ہو سکے۔ تصور خیالات و واقعات کو الفاظ میں ادا کرنے کا ذریعہ ہوتی ہے وہ مدرس جو (Direct Method) کے ذریعہ تعلیم دیتا ہو اس کے لئے ایسی توضیحی تصویروں کا ہونا ضروری ہے کیونکہ یہ الفاظ کے اظہار کا مادی ذریعہ ہیں انگریزی قصہ گوئی اور مضمون نگاری میں جو ایک بہت ہی مشکل مضمون خیال کیا جاتا ہے اچھی تصویر یا تصاویر کے ذریعہ ادبی تعلیم دی جا سکتی ہے۔ لڑکوں کو تصویر دیکھ کر ان چیزوں کا حال بیان کرنا پڑتا ہے جو اسمیں دکھائی گئی ہیں اس طریقہ تعلیم سے اظہار و قوت بیانیہ کو ترقی ہوتی ہے بہ نسبت قدیم طریقہ کے جو صرف سبق کا خاکہ الفاظ میں پیش کرتا تھا جدید طریقہ اس سے کہیں بہتر ہے۔

انگریزی مضمون نگاری کے لئے پکچر کارڈس اور کتابوں سے مدد لی جا سکتی ہے صرف کارڈ اور تصاویر پر تکیہ کرنا نہیں چاہیئے بلکہ ایک ہوشیار مدرس اس اصول کی بدولت جس سے اظہار بیان کی تربیت ہوتی ہے کام لے کر ایک قصہ کے متعلق سلسلہ وار تصاویر سے کام لے سکتا ہے مثلاً ایک بیاسے کوّے کی کہانی کا خاکہ پیش۔ اسی طرح ہر ایک کہانی یا قصہ میں تصاویر یا ڈرائنگ کو مضمون نگاری کا ذریعہ بنایا جا سکتا ہے مثلاً سارس اور بھیڑیا۔ انگور کھٹے ہیں۔ بیر اور انڈور دکلس۔ اخبارات اور رسالہ جات کے لئے اہم واقعات یا تاریخی اشخاص و عمارات کی تصاویر جمع کرنا مثلاً کسی واقعہ کا افتتاح جنگ اور تاجپوشی وغیرہ۔ ہر جماعت میں ڈرائنگ بہت ہی ضروری اور کارآمد ہے اس کے ذریعہ اچھی تصویر آنکھوں کے راستے دل میں گھر کر سکتی ہے اور اس کی خاص طور سے ضرورت اس وقت ہوتی ہے جب ہم بیرونی ممالک کے حالات پڑھتے یا سناتے ہیں۔

قصہ گوئی ۔ قصہ گوئی کی تعلیم کے وقت قصہ کے مختلف حصوں کی توضیح طلباء کے سامنے بشکل تصاویر پیش کی جائے تو قصہ سننے اور واقعات قصہ کو ڈرائینگس کی صورت میں دیکھنے کا ان پر ایسا گہرا اثر ہوگا کہ وہ سنا ہوا قصہ کبھی نہیں بھولیں گے اور ان کو عمدہ تصاویر کی وجہ مزید قصے سننے کا شوق پیدا ہوگا مثلاً ایک شخص اور ترکی ٹوپیوں کی پوٹلی کا قصہ وغیرہ۔

نیچر اسٹڈی ڈرائینگ کو سبق الاشیاء سے راست طور پر متعلق کیا جاسکتا ہے ڈرائینگ میں عام طور پر پھول پتے اور جانوروں کی نقشہ کشی ہوتی ہے ان کو رنگ کرنا پڑتا ہے اور ان کے مخصوص حصوں کا اظہار بھی ضروری ہوتا ہے سبق الاشیاء میں جس وقت درختوں اور جانوروں کا بیان کیا جائے اس وقت سائنٹفک تشریح کے ساتھ اگر ان چیزوں کے حصول کے نقشے بھی اتروائے جائیں تو نہ صرف ڈرائینگ کی مشق ہوگی بلکہ متعلقہ مضمون کی جزئیات کے گہرے گہرے اور دیرپا ہوں گے سبق الاشیاء کے سبق میں مدرس پہلے تو حتی الامکان حقیقی اشیاء پیش کرنے کی کوشش کرتا ہے لیکن بعض ایسی ناگزیر صورتیں بھی پیش آتی ہیں کہ اصل اشیاء کا پیش کرنا مدرس کے لئے ناممکن ہوتا ہے ایسی صورت میں تختہ سیاہ پر ڈرائینگ ہی کے ذریعہ بیان کی توضیح کرنی پڑتی ہے اس طرح سبق الاشیاء کے مضمون کو ہم ڈرائینگ سے وابستہ کرکے دونوں میں ایک غیر محسوس طریقہ پر طلباء کی دلچسپی کو بیدار کرسکتے ہیں۔

مناظر قدرت ۔ چونکہ مطالعہ فطرت اور مشاہدہ قدرت یقین کامل حاصل کرنے کا ایک عمدہ اور بہترین وسیلہ ہے اور کسی شئے کا تناسب بغیر ڈرائینگ کے ذہن نشین نہیں ہوسکتا اس لئے اصل شئے کے مشاہدہ کے بغیر صحیح نقل یا تصویر نہیں لی جاسکتی ہے لیکن اصل شئے اگر نہ ہوسکے تو اس کا صحیح نمونہ پیش کیا جاسکتا ہے جو صرف ڈرائینگ کے ذریعہ ہی ممکن ہے اگر نمونہ بھی موجود نہ ہو تو رنگین یا عکسی مشابہ تصویر کام میں لائی جاسکتی ہے تصویر بھی نہ ہونے کی صورت میں صرف معمولی خاکہ یا تفہیم کے ذریعہ تعلیم دی جائے تو اس طرز عمل سے تعلیم کا مقصد تو حاصل ہوجائے گا البتہ مکمل تعلیم کے لئے اصل شئے فراہم ہونے کے بعد مطابقت کا تصور ضرور دلایا جائے تاکہ طلباء اصلیت کی اہمیت کو جو مشاہدہ قدرت کا حقیقی ماحصل ہے نظر انداز نہ کرسکیں۔

مینول ڈرائینگ مینول ڈرائینگ میں ہر نمونہ کی تیاری سے پہلے ڈرائینگ لازمی ہے تاکہ خاکہ کے مطابق پیمایش کی جاکر نمونہ تیار کیا جاسکے اور نمونہ کی تیاری سے قبل اس کو بخوبی سمجھایا جاسکے۔ ڈرائینگ کا تعلق مینول ٹریننگ سے ایسا ہے جس طرح لکھنے کا تعلق پڑھنے سے ہے۔

مصوری ۔ ڈرائینگ کے ذریعہ ان مختلف جذبات کا اعادہ کیا جاسکتا ہے جن کا اظہار ایک طویل

مضمون سے بھی نہیں ہوتا مصوری ڈرائنگ کا انتہائی کمال اور نمونۂ اثر ہے جو خیالات کی یکسوئی کا نتیجہ ہے تصاویر اور سین سنیری کے ذریعہ کائنات کے لطائف واضح ہو سکتے ہیں اور گھر بیٹھے مناظر قدرت کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے لیکن کسی واقعہ یا منظر کی کیسی ہی تصویر الفاظ میں کھینچنے کی کوشش کی جائے وہ مصوری یا ڈرائنگ کے رتبہ کو نہیں پہونچ سکتی۔

قدیم مصوری ہندی قدیم مصوری کے اعلیٰ نمونے ایجنٹہ۔ ایلورہ کے غاروں اور ورنگل۔ نلگنڈہ کے دیولوں وغیرہ میں اپنے ان صناعوں اور مصوروں کی یاد دلاتے ہیں جنہوں نے اپنی بے مثال دستکاری اور رنگ آمیزیوں سے گزشتہ ہزاروں سال کے واقعات کو زندہ جاوید اور محفوظ کر دیا ہے۔ اسلامی دور ترقی سے نہ صرف صنعت طغرانویسی و نقاشی اور خطاطی کو معراج کمال پر پہونچایا بلکہ ایسا نقش و نگار چھوڑا کہ یادگار زمانہ بن کر ہنوز سبق آموز ہیں۔ گزشتہ واقعات کی تصاویر جیسی موثر ثابت ہوتی ہیں الفاظ وہ اثر پیدا نہیں کر سکتے۔ ڈرائنگ اور مصوری میں ایسی وسعت موجود ہے کہ ان کے ذریعہ سے ایک دنیا نظر کے سامنے پیش کی جا سکتی ہے۔

دیگر سررشتہ جات۔ مذکورۂ بالا مضامین کے علاوہ انجنیرنگ۔ ڈاکٹری صنعت و حرفت تعمیرات زراعت۔ جنگلات۔ تجارت وغیرہ سررشتہ جات میں بھی ڈرائنگ کی ضرورت داعی ہوتی ہے۔

نصاب تعلیم ڈرائنگ

جدید نصاب ڈرائنگ جماعتواری جو آغاز سال تعلیمی ۱۳۴۰ف سے جاری کیا گیا ہے درج ذیل ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ نصاب نہایت کامل غور و خوض کے بعد بنایا گیا ہے لیکن تفصیل نہیں ہے عنوانات مذکرہ کی مزید تفصیل کی ضرورت ہے تاکہ ڈرائنگ ماسٹر صاحبان کے لئے باعث ہدایت و سہولت تعمیل ہو جیسا کہ دستی مشاغل کا تفصیلی نصاب ضمیمہ نصاب میں دے دیا گیا ہے۔

جماعت اول رکھلے بازو اور بلا آلات کی نقشہ کشی۔ رنگین کھریا سے نقشہ کشی۔ (بیضوی شکلوں کی مدد سے)

جماعت دوم۔ کھلے بازو اور بلا آلات کی نقشہ کشی۔ رنگین کھریا سے نقشہ کشی۔ تیلوں کی نقشہ کشی (نسبتاً مشکل بیضوی شکل کی مدد سے) پیمانے کی مدد سے نقشہ کشی۔

جماعت سوم۔ نسبتاً مشکل اشیاء کی پنسل سے نقشہ کشی۔ تیلوں کی نقشہ کشی

اور برش کا کام۔ آسان قدرتی اشیاء کی ڈرائنگ۔

جماعت چہارم۔ بے جان اشیاء کی نقشہ کشی۔ تیلوں کی نقشہ کشی
(زیادہ مشکل اشیاء) برش کا کام (قدرے مشکل) ذہنی نقشہ کشی۔

جماعت پنجم۔ بے جان اشیاء کی نقشہ کشی (معمولی ترکاریوں اور عام اشیاء کے خاکے اتارے جائیں) پیمانہ کی ڈرائنگ۔ آسان اشیاء کے خاکے اتارنا ذہنی نقشہ کشی (ان اشیاء کی جن کی مثالی نقشہ کشی کی گئی ہو) برش کی نقشہ کشی۔ بلا آلات کی نقشہ کشی۔

جماعت ششم۔ بے جان اشیاء کی نقشہ کشی (تشتریاں پیالے وغیرہ) پیمانہ اور نمونہ کی نقشہ کشی جو مساوی الاضلاع مثلث پر مبنی ہو ذہنی نقشہ کشی برش کی نقشہ کشی۔ بلا آلات کی نقشہ کشی (نسبتاً مشکل اشیاء کی) تناسب کی وضعیں (DESIGN) اور کشیدہ کی وضعیں

جماعت ہفتم۔ بے جان اشیاء کی نقشہ کشی (آسان نمونوں) Models معہ Light & Shade کی نقشہ کشی کی اس جماعت سے ابتدا کی جائے) زیادہ مشکل اشکال کے پیمانہ اور نمونہ کی نقشہ کشی۔

ذہنی نقشہ کشی۔ برش کی نقشہ کشی۔ کتاب درسی کی کہانیوں کی تصاویر کی بلا آلات کی نقشہ کشی آسان جغرافیائی نقشہ کشی Map Drawing مناظر قدرت کی نقشہ کشی اور رنگ سازی

جماعت ہشتم۔ میقات اول۔ فلاٹ ڈرائنگ۔ جامٹریکل ڈرائنگ۔ جامٹری آئی۔ ایچ موریل پرابلم اسے سوتک میموری ڈرائنگ۔

میقات دوم۔ ماڈل ڈرائنگ۔

جماعت نہم۔ میقات اول۔ فری ہینڈ اور ماڈل ڈرائنگ (بالترتیب) آٹھویں جماعت سے مشکل شکلیں۔ جامٹریکل ڈرائنگ مسئلہ علی (۱۰۰ سے ۲۰۰ تک)

میقات دوم۔ نیچر ڈرائنگ اور رنگ کاری۔

جماعت دہم۔ میقات اول۔ فری ہینڈ ڈرائنگ نسبتاً مشکل جماعت نہم سے۔ جامٹریکل ڈرائنگ اور مکانیکل میشرمنٹ مسئلہ علی (۲۰۰ سے ۲۲۳ تک)

میقات دوم۔ اعادہ جماعت ہشتم و نہم و میقات گزشتہ۔

افسوس ہے کہ اردو میں فن ڈرائنگ کی بہت کم کتابیں موجود ہیں حالانکہ انگریزی میں اس مضمون پر کافی مواد موجود ہے اس کی سخت ضرورت ہے کہ ہمدردان قوم و ملک و محبان تعلیم اس جانب فوری

توجہ فرماکر اس خامی کو جلد سے جلد دور فرمائیں

خاتمہ و نتیجہ

ہم نے تعلیم ڈرائنگ۔ اس کی ضرورت۔ طریقہ تعلیم اور اس کے مختلف پہلوؤں اور دیگر مضامین نصابی سے اس کے تعلقات اور اس کی اہمیت پر کافی غائر نظر ڈالی ہے جس سے ہمیں معلوم ہوا کہ نصاب تعلیم میں دوسرے لازمی مضامین کے مساوی تعلیم ڈرائینگ کو بھی کافی اہمیت دی جانے کی ضرورت ہے تاکہ اس کا خوشگوار اثر طلبا کی ذہنیت کو ماحول کے موافق اور اس سے متاثر کر سکے اور ان کی آئندہ زندگی کو خوش حال و کامیاب بنانے کا سبب ہو۔

خوشی کی بات ہے کہ جدید نصاب تعلیم میں اس جانب کافی توجہ کی گئی ہے اور عثمانیہ یونیورسٹی کے امتحان سے قبل درخواستہائے شرکت امتحان میں اس کی تصدیق لازمی گردانی گئی ہے کہ درخواست گزار نے نصاب تعلیم ڈرائنگ کی تکمیل کرلی ہے اس طرح سے امتحان تھرڈ فارم (جماعت ہفتم) میں بھی اس کے مقررہ نصاب کی تکمیل کے بغیر ترقی نہ دینے کی شرط لگائی جانا مناسب ہوگا ورنہ اکثر دیکھا جاتا ہے کہ جو طلبا رجماعت ہفتم کامیاب کر کے آتے ہیں اکثر ڈرائنگ سے نابلد رہتے ہیں۔

تعلیم ڈرائنگ کو فروغ دینے کے لئے ارباب صدر کی توجہ مبذول کرانا ہمارا فریضہ ہے ہمیں امید ہے کہ ہمارے ان مساعی کو حکام ذی اقتدار ضرور مشکور فرمائیں گے۔

ہماری استدعا ہے کہ تعلیم ڈرائنگ کی راہ میں جو دقتیں اور مشکلات حائل ہیں ان کو جلد از جلد دور کر دیا جائے اور ہر مدرسہ وسطانیہ اور فوقانیہ کو ڈرائنگ کے ضروری آلات و سامان نقشہ جات سے مکمل کر دیا جائے ڈرائنگ کی تعلیم کے لئے ایک خاص کمرہ ہر مدرسہ فوقانیہ و وسطانیہ میں علیحدہ کر دیا جائے

ان امور کی نگرانی و ترقی کے لئے ایک ماہر فن ناظر ڈرائنگ و دستی مشاغل کا تقرر بھی مثل ناظر صاحب دینیات اور صدر مہتمم صاحب ورزش جسمانی فرمایا جائے تاکہ موجودہ تعلیم ڈرائنگ اور دستی مشاغل کا خود اختیاری عمل جس پر معلمین ڈرائنگ کا عمل درآمد ہے اصولی طریقہ پر تنظیم پاسکے اور تعلیم ڈرائنگ و دستی مشاغل کے حقیقی مقصد کی تکمیل ہو اوس کی کماحقہ نگرانی و تنقیح ہو سکے جیسا کہ دیگر صوبہ جات ہند میں عمل ہے۔

اس کے علاوہ منجانب سررشتہ تعلیم ڈرائنگ کی خصوصی سالانہ نمائش کا انعقاد فرمایا جائے اور سردست موجودہ ملحقہ نمائش کا نفرنس ہذا کے نمائش مذکور میں شعبہ ڈرائنگ کو سال آئندہ سے علیحدہ کر دیا جائے تو مناسب ہوگا تمام ممالک محروسہ سرکار عالی سے عمدہ نمونہ جات ڈرائنگ ہمہ قسم فراہم کئے جائیں تاکہ

طلباء کو تبادلہ خیالات کا موقع ملے اور معلومات میں وسعت ہو اور اپنی کامیابی کا احساس اور ڈرائنگ کی خصوصیات سے واقف ہوسکیں پسندیدہ نمونوں کے لئے مناسب انعامات عطا فرمائے جائیں تاکہ طلبا کو ایسی ڈرائنگ سیکھنے کا شوق ہو جو اختراعات و ایجادات کا گہوارہ ہے۔

چونکہ ہمارے ملک میں خواہ اپنی ایک یونیورسٹی کا قیام بھی عرصہ ہوا عمل میں آچکا ہے اور مختلف قسم کے امتحانات کا انتظام بھی منجانب سرکار عالی ہو رہا ہے اس کی سخت ضرورت ہے کہ ڈرائنگ کے مختلف گریڈوں کا امتحان بھی جس کی تعلیم کے لئے ہر مدرسہ میں ڈرائنگ ماسٹر صاحبان کا تقرر ہے اپنے ہی ملک میں ہوا کرے اور ڈرائنگ ماسٹران کی ٹریننگ کا بھی انتظام اپنے ہی ملک میں موجودہ ٹریننگ کالج میں ہوکرے جیسا کہ فنی سکل ٹریننگ کا انتظام کیا گیا ہے۔

اگر ہماری علم پرور اور فیاض سرکار اور ارباب اقتدار اور ذی ثروت ہمدردان تعلیم و بہی خواہان ملک و قوم حالات ملک اور ضروریات بالا پر غور فرماکر امور بالا کی تکمیل کے جانب توجہ فرمائیں اور خود مدرسین اور طلبا بھی محنت اور ایثار سے کام لیں تو جملہ ضروریات بالا کی تکمیل جلد اور بآسانی ممکن ہے۔

خدائے کارساز و مسبب الاسباب ہم سب کو اپنی ان تمناؤں کے تکمیل کا روز مسعود جلد دیکھنا نصیب کرے۔

اختتام رپورٹ سے قبل اس مجلس کا فریضہ ہے کہ جناب مولوی سید محمد حسین صاحب "جعفری" بی۔ اے آکسن نائب ناظم تعلیمات ملک سرکار عالی و صدر نشین ینگ ہذا کا دلی شکریہ خاص طور پر ادا کیا جائے۔ جنہوں نے باوجود اپنی کثیر مصروفیتوں کے تعلیم ڈرائنگ کے سکشنل ٹینگ کی صدارت کو قبول فرماکر رپورٹ مذکور کو نہایت توجہ سے سماعت فرماکر اپنے دیرینہ تجربات و مفید مشوروں سے اراکین انجمن ہذا کو ممنون و مشکور فرمایا فقط

تجرباتی تعلیمی نفسیات

از

ابوالمکارم فیض محمد صاحب صدیقی بی اے۔ ڈپ۔ ایڈ (عثمانیہ) مدرس سائنس مدرسہ فوقانیہ دارالعلوم بلدہ

جناب صدر۔ معزز خواتین و حضرات! میں ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے اس امر کا موقعہ دیا کہ

میں اپنے محدود تجربے اور ناچیز خیالات کو آپ کے گوش گزار کروں جس مضمون پر اب میں روشنی ڈالنا چاہتا ہوں وہ کوئی فسانہ یا ادب لطیف کا شہ کار نہیں بلکہ قدرے خشک اور سائنٹیفک مضمون ہے لیکن مجھے امید ہے کہ آپ کی دور رس نگاہ اور قومی ترقی و فلاح کا شوق اس کے اندر گوناگوں دلچسپیاں پائے گا اور آپ کے حساس دل اس کی اہمیت کو ضرور محسوس کریں گے۔ اگر یہ ہوا تو میں سمجھوں گا کہ میرے بے زبان الفاظ نے آپ کے دلوں میں جگہ پانے میں کامیابی حاصل کی۔

حصرات اس سے پہلے کہ میں آپ کی توجہ اس مضمون کی طرف منعطف کراؤں ہمارے موجودہ تعلیمی نظام پر ایک سرسری نظر ڈال لینا ضروری خیال کرتا ہوں تاکہ ہم اس کے لحاظ سے اصلاحی تدابیر کی طرف قدم بڑھا سکیں۔ جب ہم اپنی زندگی کے مختلف شعبوں اور بالخصوص تعلیمی نظم و نسق پر ایک نظر ڈال کر مغرب سے ان کا مقابلہ کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ مغرب کے مقابلہ میں ہم کچھ نہیں تو کئی سو سال ضرور پیچھے ہیں۔ یہ شاعری اور مبالغہ نہیں بلکہ امر واقعہ ہے۔ زندگی کے ہر شعبہ سے مثالیں لے کر اس حقیقت کو واضح کرنا طول عمل ہے۔ میں صرف دو ایک مثالوں پر اکتفا کروں گا ہمارے یہاں کے مروجہ "قاعدوں" پر نظر ڈالئے تو پتہ چلے گا کہ آج سے تقریباً ڈھائی سو سال پہلے کامی نیس کے زمانہ میں "قاعدے" لکھنے کا جو اسلوب تھا وہ آج ہمارے یہاں رائج ہے۔ اس اثنا میں ان کی ہیئت کیا سے کیا ہو گئی اور اصلاح پاتے پاتے وہ ایک نئے قالب میں ڈھل گئے لیکن ہم ہیں کہ ابھی ابتدائی منزلوں کے طے کرنے میں ہی سرگرداں و پریشاں ہیں! علاوہ ازیں اگر آپ مغرب کے نظامات تعلیمی پر نظر ڈالیں تو آپ کو ڈالٹن پلان، مانٹسوری نظام تعلیم، پراجیکٹ میتھڈ اور اس قسم کے کئی تعلیمی طریقے ملیں گے جو وہاں مروج ہیں یا جن کو مروج کرنے کی ممکنہ کوشش کی جا رہی ہے لیکن ہندوستانی مدرسین سے پوچھئے تو نوے فیصدی سے زائد ایسے ملینگے جن کو ان کا نام تک بھی برابر معلوم نہیں۔ اس کی وجہ کچھ تو ماحول کا اثر ہے اور زیادہ تر وہ جمہوری کیفیت ہے جو عرصہ سے ہم پر طاری اور مسلط ہے اور جس کے باعث ہمارے طبائع کا رجحان معکوس ترقی کی طرف مائل ہوتا جا رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہی انجمادی کیفیت کچھ عرصہ اور باقی رہی تو ہماری قوم جو اس وقت استعادۂ مردہ دل قوموں میں شمار کی جاتی ہے حقیقت میں وجود معطل ہو کر رہ جائے گی!!

اس لئے اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اس ذہنی، اخلاقی اور معاشرتی پستی سے نکلنے کے لئے تعلیمی معاملات میں مغرب کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کریں اور ان تمام مخالفتوں کا جواں مردانہ مقابلہ کریں جو ایک ترقی کرنے والی جماعت کے آگے پیش آتی ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ گزشتہ چند سالوں سے ہمارے ملک کی متعدد شخصیتیں اصلاح کی طرف رجوع ہوئی ہیں چنانچہ یہ کانفرنس بھی اسی کا ایک مظہر ہے

لیکن باوجود اس ہلچل کے اب بھی قطعی طور پر ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ غفلت کا نشہ پوری طرح اتر چکا ہے۔ اس لئے ضرورت ہے کہ اس دور میں جہاں زندگی کے ہر شعبہ کی ترقی کی طرف توجہ دی جا رہی ہے شعبۂ تعلیم کی طرف خاص طور پر توجہ مبذول کی جائے کیونکہ آپ حضرات سے یہ مخفی نہیں کہ قوم کو سنوارنے کا واحد ذریعہ تعلیم ہے۔ اگر ہم ملک کو تعلیمی ترقیات سے مالامال کریں تو رفتہ رفتہ اس کے نتیجہ کے طور پر زندگی کا ہر شعبہ خود بخود ترقی کر جائے گا۔

ت صیاکہ میں نے ابھی عرض کیا ہے تعلیمی ترقی کا واحد اور مجرب نسخہ یہ ہے کہ ہم اپنے تعلیمی نظامات کی حضرا تشکیل میں متمدن ممالک کے نظامات کو پیش نظر رکھ کر ان کو اپنی ضرورت کے مطابق ڈھال لیں تعلیمی معاملات میں یورپ اور امریکہ دن دونی رات چوگنی ترقی کر رہے ہیں۔ ان کے بہترین دماغ بچوں کی تعلیم کے لئے نئے نئے اصول وضع کرنے میں مصروف ہیں۔ اور اگر نظر غائر سے دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ ان لوگوں نے تعلیم کو ایک باقاعدہ اور مکمل سائنس کی صورت دی ہے تعلیمی نفسیات جو تجرباتی نفسیات کی ایک اہم شاخ ہے اور جس سے میں یہاں بحث کروں گا انہی گراں قدر دماغی جواہر پاروں میں سے ایک ہے اور جیسا کہ آگے چل کر واضح ہو جائے گا اس نے تعلیمی میدان میں ایک نئی شاہ راہ کھول دی ہے جس پر گامزن ہونا ترقی کی نشانی ہے۔ تجرباتی نفسیات کو جدید سائنٹفک نفسیات بھی کہتے ہیں اور یہ نفسیاتی مسائل کو تجرباتی ذریعہ حل کرنے کا ایک آلہ ہے تعلیمی نفسیات بھی اس کی ایک شاخ ہے۔ اس میں خالص نفسیات کے وہ تمام مسائل لئے جاتے ہیں جن کا تعلق تعلیم سے ہے اور جن کا استعمال زیادہ تر مدرسہ کے ماحول تک محدود ہوتا ہے۔ اس کا علم ہمارے لئے ضروری ہے۔ قیاسی یا تاتی مسائل کو استعمال کرنے سے نقصان کا اندیشہ ہے اس لئے جہاں تک ہو سکے ہمارا مطمح نظر یہ ہونا چاہئے کہ ہم بچوں کے لئے وہی اصول اور مسائل استعمال کریں جن کو تجربہ کی کسوٹی پر آزمایا جا چکا ہے۔

اب میں آپ حضرات کے آگے تعلیمی نفسیات کے اہم استعمالات کا ذکر کروں گا۔

ذہنی آزمایشات سب سے پہلے میں ذہنی آزمایشات (Mental Tests) کے مسئلہ کو لیتا ہوں جو موضوع زیر بحث کا ایک اہم حصہ اور ہماری موجودہ تعلیمی ضروریات کا جزو لاینفک ہے ہم واقف ہیں کہ ارسطو سے لے کر حال حال تک نفسیات مابعد الطبیعات کی ایک شاخ ہی رہی اور ہمارے عام اور مسلمہ اصولوں میں بہت کم تبدیلی ہوئی۔ نفسیات داں زیادہ تر تاتی سے طریقۂ کام لیتا تھا اور اسی باعث اس کے اصول اکثر مبہم، نظری اور ناقابل عمل ہوتے تھے لیکن حضرات اب دنیا بدل گئی ہے، نفسیات داں آرام کرسی پر بیٹھ کر فلسفیانہ انداز میں خیال آرائی کرنے کی بجائے ایک ماہر سائنس

کی طرح معمل میں کھڑا ہو کر اپنے قیاسات اور مشاہدات کو تجربہ کی کسوٹی پر پرکھتا ہے اور نفسی مسائل اسی طرح صداقت اور جامعیت کے ساتھ بیان کئے جاتے ہیں جس طرح ریاضی کا کوئی ضابطہ۔

پہلے یہ ہوتا تھا کہ کسی شخص کی نفسی خصوصیات طبعی علامات کے ذریعہ معلوم کی جاتی تھیں یعنی ظاہری شکل وصورت اور وضع قطع سے اس کے اندرونی کردار کا پتہ لگایا جاتا تھا، کارل پیرسن Karl Pearson نے کئی ہزار طالب علموں پر تجربہ کر کے ثابت کیا کہ طبعی علامات کو ذہانت کے ساتھ کوئی نمایاں باہمی ربط نہیں ہے۔

اس کے بعد حسی اور حرکی آزمایشات استعمال کی جانے لگیں جن میں Aesthetiometer اور Reaction Time Tests وغیرہ خاص طور پر قابل ذکر ہیں اور بھی کئی طریقے ہیں لیکن سب بڑی حد تک بالواسطہ ہیں اس لئے ماہرین کا اس بات پر اجماع ہے کہ ذہانت کی آزمایش کے لئے ذہنی آزمایشات ہی استعمال کی جائیں تاکہ انفرادی طور پر نفس کا مطالعہ کیا جا سکے۔

۱۹۰۵ء میں فرانس میں جب کمزور اور متوسط ذہانت کے طلبا کی علیحدگی کا سوال درپیش ہوا تو وہاں کے وزیر تعلیمات نے بی نے Binet کو اس کام پر مقرر کیا۔ بی نے اور سائمن نے اپنی مشترکہ کوشش سے ذہنی آزمایشات کا ایک سلسلہ تیار کیا جو اس مقصد کے لئے بہت مفید ثابت ہوا۔ یہ پیمانے آزمایشات کا ایک سلسلہ ہیں جس میں ہر ایک آزمایش ایک مسئلہ کی اہمیت رکھتی ہے جس کو حل کرنے کے لئے ذہانت کی ضرورت لاحق ہوتی ہے۔ بی نے کا یہ خیال تھا کہ ذہانت ایک چیز نہیں بلکہ مختلف چیزوں کا مجموعہ ہے اس لئے اس نے آزمایشوں میں خاص طور پر اس امر کا خیال رکھا کہ بعض ان میں سے حافظہ کی جانچ کے لئے ہوں اور بعض استدلال کی قوت معلوم کرنے کے لئے، بعض تفہیم سے متعلق ہوں اور بعض خیالات کی ترتیب اور معمولی اشیا کی معلومات سے متعلق۔ مثال کے طور پر اس نے آٹھ سال کی عمر والے طلبا کی ذہانت ناپنے کے لئے جو آزمایشات تیار کی ہیں ان کو بیان کروں گا۔ وہ یہ ہیں۔

۱۔ طالب علم کو ایک عبارت دی جاتی ہے جس میں ۲۰ اہم جزو ہوتے ہیں۔ طالب علم سے پڑھوا کر اس سے کوئی دو جزو دھرانے کے لئے کہا جاتا ہے۔

۲۔ اس کے بعد چند سوالات پوچھے جاتے ہیں مثلاً۔

i۔ اگر ریل چھوٹ جائے تو کیا کرو گے؟

ii۔ اگر کسی کی کوئی چیز توڑ دو تو کیا کرو گے؟

iii۔ اگر اتفاق سے کسی لڑکے یا لڑکی سے ٹکر ہو جائے تو کیا طریقہ کار اختیار کرو گے؟

۳۔ ۲۰ سے ایک تک الٹا گننے کے لئے کہا جاتا ہے۔

۴۔ دن، تاریخ، مہینہ کا نام پوچھا جاتا ہے

۵۔ چھ ہندسوں کے عدد کو دھرانے کے لئے کہا جاتا ہے مثلاً ۲۵۰۳۶۴۔

اسی طرح بی نے نے ہر عمر کے لئے آزمایشات کا ایک سلسلہ تیار کیا ہے جن کو کافی مقبولیت حاصل ہے اور مختلف ممالک میں اس کے اصولوں سے استفادہ کر کے ملکی حالات کے لحاظ سے ان کو اپنا بنا لیا جاتا ہے۔ اس قسم کی آزمایشات پنجاب کے دو ایک علاقوں اور بنگال میں تیار کی جا چکی ہیں۔ ہمارے یہاں بھی ایسی آزمایشات تیار کرنا کوئی مشکل کام نہیں۔

بی نے۔ سائمن کے پیمانہ کا حال بیان کرنے کے بعد میں اس نقص کو بھی واضح کر دینا ضروری خیال کرتا ہوں کہ اس پیمانے کے استعمال میں ہر فرد کو علٰحدہ علٰحدہ امتحان لینا ہوگا جس کے لئے کافی وقت درکار ہے اسلئے اگر کسی بڑی جماعت کے افراد کی ذہانت معلوم کرنی ہو تو ظاہر ہے کہ اس کے لئے بہت زیادہ وقت لگے گا یہ سوال خصوصاً اس وقت پیدا ہوا جب کہ جنگ عظمٰی کے بعد امریکی فوج کے سپاہیوں میں عہدے تقسیم کرنے کا سوال درپیش ہوا، یہ ناممکن تھا کہ ہر سپاہی کو عہدہ دیا جاتا اس لئے یہ تصفیہ پایا کہ اس سپاہی کو عہدہ دیا جائے جس کی ذہانت اعلیٰ ہو۔ اس صورت میں بے نی۔ سائمن کا پیمانہ استعمال کرنا ایک عرصہ طلب کام تھا اس لئے ماہرین نفسیات نے جماعتی آزمایش کا طریقہ نکالا جس کی مدد سے وقت واحد میں سب کی ذہانت کی پیمایش کی گئی۔ اب جماعتی آزمایش کو مدرسہ کے کاروبار میں بھی استعمال کیا جانے لگا ہے۔ اس سلسلہ میں ٹرمن Terman نے امریکی حالات کے تحت جو جماعتی آزمایشات تیار کی ہیں بہت مفید ہیں۔

بی نے۔ سائمن آزمایشات اور جماعتی آزمایشات صرف ذہانت کے ناپنے کے لئے ہیں لیکن دوسری نفسی خصوصیات کی پیمایش ان سے نہیں ہو سکتی۔ اس لئے چند اور آزمایشات تیار کی گئی ہیں جو یہاں مختصراً بیان کی جائیں گی۔

۱۔ دستی آزمایشات Performance Tests یہ آزمایشات ان لوگوں کے لئے ہے جو گونگے یا بہرے ہیں ورنہ اگر صرف بی نے سائمن آزمایشات کو استعمال کیا جاتا تو گونگے ان سے محروم ہو جاتے کیونکہ ان کا بولنے سے تعلق ہے اسی لئے بی نے سائمن آزمایشات کو لسانیاتی آزمایشات بھی کہا جاتا ہے۔

۲۔ تعلیمی آزمایشات۔ ان سے تعلیمی مضامین کی آزمایش مراد ہے مثلاً حساب، خطاطی

۳۔ پیشہ کی آزمایشات۔ ان آزمایشات کی مدد سے ہم کسی خاص پیشہ کے لئے کسی خاص آدمی کا

انتخاب کر سکتے ہیں اور کسی طالب علم کی کسی مخصوص پیشہ کے لئے رہبری کر سکتے ہیں۔ ان کا استعمال بہت ضروری اور سود مند ہے۔ کیونکہ میں دیکھتا ہوں کہ اکثر طالب علم مدرسہ یا جامعہ سے تعلیم ختم کر کے نکلنے کے بعد حیران و پریشاں رہتے ہیں کہ کون پیشہ اختیار کیا جائے، ان کے آگے کوئی لائحہ عمل نہیں ہوتا اور نہ کوئی ان کی رہبری کرتا ہے جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنی عمر کا وہ حصہ جس میں حقیقی معنی میں وہ کچھ کام انجام دے سکتے ہیں ضائع کرتے ہیں۔ اگر استاد ابتدا ہی میں ان کی رہبری کرے تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ اپنے طالب علم کے حق میں اس سے زیادہ ہمدردی نہیں کر سکتا۔

۴۔ کردار اور مزاج کی آزمائشات۔ اگرچہ یہ آزمائشات زیادہ تر قیاسی یا ذاتی تجربہ پر منحصر ہوتی ہیں تاہم مدرس ضرورت کے موافق ان سے مدد لے سکتا ہے۔

ان آزمائشات کا ایک مختصر خاکہ پیش کرنے کے بعد میں مناسب خیال کرتا ہوں کہ ان کے فوائد کو بھی آپ پر واضح کر دوں۔

سب سے پہلے یہ کہ ان آزمائشات کی مدد سے ہم طلباء کی درجہ بندی اور تعلیمی معاملات میں ان کی راہ نمائی کر سکتے ہیں۔ اکثر یہ ہوتا ہے کہ ذہین، کاہل اور متوسط درجہ کے طلباء ایک ہی جماعت میں رکھ دیئے جاتے ہیں جس سے ہر سہ معیار کے طلباء کو نقصان پہونچتا ہے لیکن ان آزمائشات کی مدد سے ہم مختلف ذہانت کے طلباء کو علیحدہ کر کے یکسانیت پیدا کر سکتے ہیں اور سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ غبی طالب علموں کا پتہ لگا کر اور ان کی ذہنی کمزوری کے اسباب و علل دریافت کر کے ان کے ساتھ مخصوص طریقہ کار اختیار کر سکتے ہیں کیونکہ اکثر طالب علم جن کو ہم بظاہر غبی پاتے ہیں، ان کے ساتھ اگر تھوڑا سا نفسی یا طبی برتاؤ کیا جائے تو وہ ذہین طلباء کی صف میں جگہ پا سکتے ہیں، نہ معلوم ہر مدرسہ میں ایسے کتنے طالب علم موجود ہیں جو ہماری اور اپنے والدین کی ذرا سی غفلت کے باعث ہمیشہ کے لئے گمنامی اور بدبختی کا شکار ہو جاتے ہیں! ان کے علاوہ ان آزمائشات کی مدد سے ہم مختلف جماعت کے بچوں کی ذہانت کا اندازہ لگا سکتے اور ان کا مقابلہ کر سکتے ہیں و نیز مدرسین کی کارگذاری کا پتہ لگایا جا سکتا ہے۔ اور بھی کئی فوائد ہیں جن کو اگر میں تفصیل کے ساتھ بیان کروں تو وقت ناکافی ہوگا۔

عمل اکتساب حضرات! ذہنی آزمائشات کا ایک سرسری خاکہ پیش کرنے کے بعد عمل اکتساب کی طرف آپ کو متوجہ کرتا ہوں۔ عمل اور ردِ عمل کا مسئلہ نہ صرف سائنس تک ہی محدود ہے بلکہ اس کا اطلاق تعلیمات پر بھی ہے، مدرس جو کچھ پڑھاتا ہے اس کی نوعیت عمل کی سی ہوتی ہے اور طلباء کا ان معلومات کو حاصل کرنا گویا ایک قسم کا ردِ عمل یا جوابی حرکت ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ جب تک مدرس

ایسا انتظام نہ کرے جس سے کہ مرغوب ردِ عمل پیدا ہو تدریس بارآور نہیں ہو سکتی۔ اسی لئے ماہران تعلیمات نے اکتساب کے کئی قوانین وضع کئے ہیں مثلاً تھارن ڈائیک کے قوانین اکتساب یہ ہیں۔ (۱) قانون اثر (۲) قانون استعمال اور عدم استعمال اور (۳) قانون تیاری۔ ان پر عمل کرنے سے ہم عمل اکتساب میں بہت کچھ مدد لے سکتے ہیں اور بہت سی سہولتیں بہم پہونچتی ہیں۔ اس کے علاوہ مدرس کے لئے طلباء کی ترقی کی شرح اور حدود کو پیش نظر رکھنا چاہیئے یعنی کس طرح ترقی کی شرح میں اضافہ ہو سکتا ہے اور کس حد تک ترقی ممکن ہے۔ یہ چیز بہت وسیع ہے۔ ناممکن ہے کہ اس قلیل وقت میں میں اس پر تفصیلی بحث کر سکوں۔ اس لئے تعلیمی مضامین کی نفسیات کے مسئلہ کو لیتا ہوں جو عمل اکتساب کا ایک ذیلی مسئلہ ہے۔

تعلیمی مضامین کی نفسیات یورپ اور امریکہ میں تقریباً تمام مضامین سے متعلق آزمایشات تیار کی جا چکی ہیں لیکن میں مثال کے طور پر صرف خطاطی کی آزمایش کا ذکر کروں گا جس سے واضح ہوگا کہ تعلیمی مضامین کی آزمایش کو کس حد تک سائنٹیفک بنایا گیا ہے۔

خطاطی کی آزمایش کے متعلق ہم کسی طالب علم کے خط کو دیکھ کر یہ کہہ دیتے ہیں کہ یہ خط اچھا ہے یا بُرا یا متوسط۔ لیکن ہمارے یہاں اس کا کوئی خاص معیار نہیں۔ صرف شخصی رائے پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ ہم کسی خاص قسم کے خط کے نمونے کو ہر وقت ایک ہی نشانات نہیں دے سکتے۔ جس طرح کسی خط کے طول کو ناپ کر یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس کا طول دس انچ ہے یا بارہ۔ علاوہ ازیں ایک اور خامی یہ ہے کہ ہم نہیں کہہ سکتے کہ دو مدرسوں کے طلباء کے خطوں کا کیا معیار ہے اور ان میں کیا باہمی ربط ہے۔ اس میں شک نہیں کہ معائنہ کرنے والے افسر بڑی جرأت کے ساتھ خطاطی کے متعلق اپنی رائے لکھ دیتے ہیں لیکن میری یہ عرض ہے کہ اگر ٹھنڈے دل سے وہ اس پر تھوڑا سا غور کریں تو معلوم ہوگا کہ اس "تکمیل ضابطہ" کے سوا اور کچھ نہیں ہوتا!

اس کمی کو محسوس کر کے امریکہ اور انگلستان کے ماہران تعلیم نے جن میں تھارن ڈائیک ایئرا اور برٹ کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں توجہ دی اور اس کا معیار تیار کرنے کے لئے انہوں نے الگ الگ خطاطی کے مختلف نمونے حاصل کر کے بڑی جد وجہد کے بعد مختلف پیمانے تیار کئے۔ خطوط کے ممتاز اور معیاری نمونوں کا تصفیہ ان لوگوں نے تنہا اپنی شخصی رائے سے نہیں کیا بلکہ کئی اور ماہران سے ان کی جانچ کرانے کے بعد ان سب کا اوسط نکالا اور پھر اس طرح سے ان تینوں نے اپنے اپنے اصولوں کے مطابق تین معیاری نمونے تیار کئے جن میں تھارن ڈائیک کا پیمانہ بہت توضیحی ہے۔

انگریزی کی حد تک تو یہ پیمانے دستیاب ہیں اور ان کو ہمارے ملک میں بھی استعمال خیال جا سکتا ہے لیکن اردو زبان میں ان نمونوں کے تیار کرنے کی شدید ضرورت ہے، ذرا دقت طلب کام ہے لیکن ارباب اقتدار

کی تھوڑی سی توجہ اس کو آسان بنا سکتی ہے۔

خطاطی کے ایسے نمونے کئی اعتبار سے تعلیمی کاروبار میں کارآمد ہو سکتے ہیں مثلاً مدرس اور صدر مدرس یا معائنہ کرنے والا افسران سے استفادہ کر سکتا ہے، خود طالب علم اپنی سابقہ حالت سے موجودہ حالت کا مقابلہ کر سکتے ہیں اور انھیں اس حقیقت کا علم ہو سکتا ہے کہ ان کے اپنے خط کا معین معیار کے ساتھ کیا تعلق ہے علاوہ ازیں ہر وہ شخص خواہ وہ تعلیمات سے تعلق رکھتا ہو یا نہیں مثلاً طلباء کے والدین۔ ان نمونوں سے کسی خط کی جانچ کر سکتے ہیں۔ ان فوائد کی بناء پر تعلیمی دنیا میں ان پیمانوں کو مخصوص اہمیت دی گئی ہے۔ اور ضرورت ہے کہ ہمارے یہاں بھی ان کو رائج کرنے کی کوشش کی جائے۔

اعداد شماری ناپ حضرات! تجرباتی تعلیمی نفسیات کی ایک مہتم بالشان شاخ اعداد شماری ناپ ہے۔ یہ صرف سرسری طور پر لیکن اس ناپ میں اب اسی طرح کی احتیاط برتی جا رہی ہے جس طرح حیاتیات اور دیگر طبعی علوم میں کی جاتی ہے۔ اب نہ صرف حاضری، اخراجات مدرسہ اور اس قسم کے دیگر امور تک ہی یہ ناپ محدود ہے بلکہ اس کی مدد سے مقدار علم کی اضافی اور مطلق قیمتوں کی بھی تعین کی جاتی ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ تعلیمی امور میں قیاس اور شخصی رائے کی جگہ ریاضیاتی نتائج نے لے لی ہے۔

اس ناپ کی ابتداء سر فرانسس گالٹن سے ہوئی لیکن اس کی اشاعت سب سے پہلے کولمبیا یونیورسٹی کے پروفیسر تھارن ڈائیک نے کی۔ بعد کو اس پر بہت کچھ حاشیے چڑھائے گئے اور بیرسن اور اسپرٹین نے اس موضوع پر بہت کچھ کام کیا۔ ان دونوں نے اس کے متعلق چند ضابطے بھی حاصل کئے ہیں جن کو ایک مدرس جو تھوڑی بہت ریاضی سے واقف ہے آسانی کے ساتھ استعمال کر سکتا ہے۔

اعداد شماری ناپ نے ہماری بہت سی تعلیمی مشکلات کو دور کر دیا مثلاً یہ کہ ہم دو مضامین کے مابین ارتباط باہمی معلوم کر سکتے ہیں۔ سوالات کی مشکل کا لحاظ اور ان کے لئے نشانات مقرر کرنے میں مدد لے سکتے ہیں اور تعلیمی معطیات کے تجزیہ اور اختصار میں فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

تعلیمی نفسیات کا یہ حصہ کسی قدر خشک ہے مگر جتنا خشک ہے اتنا ہی زیادہ سود مند بھی ہے۔ ہمارے یہاں اس کو رائج کرنے کی سخت ضرورت ہے کیونکہ اس کے عدم رواج کے باعث امتحانات کے نتائج پر بہت مضر اثر مترتب ہو رہا ہے جس کی تفصیل میں ابھی پیش کرتا ہوں۔

امتحانات۔ حضرات! آخر میں امتحانات کی موجودہ صورت حال کو واضح کر کے میں ان سے متعلق چند اصلاحی امور پیش کروں گا۔

ہمارے یہاں تو تقریباً ہر ثانوی اور جامعاتی امتحان میں مضمون کی طرز Essay type کے امتحانات ہوتے ہیں اور عام طور پر ان کے تین مقاصد بتلائے جاتے ہیں پہلے تو یہ کہ ان سے مضمون نویسی کی مشق ہوتی ہے۔ دوسرے طالب علم اس کے لئے معلومات فراہم کرتے ہیں اور تیسرے یہ محرک اور ترغیب کا کام دیتے ہیں۔

یہ سب سچ ہے لیکن اس میں اس قدر نقائص موجود ہیں کہ ان کے جواز کی کسی طرح تائید نہیں کی جاسکتی۔ ان کی تفصیل یہ ہے۔

(۱) نشان دہی کسی سائنٹفک طریقہ پر نہیں ہوتی بلکہ بالکلیہ شخصی ہوتی ہے۔ اسٹارچ نے یہ تجربہ کیا کہ ایک ممتحن کے پاس اس نے ایک ہی پرچہ دو مرتبہ جانچنے کے لئے بھیجا تو معطیہ نشانات میں اختلاف پایا گیا۔ اس کے بعد اس کے اسی پرچہ کو مختلف ممتحنین کے پاس جانچ کے لئے روانہ کیا تو معطیہ نشانات میں ۲۸ سے لے کر ۹۲ تک اختلاف آیا۔ اور آپ کو یہ معلوم کرکے حیرت ہوگی کہ پرچہ مرتب کرنے والے نے جب اپنے سوالات کے جوابات خود لکھے تو ان جوابات پر بعض ممتحنین نے ۲۵ سے زیادہ نمبر نہیں دیئے۔

(۲) ممتحن کی شخصی ساوات کا کوئی لحاظ نہیں رکھا جاتا۔

(۳) یہ کوئی ضروری نہیں کہ مدرس اور ممتحن کا مطمحِ نظر ایک ہی ہو مثلاً یہ کہ اگر ایک مدرس ریاضی جماعت میں جواب کے عمل کو اہمیت دیتا ہے، طلبار کی ذہنیت بھی لازماً اسی رنگ میں رنگی جائے گی لیکن ناممکن ہے کہ پبلک امتحان کے ممتحن کا بھی وہی نقطۂ نظر ہو جو مدرس جماعت کا ہے۔ ایسی صورت میں ہم کس طرح کہہ سکتے ہیں کہ طلبار کے حق میں انصاف ہو رہا ہے؟

(۴) مختلف ممتحنین جواب کی مختلف خوبیوں کو پیش نظر رکھتے ہیں مثلاً بعض زبان کو دیکھتے ہیں، بعض اسلوب بیان کو پسند کرتے ہیں، بعض مواد کو تلاش کرتے ہیں، بعض اختصار کو پسند کرتے ہیں اور بعض وضاحت چاہتے ہیں۔ ایسی صورت میں یہ کیسے تسلیم کیا جاسکتا ہے کہ معطیہ نشانات کسی خاص اصول کی بنا پر دیئے گئے ہیں؟

(۵) ان سب کے علاوہ امتحانات کی بڑی خامی یہ ہے کہ ممتحن طلبار کی پوری مکسوبہ معلومات کا امتحان نہیں لے سکتا کیونکہ سوالات کی نوعیت محض اتفاق پر مبنی ہوتی ہے جس سے بعض دفعہ یہ ہوتا ہے کہ اچھے طالب علم تو رہ جاتے ہیں اور خراب کامیاب ہو جاتے ہیں۔

جب نشان دہی کی یہ صورت ہے تو پھر ہم موجودہ امتحانات کے متعلق کس بنا پر اچھی رائے قایم کرسکتے ہیں۔ اس مسئلہ پر کافی غور و خوض کرنے کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہونچتے ہیں کہ ہمارے یہاں بھی موجودہ

طرز کے امتحانات کی وجہ سالانہ سینکڑوں طالب علم ناکامی کا شکار ہوتے ہیں چنانچہ آپ نے اکثر طالب علموں کو یہ کہتے سنا ہوگا کہ "میں ایک نمبر سے فیل ہوگیا" کیا کوئی ممتحن صاحب جنہوں نے ایک طالب علم کو ۲۹ نشانات دے کر ایک نمبر سے ناکام کیا ہے اس بات کا دعویٰ کر سکتے ہیں کہ اگر یہی پرچہ دوبارہ انھیں جانچنے کے لئے دیا جائے تو پھر اسے ۲۹ ہی نشانات دیں گے؟ میں نہیں کہتا کہ ہر سال کتنے طالب علم ممتحنین کی طبیعتوں کے اس آنی اتار چڑھاؤ کے باعث ناکامی کی صورت دیکھتے ہیں۔ ایسے امتحانات ترقی کے راہ بر نہیں بلکہ راہ زن ہیں!!

موجودہ زمانہ کے ماہران تعلیم نے اس خامی کو محسوس کر کے بالاتفاق اس امر کو تسلیم کیا ہے کہ یہہ خامیاں دور ہو سکتی ہیں بشرطیکہ

(۱) Moderation committee قائم کی جائیں۔

(۲) پرچہ سوالات کے مختلف اجزا کی انفرادی اہمیت کا پہلے ہی سے تصفیہ کر لیا جائے۔

(۳) کامیابی کا فی صد اوسط ہر سال بدلتا رہے تاکہ نتائج میں موسیقیت ہو کیونکہ یہ کوئی ضروری نہیں کہ ہر سال ایک ہی طبیعت کا ممتحن ہو، بعض ممتحن نرم دل ہوتے ہیں اور بعض سختی پسند۔

(۴) سب سے بڑھ کر یہ کہ سوالات کی اصلاح کی جائے۔

ان امور کو پیش نظر رکھ کر ہم اپنے موجودہ امتحانات میں بہت کچھ اصلاح کر کے انہیں سائنٹفک بنا سکتے ہیں لیکن مزید سائنٹفک رنگ دینے کے لئے ماہران تعلیم نے جدید طرز کے امتحان یعنی جدید امتحانات New Examinations کی بنیاد ڈالی ہے جن کی خاص خوبی یہ ہے کہ ان میں سوالات کی تعداد بہت زیادہ ہوتی ہے جن کا جواب بہت ہی مختصر ہوتا ہے۔ وہ اس طرح سے کہ پرچہ سوالات میں سوال کے آگے چند متبادل صورتیں لکھ دی جاتی ہیں جن میں جواب بھی شامل ہوتا ہے طالبعلم کو صرف صحیح یا غلط لکھنا پڑتا یا صرف جملیا لگانا پڑتا ہے۔ اس کی مختلف صورتیں ہیں کہیں ہر ایک میں اختصار کا پہلو مضمر ہوتا ہے۔ اس سے فائدہ یہ ہے کہ مدرس طلبا کی تقریباً پوری کسوٹہ معلومات کا امتحان لے سکتا ہے ونیز سوالات کی ترتیب اور انتخاب بھی اس طرح کا ہوتا ہے کہ غبی طلبا کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔ اور ہوشیاروں کی غرور شکنی۔ ڈاکٹر بیلارڈ نے اس موضوع پر ایک کتاب نیا ممتحن New Examiner تصنیف کی ہے جو ہمارے لئے بہت کچھ رہبری کا کام دے سکتی ہے۔ ہمارے مدارس میں اگر اس طرز کے امتحانات رائج کئے جائیں تو بہت اچھا ہوگا۔ اس کے لئے شروع میں یہ طریقہ اختیار کیا جا سکتا ہے کہ مروجہ امتحانات کے ساتھ ساتھ اس طرز کے امتحانات بھی لئے جائیں اور رفتہ رفتہ ان کا رواج ہو جائے گا۔

حضرات! تجرباتی تعلیمی تفیات کا ایک مختصر خاکہ اور ہمارے موجودہ تعلیمی نظام میں اس کی ضرورت اور اس کے فوائد آپ پر واضح کرنے کے بعد میں جناب صدر کے توسط سے کانفرنس کی توجہ چند تجاویز کی طرف منعطف کراتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ اس علم دوست حلقہ کی سرپرآوردہ شخصیتیں جن میں عالی جناب خان فضل محمد خان صاحب ناظم تعلیمات ملک سرکار عالی کا نام خاص طور پر قابل ذکر ہے، اگر مناسب سمجھیں تو ان کے اجراء کے متعلق اپنی مفید امداد سے ملک کی فلاح و بہبود میں ترقی اور اپنی علم دوستی کا ثبوت دیں گے۔ میری تجاویز یہ ہیں۔

(۱) سب سے پہلے ایک تحقیقاتی بورڈ قایم کیا جائے جس کا کام اس امر پر غور کرنا ہوگا کہ کس حد تک جدید تعلیمی اصول جو تعلیمی تفیات سے متعلق ہیں ہمارے ملک میں قابل عمل ہیں۔

(۲) اس بورڈ کا کام یہ ہوگا کہ وہ تمام مواد فراہم کرے جس کی اس سلسلہ میں ضرورت ہوگی مثلاً ذہنی آزمایشات، تعلیمی آزمایشات، خطاطی کے نمونے، جدید امتحان کے نمونے کے پرچے وغیرہ۔

(۳) اس بورڈ کے اراکین کا یہ فرض ہوگا کہ دورہ کرکے ان اصولوں کی اشاعت تمام مدارس میں کرے۔

روئداد مجلس تعلیم السنہ قدیم (کلاسیکل)

از جناب مولوی سید حسام الدین صاحب فاضل معتمد کمیٹی

ذیل کی رپورٹ میں گو السنۂ قدیم کو فرسٹ فارم سے لازمی قرار دینے کی تجویز پیش ہوئی ہے لیکن ہمیں معلوم ہوا ہے کہ اس مسئلہ پر ارکان کمیٹی متفق الآرا نہیں ہیں فقط

مدیر

تشکیل مجلس ہذا (۱) جناب مولوی سید ہاشم صاحب جل الجلیل میر مجلس (۲) محمد حسام الدین صاحب فاضل معتمد (۳) جناب مولوی سعادۃ اللہ خاں صاحب رکن (۴) جناب جی۔ اے چندر واکر صاحب رکن (۵) ریورنڈ فادر اسٹیفانٹی صاحب رکن (۶) ریورنڈ فادر وازصاحب رکن (۷) جناب مولوی محی الدین محمود صاحب رکن۔

اظہار افسوس۔ مجلس ہذا جناب مولوی سید ظہور علی صاحب کی وفات حسرت آیات پر اظہار

رنج وملال کرتی ہے جنہوں نے ابتداءً مجلس ہذا کی میر مجلسی کے فرائض نہایت دلچسپی سے انجام دیئے۔ خدائے تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔

تمہید مجلس ہذا کے معزز اراکین نے اپنے فرائض بڑی دلچسپی اور خاص محنت و قابلیت سے انجام دیئے اور ہر ایک رکن نے مقررہ عنوان پر اپنا بیش بہا مضمون پیش کرکے دوسروں کو اظہار رائے کا آزادانہ موقع دیا۔ نیز انجمن اساتذہ کے ماہانہ جلسوں میں السنۂ قدیم کے متعلق جو تقریریں کی گئیں جن میں سے بعض جلسوں کی روئدادیں معتمد کے پاس وصول ہوئیں ان سے بھی ترتیب روئداد میں بڑی مدد ملی۔ لہذا یہ مجلس "تعلیم السنۂ علمی" کے متعلق اپنی مرتبہ روئداد اس کانفرنس میں پیش کرنے کی عزت حاصل کرتی ہے۔

کلاسیکل زبان کی تعریف ہم دیکھتے ہیں کہ ادبیات کی ترقی و توسیع کے زمانے میں ایک زرین دور شروع ہوتا ہے جس میں کوئی خاص زبان انتہائی ترقی حاصل کرلیتی ہے اور اس زبان کا لٹریچر نہایت ہی مکمل صورت اختیار کرلیتا ہے۔ پس وہ زبان جس کا لٹریچر اعلیٰ ترین درجے پر پہنچ گیا ہو اور تازہ اور جدید لٹریچر پر تفوق و برتری رکھتا ہو کلاسیکل زبان کہلاتی ہے۔ کلاسیکل زبانیں مغرب میں لاطینی اور یونانی اور مشرق میں عربی۔ فارسی اور سنسکرت ہیں۔

السنۂ قدیم (کلاسیکل) کی ضرورت و اہمیت (۱) یورپ میں لاطینی اور یونانی زبانیں لازمی ہیں اسی اصول پر ہندوستان میں مغربی تعلیم کے رائج ہونے کے بعد بھی اس امر کی ضرورت محسوس ہوئی کہ مشرقی کلاسیکل زبانیں تعلیم میں داخل کی گئیں۔

(۲) ہر ایک طالب علم کے لئے اپنے مذہبی کتاب کی زبان جاننا ضروری ہے۔ اس لحاظ سے بھی عبرانی یا یونانی اور سنسکرت و عربی زبانیں خاص اہمیت رکھتی ہیں۔

(۳) کلاسیکل زبانوں کی تعلیم سے طلبہ کے ذہن میں اور جودت و فہم میں خاص ترقی ہوتی ہے۔ عادات و اطوار کی درستی۔ قوت فیصلہ و متخیلہ کی تربیت میں ان زبانوں کو خاص دخل ہے۔ متقدمین کے اعلیٰ و ارفع خیالات سے طلبہ واقف ہوتے ہیں اور ان کے دماغ زمانۂ گذشتہ کی دانشمندی کے ذخیرے سے بھر جاتے ہیں جس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ موجودہ زمانے کے لڑکے زمانۂ سلف سے دلچسپی لینے لگتے ہیں اور ان کے دل وطن اور قوم کی پاک اور گہری محبت کے جذبات سے معمور ہوجاتے ہیں۔ کلاسیکل زبان کا جدید زبان پر اچھا اثر مترتب ہوتا ہے اور وہ قدیم زبان کے متعلق اور دقیانوسی لغات سے ثقیل اور عسیر الفہم ہونے نہیں پاتی۔ قدیم روایات میں جو قیمتی سرمایہ موجود ہے اس میں تازہ روح پیدا ہوجاتی ہے اور اس کو جدید پیرائے میں منتقل کرلیا جاسکتا ہے۔

(۴) کلاسیکل تعلیم سے یہ فائدہ بھی ہے کہ طبقۂ اناث و ذکور میں زبردست اور قابل مورخین و ماہرین آثار قدیمہ علم اللسان کے علماء، فلاسفر و سیاحت داں نیز شاعر و انشا پرداز پیدا ہو سکتے ہیں۔

آجکل طلبہ کے ذہن میں یہ بات سمائی ہوئی ہے کہ حصول معاش کا واحد ذریعہ صرف اعلیٰ ریاضی کی تعلیم حاصل کرنا ہے چنانچہ اکثر و بیشتر طلبہ اعلیٰ ریاضی کا ہی شعبہ اختیار کر لیتے ہیں اور السنۂ علمی کی تعلیم سے محروم رہتے ہیں اور صرف چند طلبہ جنہیں ریاضی سے زیادہ لگاؤ نہیں رہتا ادنیٰ ریاضی کے ساتھ السنۂ علمی کی طرف راغب ہوتے ہیں جس سے ان زبانوں کے جاننے والوں کی تعداد روز بروز کم ہوتی جا رہی ہے اور تعلیم السنہ پر برا اثر پڑ رہا ہے لہذا طلبہ کے اس غلط خیال کی اصلاح ضروری ہے۔ درحقیقت تعلیم السنہ بھی اعلیٰ ریاضی و اعلیٰ سائنس کی طرح حصول معاش کا بہترین ذریعہ ہو سکتا ہے۔ السنۂ قدیم میں وہ خزانے موجود ہیں جن کے لینے کے لئے مستشرقین کوشش کر رہے ہیں۔ یورپ میں عربی اور سنسکرت کے لئے تحقیقی کام جاری ہے افسوس ہے کہ ہندوستانی السنۂ قدیم کو غیر ضروری سمجھ کر ان میں کامل بننے کی کوشش کرتے ہیں نہ ان کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ اور یورپ کے مستشرقین عربی۔ فارسی سنسکرت میں ماہر و کامل ہوتے ہیں یہاں تک کہ ایک ایک لفظ کے متعلق متعدد حوالے پیش کرتے ہیں چنانچہ ایک مستشرق نے ایک ہندوستانی اہل علم سے اثنائے گفتگو میں لفظ مسجد کے متعلق اتنے حوالے دیئے کہ یہ سن کر حیران ہو گئے۔

السنۂ قدیم سے تاریخ کا تعلق تاریخ السنۂ قدیم سے بنی ہے اور السنۂ قدیم اپنے وجود میں تاریخ کی محتاج نہیں ہیں۔ تاریخ گذشتہ قوموں کے تمدن۔ معاشرت۔ عروج و زوال کا آئینہ ہوتی ہے۔ تاریخ کے بڑے بڑے ماخذ حسب ذیل ہیں۔

(۱) کتبات (۲) مذہبی کتابیں (۳) رزمیہ کتابیں (۴) ادبی کتابیں۔ اگر ان ماخذوں کو نکال دیا جائے تو تاریخ کا وجود باقی نہیں رہتا۔ اس لحاظ سے السنۂ قدیم تاریخ کا حقیقی سرچشمہ ہے۔ اور قدم قدم پر اس کی مدد و معاون۔ اگر تاریخ میں غلط نویسی سے کام لیا جائے تو السنۂ قدیم کی مدد اور ان زبانوں کے قدیم نسخوں اور خطوط و فرامین وغیرہ سے ان غلط واقعات کو غلط ثابت کیا جا سکتا ہے جو مورخ کسی قدیم زبان سے واقف ہو کر کسی قوم کی تاریخ لکھتا ہے اس کے خیالات صحیح واقعات پر مبنی ہوتے ہیں۔ لہذا موجودہ زمانے کے مورخین کو چاہئے کہ السنۂ قدیم سے واقفیت پیدا کریں اسی طرح تاریخ کے طالب علموں کے لئے السنۂ قدیم سے واقف ہونا ضروری ہے کیونکہ تاریخ اور السنۂ قدیم لازم ملزوم ہیں۔

اس قدر عرض کرنے کے بعد السنۂ قدیم میں سے ہر ایک کے متعلق فرداً فرداً چند امور بیان

کئے جاتے ہیں

یونانی اور لاطینی

یونانی ولاطینی کی اہمیت اگرچہ آجکل یونانی ولاطینی مردہ زبانوں میں شمار کی جاتی ہیں لیکن ایک زمانہ وہ تھا کہ لاطینی ویونانی جزو تعلیم سمجھی جاتی تھی۔ جاہلوں کی زبان لاطینی تھی۔ یورپ کے ہر حصہ میں ادبی۔ سیاسی ومذہبی اغراض کے لئے لاطینی زبان مستعمل تھی۔ ہر شخص علم وتہذیب میں اسی وقت کامل سمجھا جاتا تھا جب یونانی ولاطینی میں مہارت رکھتا۔

ان دونوں زبانوں میں بے مثل ادبی خزانہ موجود ہیں پس انسانی فائدے کے مدنظر ان کی ضرورت باقی ہے۔ ان زبانوں کے مطالعے سے حقیقی مسرت حاصل ہوتی ہے تخیل واظہار کا ایک بہترین باب کھل جاتا ہے اگرچہ ان کے ترجموں سے بھی یہ بات حاصل ہوسکتی ہے لیکن محض ترجموں کی مدد سے اصلی روح تک پہنچنا امر محال ہے۔ سائنس دانوں کے لئے وضع اصطلاحات میں ان زبانوں سے بڑی مدد ملتی ہے۔ موجودہ یورپی زبانوں میں ان کا اتنا بڑا حصہ ملا ہوا ہے کہ بغیر ان زبانوں کو جاننے کے مفہوم ٹھیک طور پر سمجھ میں نہیں آتا۔

ہندوستان میں کس حد تک ان زبانوں کی ضرورت ہے ہندوستانی طلبہ کے نقطۂ نظر سے ان زبانوں میں کوئی خاص دلچسپی نہیں ہے یہاں کے السنۂ قدیم عربی۔ فارسی سنسکرت ان کی مذہبی زبانیں ہیں مذہبی سیاسی اخلاقی ومعاشرتی کتابیں ان کے ادب کا بہترین ذخیرہ ہیں۔ اس لئے ہندی طلبہ کو عربی فارسی سنسکرت سے دلچسپی ہوسکتی ہے یہ کہ یونانی ولاطینی سے۔ یورپی تعلیم میں وہاں کے طلبہ کے لئے جو درجہ لاطینی ویونانی رکھتے ہیں وہی درجہ سنسکرت۔ فارسی اور عربی کا ہندی طلبہ کے لئے موجود ہے۔ جس طرح ڈاکٹر اور وکیل یورپ میں وضع اصطلاحات کے لئے لاطینی ویونانی کی طرف بڑھتے ہیں اسی طرح ہندوستانی سنسکرت اور عربی کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ انگلستان میں یونانی ولاطینی جن ضروریات کے تحت شریک نصاب کی گئی ہیں وہ ضروریات ہندوستان میں پائے نہیں جاتے ہندوستانی تہذیب ان زبانوں کے احسان سے بالکل خالی ہے۔ باوجود ان عذرات کے پھر بھی ہندوستان میں ان زبانوں کی ضرورت اس لئے باقی ہے کہ (۱) یہاں سے اکثر طلبہ ہر سال یورپ کی یونیورسٹیوں میں تعلیم پانے کے لئے جاتے ہیں۔ جہاں بعض شعبوں میں ان زبانوں کو لازمی رکھا گیا ہے۔ پس غیر ممالک میں تعلیم

پانے کے خواہشمند طلبہ کے لئے یہ زبانیں ضروری ہیں۔

(۲) ہندوستانی ڈاکٹر، کیمیادان۔ ماہر علم نباتات وحیوانات کے لئے اصطلاحات کا بڑا ذخیرہ لاطینی ویونانی میں ملتا ہے۔ نئی نئی اصطلاحات اب تک لاطینی ویونانی سے وضع کی جارہی ہیں

لاطینی ویونانی کو پسند عام بنانیکے ذریعہ (۱) ایسے ماہرین ملازم رکھے جائیں جو ان زبانوں کی تعلیم زندہ زبانوں کی طرح دے سکیں۔ (۲) کسی مضمون کے عوض لاطینی کو یونانی اختیار کرنے کی اجازت دی جائے۔ اور نصاب دقیق نہ ہو تاکہ ان زبانوں سے نفرت پیدا نہ ہو۔

(۳) تعلیم کے دلچسپ طریقے اختیار کئے جائیں تاکہ طلبہ میں دلچسپی بڑھے اور جس زبان کی تعلیم دینا ہو تو اس زبان میں بول چال بھی ضروری ہے۔ تعلیمی نقطۂ نظر سے کوئی زبان مردہ نہیں کہلا سکتی۔

(۴) موجودہ زبانوں کی تعلیم جن طریقے سے دی جاتی ہے اس طرز پر درسی کتب لکھائی جائیں۔

(۵) جب تک طالب علم ملکی زبانوں اور انگریزی سے ایک حد تک واقفیت نہ پیدا کرلے لاطینی شروع نہ کرائی جائے۔ یعنی جماعت ہفتم تک اس کی تعلیم مسدود رکھی جائے۔

سنسکرت

سنسکرت کی اہمیت اگرچہ کہ سنسکرت مردہ زبانوں میں شمار کی جاتی ہے لیکن بہ چند وجوہ اس کا مطالعہ ضروری ہے۔ (۱) سنسکرت کی ادبیات اپنی اہمیت اور علمی ذخیرے کے اعتبار سے ممتاز حیثیت رکھتی ہیں (۲) اس میں کئی علوم شامل ہیں مثلاً زبانوں کی تحلیل، منطق، فلسفہ وغیرہ (۳) ہندوستان کی زبانوں میں سنسکرت الفاظ کا عنصر غالب ہے۔ اس لئے ان زبانوں میں کمال حاصل کرنے کے لئے سنسکرت سے واقفیت ضروری ہے۔ (۴) یہ زبان ہندوستانی تخیل کا ایک بحر ناپیدا کنار ہے اور تہذیب وتمدن ہند کی روح رواں (۵) تاریخ وآثار قدیمہ کے لئے سنسکرت نہایت ضروری ہے۔ ہندوؤں کا تمام مذہبی خزانہ اسی زبان میں مدفون ہے۔

سنسکرت کی تعلیم کو وسعت دینے کے ذرائع (۱) حتی الامکان مدارس میں طرز جدید پر سنسکرت کی تعلیم کا انتظام ہونا چاہیئے (۲) طلبہ کو خاص طور پر وظائف عطا کئے جائیں (۳) موجودہ نصاب تعلیم کی کم از کم اس طرح ترمیم کی جائے کہ وہ طلبہ جن کے مضامین اختیاری السنہ جدیدہ ہوں ان کے لئے سنسکرت لازمی قرار دی جائے۔ السنہ کے گروپ میں کسی ہندوستانی مروجہ زبان کے ساتھ طالب علم سنسکرت یا کسی ادبی زبان کی تعلیم حاصل کرے۔

(۴) تمام مدارس میں سنسکرت کا طریقہ تعلیم یکساں ہو۔ اس مقصد کی تکمیل کے لئے موزوں کتابیں لکھی جائیں۔

(۵) سنسکرت کی تعلیم کا آغاز جماعت ہفتم سے کیا جائے۔ چار سال میں اس زبان پر عبور ہو سکتا ہے اور طلبہ پر زیادہ بار بھی نہ ہوگا۔

(۶) ہر سال کم از کم ایک طالب علم سنسکرت کی تکمیل کے لئے باعطائے وظیفہ تعلیمی بنارس یونیورسٹی بھیجا جائے۔

فارسی

زبان فارسی کی اہمیت فارسی زبان السنۂ قدیم میں داخل ہے اور زندہ زبان ہے۔ چنانچہ یورپ کے ساحل البانیہ سے لے کر چینی ترکستان (کاشغر) تک اس زبان کا بولنے والا بلا تکلف سفر کر سکتا ہے۔ جو حیثیت فرنچ کو مغرب میں حاصل ہے وہی حیثیت فارسی کو مشرق کے ایک بڑے حصہ میں ہے۔ وسط ایشیا ایران اور افغانستان میں علمی معاشی اور سیاسی مسائل کی ترجمانی اسی زبان فارسی کے ذریعہ ہوتی ہے۔ فارسی علم ادب کو فراموش کر دینا ایرانی دماغ و جذبات کے اکثر مخصوص اور اہم انکشافات کو بھلا دینا ہے۔

فارسی شاعری چونکہ خاک ایران ہمیشہ ہی سے فنون لطیفہ کی قابلیت میں ممتاز رہی ہے علی الخصوص شاعری تو گویا اس کے خمیر میں داخل ہے اس لئے اس میں ایسی کچھ ترقی ہوئی کہ آج عربی کے سوا تمام دنیا کی شاعری ایک طرف اور صرف فارسی کی شاعری ایک طرف۔ فارسی شاعری کو دنیائے ادب میں ایک ممتاز درجہ حاصل ہے۔ فارسی شعرا نے شاعری کی ہر صنف کو اوج کمال پر پہنچا دیا اور اس کو اس قابل بنا دیا کہ جس قسم کے مطالب چاہیں بے کم و کاست ادا کر سکیں۔ واقعہ نگاری معاملہ بندی۔ اظہار جذبات۔ قدرتی مناظر۔ فلسفیانہ اور حکیمانہ تخیلات غرض سب ہی اس میں پائے جاتے ہیں۔ اگر اس زبردست اور معجز نما شاعری کے بحر ذخار میں شناوری کی جائے تو عجیب عجیب جواہر گراں مایہ کا پتہ چلتا ہے۔ فارسی شعرائے متقدمین و متاخرین کی معجز نمائی و شیریں کلامی محتاج بیان نہیں۔

فارسی کی خصوصیات فارسی کی لطافتوں اور نزاکتوں کی ایک عالم میں دھوم ہے۔ جہاں تک زبان کی شیرینی اور نزاکت کا تعلق ہے دنیا کی کوئی زبان بمشکل فارسی کا مقابلہ کر سکتی ہے۔ فارسی زبان عجیب و غریب دلآویز اور سحر کار اثرات کی مالک ہے مشہور انگریز مستشرق

پروفیسر براؤن جن کی عمر کا ایک بڑا حصہ محض فارسی زبان اور ایرانی معاشرت کے مطالعہ میں گزرا ہے بجا طور پر فرماتے ہیں کہ "فارسی زبان گویا ایک چمن ہے جس میں مختلف قسم کے گلہائے رنگیں اپنی مخصوص دلربایانہ اداؤں سے متبسم ہیں اس کے شیریں و لطیف استعارے تشبیہات اور محاورے گویا خوشنما کیاریاں ہیں جو اپنے اندر بے حد دلفریبی و رعنائی رکھتی ہیں" موسیو لیبان کہتا ہے "بلحاظ شستگی و دلکشی مشرق میں فارسی زبان کا وہی درجہ ہو سکتا ہے جو مغرب میں فرنچ کو اس کی لطافت کے لحاظ سے حاصل ہے"

فارسی کی ہمہ گیری فارسی کی اخلاقی کتابوں کے ترجمے تو یورپ کی زبانوں میں بھی ہو چکے ہیں۔ مگر ان سے قطع نظر منطق۔ فلسفہ۔ الٰہیات۔ طبعیات۔ ریاضیات۔ فلکیات (ہیئت) جیسے جلیل القدر علوم جن کی مسلمانوں نے ایک زبردست خدمت انجام دی ہے فارسی میں ان کا بڑا ذخیرہ موجود ہے۔ مشہور علما مثلاً بوعلی سینا۔ محقق نصیر الدین طوسی۔ قطب الدین رازی امام ابونصر فارابی۔ ملا باقر داماد نے جس طرح علوم متذکرہ میں عربی تصنیفیں چھوڑی ہیں۔ اسی طرح ان علوم میں ان کی مبسوط تصانیف فارسی میں بھی موجود ہیں۔ علاوہ ازیں بہت سی علمی ادبی کتابوں کے ترجمے بھی مختلف زبانوں سے فارسی میں ہو چکے ہیں۔

مختصر یہ کہ عربی کے بعد بڑا علمی و ادبی ذخیرہ فارسی میں موجود ہے۔ اس لحاظ سے عربی کے بعد فارسی کی اہمیت بالکل مسلمہ ہے۔ فارسی کا تعلق نہ صرف مسلمانوں سے ہے بلکہ یہ پارسیوں کی بھی قدیم قومی زبان ہے۔

ہندوستان میں فارسی کو سرکاری و دفتری زبان ہونے کا بھی شرف حاصل رہ چکا ہے۔ اور جب اردو عالم وجود میں آئی تو اس میں عربی و ترکی کے علاوہ فارسی الفاظ و مشتقات کا بہت بڑا ذخیرہ داخل ہو گیا اردو زبان میں عربی و فارسی کے الفاظ صرف بیل بوٹے ہی کا کام نہیں دیتے بلکہ ابتدا سے وہ اردو ادب و شاعری کی جان ہیں جو اس کی رگ و پے میں سرایت کئے ہوئے ہیں۔ اردو میں اعلیٰ و لطیف جذبات بلند و نازک خیالات کی ترجمانی کیلئے فارسی الفاظ ناگزیر ہیں۔ اردو شاعری میں فارسی الفاظ کی شیرینی و شگفتگی اور اس کی دلاویز و لطیف ترکیبوں کے بغیر کام نہیں چل سکتا۔ فارسی اضافت۔ فارسی حروف عطف اور فارسی نازک و لطیف ترکیبوں کے ذریعہ شاعر کو اختصار پیدا کرنے میں سہولت واقع ہوتی ہے۔

غرض فارسی میں اب بھی ویسی ہی ہمہ گیری اور قوت تجاذب موجود ہے جو دنیا کی اور علمی زبانوں میں ہے۔

طریقۂ تعلیم:۔ زبان فارسی کی تعلیم میں حسب ذیل امور ملحوظ رکھے جائیں۔

(۱) ہر مدرسہ میں طرز جدید فارسی کی تعلیم کا انتظام کیا جائے۔ اور اس زبان میں طلبہ سے بول چال بھی کرائی جائے۔

(۲) طلبہ کی دلچسپی کے لئے تعلیم کے وہی آسان و سہل طریقے اختیار کئے جائیں جو اب انگریزی اور اردو کے لئے عمل میں لائے جا رہے ہیں۔

(۳) طلبہ کو شوق دلانے کے لئے وظائف بھی مقرر کئے جائیں۔

(۴) فارسی مضمون نویسی کے انعامات کا انتظام ہو۔

(۵) قواعد کو آسان سے آسان تر اور ساتھ ہی دلچسپ طریقہ پر ذہن نشین کیا جائے۔

(۶) فارسی بہت چھوٹی جماعت سے لے کر کم از کم چوتھی یا پانچویں جماعت تک تمام طلبہ کے لئے لازمی ہونی چاہیئے۔ کیونکہ جیسا کہ پہلے اشارہ کیا گیا ہے معمولی اردو کے لئے بھی فارسی از حد ضروری ہے۔

عربی

عربی زبان کی اہمیت عربی زبان ایک قدیم اور مکمل صرف و نحو رکھنے والی زبان ہے۔ عربوں کی حکومت جب دور دراز مقامات پر پھیل گئی تو اس زبان کو اپنی فطری بلاغت اور ادبی محاسن کے علاوہ علوم و فنون پر بھی قبضہ کرنے کا شوق پیدا ہوا چنانچہ عربوں نے یونانی علوم و فنون کا کل ذخیرہ اپنی زبان میں منتقل کر لیا۔ یہاں تک کہ یورپ بھی ان ہی کے چشمۂ فیض سے سیراب ہوا۔ اسلام کو جاننے اور سمجھنے اور اسلامی تاریخ سے واقفیت حاصل کرنے کے لئے عربی کا سیکھنا نہایت ضروری ہے۔ وہ فارسی اور اردو دونوں زبانوں کا ضروری عنصر بن گئی ہے۔

مسلمانوں کا تعلق عربی سے دنیا میں مسلمان جہاں کہیں بھی رہیں اور جس زبان میں بھی گفتگو کریں عربی زبان سے ان کا تعلق کسی طرح منقطع نہیں ہو سکتا۔ اور وہ بہر طور گویا ان کے لئے لازمی زبان ہے۔ کیونکہ مسلمانوں کی مقدس کتاب قرآن مجید عربی میں ہے۔ اور تمام مذہبی مسائل و احکام اور اخلاق و آداب بھی مکمل صورت میں عربی زبان ہی میں ہیں جن سے واقفیت بغیر ایک مسلمان کامل مسلمان ہو ہی نہیں سکتا۔ اور دین کی بہتری دنیا کی خوبی ان کے جاننے پر موقوف ہے۔ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ ترجمے کے ذریعے یہی بات حاصل ہو سکتی ہے اس لئے کہ اصل و نقل میں بڑا فرق ہے ع بات تیری تجھ میں ہے تصویر کی تصویر میں محض ترجموں سے کبھی

وہ فوائد حاصل نہیں ہو سکتے جو خاص زبان کے جاننے سے حاصل ہوتے ہیں پس جو لوگ عربی ادب سے خود واقف ہو کر قرآن مجید اور عربی کتب پڑھیں گے وہی خاطر خواہ مستفید ہو سکیں گے۔

عربی زندہ زبان ہے جو زبان بولی جاتی ہے اور حقیقت یہ ہے کہ قدیم زبانوں میں صرف عربی ہی وہ زندہ زبان ہے جو آج تک دنیا میں رائج ہے۔ تمام بلاد عربیہ مصر۔ سوڈان شام فلسطین اور عراق میں عربی کو ملکی کاروباری اور سیاسی زبان ہونے کا مرتبہ حاصل ہے۔ ان کے علاوہ فارسی ممالک میں بھی اس زبان کو خاص امتیاز حاصل ہے۔ چنانچہ عربی فتوحات کے زمانے میں جب ایران کی تقریباً پوری قوم حلقہ بگوش اسلام ہو گئی تو فارسی کی جگہ سرکاری اور علمی زبان عربی ہو گئی۔ چنانچہ اس زمانے میں اکثر فارسی علمی و ادبی ذخائر کا ترجمہ عربی میں ہوا۔ اس عربی تہذیب و زبان نے ایران اور اہل ایران پر وہ دیرپا اور گہرا اثر چھوڑا ہے کہ بقول جرمن پروفیسر نولدیکی کے یونانیت چھ سو برس کے طویل عرصہ میں فارسی معاشرت و زبان پر سطحی اثر بھی نہ ڈال سکی بخلاف اسلام کے کہ عربی مذہب اور عربی طرز معاشرت فارسیت کے جسم میں لہو بن کر موج زن ہے۔ اور اب فارسی سے عربی کا اخراج بقول پروفیسر براؤن کے ایسا ناممکن ہے جیسے انگریزی زبان سے فرانسیسی لاطینی اور یونانی الفاظ کا اخراج اور اس لحاظ سے کہ تمام مسلمانوں کی یہ مذہبی زبان ہے دنیا کے ان تمام حصوں کو اس سے گہرا تعلق ہے جہاں اسلامی آبادی ہے۔ ہندوستان میں کم و بیش سات کروڑ مسلمان آباد ہیں۔ اس لئے ہندوستان کو عربی سے بڑا تعلق ہے۔

ہر ایک اردو داں کو عربی سے واقف ہونا ضروری ہے جس مقام پر مختلف زبانیں بولنے والے رہتے ہیں وہاں ایک زبان کے الفاظ دوسری زبان میں مل جانا لازمی امر ہے۔ ہندوستان میں اردو کی پیدائش متعدد زبانوں کے اختلاط سے ہوئی ہے۔ یہ زبان اپنی متوسط رفتار سے ہندوستان کی ہر سمت میں پہنچ گئی ہے۔ اور اس کا مستقبل اور بھی شاندار نظر آ رہا ہے۔ ہندوستان کے بڑے بڑے علاقوں میں اردو اچھی طرح بولی جاتی ہے خصوصاً تاجدار دکن سلطان العلوم خلد اللہ ملکہ و سلطنتہٗ کے مبارک عہد میں جامعہ عثمانیہ کی تاسیس نے اردو کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔ جب اردو ہندوستان کی عام زبان بن گئی ہے تو دیکھنا یہ ہے کہ یہ کن کن زبانوں کی رہین منت ہے۔ اور کس کا بار احسان اس پر سب سے زیادہ ہے اردو میں عربی۔ فارسی۔ سنسکرت۔ انگریزی وغیرہ وغیرہ کے الفاظ پائے جاتے ہیں۔ لیکن عربی کے الفاظ اس کثرت سے داخل ہیں کہ اردو زبان کی دو تین سطریں بھی کوئی شخص عربی زبان کی

منت کشی کے بغیر لکھ سکے گا نہ تین چار جملے بیان کر سکے گا۔ یہ ظاہر ہے کہ کسی زبان کا لطف ادب جب تک اس کے لغوی تحقیقات سے آشنائی نہ ہو حقیقی طور پر حاصل نہیں ہو سکتا۔ نیز اکثر و بیشتر علوم و فنون اصطلاحیں عربی میں ہیں اس لئے عربی سے ناواقفیت کی وجہ اکثر تعلیم یافتہ حضرات بھی الفاظ کے استعمال میں غلطی کر جاتے ہیں اس طرح غلط الفاظ وقتاً فوقتاً شائع و ذائع ہوتے رہتے ہیں مثلاً بحیرہ۔ مثلث۔ منطقہ وغیرہ بجائے بحیرہ اور مثلث۔ منطقہ کے اس نقطہ نظر سے بھی ہر اردو داں کو عربی سے واقف ہونے کی سخت ضرورت ہے لہذا ہندوستان کے ایک بڑے حصے کو عربی کی طرف توجہ کرنا اردو ادب سے واقفیت کے اہم فریضے سے سبکدوش ہونے کے لئے نہایت ضروری ہے۔

عربی سے بے اعتنائی کے نقصانات عربی سے بے اعتنائی کا ایک صریح نقصان یہ ہے کہ عربی کا ناواقف اردو کا ادیب نہیں کہلا سکتا خواہ وہ کتنا ہی اردو کا ماہر کیوں نہ ہو۔ یہ عام نقصان ہے جو اگرچہ صرف ایک جملے میں دکھایا گیا ہے لیکن اس کے مختلف پہلوؤں پر عمیق نظر ڈالی جائے تو اس جملے کی صداقت اور بھی عیاں ہو جائے گی۔

خاص نقصان مذہبی اور اخلاقی نقصان ہے جو مسلمانوں سے متعلق ہے۔ کیونکہ جو مسافر اپنے رہنما کی زبان سے واقف نہ ہو یقیناً اس کے حق میں راستے کی صعوبتیں بڑھ جائیں گی حقیقت یہ ہے کہ عربی سے ناواقفیت ایک مسلمان کو اُن تمام بیش بہا مذہبی معلومات سے محروم رکھتی ہے جن کا جاننا کامل انسان ہونے اور اخلاق حسنہ پیدا کرنے کے لئے ازبس ضروری ہے۔ عربی علم سے محرومی مذہبی امور سے ناواقفیت کا باعث ہوتی ہے۔ جس کے نتائج بے اصول طرز زندگی۔ بد اخلاقی بیجا تعصب۔ پوچ اعتراضات۔ باہمی نفاق و منافرت اور دیگر نقصان دہ امور کی شکل میں ظاہر ہوتے رہتے ہیں۔ عربی کے نہ جاننے کا ایک بدیہی نقصان یہ بھی ہے کہ ان تمام علمی خزانوں سے محرومی اور اپنے بزرگوں کے کارناموں سے ناواقفیت رہتی ہے جن کا جاننا ذہنی تربیت حقیقی جودت اور قومی وقار برقرار رکھنے کے لئے ازبس ضروری ہے۔

عربی زبان مسلمانوں کیلئے لازمی کیوں ہے زبان عربی ایک مکمل اور نہایت وسیع زبان ہے۔ اس کے قواعد صرف و نحو کی بے نظیر باضابطگی اور الفاظ و معانی کی کثرت اس کی شاہد ہے۔ لیکن جس قدر یہ زبان اہمیت رکھتی ہے اسی قدر اس کا طرز تعلیم بھی اہمیت رکھتا ہے۔ باقاعدہ اور آسان اصولوں سے اگر اس کی تعلیم نہ دی جائے تو قریباً عسیر الحصول ہو جاتی ہے۔ طرز تعلیم جس قدر آسان بنایا جائے گا اسی قدر زبان کی اشاعت متوقع ہوگی۔ اس حقیقت

سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ جب صحیح اصول سے تعلیم دی گئی ہے تو بعض عمر رسیدہ حضرات بھی مہینوں میں عربی سے ایک حد تک واقفیت پیدا کر چکے ہیں۔ بسا اوقات غلط شہرت بھی بڑا نقصان پہنچاتی ہے عربی زبان کے متعلق یہ مشہور ہو گیا ہے کہ بہت ہی دشوار اور عسیر الحصول زبان ہے۔ اسی غلط شہرت کی بناء پر عام طور پر عربی کی طرف متوجہ ہونا اور اس کے حاصل کرنے کے لئے وقت نکالنا پسند خاطر نہیں معلوم ہوتا اور طلبہ یا تو خود ہی یا کسی کے سمجھا دینے سے عربی کو زبان ددم کے طور پر اختیار کرنے سے بھی گریز کر جاتے ہیں۔ ان کی یہ ابتدائی غلط فہمی ہمیشہ کے لئے انہیں عربی علوم کے قابل قدر خزانوں سے محروم کر دیتی ہے۔ درحقیقت عربی بھی ویسی ہی ایک زبان ہے جیسی دنیا میں اور زبانیں ہیں۔ بلکہ اس کا حصول بہ نسبت ان زبانوں کے جن کے قواعد مکمل نہیں ہیں بہت آسان ہے باوجود آسانی کے اس زبان کو مشکل قرار دے کر اس کی طرف ملتفت نہ ہونا کوتاہ بینی ہے بعض طبائع کی یہ متضاد باتیں سمجھ سے باہر ہیں کہ جب ان کے پاس مثلاً ان کے بچوں کو عربی تعلیم دلانے کا مسئلہ پیش ہوتا ہے تو اس کو آسان اور مستند زبانوں میں شامل کر کے معمولی قابلیت کے اساتذہ کی تلاش کی جاتی ہے اور جب اس کی تعلیم کی طرف زور دیا جاتا ہے تو یہ کہہ کر ٹال دیا جاتا ہے کہ مشکل زبان ہے کون اس کی طرف توجہ کرے۔

الغرض عربی زبان سہل الحصول اور کثیر المنفعت زبان ہے۔ دوسری زبانوں کے ساتھ عربی ادب کی تعلیم دلانا ذوق سلیم کو ایک بڑی نعمت سے محروم رکھنا ہے۔

ہماری رائے میں جیسا کہ یورپ کے مدارس میں زیادہ تر لاطینی اور کہیں یونانی لازمی ہے اسی طرح تمام مسلمان طلبہ کے لئے کم سے کم جماعت پنجم سے عربی زبان لازمی قرار دی جائے تو بہت مناسب ہے۔ سوم و چہارم میں ابتدائی فارسی کی تعلیم سے عربی سمجھنے کی استعداد پیدا ہو جائے گی اور آئندہ عربی تعلیم میں مہارت پیدا ہونے سے فارسی خود بخود آسان ہو گی۔ یہ تجربہ ہے کہ عربی کا عالم زبان فارسی پر ذرا سی توجہ میں کافی عبور حاصل کر سکتا ہے۔ اس طرح عربی تعلیم کا لازم کر دینا بہ یک کرشمۂ دو کار کے مصداق گویا عربی و فارسی دونوں میں کامل بنانا اور اردو کی مہارت میں کافی مدد پہنچانا ہے۔

عربی تعلیم اس اصول پر دی جانی چاہئے کہ طلبہ میٹرک تک تعلیم پانے کے بعد کم از کم اتنی عربی بول سکیں جتنی کہ انگریزی بول لیتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ انگریزی معلم جتنے گھنٹے کام کر کے طلبہ کو انگریزی بول چال سکھاتے ہیں عربی معلم اتنے ہی گھنٹے کام کر کے اتنی بول چال نہیں سکھاتے۔ درحقیقت یہ تعلیم کا قصور نہیں ہے بلکہ اصل وجہ یہ ہے کہ جو زبان لازمی قرار دی جائے اور اس کی کامیابی بغیر

طالب علم کو سند نہیں ملتی تو اس کی طرف طلبہ بہت زیادہ توجہ مبذول کرتے ہیں۔ جو زبان ایسی نہ ہو اس کی اہمیت کو کم سمجھتے ہیں۔ نہایت وثوق کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ اگر عربی کو انگریزی کا درجہ اور اہمیت دی جائے اور تعلیمی گھنٹے ہر دو زبانوں کے مساوی رہیں تو عربی میں طلبہ انگریزی کے موافق بلکہ اس سے بہت زیادہ مہارت حاصل کر لیں گے۔ کیونکہ اب بھی اس بے توجہی کے باوجود جو عام طور پر پائی جاتی ہے طلبہ عربی میں دو چار سال میں اتنی لیاقت ضرور حاصل کر لیتے ہیں جو اس سے زیادہ مدت میں انگریزی میں حاصل نہیں کر سکتے۔ کیونکہ عربی زبان کی طرف موانع کے باوجود طلبہ میں فطری میلان پایا جاتا ہے۔

نصاب تعلیم طلبہ میں عربی سے خاطر خواہ دلچسپی پیدا نہ ہونے کا بڑا سبب نصاب کی خرابی ہے۔ ایک ایسے مکمل نصاب کی ضرورت ہے جو جماعت پنجم سے میٹرک تک ہر جماعت کی قابلیت کے لحاظ سے تیار کیا گیا ہو۔ پہلی کتاب روزمرہ کی معمولی گفتگو اور آسان آسان جملوں پر مشتمل ہو اور ماضی مضارع کی گردانوں کا استعمال جملوں میں اس طرح کیا جائے کہ طلبہ قواعد کی خشکی محسوس کئے بغیر ان سے واقف ہو جائیں نیز نصیحت آمیز اور اخلاقی فقرے بیان کئے جائیں دوسری کتاب میں پُر لطف حکایتیں نتیجہ خیز قصے اسماء افعال کے اشتقاقات اور گردانوں پر توجہ دلائی جائے اور ایک مختصر قواعد کی کتاب جس کا طرز بیان دلچسپ اور قواعد آسان پیرائے میں بیان کئے گئے ہوں شریک نصاب کی جائے غرض ہر ادبی کتاب دلچسپ مضامین سے مملو رہے اور قرآن مجید کی حسب استعداد آیتوں آسان احادیث اخلاقی حکایات حکمت کی باتوں اور نتیجہ خیز اشعار پر حاوی ہو۔

ایسی کتابیں جن میں پیچیدہ عبارات اور لمبے لمبے جملے ہوں طلبہ کی ذہنیت پر برا اثر ڈالتی ہیں صرف و نحو کی کتابیں مادری زبان میں ہوں اور صرف ان میں نہایت ضروری مسائل بیان کئے جائیں اور حکایات وغیرہ سے دلچسپی پیدا کی جائے۔ تاکہ طلبہ کو قواعد سے خاص دلچسپی پیدا ہو سکے

اساتذہ اور طلبہ کو مصر بھیجا جائے سالہائے سال سے ہماری علم دوست سرکار طلبہ کو وظائف دیکر مختلف علوم و فنون کی تکمیل کے لئے بیرون ممالک بھیجا کرتی ہے۔ عربی زبان اپنی ہمہ گیری اور فصاحت و بلاغت اور دیگر خصوصیات کے لحاظ سے اس کی مستحق ہے کہ اس کی تعلیم و تکمیل کی طرف خاص توجہ فرمائی جائے۔ اور ہر سال منتخب طلبہ و اساتذہ میں سے کم از کم ایک ایک کو باعطائے وظیفہ تعلیمی مصر روانہ فرمایا جائے تاکہ اس قسم کی تعلیم یافتہ ہستیاں ملک میں عربی زبان کا مزید صحیح ذوق پیدا کر سکیں فقط

روئداد ضمنی جلسہ السنۂ قدیم

از جناب مولوی سید حسام الدین صاحب فاضل معتمد مجلس

بتاریخ ۱۰ آبان ۱۳۴۱ف روز پنجشنبہ بوقت ۲ ساعت بمقام سٹی کالج ضمنی جلسہ السنۂ قدیم بصدارت جناب ڈاکٹر عبدالحق صاحب ڈی فل (آکسن) پروفیسر عربی جامعہ عثمانیہ منعقد ہوا جس میں السنۂ علمیہ سے دلچسپی رکھنے والے مدرسین کرام کا کثیر حصہ شریک تھا۔

تلاوت آیات قرآنی سے جلسہ کا آغاز کیا گیا۔ بعد ازاں محمد حسام الدین فاضل معتمد مجلس السنۂ علمی نے مجلس کی مکمل روئداد سنائی جو عام طور پر پسند کی گئی جس کا ملخص عرض خدمت ہے۔

اس کے بعد جناب صدر نشین صاحب نے مختصر تقریر فرمائی جسمیں ارشاد فرمایا کہ جنگ عظمیٰ کے قبل گورنمنٹ نے ایک کمیٹی مقرر کی تھی کہ السنۂ قدیم پر رپورٹ لکھیں اس کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں یہ بیان کیا تھا کہ السنۂ قدیم کے ساتھ دوسرے علوم کی تعلیم پانے والے طلبہ اور ان زبانوں سے واقف نہ رہنے والے طالب علموں میں کیا فرق رہتا ہے پہلی قسم کے طالب علم مختصر الفاظ میں بہت کچھ بیان کر جاتے ہیں۔ کیونکہ صرف و نحو منطق وغیرہ کی وجہ کمال حاصل ہوتا ہے۔ جناب صدر نے فرمایا صرف یہی نہیں بلکہ جیسا کہ مجلس السنہ کی رپورٹ سے ظاہر ہے۔ السنۂ علمی میں وہ خزانے موجود ہیں جن کے لینے کے لئے مستشرقین کوشش کر رہے ہیں یورپ میں سنسکرت اور عربی کے لئے تحقیقی کام جاری ہے اور وہ ان قلمی عربی کتابوں کا ترجمہ کر رہے ہیں جو آج تک طبع نہ ہو سکی ہیں۔ کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ اس سے اپنے علوم اور قوم کو بہت فائدہ ہے۔ یورپ میں سنسکرت اور عربی کی تعلیم جاری ہے تحصیل علم کا منشا تحصیل معاش نہ ہونا چاہیئے بلکہ ہمارا مقصد اپنے بزرگوں کی طرح حصول علم سے تہذیب نفس اور قومی فائدہ رسانی ہونا چاہیئے۔

تقریر صدارت کے بعد روئداد مجلس السنۂ علمی کی حسب ذیل تجاویز جو اس نے اپنی روئداد میں کامل غور و خوض کے بعد پیش کی تھیں جلسے میں فرداً فرداً جناب صدر ممدوح نے بغرض منظوری بیان فرمائیں۔

تجاویز:-

(۱) جب تک کوئی کلاسیکل زبان طلبہ پر لازم نہ قرار دی جائے یہ کسی طرح ممکن نہیں کہ طلبہ ادھر متوجہ ہوں لہذا مجلس ہذا کی قطعی رائے ہے کہ ہر ایک ہندو طالب علم کے لئے خواہ وہ فوقانی طبقے میں اعلیٰ ریاضی لے یا ادنیٰ بہرحال سنسکرت لازم کردی جائے اور اس کی تعلیم کا آغاز جماعت ہفتم سے ہو۔ اسی طرح ہر مسلم طالب علم کے لئے خواہ وہ اعلیٰ ریاضی کا شعبہ اختیار کرے یا ادنیٰ ریاضی کا بہرطور عربی زبان لازم کردی جائے اور عربی تعلیم کی ابتدا جماعت پنجم سے کی جائے۔

اس لزوم کے باوجود مسلم طلبہ کو سنسکرت اور غیر مسلم طالب علموں کو عربی بطور زبان اختیاری لینے کی عام اجازت رہے۔

(۲) سنسکرت اور عربی کو لازم قرار دے کر مجلس ہذا یہ استدعا کرتی ہے کہ مجلس نصاب۔ ان زبانوں کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے نصاب موجودہ میں ایسی خاص رعایت فرمائے کہ ان ہر دو زبانوں میں سے کسی ایک کی تعلیم کے ساتھ طلبہ پر دیگر مضامین کی تعلیم ناقابل برداشت بار نہ ہو۔

(۳) زبان فارسی کی اہمیت کے لحاظ سے اس مجلس کی رائے ہے کہ آجکل جس طرح نصاب اعلیٰ ریاضی میں فارسی نہیں ہے اور شعبہ دینیات میں اردو شریک نہیں ہے۔ اسی طرح یہ کیا جائے کہ جو طلبہ عربی کے ساتھ زبان فارسی بھی لینی چاہیں ان کے لئے اردو کے عوض فارسی لازم قرار دی جائے اور جماعت سوم و چہارم میں فارسی ہر اس طالب علم کے لئے جس کی مادری زبان اردو ہے زبان لازمی قرار دی جائے اس کے باوجود اگر ان جماعتوں میں کوئی طالب علم باوجود اردو مادری زبان ہونے کے فارسی لینا چاہے تو بطور زبان اختیاری لے سکتا ہے۔

ان تجاویز میں سے اس جلسہ میں پہلی تجویز بعد بحث و مباحثہ باغلب آرا منظور ہوئی دوسری تجویز بالاتفاق منظور کی گئی۔ تیسری تجویز اس ترمیم کے ساتھ منظور ہوئی کہ جماعت سوم و چہارم میں فارسی ہر اس طالب علم کے لئے جس کی مادری زبان اردو ہے زبان لازمی قرار دی جائے۔ اس کے باوجود اگر ان جماعتوں میں کوئی طالب علم باوجود اردو مادری زبان نہ ہونے کے فارسی لینی چاہے تو بطور زبان اختیاری لے سکتا ہے۔

اس قدر کارروائی کے بعد جناب صدر نشین صاحب کے شکریہ کے ساتھ جلسہ ۴½ بجے برخاست ہوا فقط

شذرات

ڈیوژن افسر لنگسگور کی تعلیمی ہمدردی یہ خبر باعث مسرت و امتنان ہے کہ مولوی کلیم اللہ صاحب ڈیوژن افسر لنگسگور نے اپنے دورہ سندھور کے موقعہ پر مدرسہ وسطانیہ سندھور کے غریب طلبہ کے لئے مبلغ (۴۰) روپیہ عثمانیہ اور پانچ آنہ کلدار مرحمت فرمایا اس عطیہ سے نادر طلبہ کو سلیٹ۔ کاپی۔ قلم۔ کتابیں دلائی گئیں۔ ایک لڑکا مسمی محمد حسین جو ایک یتیم و یسیر ذہین فسٹ فارم کا طالب علم ہے اس کو اپنے سامنے بلوا کر بنفس نفیس اس کی حالات کا معائنہ فرمایا جس کی کیفیت سے متاثر ہو کر اس کی تعلیمی اغراض کو دوامًا تا ختم تعلیم پوری فرماتے رہنے کا وعدہ نہایت فراخدلی کے ساتھ فرمایا اور اسی وقت مبلغ پندرہ سکہ عثمانیہ فراہمی کتب درسی کے لئے عطا فرمایا۔ جزاہ اللہ خیر الجزاء

مدرسہ وسطانیہ سریا پیٹھ میں وداعی جلسہ بتاریخ ۲۳ مہر ۱۳۴۱ف معززین رعایا، مقامی وکلاء اور اراکین کلب کی جانب سے بصدارت جناب مسٹر سری دھر راؤ صاحب تحصیلدار سریا پیٹھ جناب مولوی افتخار علی خاں صاحب بی۔ اے صدر مدرس کے دس سالہ خدمات کے اعتراف میں ایک پارٹی ترتیب دی گئی تھی جس میں صاحب ممدوح کو پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور ناقابل فراموش کام کی تائید کی گئی اور ان کے تبدل بمدرسہ فوقانیہ ناندیڑ پر اظہار رنج و افسوس کیا گیا۔ چاء، شیرینی اور نوالکھات کا معقول انتظام تھا۔

موصوف کے اعزاز میں بتاریخ مہر ۱۳۴۱ف طلبا مدرسہ نے بھی ایک جلسہ کا انتظام بصدارت جناب ڈیوژنل افسر صاحب آبپاشی و تعمیرات سریا پیٹھ کیا تھا۔ طلبا نے اُن کے اُن گنت احسانات (جو مدرسہ اور طلبا پر آپ نے فرمائے تھے) ذکر کرتے ہوئے آپ کے تبدل پر اپنے گہرے رنج و ملال کا اظہار کیا اور ایک قیمتی فوٹن پن پیش کرتے ہوئے اس کو بطور یادگار قبول کرنے کی التجا کی۔ چاء بسکٹ و شیرینی سے معزز شرکاء کی تواضع کی گئی۔

اسٹاف مدرسہ کی جانب سے بصدارت جناب مولوی احمد شفیع صاحب بی۔ اے بیرسٹر ایٹ لا منصف سریا پیٹھ ایک اور وداعی جلسہ ترتیب دیا گیا تھا جس میں معززین رعایا۔ وکلاء و عہدہ داران

مقامی شریک تھے مقررین نے آپ کے کارنمایاں کا اظہار کیا اور مدرسہ نے جو تعلیمی و تعدادی ترقی آپ کے زمانے میں حاصل کی اس سے عام لوگوں کو روشناس کرایا۔ اور آپ کی جدائی و تبدل پر اپنے جذبات کا اظہار کیا ایک گھڑی بطور یادگار پیش کی۔ حاضرین و شرکاء جلسہ کی چاء فواکھات سے تواضع کی گئی اور نہایت ہی خوبی و ترتیب سے یہ جلسہ اختتام کو پہنچا۔

جلسہ تعلیمی مدرسہ چنا ملاریڈی بتاریخ ۱۰ آبان ۱۳۴۱ف بہ سرپرستی جناب نرسنگ راؤ صاحب پٹواری سکنہ ہذا مدرسہ لوکلفنڈ چنا ملاریڈی تعلقہ کاماریڈی کا تعلیمی جلسہ بہ صدارت عالیجناب مولوی مرزا ابراہیم علی بیگ صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی ناظر تعلیمات مکان مدرسہ میں منعقد کیا گیا۔ مکان مدرسہ آراستہ و پیراستہ تھا۔ بیرون مدرسہ میں مختلف رنگ کی جھنڈیاں لہرا رہی تھیں۔ ٹھیک ۳ بجے طلباء مدرسہ پرچم آصفی لئے ہوئے اپنے بادشاہ ذیجاہ کی درازی عمر کے گیت گاتے ہوئے آبادی کا چکر کاٹ کر مدرسہ پہونچے۔ جہاں عوام کا مجمع تھا۔

تاریخ مذکور میں باوجود بارش سخت ہونے کے شرکاء جلسہ کی اچھی خاصی تعداد رہی۔ ۴ بجے سے جلسہ کی کارروائی شروع ہوئی۔ معزز صدر کرسی صدارت کو زینت بخشنے کے بعد رعایا کی جانب سے پھول کے ہار پہنائے گئے اس رسم کی ادائی کے بعد مولوی قاضی ملک محمد صدیق صاحب صدر مدرس مدرسہ تحتانیہ درجہ اول قصبہ راجم پیٹھ نے خوش الحانی سے کلام پاک سنایا اس کے بعد طلباء مدرسہ نے خدا کی تعریف و پرارتھنا و ترانہ دکن پڑھا۔ ازاں بعد مولوی محمد عبدالعزیز صاحب صدر مدرس نے مدرسہ کی رپورٹ سنائی۔ اس کے بعد مولوی محمد اسمٰعیل خاں صاحب صدر مدرس مدرسہ تحتانیہ درجہ اول قصبہ بھکنور نے "فی زمانہ تعلیم کی ضرورت" پر اور مولوی قاضی ملک محمد صدیق صاحب صدر مدرس مدرسہ تحتانیہ قصبہ راجم پیٹھ نے "تعلیم کس طرح دی جانی چاہیئے" پر و مسٹر بی نرسیا صاحب مددگار مدرس مدرسہ تحتانیہ بھکنور نے بزبان تلنگی رعایا دیہی سے دو باتیں پرجوش انداز میں تقریریں کیں جن کا حاضرین پر بہت کچھ اثر ہوا۔ مولوی شیر علی صاحب مددگار مدرس مدرسہ تحتانیہ قصبہ بھکنور نے "جماعت دوم اردو کی ادب" پر علی سبق و مسٹر ڈی لچیا صاحب مددگار مدرسہ تحتانیہ راجم پیٹھ نے "جماعت اول تلنگی کی حسابی نظم" پر بذریعہ کنڈرگارٹن عملی سبق دیا گیا جس میں خاصی دلچسپی رہی اور ایک ممتاز طالبعلم مدرسہ بھکنور (فرزند مولوی محمد اسمٰعیل خاں صاحب صدر مدرس بھکنور) نے وعدہ کی سچائی پر ایک قصہ سنایا اس کے بعد جناب صدر نشین جلسہ نے اپنا عالمانہ خطبہ صدارت پڑھا جو اپنی نوعیت میں بے نظیر تھا۔ معزز صدر نے اپنے دوران تقریر میں فرمایا کہ ایسے تعلیمی جلسہ اگر ہر ماہ ہوا کریں تو رعایا میں

اچھی خاصی اسپرٹ پیدا ہوگی۔ اس کی صدارت کے لئے عہدہ دار تعلیمات کی ہی شخصیت کی ضرورت نہیں۔ بلکہ معزز رعایا میں سے کسی ایک کو صدر نشین بنایا جا سکتا ہے۔ نیز اس سلسلہ میں یہ بھی فرمایا گیا کہ جس طرح رعایا و مدرس تعلیمی جلسہ منائے اسی طرح کلاسس کے مانیٹر بھی اپنا ایک جلسہ منائیں جن کے منجملہ ایک مانیٹر صدر نشین بنایا جا کر کلاسوں کے نظم و نسق پر تبادلہ خیالات کیا کریں جس سے بچوں میں بھی تقاریر کا مادہ پیدا ہوگا۔ غرض معزز صدر نے اپنی قابلیت سے مدرس و رعایا کے معلومات میں خاطر خواہ اضافہ فرمایا۔ آخر میں جناب صدر نے فرمایا کہ میرا ہر چند ارادہ تھا کہ مزید عرض کروں مگر افسوس کہ وقت بہت ہو چکا ہے بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ رات کی تاریکی بڑھتی جا رہی ہے اندیشہ ہے کہ سرکار جلسہ کو تکلیف ہو لہذا اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں اختتام تقریر پر مولوی قاضی ملک محمد صدیق صاحب صدر مدرس مدرسہ تحسانیہ راجم پیٹھ نے مدرسہ کے جانب سے سرکار جلسہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے درگاہ مجیب الدعوات میں اپنے سرپرست بادشاہ ذیجاہ خلد اللہ ملکہ وسلطنتہٗ و شہزادگان والاشان و شہزادیان فرخندہ فال کی درازی عمر و شہزادگان والاشان کے بخیر و خوبی یورپ سے مراجعت فرمانے کی دعا مانگی اور سب نے "آمین" کے نعرے بلند کئے اس کے بعد طلبا مدرسہ کو شیرینی تقسیم کی جا کر حاضرین کی عطر و پان سے خاطر تواضع کی گئی اور ٹھیک ۸ بجے شب جلسہ برخواست ہوا۔

مدرسہ وسطانیہ لنگسگور میں اگنی سبھا کا تیسرا مظاہرہ

بتقریب تشریف آوری جناب مولوی رفیع الدین صاحب صدیقی بی اے۔ بی۔ ٹی مہتمم تعلیمات ضلع رائچور

بعد ختم معائنہ تعلیمی مدرسہ وسطانیہ لنگسگور کے اسکوٹس نے جس کی مجموعی تعداد پچاس تک پہونچی ہے اجتماعی ڈرل اور اسکوٹس گیمس کے مختلف مظاہروں کے بعد شب میں ۹ بجے بتاریخ یکم آبان سنہ ۱۳۴۱ف اگنی سبھا کیامپ فیر کا مظاہرہ مختلف وگوناگوں دلچسپ مشاغل کے ساتھ پیش کیا۔ عوام کثیر تعداد میں شریک تھے۔ جناب مہتمم صاحب تعلیمات ضلع رائچور بمعیت جناب الیاس قریشی صاحب منصف عدالت لنگسگور تشریف فرما تھے۔ ڈاکٹر مہادیوی نند ایم۔ اے۔ ڈی۔ پی۔ سی مددگار محکمہ طبقات الارض جن کی دلچسپیوں اور ہمدردیوں کا مدرسہ ہذا ممنون ہے شریک تھے۔ ٹھیک وقت پر مجوزہ پروگرام کے مطابق "بھارت ماتا کی نظم کے ساتھ جس کو واعظ الحق نامی اسکوٹ نے خاص سوز و گداز کے ساتھ والہانہ انداز میں پڑھا تھا اگنی سبھا کی افتتاح عمل میں آئی۔ انگریزی۔ فارسی۔ اردو۔ کنڑی مکالموں اور ڈراموں میں مصروفیت رہی "دو برہمن" کا مذاقیہ مکالمہ از حد دلچسپ اور ظرافت انگیز ثابت ہوا۔ "تعطیل کی مصروفیت" والا ڈرامہ اہل مذاق اور اہل نظر ہر دو کے لئے سبق آموز تھا۔

اسکوٹس نے سیمرزم کے عنوان سے مختلف عجیب وغریب کرشموں کو حاضرین کے پیش نظر کیا۔ اسکوٹس کا بلاحجاب ورعب مجلس مختلف مظاہروں کو نہایت آزادی ومشاقی کے ساتھ پیش کرنا ناظرین سے کلمات تحسین وآفریں کا باعث ہو رہا تھا۔ اسکوٹس کی جماعت موسیقی نے مختلف انداز سے نوع بہ نوع ترنم کے ساتھ خوش نوائی واصول موسیقیت کو مدنظر رکھتے ہوئے نغمہ نوازی وترنم ریزی کی صلاحیت کا مظاہرہ پیش کیا۔ غرض اس کوردہ میں جو ریلوے اسٹیشن سے میلوں دور ہے اسکوٹس نے اپنی گوناگوں مصروفیتوں سے اس امر کو ثابت کر دکھایا کہ تعلیم وتربیت کے بعد دیہی باشندوں میں بھی شہری مدارس کے طلبار کی سی خصوصیات پیدا ہوسکتی ہیں۔ آگنی بھا کے مظاہروں کے اختتام سے پہلے شعلہ انگیز آتش جو پہلے سے روشن ہو رہی تھی۔ نہایت آب وتاب کے ساتھ بھڑک اٹھی۔ اسکوٹس کی مختلف ٹولیوں نے اس آتشی تودہ کو اپنے حلقہ میں لئے ہوئے۔ قومی گیت الاپنا شروع کیا۔ "خضر کی عمر ہو تجھ کو عطا بخت سکندر ہو" کی دعائیہ نظم کے ساتھ سارے حاضرین دست بستہ ایستادہ تھے۔ اس پرکیف نظم کے ساتھ اسکوٹس نے سلامی اتاری اور مصروفیت ختم ہوئی۔ جناب مولوی محمد جیلانی صاحب بی۔ اے۔ ہیڈ ماسٹر مدرسہ ہذا نے جمیع حاضرین اور خاص کر جناب مہتمم صاحب تعلیمات کا شکریہ ادا کیا۔ جنہوں نے باوجود اپنی سرگرم مصروفیتوں کے کیمپ فیر میں شریک ہوکر جمیع اسکوٹس کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ اور کارکنان مدرسہ کو ممنون کیا۔ جس کے جواب میں جناب مہتمم صاحب نے جناب ہیڈ ماسٹر صاحب سے انتہائی مسرت وشادمانی کا اظہار کیا۔ اور یہ فرمایا کہ اس قسم کے خوش کن نتیجہ خیز مظاہرے پیش کرنے سے ضلع ہذا کے وسطانیہ تو کیا مدارس فوقانیہ بھی قاصر ہیں۔

مدرسہ تحتانیہ انتر گاؤں بتاریخ ۳۰ اردی بہشت ۱۳۴۱ف روز یکشنبہ زیر صدارت جناب مسٹر کے ترمل راؤ صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی مہتمم تعلیمات ضلع آصف آباد ڈیٹیچنگ سوسائٹی کا انعقاد بوقت چار ساعت شام پلے گراونڈ پر جو کہ جھنڈیوں وغیرہ سے آراستہ کیا گیا تھا جلسہ کا افتتاح کیا گیا۔ چند طلبہ نے خدا کی تعریف نظم اردو ومرہٹی میں سنائی۔ بعد ازاں چار طلبہ نے ہمارے بادشاہ اعلیحضرت حضور پرنور (میر عثمان علی خاں بہادر خلد اللہ ملکہ) کے سلامتی کے لئے خدا سے دعائیں مانگیں۔ کمسن طلبہ نے چھوٹی چھوٹی کہانیاں بیان کیں۔ اور (اشوہسن) مرہٹی ڈرامہ ہوا جس کو جناب صدر صاحب نے پسند فرمایا۔ بعد ازاں طلبہ نے علم ودولت پر تقریر کی۔ جناب سیتا رام راؤ صاحب صدر مدرس مدرسہ ہذا نے علم ودولت کے بارے میں اپنے

خیالات کا اظہار فرمایا۔ مسٹر دتاتری راؤ صاحب مددگار نے علم و دولت کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار فرماتے ہوئے رعایا کو (جو کہ اس جلسہ میں مدعو کئے گئے تھے) علم کے متعلق ترغیب دلائی بعد ازاں جناب صدر نشین صاحب نے زبان مرہٹی میں پرزور تقریر فرمائی۔ اور رعایا و طلبار کو نصیحت کی کہ علم اور دولت ایک ہی چیز ہے۔ علم سے ہی دولت اور دولت سے ہی علم ہے۔ بعد ازاں جناب صدر مدرس صاحب نے جلسہ مذکور کی رپورٹ پڑھی اور فرمایا کہ بزم مذاکرہ کی ابتدا سال ۱۳۳۹ف میں ہوئی ہے اس وقت سے تاحال کامیابی کے ساتھ مدرسہ ہذا میں ہر ہفتہ جلسہ کا انعقاد ہو رہا ہے۔ من بعد جناب صدر مدرس صاحب نے حاضرین جلسہ و جناب صدر نشین صاحب کا شکریہ ادا کیا چائے نوشی کے بعد شیرینی تقسیم کر دی گئی۔ نہایت مسرت کے ساتھ ۱½ بجے جلسہ برخواست ہوا۔

رپورٹ جلسہ تعلیمی مدرسہ تحتانیہ درجہ اول دو زبانی بتاریخ ۲۵ آبان ۱۳۴۱ف روز جمعہ ٹھیک چار بجے مدرسہ تحتانیہ درجہ اول دو زبانی قصبہ واڑھونہ ضلع بیدر

قصبہ واڑھونہ تعلقہ احمد پور ضلع بیدر شریف کا سالانہ تعلیمی جلسہ اس نواح کے مشہور زمیندار جناب اعظم میاں صاحب دیسمکھ و جاگیردار و متصرفہ دار (واڑھونہ و سوگاؤں و واکیال وغیرہ) کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ چونکہ جلسہ کا انتظام اعلیٰ پیمانہ پر کیا گیا تھا۔ مدرسہ کی سرکاری عمارت کے ہال و راستہ ناکافی خیال کر کے میدان بازیگاہ میں بعض ساہوان آبادی کی امداد سے تین کا وسیع ہال تیار کر کے رنگ برنگ کی جھنڈیوں اور بیرقوں سے آراستہ و پیراستہ کیا گیا تھا۔ حاضرین کی تعداد تین سو سے زائد تھی۔ جناب صدر مدرس صاحب ان ہڈولتی و چاپولی و گھڑرو دیگر مدرسین بھی شریک جلسہ تھے۔ حمد و ثنا کے بعد جلسہ کا آغاز ہوا۔ جناب صدر مدرس صاحب مدرسہ ہذا کی تحریک صدارت و مولوی سید عثمان علی صاحب صدر مدرس چاپولی کی تائید کے بعد جناب صدر نشین صاحب کرسی صدارت پر رونق افروز ہو کر اپنے بیش بہا خیالات کا اظہار فرمایا بعد ازاں جناب مولوی محمد عبدالحمید صاحب صدر مدرس مدرسہ ہذا نے رپورٹ مدرسہ سنائی۔ بہادر راؤ و شیخ احمد و دیگر تلامذہ طلبہ مدرسہ نے علم اور اس کی ضرورت پر اردو و مرہٹی میں اچھے اچھے مضامین پڑھ کر حاضرین سے خراج تحسین حاصل کئے۔ چونکہ مسٹر رگھناتھ راؤ صاحب مددگار کے تبادلہ ہائی اسکول کے احکامات بھی آچکے تھے۔ اس لئے بہادر راؤ در کو در سکی لوگوں و آبادی کے افراد نے ماسٹر صاحب جیسے ہر دل عزیز مدرس کے تبادلہ پر اظہار افسوس کیا ازاں

بعد فصیح الدین احمد صاحب مددگار مدرسہ ہذا نے ماسٹر صاحب کے اوصاف حمیدہ و تعلیمی دلچسپی کا اعادہ و چمن بندی میں دلچسپی لینے کے مادہ کا اظہار کرتے ہوئے ایک نظم سنائی۔ مولوی سید عثمان علی صاحب صدر مدرس چاپولی نے کسی شاعر کی درس عمل پر ایک بہترین نظم سنائی اور اتفاق و اتحاد پر نہایت بسیط و معنی خیز مضمون پڑھا۔ اس کے بعد مولوی عبدالوہاب صاحب وہاب منصبدار و دیسکھ نے جن کو تعلیم سے خاص لگاؤ ہے۔ احادیث و آیات قرآنی کے ذریعہ حصول تعلیم و ضرورت علم پر نہایت فصیح و بلیغ تقریر فرماتے ہوئے فیوضات دور عثمانی بالخصوص تعلیمی ترقی کا جامع الفاظ میں مدلل اعادہ فرمایا جس سے حاضرین بہت محظوظ ہوئے۔ بعد ازاں فطرتی تعلیم پر گویندراؤ صاحب صدر مدرس ہڈولتی نے زبان مرہٹی میں اپنے بیش بہا خیالات کا اظہار فرمایا۔ موصوف کی تقریر بھی مثل مولوی عبدالوہاب صاحب منصبدار دلچسپ رہی اور حاضرین خوب لطف اندوز ہوئے۔ مسٹر سدھوراؤ صاحب اور پنڈت گویند دیو صاحب جوشی نے نہایت جوش و خروش سے فرمایا کہ موجودہ صدر مدرس مولوی محمد عبدالحمید صاحب کو ہیری کی مساعی جمیلہ کا باعث ہے جو یہاں جماعت پنجم قایم ہوگئی اور دو جائداد کا اضافہ ہوکر (۹) مدرسین مامور ہو چکے ہیں۔ مدرسہ کی تعداد ڈھائی سو سے زائد ہے۔ رعایا دلچسپی لے کر وسطانیہ بنانے کی کوشش کرے جناب مقطعہ دار صاحب و رعایا مدرسین کا ہاتھ بٹائیں تو بہت جلد یہ مدرسہ مڈل اسکول ہو جائیگا۔ ازاں بعد مسٹر رنگھاتھ راؤ صاحب مددگار متبدلہ نے مرہٹی میں اپنی الوداعی تقریر پڑھی اور منجانب مدرسہ حاضرین کا شکریہ ادا کیا گیا۔ اعلیحضرت بندگانعالی ظلہ العالی و شاہزادگان بلند اقبال و شاہزادیان ہمایوں فال کی ترقی عمر و اقبال کی دعا کے ساتھ اپنی نوعیت کا پہلا اور شاندار جلسہ ٹھیک مغرب کے وقت بخیر و خوبی برخواست ہوا۔ حاضرین کی چاء و پان سے تواضع کی گئی۔

روئداد جلسہ سالانہ مدرسہ تحتانیہ درجہ اول قصبہ بکلنڈہ ضلع ناندیڑ

مدرسہ ہذا کا سالانہ جلسہ بتاریخ ۲۵ آبان ۱۳۴۱ف بصدارت عالیجناب دوم تعلقدار صاحب ڈویژن دیگلور منعقد ہوا۔ اندرون و بیرون مدرسہ رنگ برنگ کی جھنڈیوں سے اور چمن خوشنما بودوں سے اور مدرسہ کے کمروں کو خوشنما ڈزاین اور مختلف اشعار سے خوب سجایا گیا۔ صبح ۸ بجے سے ۱۱ بجے تک مختلف دیسی و انگریزی کھیل ہوئے۔ اور ۳ بجے قرات و حمدباری کے ساتھ جلسہ کا آغاز ہوا عام پبلک و معززین قصبۂ ہذا کے علاوہ جلیل القدر عہدہ دار صاحبان جناب تحصیلدار صاحب جناب منصف صاحب وغیرہ نے بھی شرکت کی عزت بخشی طلبا و مدرسہ کے ظرافت آمیز نتیجہ خیز اور سبق آموز مختلف زبانوں کے ڈراموں اور مکالموں سے شرکاء جلسہ بہت ہی محظوظ و مسرور رہے۔ اسکے

بعد بھیم راؤ صاحب صدر مدرس مدرسہ ہذا نے حالات مدرسہ و جناب لکشمن راؤ صاحب ساہو نے ضروریات مدرسہ و جناب رحمان علی صاحب نے تحصیل علم و جناب عبد الکریم صاحب نے فوائد علم پر اردو میں تقریر فرمائی اور مولوی احمد علی صاحب مددگار نے حاضری کی طرف پبلک کی توجہ مبذول کرائی۔

جناب ڈرائنگ ماسٹر صاحب و سلطانیہ دلگلور نے مرہٹی میں و جناب کاشی ناتھ آپا صاحب نے کنڑی میں علم کے فوائد پر تقریر فرمائی اور طلبہ مدرسہ نے دعائے سلامتی اعلیحضرت بندگانعالی کی نظم پڑھی۔

بعد ازاں عالیجناب صدر نشین صاحب نے خوشنودی کا اظہار اور سود مند پند و دلپذیر تقریر کے بعد گیمس کامیاب طلبا کو انعام تقسیم فرمایا۔ اور بڑی خوشی و کامیابی کے ساتھ ۶ بجے شام جلسہ برخواست ہوا۔

جلسہ سالانہ مدرسہ تحتانیہ سلگرہ ضلع گلبرگہ شریف بتاریخ ۲۴ آذر ۱۳۴۲ف بوقت ۴ بجے شام مدرسہ تحتانیہ قصبہ ہذا کے سالانہ تعلیمی جلسہ بصدارت جناب چلکیا صاحب مالی پٹیل سکنہ کوڑگہ تعلقہ گلبرگہ منعقد ہوا۔ اہالیان بستی میں سے تقریباً (۳۵۰) تین سو پچاس نفوس شریک جلسہ رہے۔ طلبا مدرسہ نے مختلف نظمیں اور مکالمے زبان کنڑی اردو انگریزی وغیرہ میں سنائے مدرسین اور اہالیان بستی میں سے اکثر معززین کی تقریریں ہوئیں اور مدرسین مدرسہ ہذا نے اپنے ذاتی صرفہ سے (۱۲) عدد سیلٹیں جناب صدر صاحب کے دست مبارک سے غریب و نادار طلبا کو تقسیم کرائیں اس کے بعد صدر مدرس نے مدرسہ کی موجودہ ترقی و آبادی کو ظاہر کرتے ہوئے رعایا قصبہ ہذا کو آبادی مدرسہ میں مدد دینے کی توجہ دلائی اخیر میں صدر نشین جلسہ نے مدرسہ کی موجودہ حالت پر اظہار خوشنودی ظاہر کرتے ہوئے۔ فراہمی طلبا میں مدد دینے کے متعلق رعایا کو خوب توجہ دلائی جس کا اثر حاضرین پر بہت ہوا اختتام جلسہ پر اعلیحضرت بندگان عالی و صاحبزادگان بلند اقبال و شہزادیاں ہمایوں فال کی ترقی عمر و اقبال کی دعا مانگی گئی۔ اور جلسہ نہایت کامیابی کے ساتھ اپنے اختتام کو پہونچا۔

روئداد چھٹی سالانہ کانفرنس انجمن اساتذہ بلدہ

انجمن اساتذہ حیدرآباد دکن کی چھٹی سالانہ کانفرنس سٹی کالج حیدرآباد دکن کے ہال میں بتاریخ ۱۵ و ۱۶ ستمبر ۱۹۳۲ء نواب سر نظامت جنگ بہادر کے زیر صدارت منعقد ہوئی۔ سخت بارش کی وجہ سے پہلے اجلاس میں مجمع کم تھا لیکن بعد کے جلسوں میں حاضرین کی تعداد اچھی خاصی ہوگئی۔ حاضرین جلسہ میں جناب نواب اکبر یار جنگ بہادر معتمد عدالت امور عامہ، جناب خان فضل محمد خاں صاحب ناظم تعلیمات ملک سرکار عالی اور جناب قاضی محمد حسین صاحب پرنسپال کلیہ جامعہ عثمانیہ، جناب سید محمد حسین صاحب جعفری نائب ناظم تعلیمات، جناب سید محمد اعظم صاحب صدر سٹی کالج، جناب سجاد مرتضا صاحب پرنسپال ٹریننگ کالج، مسٹر رستم جی، مس ریڈ، مس ٹائیلر، اور جناب فیض الدین صاحب و احمد حسین خاں صاحب و سید حسین صاحب صدر مہتممین اسمات کے نام خاص طور سے قابل ذکر ہیں۔

اجلاس اول صبح

نواب سر نظامت جنگ بہادر نے تعلیمی نمائش کا افتتاح کوئی ۱۰-۵ پر کیا۔ اس کے بعد مولوی سید علی اکبر صاحب میر مجلس استقبالیہ کمیٹی نے اپنا خطبہ استقبالیہ پڑھ کر سنایا۔ اور کانفرنس نے مولوی سید ظہور علی صاحب مرحوم کی وفات حسرت آیات پر اظہار ملال اور ان کے پسماندگان کے ساتھ اظہار ہمدردی کا ریزولیوشن منظور کیا۔ بعد ازاں سید محمد شریف مشہدی معتمد عمومی نے اپنی رپورٹ بابتہ ۱۹۳۱-۳۲ء سنائی۔ جو رسالہ ہذا میں شائع کی گئی ہے۔ تب مولوی سید علی محمد صاحب نے اپنی نظم جو خاص اسی موقعہ کے واسطے لکھی گئی تھی لحن و ترنم کے ساتھ پڑھ کر سنائی جس سے سامعین نہایت محظوظ ہوئے۔ اس نظم کی سامعہ نوازی کے بعد نواب سر نظامت جنگ بہادر نے اپنا فاضلانہ اور ولولہ انگیز خطبہ پڑھا جو رسالہ کے ابتدائی اوراق کو زینت دے رہا ہے۔

صدارتی تقریر کے اختتام پر اس تجویز پر بحث و مباحثہ ہوا۔

"اس کانفرنس کی رائے میں موجودہ مدارس میں پھسڈی طلبہ کی تعلیم پر زیادہ توجہ ہونی چاہئے"
اس کے محرک مولوی غلام دستگیر صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی نے فرمایا کہ "یہ عام طور پر تسلیم کیا جاتا ہے کہ قوم اسی وقت ترقی کر سکتی ہے جب کہ اس کا ہر فرد سلیم الجسم اور سلیم العقل ہو۔ یہ بات تحقیق کو پہنچ چکی ہے کہ ناقص القویٰ انسان کے مجموعہ میں پھسڈی، کمزور دماغ والے، نحیف القویٰ اور مخبوط الحواس افراد شامل ہیں۔ تجربہ کار اساتذہ بخوبی واقف ہیں کہ ہر طبقۂ مدرسہ کے پھسڈی طلبہ کی تعداد دس فی صدی سے کم نہیں۔ اس لئے تعلیم بنی نوع انسان کی فلاح پر جو رقم صرف ہوتی ہے اس کا اس سے بہتر مصرف نہیں ہو سکتا کہ ان کے ناقص القویٰ افراد پر زیادہ توجہ کی جائے پھسڈی طلبہ کی تعلیم کی تاریخ پر سرسری نظر ڈالنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ فرانس کے وزیر تعلیم نے تین وجودہ سال کی عمر کے مابین والے بچوں کی پیمایش ذہن کا طریقہ ایجاد کیا۔ یہ بہت مفید ثابت ہوا۔ اور اس سے طلبہ، مزدوروں اور سپاہیوں کی حقیقی ذہانت کا اندازہ کیا جاتا ہے۔

ماہرین علم النفس کا قول ہے کہ بعض جسمانی بیماریاں مثلاً میعادی بخار، ذہنی اور جسمانی نقص اور ناقص خوراک و لباس بچوں کو پھسڈی بنا دیتے ہیں۔ بدقسمتی سے پھسڈی بچوں کی مناسب خبر گیری ہمارے مدرسوں میں نہیں ہوتی۔ ان کو ترقی سے محروم رکھا جاتا ہے اور یہ بات معلم و متعلم دونوں کے لئے مضر ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ متعلم دل شکنی کا اور مدرس مایوسی کا شکار ہو جاتا ہے۔ مدرس خیال کرتا ہے کہ وہ کامیابی کے ساتھ پڑھانے کے قابل نہیں اور طالب علم یہ نتیجہ نکالتا ہے کہ اس میں تعلیم حاصل کرنے کی صلاحیت نہیں۔ تعلیم کے اس نقص کی وجہ سے جرمنی میں اس قسم کے بچوں کے لئے جدا مدارس قایم کئے گئے ہیں جہاں اس کے ادراک کو اسباق الاشیاء اور دستی مشاغل کے ذریعہ متاثر کرنے پر زیادہ توجہ کی جاتی ہے۔ مگر اس طریقہ میں ایک بڑا عیب یہ ہے کہ سارے بچے تقریباً ایک ہی ادنیٰ ذہنی معیار کے ہوتے ہیں۔ اور ان بچوں کو اوسط ذہنیت کے بچوں کی صحبت نصیب نہیں ہوتی۔ اور وہ آئندہ زندگی کی ضروریات کے مطابق تجربات نہیں حاصل کر سکتے۔ البتہ امریکہ میں ان لڑکوں کی الگ مدرسہ نہیں ہوتے بلکہ معمولی مدرسوں ہی میں ان کی تعلیم کا خاص انتظام کیا جاتا ہے"

اس تحریک کی تائید میں ریورنڈ الیف۔ سی۔ فلیپ نے فرمایا کہ قبل ازیں جو کچھ کہا جا چکا ہے اس سے میرا خیال ہے کہ اس قسم کی تحریک کی ضرورت بالکل ظاہر ہو گئی ہے۔ پھسڈی لڑکوں کی طرف سے جو غفلت کی جاتی ہے اس سے نہ صرف روپیہ برباد ہوتا ہے بلکہ انسانی زندگی بھی تباہ

ہوتی ہے جو روپیہ سے زیادہ اہمیت رکھتی ہیں اور جو قوم کی حقیقی دولت ہے مجھے حیدرآباد کے بچوں کا اوسط تو معلوم نہیں مگر انگلستان میں ماہرین نے اندازہ لگایا ہے کہ لندن کے طلبہ میں سے دس فی صدی اس نوع کے ہیں اور غالباً یہی اوسط حیدرآباد کا بھی ہوگا۔ بہرصورت اصل مسئلہ فیصد کا نہیں بلکہ انسداد کا ہے اگر شروع شروع علاج کیا جائے تو بہت کچھ ہو سکتا ہے مجرموں کی درسگاہیں یا گل خانے وغیرہ ظاہر کرتے ہیں کہ حکومت عام ناقص القویٰ پر کتنی توجہ صرف کرتی ہے پھٹڑی لڑکوں کو یقیناً اتنی ہی توجہ کی ضرورت ہے کیونکہ پھٹڑی طلبہ کو اپنی پوری قوتیں حاصل کرنے کا ویسا ہی حق ہے جیسا کہ ہوشیار لڑکوں کو، مگر اکثر مدارس میں غبی لڑکوں کو نظر انداز کر کے ہوشیار لڑکوں کو تعلیم دی جاتی ہے بحیثیت مدرس کے ہمارا کام یہ نہیں کہ تعلیمی ڈور کے گھوڑے تو تیار کریں اور باربرداری کے ٹٹوؤں کو پس پشت ڈال دیں یہ بیچارے بھی اُسی توجہ اور عنایت کے مستحق ہیں اور سچ تو یہ ہے کہ دنیا کے کاروبار کا بوجھ زیادہ تر باربرداری کے گھوڑے اُٹھاتے ہیں نہ کہ گھوڑ ڈور کے تازی۔

حقیقی ناقص الذہن بچوں کو خاص مدرسوں میں خاص نصاب کی تعلیم دینا لازمی ہے لیکن میرے نزدیک پھٹڑی لڑکوں کو ایسے مدرسوں میں بھیجنا کچھ زیادہ مفید نہ ہوگا کیونکہ ایسے مدرسہ کے لڑکوں کے ماتھے پر ایک کلنگ کا ٹیکا لگ جاتا ہے اور ان میں ایک قسم کا احساس کمتری نشوونما پاتا ہے اور یہی وہ چیز ہے جو پھٹڑی طلبہ [illegible] کرنی چاہئے۔ تحریک کا منشا یہ ہے اور مناسب بھی یہی ہے کہ موجودہ مدارس ہی میں ان کی تعلیم کا انتظام ہو۔ سب سے بڑی ضرورت یہ ہے کہ کمزوری کے اسباب کی ٹھیک تشخیص کی جائے تاکہ مناسب تدابیر اختیار کی جا سکیں۔ ممکن ہے کہ کمزوری غیر حاضری یا دیر سے تعلیم شروع کرنے کے سبب سے ہو۔ ایسے طلبہ کے لئے خاص جماعت کھولنا چاہئے مگر مشکل یہ ہے کہ ہمیں مالی دشواریوں سے دوچار ہونا پڑتا ہے کیونکہ خاص جماعت کے لئے زائد اساتذہ کی ضرورت ہوگی۔ اس کے علاوہ دوسرے اسباب بھی ہو سکتے ہیں مثلاً کم خوراکی یا دوسرے جسمانی نقص جو طبی معائنہ مدرسہ کے وقت معلوم ہو سکتے ہیں۔ بعض اساتذہ جو لڑکوں کو سکان پر دیکھتے رہتے ہیں وہ بھی اصل سبب معلوم کر سکتے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ اس کام کے لئے بیچارے عدیم الفرصت مدرس کا کچھ اور وقت صرف ہوگا۔ اور مجھے یہ بھی معلوم ہے کہ اس کام کے انجام دینے میں ان کو مشکلات پیش آئیں گی۔

اصل بات یہ ہے کہ سبب کی تشخیص جلد ہونی چاہئے اور قبل اس کے کہ کمزوری ناقابل علاج ہو جائے مناسب تدابیر جلد سے جلد اختیار کرنی چاہئیں۔ نفسیاتی آزمایشوں سے انگلستان میں یہ ظاہر ہوا ہے کہ اگر انسداد جلد نہ کیا جائے تو کمزوری بڑی تیزی سے بڑھتی ہے مثلاً ایک بچہ جو

پانچ سال کی عمر میں اپنے برابر والوں سے ایک سال پیچھے ہے وہ دماغی ترقی میں پندرہ سال کی عمر میں دو سال پیچھے ہو جائے گا۔ یہ تو ابتدائی تناسب ہے اور اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ فوری چارہ گری کی کتنی سخت ضرورت ہے اس لئے اس معاملہ میں ابتدائی مدارس خاص توجہ کے مستحق ہیں۔

ٹریننگ کالج بہت کچھ مدد کر سکتا ہے اگر وہ اپنے نصاب میں ایسی تعلیم بھی شامل رکھے جس کی مدد سے مدرسین اسباب کمزوری کی صحیح تشخیص کے قابل ہو جائیں۔ انہیں یہ بھی سکھایا جائے کہ انفرادی صورتوں میں بہترین طریقۂ فلاح کیا ہو سکتا ہے۔

بذات خود میں سمجھتا ہوں کہ بچوں میں جو ہمدردی کا جذبہ ہوتا ہے اس کو کام میں لاکر جماعت میں اتحاد عمل کے طور پر بہت کچھ کہا جا سکتا ہے ہم بسا اوقات اس انداز عمل کو نقالی جیسے برے نام دیا کرتے ہیں میں نقالی کی حمایت نہیں کرتا لیکن اگر کوئی اس نقطۂ نظر سے دیکھے تو نقالی ایک کار خیر ہے۔ اور جذبہ ہمدردی کو ظاہر کرتی ہے مجھے یقین ہے کہ اس جذبہ کو جائز طور پر استعمال کر کے پھسڈی طلبہ کی مدد ہو سکتی ہے۔ کچھ بھی سہی لیکن جماعت ایک اتحادی رزم ہے اور اس میں یہ صفت جتنی زیادہ پیدا ہو سکے اتنی ہی بہتر ہے۔ اس نہج پر اگر کوئی جماعت نشو و نما پائے تو توقع ہے کہ اس مسئلہ کے حل میں مدد ملے گی اور دوسرے طلبہ پر بھی مفید اثر پڑے گا۔

کرنے کی ترغیب دیں۔ تکلیف دہ کتابی تعلیم پر زور دینے کی بجائے دستی مشاغل میں گوئے سبقت لیجانے کا جوش ان میں پیدا کریں۔ بجائے مار پیٹ کے ان سے نہیں بولیں اور اس طرح ان کی ہمتوں کو بڑھائیں۔ جب ہی ممکن ہے کہ یہ اعضاء بیکار پھر کار آمد ہوں۔ نہ صرف یہ کہ ان میں ایک نئی زندگی کی روح پھونک جائیگی بلکہ سماج جو ان کی وجہ سے دم توڑ رہا ہے۔ تازہ دم ہو جائے گا۔ آگے چل کر یہ ہی ہستیاں قوم و ملک کی پشت و پناہ ہو سکتی ہیں۔ بہت ممکن ہے کہ وہ بہترین فنی تعلیم حاصل کر سکیں۔ جو کچھ بھی پڑھا جائے اس کی غرض و غایت ان پر ہویدا ہونا لازمی ہے۔ نصب العین اگر ان کی سمجھ سے باہر ہوا تو اسباق میں دلچسپی ہونا محال ہے۔ آنکھوں سے دیکھ اور ہاتھوں سے چھو کر وہ اشیاء کی اہمیت دس گنا زیادہ آسانی سے سمجھ سکتے ہیں۔ لہٰذا کتابی تعلیم سے کہیں زیادہ مادی۔ ٹھوس اور مفید چیزوں سے تعلیم دینا چاہئے۔ جہاں تک ممکن ہو تازہ ہوا میں تعلیم دیجائے کھیل کود کے آلات مہیا کئے جائیں۔ مختلف مقامات کی سیر کرائی جائے اور بازار میں لے جا کر اشیاء کے مشاہدہ کا موقع دیا جائے۔ ریت، لکڑی، کارڈ بورڈ، ارسی، چمڑا، مٹی کی قسم کی چیزوں کے ذریعہ بآسانی تعلیم دی جا سکتی ہے۔

گھریلو چیزوں کے بنانے یا درست کرنے میں مہارت دیجائے۔ لکھنا، پڑھنا، ہجے، حساب کتاب یہ تمام مضامین دستی مشاغل کے ذریعہ سے پڑھائے جائیں۔ کپڑوں کی تراش خراش، کھانا پکانا، مصوری، سنگ تراشی کے ذریعہ سے بچوں میں کتابت آسانی سے حروف شناسی اور حساب کتاب کا شوق ذوق پیدا کیا جا سکتا ہے۔

دستی مشاغل کے علاوہ جامد ٹھوس چیزوں کے ذریعہ سے تعلیم بآسانی دیجا سکتی ہے۔ ان چیزوں کے دیکھنے چھونے اور آوازوں کے سننے کا موقع دیا جائے۔ میڈیم مانٹیسوری نے ثابت کر دکھایا ہے۔ کہ خاص قسم کے آلات استعمال کرنے سے نہ صرف اعضاء میں اس قسم کی چیزوں کے استعمال کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔ بلکہ قوت ادراک میں بھی پختگی پیدا ہو جاتی ہے۔ ماڈل اور تصاویر کا استعمال ناگزیر ہے۔ طلسمی فانوس کے ذریعہ سے یا متحرک تصاویر کے ذریعہ سے اگر تعلیم دیجائے تو زیادہ اچھا ہوگا۔ قدرتی مناظر سے دلچسپی پیدا کرنا لازمی ہے پھول پھل مختلف قسم کے جانور۔ موسموں کی تبدیلی اور ان کا ملک کی پیداوار پر گہرا اثر۔ یہ چیزیں پروجیکٹر کے ذریعہ سے ذہن نشین کرایا جا سکتا ہے۔

بڑے طلبا کو کسی خاص فن میں تعلیم دینا چاہئے۔ تاکہ وہ آیندہ زندگی میں ایسے فن سے مستفیض ہوسکیں اور ان کو اپنے پیشے میں ایک گونہ دلچسپی پیدا ہوجائے۔

سب سے زیادہ بدبختی یہ ہے کہ ہم نہیں جانتے کہ فرصت کے اوقات میں کیا کریں اور اکثر اوقات کا کاٹنا دشوار ہوجاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نوجوان آوارہ اور بدچلن ہوجاتے ہیں۔ مدرسہ کا فرض ہے کہ فرصت کے اوقات کیلئے مشغلے فراہم کرکے اور ان مشاغل میں بچوں کا رجحان دیکھ کر شوق پیدا کرائے۔ ہزاروں بچے جن کو لکھنے پڑھنے کا شوق نہیں ہوتا گانے مصوری۔ اور ورزش جسمانی میں فوقیت لے جاسکتے ہیں۔

مدرسہ کے نصاب میں صرف وہ ہی مضامین ہونا چاہئے جسمیں بچوں کو دلچسپی ہو اور جن کا تعلق قریبی ان کی آیندہ زندگی سے ہو۔ موجودہ صورت میں مدرسوں میں ایسے مضامین پڑھائے جاتے ہیں۔ یا اس طرح پڑھائے جاتے ہیں۔ کہ جس کا کوئی تعلق قریبی ان کی آیندہ زندگی سے نہیں ہوتا۔ اور اسی وجہ سے جو کچھ وہ مدرسہ میں پڑھتے ہیں بیکار ثابت ہوتا ہے۔ اور رفتہ رفتہ سب بھول جاتے ہیں۔

ساعت تعلیمی ہر مضمون کے لئے علٰحدہ علٰحدہ رکھنے کی ضرورت نہیں بلکہ بہتر ہے کہ جن مضامین میں بچہ کو دلچسپی ہے ان ہی کے ذریعہ سے دیگر مضامین پڑھائے جائیں ضرورت اس امر کی ہے کہ بچہ کی معلومات ماحول کی تمام اشیاء کے متعلق پختہ کرادی جائیں۔ انفرادی کام کرنے کا موقع دیا جائے۔ تاکہ شخصی دلچسپی اور آزادی عمل کے اصول ہاتھ سے نہ جانے پائیں مختصر یہ کہ طریقہ تعلیم ایسا ہونا چاہئے جس سے بچوں کو سبق سے شوق پیدا ہو اور اس طرح تعلیم ان کے لئے پرلطف ہوجائے۔ بچوں کو اس بات کا عادی کرنا چاہئے کہ وہ خود تحقیقات کریں اور نتائج اخذ کریں اور اپنی طبیعت سے بات پیدا کرنے لگیں۔

تعلیم و تربیت کی تکمیل گھر اور مدرسہ میں

میرزا حسین کاظم زادہ نے (جن کی کتاب راہ نو جلد دوم باب یازدہم صفحہ (۱۴۳-۱۵۴) سے ترجمہ کیا گیا ہے اس مقابلہ میں گھر اور مدرسہ میں تعلیم و تربیت کی تکمیل کی ضرورت پر کافی روشنی ڈالی ہے۔

وہ کمسن بچوں کی تربیت کے بارہ میں لکھتے ہیں۔ ہمارے گھروں میں بچوں کو دلستانی زندگی کے قابل بنانے کے لئے ایسے اسباب مہیا نہیں ہیں جن کے ذریعہ ان کی دماغی اور جسمانی قوی کی کامل طور پر نشو نما ہو سکے۔

اس مقصد کی تکمیل کے لئے ملک میں فروبل کے اصول کے مطابق "بساتین الاطفال" کنڈر گارٹن اسکولز کے قیام کی سخت ضرورت ہے جہاں کمسن بچوں کو آزادانہ زندگی گذارنے کھیلنے کودنے اور قسم قسم کے مشاغل میں عملاً حصہ لینے کا موقع ملتا ہے۔ اور اس سے ایک طرف تو قانون فطرت کے مطابق ان کی عقلی اور جسمانی قوتوں کی تربیت ہوتی ہے اور دوسری طرف وہ زندگی کی مختلف شاخوں سے مانوس ہو جاتے ہیں۔

یقین ہے کہ اس موقع پر جب کہ کنڈر گارٹن کے متعلق انجمن اساتذہ بلدہ نے ایک کمیٹی کا تقرر کیا ہے جو آئندہ کانفرنس کے سامنے اپنی مرتبہ رپورٹ پیش کریگی اصول کنڈر گارٹن کے بارہ میں ایک ہمسایہ قوم کے خیالات جو بازیگاہ علم میں بہت پہلے قدم بڑھا رہی ہے دلچسپی اور فائدہ سے خالی نہ ہونگے

متین

تربیتی نقطۂ نظر سے مدرسہ کے فرائض

بچہ جس روز سے کسی مدرسہ میں قدم رکھتا ہے، اس کی زندگی میں ایک بڑا انقلاب پیدا ہوتا ہے، یہ انقلاب ہمارے مدارس میں بہت سخت اور شدید ہوتا ہے۔ اس وجہ سے کہ گھر اور مدرسہ کی زندگی میں کچھ بھی مشابہت نہیں پائی جاتی۔ ہمارے بچے، مدرسہ داخل ہونے سے پہلے اپنی مخصوص فضا میں کامل آزادی کے ساتھ زندگی بسر کرتے ہیں۔ اگرچہ ہم اپنے گھروں میں کوئی خاص طریقۂ تربیت نہیں رکھتے جو بچوں کو مدرسہ کے لئے تیار کرے۔

تاہم بچے گھر میں مدرسہ کی بہ نسبت زیادہ آزاد ہوتے ہیں۔

بچے مدرسہ میں ضابطہ اور لائحہ عمل کے پابند ہوتے ہیں۔ ان کی آزادی محدود ہوتی ہے۔ جس وقت چاہیں اور جہاں چاہیں نہیں جا سکتے جس چیز کی جانب ان کا دل راغب ہو اس میں مشغول نہیں رہ سکتے جب انھیں کھانے کی اشتہا معلوم ہو نہیں کھا سکتے جس چیز کے وہ دلدادہ اور شائق ہوں اس سے نہیں کھیل سکتے وہ جہاں بیٹھنے کے خواہش مند ہوں نہیں بیٹھ سکتے۔ مختصر یہ کہ انھیں اپنے تمام افعال و حرکات میں مدرسہ کے آئین و قوانین کے مطابق عمل کرنا پڑتا ہے۔ ایران کے مدارس اس حیثیت سے سپاہیوں کی ایک چھوٹی سی قیام گاہ کے مشابہ ہیں۔ اگرچہ ان پر بُرے اخلاق و عادات سے روکنے، ایک منظم زندگی کا عادی بنانے اور خودسری و مطلق العنانی کے راستہ سے پھیرنے کے لئے۔ جن کے وہ اپنی گھریلو زندگی میں خوگر ہوتے ہیں۔ مدرسہ کو ایک حد تک سختی کرنی چاہئے اور اس طور پر کہ وہ سپاہیوں کی ایک قیام گاہ کا نمونہ ہو جائے لیکن یہ قیام گاہ قدیم ایران کے فوجی مکانوں کے مشابہ یا ایک قید خانہ کی طرح نہو، بلکہ ایک ایسی جگہ ہو جہاں جانے والے قید خانوں سے بالکل دور ہوں مدرسہ انسانیت کا بستان اور علم معرفت کا گلشن ہو! چنانچہ فرانس کا شاعر وکٹر ہیگو کہتا ہے: "جو شخص ایک مدرسہ کا در کھولدیتا ہے گویا وہ ایک زندان کا در بند کر دیتا ہے۔" "مدرسہ انسان سازی کا ایک کارخانہ ہے۔ یہ وہ تعبیر ہے جو ہماری جدید مطبوعات اور ہمارے موجودہ عہد کے انشا پردازوں کی زبان زد ہے اور فی الواقع مدرسہ کے اصلی معنے کو ظاہر کرتی ہے مدرسہ ایسا مقام ہے جہاں آنے جانے والے اور جس میں ایک عمر گذار دینے والے انسان بن کر نکلتے ہیں۔ ..... لیکن یہ دیکھنا چاہئے کہ انسان کون ہو سکتا ہے اور انسانیت کی شرائط کیا ہیں؟ اس باب میں اہل زمانے کے عقائد کچھ بھی ہوں لیکن میری نظر میں انسان ایسے شخص کو کہنا چاہئے جو سنجیدہ اخلاق اور قوی ارادہ رکھتا اور استقامت و فاداری اور فرض شناسی کا مجسمہ ہو اور زندگی کی شاہ راہ پر قوی امید، جرأت اور آزادی کے ساتھ قدم رکھے۔ حق پرستی، سچائی، اور صداقت کو اپنا شعار بنائے، خودداری پاک طینتی اور خلوص کو اپنا رہبر قرار دے۔ ظلم منافقت اور دروغ گوئی سے دور رہے۔ اپنی عزت اور بزرگی کو کسی چیز کے معاوضہ میں

نیچے اور ترقی و نیک نامی کی راہ میں اپنے آپ کو نا اُمیدی اور پست خیالی کے پنجہ میں نہ پھنسائے۔

ہمارے مدارس اس قسم کی تربیت سے بہت دور ہیں۔ اور صرف عاجز و کمزور، ذلیل و خوار اور اپاہج نوجوانوں کی پرورش کرتے ہیں۔ چونکہ ہمارے مدارس فن تعلیم و تربیت کے اصول سے نابلد ہیں اسی وجہ سے ہمارے گھر اور مدرسہ کی زندگی کے درمیان ایک گہری خلیج اور ایک سنگین دیوار حائل ہے کیونکہ ایک طرف تو ہمارے مدرسین نے ابتک تعلیم و تربیت کے معنوں اور اس کے حقیقی فائدوں کا پتا ہی چلایا ہے اور نہ اس کے متعلق انہوں نے کچھ کوشش کی ہے اور دوسری طرف خاندانوں نیز اطفال کو اصول کے مطابق کامل طور پر تربیت دی ہی نہیں جاتی۔

بخلاف اس کے ممالک یورپ میں اس طرح عمل نہیں ہوتا! وہاں ایک جانب تو خانگی تعلیم و تربیت کے اصول، فن تربیت کے قواعد کے مطابق ہوتے اور بچوں کو مدرسہ کی زندگی کے لئے تیار کرتے ہیں۔ اور دوسری جانب دیگر مدارس بھی خانگی و اجتماعی زندگی کا ایک چھوٹا سا نمونہ ہوتے ہیں۔ جس وقت بچہ داخل مدرسہ ہوتا ہے تو وہ اپنے روزانہ مشاغل میں کچھ زیادہ فرق نہیں پاتا بلکہ اس کے برعکس یہ محسوس کرتا ہے کہ اگر وہ روزانہ کھیل میں اپنے ساتھ چند دوست رکھتا ہوگا۔ تو مدرسہ میں اس سے سو گنے زیادہ ہوں گے۔ اگر اس کے گھر میں صرف ماں باپ ہوں گے جو اس پر نظر شفقت رکھتے ہوں گے۔ اس کی ضرورتوں کو رفع کرتے اور اس کی خواہشیں پوری کرتے ہوں گے مدرسہ میں مدرسین، منتظم اور مہتمم وغیرہ جیسے متعدد اشخاص ہوتے ہیں۔ جو بمنزلہ مہربان والدین، خدمت گذار اور جان نچھاور کرنے والے افراد کے ہوتے ہیں۔ قسم قسم کے کھیل گھر سے نسبتہً زیادہ ہوتے ہیں؛ مدرسہ کے باغیچہ اور تفریح گاہ گھر کی نسبت بہت زیادہ بڑی اور خوشنما ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ بہتیرے نقشے، عکسی و قلمی تصویریں، کمرہ ہائے ورزش کتابیں اور کھیل کے سامان مدرسہ میں مہیا ہوتے ہیں جو گھر میں میسر نہیں ہوتے! اسی طرح یورپ کا ایک بچہ بھی مدرسہ میں اپنے آپ کو اجنبی اور دنیا میں نیا تصور نہیں کرتا وہ نہ گھبراتا ہے اور نہ روتا۔ وہ نہ بھاگنے کی فکر میں لگا رہتا ہے اور نہ مدرسہ اور درس سے اکتا جاتا ہے اس وجہ سے کہ وہ آئے دن زندگی اور گھر کے شرائط سے بے بہرہ اور دور پڑ

کفیل کو دا ور گھر کی لذتوں اور خوش حالیوں سے محروم نہیں رہتا۔

حقیقت میں، مدرسہ اجتماعی اور گھریلو زندگی کا نمونہ ہونا چاہئے۔!....

مدرسہ ایک ایسا پل ہے جس پر سے ہم گھریلو یا انفرادی زندگی کے ذریعہ اجتماعی زندگی کی طرف گذرتے ہیں!۔

اسی نقطہ نظر سے مدرسہ کے دو اہم فرائض ہیں: ایک طرف تو بچوں کو ایسے ماحول میں تعلیم و تربیت دے جو ان کے خاندانی ماحول سے کچھ زیادہ فرق نہ رکھتا ہو یعنے جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے، بچے کو ایک اجنبی ماحول میں نہ ڈالے جو گھریلو زندگی سے زیادہ فرق رکھتا ہو، اور دوسری طرف اس کو ایسی اجتماعی زندگی کے لئے تیار کرے جس میں فارغ التحصیل ہونے کے بعد اسکو داخل ہونا پڑیگا۔ یہ اجتماعی زندگی ہی معرکۂ حیات ہے۔

اگر ہم مدرسہ کے اس سب سے پہلے فریضہ کو بھی نظر انداز کر دیں تو بھی مدرسہ کو ذیل کی شرائط کا پابند رہنا ہوگا۔

اول۔ طلبہ کے درس و تعلیم اور ان کے مشاغل میں تنوع اور رنگا رنگی ہو تاکہ جو بچے اپنے گھر میں مختلف مشاغل کے عادی ہو گئے ہیں۔ اور کبھی مسلسل ایک دو گھنٹوں تک ایک ہی چیز کے ساتھ جو درس جیسی سخت تر ہو مشغول نہیں رہے ان کا ذہن دقت اور کوشش کے زیر اثر خراب و خستہ نہ ہو بلکہ اس کے برعکس، مشاغل کی رنگارنگی ان کے قوائے دماغی کی خستگی کو رفع کر دے!

دوم۔ مدرسہ کی عمارت اور باغیچہ وسیع، خوشنما، ہوادار پاک صاف ہو تاکہ بچوں کے شوق اور میلان کو جذب کرے اور حفظ صحت کے اصول کے مطابق ہونے کے سبب سے۔ ان کے جسمانی اور دماغی قویٰ کو سستی اور بیماریوں سے سامنا نہ کرنا پڑے بلکہ جس قدر ممکن ہو باعتبار زیبائش بہترین درختوں، پھلواریوں اور سبزہ زاروں کے بھی مکمل ہو تاکہ بچے اس مقام کو گھر اور کوچہ و بازار پر ترجیح دیں۔

الطاف سوم۔ بچوں کے ساتھ اس محبت، مہربانی اور شفقت میں جو ان کے اپنے والدین ان پر کرتے رہتے ہیں کمی نہ کرنی چاہئے کیونکہ بچہ ابھی اس سن میں دلداریوں اور نوازشوں کا محتاج ہوتا ہے اور اس کے احساسات بے حد نازک اور مہربانی کے خوگر ہوتے ہیں۔

چہارم۔ ورزش جسمانی اور علمی وفنی کھیلوں کا بچوں کے لئے کافی طور پر انتظام رکھیں۔ یہ ورزش اور کھیل تعلیم کے ابتدائی سالوں میں۔ خاصکر ابتدائی طلبا کی جماعتوں میں زیادہ ہونے چاہئیں اور مذکورہ مشاغل ایسے ہوں جو شوق بھی پیدا کریں اور فرحت بخش بھی ہوں ان کو قاعدے قانون اور مضامین لازمی کے تحت نہ رکھیں۔ اس وجہ سے کہ یہ وقت کھیل کی نوعیت سے خارج سمجھا جاتا ہے اور بجائے دماغی نشوونما اور تفریح کے ان کا بار بہت ہی سنگین اور بچوں کے دماغ کو تاریک و پریشان کر دیتا ہے!..... بلکہ کھیل کے انتخاب اور دوست اور ساتھیوں کے انتخاب میں ان بچوں کو آزادی دینی چاہئے۔ صرف ان کی جبلتوں کی نگرانی اور رہنمائی اور ان کی غلطیوں کی اصلاح کرنی چاہئے اور جس قدر ان کو ممکن ہو ان کو رغبت اور شوق دلانا چاہئے۔

پنجم مدرسہ کے ضوابط۔ بالخصوص ابتدائی مدارس کے۔ اتنے سخت نہ رکھے جائیں جو طالب علم کو بالکل مقید اور بے بس بنا دیں۔ یہ مسئلہ نہایت اہم ہے اور دوسری فصلوں میں ایک حد تک اس کی نسبت روشنی ڈالی گئی ہے یہاں اس کے اعادہ کی اس لئے ضرورت ہے کہ اگرچہ ہم بچوں کے مدرسہ داخل ہونے کے وقت ان کی آزادیوں سے بہت کچھ حصہ سلب کر لیتے اور ان کو سخت اور ناموافق قوانین کا پابند کر دینے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ لیکن یہ قوانین ایسے نہ ہونے چاہئیں۔ جو ان کے دماغی وجسمانی نشوونما میں مانع ہوں اور ان کی استعدادوں اور جذبات کو ترقی و نمو سے روک دیں۔

یورپ کے اکثر ممالک میں خانگی (گھریلو) تربیت کی خامیوں کی تکمیل اور بچوں کو ابتدائی مدارس میں داخل کرنے کے لئے "تربیت خانے" "بستان الاطفال" کے نام سے قائم کئے گئے ہیں۔ جہاں بچے تین سال کی عمر سے چھ سال کی عمر تک لئے جاتے ہیں۔ اور وہاں ان کی خاصی طور پر تربیت و پرورش ہوتی ہے۔ جو بہترین نتائج پیدا کرتی ہے۔ یہاں ہم مناسب سمجھتے ہیں۔ کہ ان "باتین" پر بھی ایک سرسری نظر ڈالیں۔

۲۔ بستان الاطفال سویسانی مبصر ژان ژاک روسو نے تعلیم و تربیت کے بارے میں اپنے عہد میں بہت بڑا انقلاب پیدا کیا، وہ گھر کی اور فطری تربیت

زور دیتا اور آغوش مادر کو بچہ کا فطری مدرسہ تصور کرتا تھا۔ اپنے عہد کے مدارس کو ناپسند کرتا اور ان پر سختی کے ساتھ تنقید کرتے ہوئے کہتا کہ یہ فطری تربیت سے خالی ہیں اور بچوں کو تربیت کرنے کے بجائے بار ڈالتے ہیں۔ اٹھارویں صدی عیسوی کے وسط میں طرز تعلیم کے مصلح پٹالوجی نے عالم وجود میں قدم رکھا، اس نے "روسو" کے تخیل اور نظریوں کو جامۂ عمل پہنایا اور اپنے عہد کے تعلیم و تربیت کے طریقوں پر جدید اصول کا اضافہ اور علم و معرفت کی دنیا میں قابل ستایش خدمت بالخصوص فن تربیت سے متعلق انجام دی جس کی تفصیل اس کتاب میں کسی اور جگہ پر بیان کی گئی ہے۔ اسی صدی کے آخر میں ایک اور درخشان ستارہ سرزمین جرمنی میں طلوع ہوا جس کے سبب سے ان دونوں مبصر اور سویستانی مربی کے تخیل اور اصلاحات کے نتائج نے عملی قوت حاصل کر کے فن تربیت کی دنیا کے لئے ایک نیا راستہ پیدا کر دیا۔ اس مہربان مربی (تربیت دہندہ) کا نام فروبل ہے۔

فریڈرک فروبل جو "بساتین اطفال" کا اولین بانی ہے، سال ۱۷۸۲ء عیسوی میں تولد ہوا اور اکثر محترم ہستیوں۔ خاصکر جماعات انسانی کے تربیت دہندوں کی طرح اپنے عہد شباب کو نہایت تکلیف و عسرت کی حالت میں گذارا اور یہاں تک کہ سال ۱۷۹۹ء میں جب وہ شہر "ینا" کے دار الفنون (جامعہ) میں زیر تعلیم تھا، تہیدستی کی وجہ سے اپنے سلسلۂ تعلیم کو ترک کرنے پر مجبور ہوا۔ اس کے بعد اس نے سال ۱۸۱۷ء میں ایک کتاب "تربیت انسان" کے نام سے شائع کی۔ اس کتاب میں وہ عام طور سے تربیت کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہتا ہے تربیت صحیح سے یہ مراد ہے کہ بچے کی تمام استعدادیں اور قابلیتیں ایک ساتھ اور ایک ہی جگہ پر ورش پائیں، تنہائی اور انفرادی شکل میں نہیں یعنے قوتوں اور قابلیتوں کی پرورش میں عملاً تناسب و یکسانیت ملحوظ رہے۔

اس نے سال ۱۸۳۱ء میں سوئیٹزرلینڈ جا کر شہر لوزان میں ایک "تربیت خانہ" کی بنیاد رکھی اور سال ۱۸۳۵ء میں یتیم خانہ "بورگدورف" کی نگرانی اپنے ذمہ لی اور یہی وہ مقام ہے جہاں وہ ایک مدت تک بچوں کی ذہنی کیفیات کے دریافت کرنے میں مصروف رہا، کتابوں اور فن تربیت کے ماہرین کی تحریرات کا گہری نظر سے

مطالعہ کیا۔ کمسن بچوں کی تربیت کی اہمیت پہلے سے زیادہ اس کی نظر میں قائم ہوئی اور ایک عرصہ تک اسی موضوع کے متعلق، تفکر و تحقیق میں مصروف رہا، یہاں تک کہ اس نے سال ۱۸۳۷ء میں جرمنی واپس جاکر اپنی زندگی کو کمسن بچوں کی تربیت کے لئے وقف کر دیا اور سال ۱۸۳۹ء میں پہلے پہل اس نے شہر "بلانکن بورگ" میں "بستان اطفال" کی بنیاد رکھی۔ اس "بستان اطفال" نے بہت جلد عوام اور حکومت کی نظر توجہ کو اپنی طرف جذب کرلیا اور ان کی دلچسپی کا موجب بنا؛ چونکہ ان "بساتین" کے اہتمام کے لئے ایسے خصوصی تربیت دہندوں کی ضرورت تھی جو اس کے تخیل اور نظریوں کو سمجھیں، اس لئے سال ۱۸۵۰ء میں اس نے تربیت دہندگان اطفال کی فراہمی کی غرض سے ایک مدرسہ کی بنیاد رکھی اور وہیں انھیں بچوں کی تربیت کے قوانین و فرائض کی تعلیم دی۔

اس کے بعد وہ تعلیم و تربیت کے قواعد و اصول کی نشر و اشاعت اور تصنیف و تالیف اور "بساتین اطفال" کے کاروبار کی نگرانی میں ہمہ تن مصروف ہوگیا۔ ایک کتاب "بچوں کو خود زندگی بسر کرنے کے لئے چھوڑ دو" کے نام سے شایع کی۔ نیز اس کتاب "مکتوبات متعلق بہ بساتین الاطفال" بیحد مقبول ہوئی اور اسی تاریخ کے بعد سے اس کے تربیت کے متعلق نظریے اور تخیل یورپ کے اکثر ملکوں میں قبولیت کی نظر سے دیکھے اور جاری کئے گئے۔

فروبل کے تربیتی نظریوں اور اصول کا چند سطور میں خلاصہ کیا جاسکتا ہے: گھریلو تربیت کمسن بچوں کی پرورش کے لئے ناکافی ہے؛ اس وجہ سے کہ ایک جانب تو تمام خاندان تربیت کے ضروری وسائل اور سامان فراہم نہیں رکھتے اور دوسری جانب ایک خاندانی دائرہ بہت ہی مختصر اور محدود ہوا کرتا ہے، بچہ اپنے اطراف صرف تین چار نفوس سے زیادہ کو نہیں دیکھتا، درآں حالے کہ وہ ایک بڑی جماعت کے درمیان زندگی بسر کرنے کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔ اسی وجہ سے، بچہ کی تربیت زندگی کے ابتدائی سالوں میں، گھر میں اور خاندان کے درمیان، اس کو اس کی اپنی استعداد کے موافق نہیں دی جاتی؛ بلکہ جھگڑالو، وحشی، اداس، بدخو اور ڈرپوک اور بالفاظ دیگر اس کی زندگی کا ایک ہی رخ، ایک ہی پہلو نشو و نما پاتا ہے اور اس قسم کی تربیت زندگی کی

تیزہ گاہ میں اقبال مندی کی بقا کے لئے کافی نہیں اور چونکہ یہ ابتدائی تربیت زندگی کے تمام ادوار میں اثر انداز ہوتی ہے اس لئے بچے مدرسہ کی تدریس سے زیادہ بہرہ مند نہیں ہوتے اور جس وقت یہ بڑے ہو کر سماجی زندگی میں قدم رکھتے ہیں۔ اس وقت جتنی چاہئے اتنی روانی عمل، کوشش، دانشمندی، مہارت، اور بصیرت کے اثر سے بالکل عاری اور اپنی قوم کے لئے ایک عضو معطل ثابت ہوتے ہیں۔ اسی بنا پر کمسن بچوں کی تین سال کی عمر سے چھ سال کی عمر تک جو تعلیم کا ابتدائی زمانہ ہے "بساتین الطفال" میں خصوصی اصول و قواعد کے ذریعہ تربیت کرنی چاہئے تاکہ وہ ایک طرف تو مدرسہ داخل ہونے اور اس میں تعلیم پانے کے لئے قبل از قبل تیار اور قابل ہو جائیں۔ اور دوسری طرف ان کی تمام استعدادیں اور قابلیتیں ایک خاص نسبت و قوت کے ساتھ پرورش پائیں۔

جیسا کہ "بستان الطفال" کے نام سے سمجھا جاتا ہے یہ عمارت مدرسہ نہیں کہلاتی، نہ ان میں جماعت ہوتی ہے اور نہ وہاں درس دئے جاتے ہیں۔ بلکہ وہ ایک بستان سرا ہے جہاں بچے زندگی بسر کرتے کھیل کود میں وقت گزارتے اور پرورش پاتے ہیں۔ فروبل کے تخیل کے اعتبار سے یہ "بساتین الطفال" نہ صرف خاندان کے قائم مقام ہوتے ہیں۔ بلکہ کھیلوں، مشغلوں اور بچوں کی باہمی معاشرت کے وسیلہ نوع انسانی کی اصلاح حال کے لئے نہایت ضروری اور مفید ہیں اس وجہ سے کہ یہ کھیل اور کھلونے جو یہاں بچوں کو مشغول رکھتے ہیں۔ ان کے وجود اور ان کے حواس کی پرورش کرتے اور فطری طور پر اور کامل آزادی کے ساتھ ان کی نشوونما میں مدد دیتے ہیں۔

ان بساتین میں غالباً بچے سیر اور بعض طفلانہ کھیلوں میں مصروف رہتے اور ان کے مخصوص کمروں میں، اقسام کے مشاغل (مثلاً:۔ کاغذ اور مقوی کا بنانا، ان کا موڑنا اور چپکانا اور یہاں تک کہ بعض چیزوں کا سینا) ان کے لئے مہیا کئے گئے ہیں قصوں کا سیکھنا اور ان کی نقالی (اداکاری) اور نظموں اور کہانیوں کا آواز سے پڑھنا بھی بچوں کے مرغوب ترین مشاغل میں داخل ہے۔ نیز اکثر وہ چلتے اور رنگ برنگ کے ڈبوں کے ساتھ کھیلتے اسی دوران میں رنگوں کی شناخت پیدا کرتے

اعداد سیکھتے ہیں۔ اور اچھلنے کودنے اور فطری و آزاد ورزشوں کے ذریعہ تقویت حاصل کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ بعض ان میں سے حروف الف بار کے ساتھ، جو لکڑی اور مقوی سے تیار کئے جاتے ہیں کھیلتے اور بتدریج حروف کی شکلوں سے آشنا ہوتے ہیں۔ اور بقدر امکان ہاتھ منہ دھونے لباس پہننے، غذا کھانے اور تمام قسم کے کاموں اور مشاغل میں حصہ لیتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ آزادانہ اور مستقل طور پر اپنی آپ نگرانی کرتے اور زندگی کی ضرورتوں سے واقف ہو جاتے ہیں۔

مختصر یہ کہ اس قسم کی تربیت کی مدد سے بچے قانون فطرت کے مطابق نشوونما حاصل کرتے ہیں اور اس سے ان کی جسمانی قوت بڑھتی اور ان کے حواس کی تربیت ہوتی اور ان کے قوائے عقلیہ ترقی پاکر کام کے قابل ہو جاتے ہیں، ان کی روح اور دل حقایق و رجحانات اور فطری و انسانی دنیا سے آشنا ہو کر زندگی کے مختلف شعبوں سے اُنس پیدا کرتے ہیں۔

اس طرز تربیت کے اساس سے بچوں کو ان کے طبعی میلان کے مطابق آزادی دینا مراد ہے تربیت دہندہ کا نگرانی، سیکرانا، معاونت رہنمائی اور محبت کے سوا کوئی اور کام نہو۔ یعنی تربیت دہندہ کا طرز عمل یہاں حاکمانہ اور جابرانہ نہ ہو بلکہ رہنمائی و معاونت کی شکل میں ظاہر ہو۔

اس وقت یورپ کے ہر ایک ملک میں اس نوعیت کے متعدد "بستان الاطفال" موجود ہیں۔ اگر ہم ایران میں بنیادی اصلاحیں عمل میں لاکر تعلیم کو پختہ بنیاد پر رکھنا چاہیں۔ تو اس سے ابتدا کرنی پڑے گی۔ سب سے پہلے خصوصی تربیت یافتہ استادہ (استادوں اور استانیوں) کی اس کام کے لئے ایک جماعت تیار کرنی پڑے گی اور پھر کمسن بچوں کو "بستان اطفال" میں پرورش کرنے کے ہی دوران میں انکی ہی دوران میں ان کی ماؤں کو اس امر کی اجازت دیں کہ وہ آکر اپنے کمسن بچوں کی تربیت اور ان کی زندگی کی حالت اور انتظام کو اپنی آنکھوں سے دیکھیں اور اپنے گھر میں اسی طریقہ کے ساتھ عمل کریں۔ اس قبیل کے بساتین (بالک باغوں) کا قائم کرنا نونہالان وطن کی تربیت کے لئے ملک و قوم کی بہت بڑی خدمت ہے اور خدائے تعالی کے نزدیک یہ کار خیر بہت بڑے ثواب کا موجب ہے حقیقت میں

اس سے بڑھکر اور کیا احسان و بزرگی ہو سکتی ہے کہ پاکدل و بے بس معصوم بچوں کو تربیت صحیح کی نعمت سے بہرہ ور بنا دیں۔

اگر وہ افراد جو نہمت اور حمیت و شرافت کے جذبے کے مالک ہیں۔ اگر وہ اشخاص جو خود یتیم رہے ہوں اور کوئی سرپرست و مربی نہ رکھتے ہوں اور انتہائے یاس و اشک غم کے ساتھ (کس مپرسی کی حالت میں) بڑے ہوئے ہوں، اگر وہ سربرآوردہ شخصیتیں جو ان پڑھ والدین کی بے پروائی اور غفلت کی وجہ سے پست حال ہو کر اپنی حالت پر افسوس کرتی ہوں، اگر وہ زمانہ فہم و تعلیم یافتہ خاندان جو اپنے وطن کی خدمت اور نیکنامی کی آرزو و شوق رکھتے ہوں، ان لاکھوں معصوم اور بدنصیب بچوں کی (جو ایران کے گوشوں اور نادان ماؤں کی آغوش میں بلک رہے ہیں) حالت پر توجہ کریں اور ان کے لئے تربیت خانے، سیوا گھر اور بالک باغ بنا دیں اور ان کی تربیت کی غرض سے ہمہ تن مصروف ہو جائیں تو وہ اپنے نام کو زندہ جاوید بنا سکتے اور ایران کی نوزاد نسلوں کو موجودہ مخرب اخلاق گرداب سے نجات دلا سکتے ہیں۔

لیکن افسوس اس امر کا ہے کہ ہمارے ملک میں جو لوگ صاحب ثروت ہیں وہ ہمت و حمیت کے جذبے سے بالکل خالی ہیں اور جو لوگ صاحب حمیت ہیں وہ تنگدستی کے بھنور میں غوطے کھا رہے ہیں!

ترجمہ ابوالمحاسن محمد محسن خان متین

کنڈر گارٹن اور پرائمری سیکشن

ناظرین حیدرآباد ٹیچرز بخوبی واقف ہوں گے کہ آیندہ کانفرنس انجمن اساتذہ کے سامنے مندرجہ بالا دو عنوانوں پر رپورٹیں پیش ہوں گی ان رپورٹوں کی ترتیب کے لئے کمیٹیاں مقرر کی جاتی ہیں۔ جو سال بھر تک کامل غور و خوض کے بعد اپنے خیالات قلمبند کرتی ہیں۔ ہم اسی پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ کمیٹیوں کے پیش نظر عنوانات پر انجمن اساتذہ کی ہر شاخ میں بحث و مباحثہ ہوتا ہے جس کے نتائج سے کمیٹیوں کو بہت کچھ مدد ملتی ہے۔ ہم عرصہ سے اس فکر میں تھے کہ شاخہائے انجمن کی کارروائیوں سے ناظرین رسالہ کو روشناس کرائیں لیکن بعض وجوہ سے ممکن نہ ہوسکا۔ اب جناب میر نجیب صاحب انجمن کی خاص توجہ سے ہم اس قابل ہوئے ہیں۔ کہ اس خواہش کو عملی جامہ پہنا سکیں چنانچہ سہ ماہی گذشتہ کی کارروائیوں سے کنڈر گارٹن اور پرائمری سیکشن کے متعلق جو مفید و کارآمد مواد ملسکتا ہے۔ وہ ہم پیش کررہے ہیں۔ ہم کو توقع ہے کہ آیندہ بھی معتمد صاحبان مقامی اپنی شاخ کی روئداد روانہ فرماکر ہمیں شکرگذاری کا موقعہ عطا فرمائیں گے فقط

ادارت

مدرسۂ فوقانی دارالشفا، بوجہ شیوع طاعون صرف ایک جلسہ بعنوان "کمزور طلبہ کی شناخت اور اسباب کمزوری کی تشخیص" ۱۴ آذر میں ہوا۔ اس جلسہ میں مولوی سید محمد رضا صاحب و مولوی امجد علیصاحب و مولوی سید تراب علیصاحب نے تقریریں فرمائیں جن کا خلاصہ یہ ہے کہ "طلبہ تعلیم میں اس وجہ سے کمزور رہتے ہیں کہ انھیں موزوں غذا، لباس ہوادار مقام رہایش نصیب نہیں ہوتا۔ بعض طلبا کو کسی مضمون سے دلچسپی نہ ہونے سے بھی کمزوری پیدا ہوتی ہے۔ غیر واضح تفہیم، کئی کئی سال تک ایک ہی جماعت میں رہنا، ناواجبی ترقی، ناکافی تحریری کام، گیمس میں زیادہ انہماک، والدین کی عدم نگرانی، دیر حاضری اور غیر حاضری کمزوری کے بہت بڑے اسباب ہیں۔

مدرسۂ وسطانیہ زیدہ نسبازار مقررہ عنوانات میں سے تین عنوانات پر تقریریں ہوئیں۔ طلبا میں رہنمائی کی اہلیت پیدا کرنے کے متعلق باتفاق یہ رائے قرار پائی کہ طلبہ کو حقیقی تاریخ پڑھائی جائے اور سوانح عمری کا مطالعہ کیا جائے نیز طلبہ ہائے تقاریر وغیرہ کا انتظام کیا جائے جس میں بچوں پر ذمہ داری کا بوجھ ڈالا جائے۔ موجودہ مدارس میں چھ سال سے کم عمر طلبہ کی تعلیم کے بارہ میں جو بحث چھڑی اس میں اکثر لائق حضرات نے حصہ لیا۔ عام خیال یہ تھا کہ مدارس وسطانیہ سے اجنت تعلیم معاف کردی جائے اور ابتدائی تعلیم کنڈرگارٹن کے اصول پر دیجائے یہ خیال بھی ظاہر کیا گیا۔ کہ چھوٹے بچوں کی خاطر خواہ تعلیم صرف عورتیں ہی دیکھتی ہیں اس لئے اگر ممکن ہو تو ہر مدرسہ کے اسٹاف میں کمی کر کے معلمات کا تقرر کیا جائے۔

مدرسۂ وسطانیہ مستغد پورہ پھسڈی طلبا کی شناخت اور پھسڈی پن کے اسباب کی تفحیص کے بارہ میں مولوی قاری سید جمیل الدین صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ کمزوی طلبا کے مختلف اسباب ہوتے ہیں بعض کے تو والدین کمزور ہوتے ہیں۔ یا ارکوئی بیماری رکھتے ہیں اور اس کے اثرات ان کی اولاد میں منتقل ہوتے ہیں۔ دیر رسی اور غیر حاضری بھی بڑا سبب ہے۔ آزاد صاحب کے نزدیک وجہ یہ ہوتی ہے کہ "والدین اور بعض اوقات مدرسین ۹ سال بھر تک طلبہ کی کمزوریوں سے غافل رہتے ہیں۔ طلبہ سالانہ امتحان میں ناکام ہوجاتے ہیں تو اس وقت افسوس اور تعجب ہوتا ہے اور اپنے اثرات کو کام میں لاکر ناکام طلبہ کو اعلیٰ جماعت میں ترقی دلادیتے ہیں۔

چھ سال سے کم عمر بچوں کی تعلیم کے لئے موجودہ مدارس میں کیا انتظام ہونا چاہئے؟ اس سوال کے جواب میں یہ خیال ظاہر کیا گیا کہ ہمارے مدارس میں اسٹاف کم اور ناموزوں ہے اس لئے چھوٹے بچوں کی تعلیم بہت دشوار ہے انگلستان میں دو سال کی عمر کے بچوں کے لئے بھی تعلیم کا انتظام ہے اگر ہمارے ہاں بھی ویسا ہی انتظام کیا جائے تو عمدہ نتائج مترتب ہوسکتے ہیں۔ موجودہ حالت میں کمسن بچوں کی ایک جماعت علیحدہ عمر و ذہنیت قائم کی جائے۔ ضروری تعلیمی اشیاء مہیا کی جائیں۔ اور کنڈرگارٹن کے اصول پر تعلیم دیں۔ مدرس لائق، تجربہ کار متحمل اور سمجھدار ہو۔ اور چونکہ کم عمر بچے

عورتوں سے زیادہ مانوس رہتے ہیں۔ اس لئے ان کی تعلیم کے لئے معلمات ہی بہت موزوں ہو سکتی ہیں۔

مدرسۃ شاہ علیبنڈ پھسڈی طلبا کے متعلق دو جلسے ہوئے۔ پھسڈی طلبا کا مفہوم غلط سمجھا گیا۔ اور غبی و کند ذہن طلبہ کو درست کرنے کے کئی مفید طریقے پیش کئے گئے چنانچہ کہا گیا کہ بعض طلبہ اپنے شکوک مدرس کے ڈر سے نہیں ظاہر کرتے اسی لئے آخر کار بہت کمزور ہو جاتے ہیں۔ پس مدرسین ایسا برتاؤ کریں کہ طلبا استاد کو اپنا ہمدرد و شفیق سمجھنے لگیں۔ بعض حالتوں میں یہ بھی ضروری ہے۔ کہ استاد کمزور طلبا کو معلوم کر کے انفرادی توجہ مبذول کرے۔ بلکہ جماعت میں طریق نشست اس طرح ہونی چاہئے کہ ہر ذہین طالب علم کے بازو میں ایک سست ذہن لڑکا جگہ پائے۔ سزا سے احتراز ضروری ہے کیونکہ اس سے طلبہ میں خوف پیدا ہوتا ہے اور ظاہر ہے کہ خوف کی صورت میں رہی سہی عقل بھی جواب دیدیتی ہے۔ جناب صدر نشین صاحب نے البتہ اپنے قیمتی خیالات سمجھا کر بیان کئے اور فرمایا کہ یورپ میں پھسڈی طلبہ کی کمزوری کو رفع کرنے کے لئے مختلف طریقے رائج ہیں۔ مثلاً جرمنی میں سارے ضلع یا شہر کے پھسڈی طلبہ کا ایک خاص اسکول ہوتا ہے۔ یہاں نصاب تعلیم وہی ہوتا ہے جو ذہین و اوسط طلبہ کے لئے مقرر ہوتا ہے البتہ فرق یہ ہوتا ہے کہ اس کے اہم موضوعات کو سہل کر کے ان پر مشقیں دی جاتی ہیں لیکن اس طریقہ میں نقص یہ ہے کہ اس سے طلبہ کے اخلاق پر ناخوش گوار اثر پڑتا ہے۔ کیونکہ یہ مدارس عوام میں بری نظر سے دیکھے جاتے ہیں اور ان مدارس کو مدارس حمقاء کا نام دیا جاتا ہے۔ مگر خاص خاص آلات تعلیم اور موزوں اسٹاف کی کمی کے سبب یہ طریقہ ہمارے لئے قابل عمل نہیں ہے۔ البتہ امریکہ کی مثال ہمارے لئے قابل تقلید ہے۔ یہاں پر اسکول میں پھسڈی طلبہ کی خاص کمزوریوں کو دور کرنے کے لئے خاص مضامین کی مشقیں دیجاتی ہیں۔ یا کھیل کے میدان میں ان طلبہ سے کام لیا جاتا ہے۔ اس طریقہ میں فائدہ یہ ہے کہ پھسڈی طلبہ کو اوسط درجہ کے طلبا کے ساتھ مل کر کام کرنے کا موقع ملتا ہے اور اسطرح پھسڈی طلبہ میں خودداری باقی رہتی ہے۔

مدرسہ وسطانیہ جنگلگوڑہ موجودہ مدارس میں چھ برس سے کم عمر طلبہ کی تعلیم کے متعلق مقررین نے خیال ظاہر فرمایا کہ جماعت صغیر کی برخاست کیوجہ سے چھوٹے بچوں کی تعلیم خاطرخواہ نہیں ہوسکتی۔ اس لئے موجودہ مدارس میں کنڈرگارٹن کے اصول پر تعلیم دینے کا انتظام کیا جائے۔ چونکہ اس غرض کے لئے خاص موزونیت اور خاص اہلیت کے اساتذہ کی ضرورت ہے اس لئے ہر مدرسہ میں ایسے موزوں اساتذہ کا انتظام کیا جائے اور ان کو خاص طور سے طریقہ تعلیم کنڈرگارٹن سے واقف کرایا جائے۔ تاکہ وہ بچوں کو اس طرح تعلیم دیں کہ کھیل معلوم ہو اور ساتھ ہی ساتھ تعلیم بھی ہوتی رہے۔

مولوی فصیح الدین صاحب صدر مدرس مدرسہ تحتانیہ رین بازار نے یہ خیال ظاہر فرمایا کہ چونکہ بچے عورتوں سے فطرۃً زیادہ مانوس ہوتے ہیں اس لئے چھ سال سے کم عمر والے لڑکوں کو مدارس نسوان میں تعلیم دیجائے۔

پھسڈی طلبا، کی تعریف مولوی شیخ محبوب صاحب نے یہ کی کہ وہ لڑکے ہیں جن میں کسی سبب سے عارضی طور پر کمزوری پیدا ہوجاتی ہے ان لڑکوں کی کمزوری کا اگر سبب معلوم کرلیا جائے تو یہ تعلیم سے خاطرخواہ بہرہ ور ہوسکتے ہیں۔ یہ بالاتفاق ضروری خیال کیا گیا کہ ایسے لڑکوں کی الگ جماعت قائم کی جائے اور ان کی تعلیم کسی خاص مدرس کے ذمہ کردی جائے تاکہ وہ اپنی کمزوری کو رفع کرلیں اور جب وہ پھر اوسط درجہ پر آجائیں تو انھیں معمولی طلبا کے ساتھ تعلیم میں شریک کرلیا جائے

مدرسہ وسطانیہ گولکنڈہ شیخ گولکنڈہ میں "پھسڈی طلبا کی شناخت اور اس کے اسباب کی تشخیص" کے موضوع پر متعدد پرمغز تقریریں ہوئیں جن کے اثنا میں کہا گیا کہ عملی تجربوں اور عام مشاہدوں سے لڑکوں کے عموماً تین طبقے ہوسکتے ہیں پہلا طبقہ وہ ہے جو قدرتاً ذہین اور ذکی ہوتا ہے۔ جس کو ہم ذکی کہتے ہیں۔ دوسرا وہ جو ذہین تو ہوتا ہے لیکن لاپروائی کے سبب متوسط قرار دیا جاتا ہے۔ اور تیسرا پھسڈی کہلاتا ہے۔

پھسڈی پن کے یوں تو کئی وجوہ ہوسکتے ہیں لیکن عموماً دو بڑے وجوہ ہوتے ہیں۔ ایک تو ماں باپ کی بیجا محبت۔ دوسرا استاد کی بے التفاتی۔

پھسڈی لڑکوں کی شناخت یہ ہے کہ وہ استاد کی نگہ سے دور رہنا چاہتے ہیں

تعلیم میں لاپرواہ ہوتے ہیں۔ مدرسہ میں آوارہ پھرتے رہتے ہیں۔ اور اکثر سوتے رہتے ہیں۔ حیلہ جو ہوتے ہیں۔ اور بیماری کا اکثر بہانہ کیا کرتے ہیں۔

ایک دوسرے نظریہ سے پھسڈی لڑکوں کی دو اور قسمیں ہوتی ہیں (ایک) شاہی پھسڈی۔ (دوسرے) مفلس پھسڈی۔ قسم اول میں دولت کا بیجا اصراف باعث ہوتا ہے اور قسم دوم میں بے زری۔ اس لئے کہ دولتمند لڑکے اپنی توجہ اور وقت کو لباس و کتب کی نمائش میں ختم کرتے ہیں۔ اور استاد کسی شکایت وغیرہ کے خیال سے سختی نہیں کرتا اور مفلس لڑکوں کی بے سامانی کے باعث ملتفت نہیں ہوتا۔

پھسڈی پن کے اور بھی کئی وجوہ ہو سکتے ہیں۔ مثلاً جسمانی کمزوری۔ اخلاقی کمزوری۔ ماحول غربت اور ماں باپ کی کم التفاتی۔ اگر ایک ذہین لڑکے کی جسمانی کمزوریوں کا تدارک نہ کیا جائے تو وہ پھسڈی ہو جاتا ہے۔ مثلاً کمزوری بصارت۔ سماعت۔ اظہار خیالات وغیرہ بھی کمزور و پھسڈی بنانے کے لئے کافی ہے۔ اخلاقی کمزوری بھی ذہین سے ذہین کو پھسڈی بنا دیتی ہے غربت کی وجہ بھی ابتدائی تعلیم میں خامیاں رہ جاتی ہیں۔ اور آیندہ پھسڈی پن کا باعث ہوتی ہیں اساتذہ کی مغزائی طرز تعلیم کی نقل پسندی و امتحانی نقائص سے بھی بعض لڑکے پھسڈی ہو جاتے ہیں۔ اگر اس کے لئے اسپیشل کلاس قائم کیجائے تو نہایت مفید ہے پھسڈی پن کو روکنے اور پھسڈی لڑکوں کو ذہین بنانے کے لئے مناسب ہے کہ چھوٹی جماعت پر تجربہ کار مدرس ہو۔ تاکہ ابتدا سے تعلیم باقاعدہ ہو اور کسی قسم کی کمزوری پیدا نہ ہو سکے ابتدا میں بچوں کو کمزور قصے کہانیاں نہ سنائی جائیں۔ بچوں کو بری صحبتوں سے بچایا جائے۔ جسمانی کمزوریوں کا تدارک کیا جائے۔ سزا میں احتیاط برتی جائے۔ دولتمند لڑکوں میں دولت کا احساس نہ ہونے دیں اور مفلس لڑکوں کی ضروریات متعلق مدرسہ کو۔ عملی ترکیبوں سے کام لیا جائے مثلاً انعام۔ امتیازی نمبرات وغیرہ بچوں کو بیکار رہنے اور کاہلی کی عادت سے بچایا جائے۔

چھ سال سے کم عمر بچوں کی تعلیم کے متعلق بھی جو بحث ہوئی اس میں اکثر ممبروں نے دلچسپی کے ساتھ حصہ لیا اور مفید تقریریں کیں۔ ان تقریروں کا حاصل یہ ہے کہ

چھوٹے بچوں کی ابتدائی تعلیم پیش خیمہ ہوتی ہے ان کی آیندہ تعلیم و زندگی کا۔ اس عمر میں جسقدر ان کے جسم و دماغ کی اعلیٰ تربیت ہوگی آیندہ وہ اسیقدر عالی مرتبہ ہوں گے۔ ان کی تعلیم کے لئے ایک تجربہ کار و نفسیات سے واقف مدرس کی ضرورت ہے اس کے لئے عورتیں ہی مفید و موزوں ثابت ہوئی ہیں۔ گذشتہ زمانہ میں ابتدائی تعلیم کا انتظام عورتوں ہی کے ذریعہ ہوا کرتا تھا یہ طریقہ ممالک مغربی میں اب بھی رائج ہے۔ چھوٹے بچوں کی تعلیم کے انتظامات اندرون ۷ سال ہی پورے کر دینے چاہئیں ان کے لئے بہ نسبت معلم کے معلمہ نہایت مفید و موزوں ثابت ہو سکتی ہیں۔ اس لئے کہ چھوٹے بچوں کے میلانات وغیرہ کو ان کی والدہ بہ نسبت اوروں کے خوب جانتی ہیں۔

موجودہ مدارس میں موجودہ حالت میں انتظام کی صورت یہ ہو سکتی ہے کہ اس جماعت پر لڑینڈ مدرس ہوں ان کی تعلیم بطور کھیل ہونی چاہئے اور بجائے کتابی تعلیم کے اشیاء محسوسہ کے ذریعہ تعلیم کا انتظام ہونا چاہئے۔ اس کے لئے تعلیم کنڈرگارٹن نہایت مفید و موزوں ثابت ہوئی ہے۔ جس کا مقصد یہ ہے کہ مدرسہ کی کتابی تعلیم کے پیشتر بچوں کے قوائے جسمانی و دماغی کی باقاعدہ نشو نما ہو۔ بچوں کی فطری دلچسپی محسوسات میں زیادہ ہوتی ہے۔ کنڈرگارٹن کی تعلیم میں بجائے قیمتی اشیاء کے معمولی چیزوں سے بھی کام لیا جا سکتا ہے مثلاً ریت، گارے کے پتلوں تیلیاں، مٹی، بیج، گولیاں۔ رنگین تصاویر۔ نمونہ جات گلی و نقشہ جات اور انگریزی و اردو حروف کے خوشنما کارڈ وغیرہ مذکورہ بالا وسائل کے ذریعہ سائنس و ادبی تعلیم وغیرہ بخوبی ہو سکتی ہے۔

طلبہ کو آزادی دیجائے اور ان کو اس بات کا اختیار دیا جائے کہ وہ ہر چیز کو بنائیں یا توڑیں۔ بچوں کی غیر ارادی توجہ سے کام لیا جائے۔ دوران کا نظام الاوقات ایسا ہو جسمیں ہر ۱۵ منٹ کے بعد تعلیم کا ڈھنگ بدا جائے اور کچھ وقفہ دیا جائے۔ کیونکہ چھوٹے بچے اس سے زیادہ کسی چیز پر توجہ نہیں دے سکتے۔

ان کی تعلیمی نگرانی وطرز گفتگو گھر اور مدرسہ ہر دو جگہ یکساں ہونی چاہئے تعلیم میں سزا کو دخل نہ دیا جائے۔ کیونکہ سزا سے تعلیم میں بجائے شوق و رغبت کے خوف و نفرت پیدا ہوتی ہے۔ مدرسہ ان کے لئے خوشگوار اور کھیل کا مقام ہو اور۔

ان کی تعلیم بطور کھیل کے ہو۔

چونکہ جسمانی حرکات کا اور حواس کے استعمال کا اثر نظام دماغی میں تغیر پیدا کرتا ہے۔ اس لئے تعلیم میں اس کا لحاظ ہو کہ بچوں کے حواس خمسہ ہر وقت کام کرتے رہیں اس طرح کھیل و فطری دلچسپیوں کے ذریعہ ان کی تعلیم ترقی پاتی رہے۔ لیکن یہ سب چیزیں اسی وقت ممکن ہیں۔ جب کہ ان کا مدرس بچوں کے فطری میلانات سے واقف و تجربہ کار ہو۔

مدرسہ فوقانیہ نابھہ میں حفظان صحت پر تقریر فرمانے کے لئے ڈاکٹر مہندراج صاحب کو مدعو کیا گیا تھا۔ ڈاکٹر صاحب نے دوران تقریر میں فرمایا کہ علم حفظان صحت ایک وسیع علم ہے۔ ہر شخص کے لئے ضروری ہے کہ وہ اصول حفظان صحت کے مطابق اپنی زندگی بسر کرے تاکہ صحت برقرار رہے اور وہ عرصہ تک زندہ رہ سکے۔ اگر اساتذہ صاحبان بچوں کی طرف توجہ کریں تو کثرت اموات کا بہت کچھ انسداد ہو سکتا ہے۔ اس کے بعد ہوا کے فوائد و خواص پر بحث کرتے ہوئے رائے ظاہر کی کہ مدرسہ کی عمارت میں اچھے روشن دان ہونے چاہئیں تاکہ صاف ہوا داخل اور خراب ہوا خارج ہوتی رہے۔ اس کے بعد آپ نے بیان کیا کہ زندگی کے برقرار رکھنے کے لئے پانی کی جیسی کچھ ضرورت ہے وہ ظاہر ہے۔ ہمکو شہر میں صاف کیا ہوا پانی میسر آسکتا ہے، لیکن دیہات میں صاف پانی جو مضر اجزا سے پاک ہو بہت کم دستیاب ہو سکتا ہے ایسے مقامات پر پانی کو صاف کر کے استعمال کرنا چاہئے۔ مدرسہ کے محل وقوع کے متعلق بحث کرتے ہوئے فرمایا کہ مدرسہ کی عمارت ایسے مقام پر ہرگز تعمیر نہ کی جائے جہاں کہ کیلے یا دودھ خانے ہوں کیونکہ خون اور غلاظت کے سڑنے سے مختلف امراض کے جراثیم پیدا ہوتے ہیں۔ آپ نے یہ بھی خیال ظاہر فرمایا کہ بچوں کو بیٹھنے کے لئے کافی جگہ ملنی چاہئے۔ کیونکہ قریب قریب بیٹھنے سے ایک بچے کے مرض کا اثر دوسرے بچے پر ہوتا ہے اگر کوئی بچہ مرض متعدی میں مبتلا ہو تو اس کے صحتیاب ہونے تک رخصت دیدینی چاہئے تاکہ اس کے مدرسہ آنے کی وجہ سے دوسرے بچے متاثر نہ ہوں۔ آپ نے کہا کہ دانتوں اور مسوڑوں کی خرابی سے بھی اکثر امراض پیدا ہوتے ہیں۔ دانتوں کی صفائی کا خاص طور پر

لحاظ رکھا جائے ورنہ مضر مادے پیٹ میں داخل ہو کر مختلف امراض پیدا کریں گے قدیم طرز کے پخانے اور پیشاب خانے ایسی حالت میں ہوتے ہیں کہ ان سے اکثر امراض پیدا ہوتے ہیں۔ اگر موجودہ ترقی یافتہ طریقے پر پاخانے اور پیشاب خانے تیار ہو جائیں تو اکثر امراض کا سدباب ہو سکتا ہے۔

غذا پر بحث کرتے ہوئے آپ نے بیان کیا کہ گوشت کا امتحان کیا جانا چاہئے کہ آیا وہ تازہ ہے یا باسی گھی کے ڈبوں کا بھی امتحان ہونا چاہئے۔ کہ اس میں کوئی جانور مرکر سڑ تو نہیں گیا ہے۔ ان اغراض سے محکمۂ صفائی قائم ہے۔ مگر ان امور کی طرف پوری طرح توجہ نہیں کی جا رہی ہے اساتذہ بھی مدد کریں تو امراض کا قلع قمع ہو سکتا ہے۔ آپ نے ایسی غذاؤں کے استعمال کا مشورہ دیا جن میں کیلسیم کی مقدار زیادہ ہو۔ اپنے اس بیان کی توضیح کی غرض سے آپ نے میووں اور دودھ کے استعمال پر زور دیا۔

مدارس میں پانی کا جو انتظام ہے اس کو قابل اصلاح ٹھہرا کر ان امور کی جانب توجہ دلائی۔ گھڑوں میں روزانہ صاف پانی نہیں بھرا جاتا ہے۔ گھڑے پر کوئی چیز ڈھانکی نہیں جاتی ہے ایک ہی گلاس سے سب پانی پیتے ہیں۔

آپ نے یہ بھی خیال ظاہر کیا کہ مدارس میں لڑکوں کی عمر اور قد کے لحاظ سے فرنیچر مہیا نہیں کیا جاتا ہے اس لئے بچے قبل از وقت کبڑے ہو جاتے ہیں۔

آپ نے اساتذہ کو یہ مشورہ دیا کہ بچوں کو بالکل جھکا کر یا اکڑ کر بیٹھنے نہ دیا جائے بلکہ ان کو قدرتی طریقے پر بیٹھایا جائے۔

آخر میں آپ نے اساتذہ سے یہ توقع ظاہر کی کہ وہ آیندہ نسل کو صحت مند بنانے میں مدد دیں گے۔

مہر کے جلسہ میں مولوی محمد سلطان صاحب نے بچوں میں قیادت کے موضوع پر مبسوط تقریر فرمائی۔ تین مختلف جلسوں میں غبی بچوں کی شناخت اور اس کے اسباب کے متعلق بحث ہوئی اور اس امر پر بھی روشنی ڈالی گئی کہ ایسے بچوں کے لئے موجودہ مدارس میں کیا انتظام ہونا چاہئے۔ ان مباحث میں مولوی محمد سلطان صاحب اور مولوی نورالحسن صاحب نے نمایاں حصہ لیا۔ موخرالذکر صاحب نے اپنی تقریر بڑی مہربانی سے سپرد قلم فرما کر ہمکو عنایت فرمائی ہے جسے ہم نے مستقل مضمون کی حیثیت سے اس اشاعت میں شایع کیا ہے۔

شاخ گرامر اسکول سہ ماہی اول ۱۳۴۲ف میں دو جلسہ بصدارت مسٹر فلپ منعقد ہوئے پہلے جلسے میں مستقر کے مدارس ثانویہ کے صدر مدرس اور چند مدرسین موجود تھے کنڈر گارٹن پر مس ریڈ صدر معلمہ پرائمری ڈپارٹمنٹ مدرسہ عالیہ نے تقریر کی جس کا اقتباس علٰحدہ شائع کیا جا رہا ہے مس موصوفہ نے نہایت دلچسپ نمونہ کا سبق دیا۔

مولوی سید علی اکبر صاحب صدر مہتمم تعلیمات نے اس اہم سوال پر بحث کی کہ کس عمر میں بچے کو مدرسہ بھیجنا چاہئے۔ صاحب موصوف کے خیال میں اس کا انحصار گھر اور مقامی حالات پر منحصر ہے اگر گھر پر بچہ کی نگرانی اور تربیت باحسن الوجوہ ہو سکتی ہے تو چھوٹے بچوں کے لئے گھر مدرسہ سے بہتر تعلیمگاہ ہو سکتا ہے لیکن عام طور پر گھروں میں عمدہ تعلیم و تربیت ممکن نہیں ہے خصوصاً جبکہ ماں تعلیم یافتہ نہ ہو ایسی حالت میں بچہ کو کنڈر گارٹن میں شریک کرنا مفید ہے اب رہا مقامی حالات تو دیہات میں جہاں بچوں کو کھلی ہوا میں آزادی سے پھرنے اور مطالعہ قدرت کا کافی موقع ملتا ہے وہاں کنڈر گارٹن کی اتنی ضرورت نہیں رہتی ہے۔ آخر میں مقرر صاحب نے یہ بتایا کہ کنڈر گارٹن کے لئے قیمتی سامان کی ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ بہت کچھ سامان خود مدرس تیار کر سکتا ہے۔

مولوی شیخ ابو الحسن صاحب صدر مدرس مدرسہ فوقانیہ دار العلوم نے اپنے مدرسہ کے کنڈر گارٹن کا انتظام بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ وہاں بہت کچھ سامان مدرسین نے تیار کیا ہے۔

دوسرے جلسہ میں سست ذہن (BACKWARD) بچوں کی تعلیم پر مس دو کی مددگارہ گرامر اسکول نے ایک نہایت دلچسپ تقریر کی۔

سید علی اکبر صاحب صدر مہتمم تعلیمات بھی موجود تھے صاحب موصوف نے اس موضوع پر تقریر کرتے ہوئے بیان کیا کہ اکثر مدرسین MENTAL TESTS سے ناواقف ہونے کی وجہ سے ان کے ذریعہ سے سست ذہن طلبہ کی شناخت نہیں کر سکتے لیکن اگر مدرس میں ہمدردی ہو تو اس کے لئے یہ کوئی مشکل امر نہیں ہے افسوس ہے کہ عام طور پر مدرسین اپنی سہولت کے لحاظ سے تیز ذہن لڑکوں کی جانب زیادہ اور سست ذہن بچوں کی طرف کم توجہ کرتے ہیں۔ آخر میں صاحب موصوف نے جرمنی کی

مثال دیتے ہوئے کہا کہ سست ذہنی کم سنی میں معلوم کرنا چاہئے۔

ایک اور رکن نے یہ رائے ظاہر کی کہ ڈالٹن پلان کا طریقہ سست ذہن بچوں کے لئے نہایت مفید ثابت ہوگا کیونکہ اس سے طلبہ کو انفرادی طور پر تعلیم دیتے ہیں۔ بڑی مدد ملتی ہے۔

مس دلبر صدر معلمہ شاخ ابتدائی گرامر اسکول نے مذکورہ بالا رائے سے اختلاف کرتے ہوئے کہا کہ سست ذہنی ابتدائی مدارج میں معلوم کرنا چاہئے۔ اور سست ذہن بچوں کو جلد سے جلد ان کے دوسرے ہم عمر طلبہ کے معیار پر آنے کی کوشش کرنی چاہئے ڈالٹن پلان ابتدائی مدارج کے لئے زیادہ مفید نہیں ہے۔

جلسہ مرکزی انتظامی کمیٹی مرکزی انتظامی کمیٹی انجمن اساتذہ کا ایک جلسہ ۷ اپریل ۱۹۳۲ء دفتر صدر مہتمی تعلیمات بلدہ میں زیر صدارت لیف سی فلپ نائب صدر انجمن ہذا منعقد ہوا جس میں (۱۱۶) اصحاب تشریف فرما تھے۔

۱۔ سالانہ جلسہ ہائے انجمن کے متعلق حسب ذیل مضامین مقرر ہوئے۔

الف۔ مدارس ابتدائی چھ سال سے کم عمر کے طلبہ کے لئے کیا انتظامات کرنے کی ضرورت ہے۔

ب۔ کمزور طلبا اور ان کی کمزوری کے اسباب دریافت کرنا۔

۲۔ یہ تصفیہ ہوا کہ کم از کم ایک نمایندہ کو انجمن ہذا کی جانب سے آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرز ایسوسی ایشن کی آیندہ سالانہ کانفرنس میں جو بمقام لاہور منعقد ہوگی شرکت کے لئے روانہ کیا جائے۔

۳۔ کونسل آل انڈیا فیڈریشن ۱۹۳۳ء کے لئے حسب ذیل حضرات کو بطور نمایندہ منتخب کیا گیا۔

۱۔ جناب مولوی سید علی اکبر صاحب ایم اے (کنٹب)
۲۔ " " شیخ ابوالحسن صاحب بی۔ اے۔ ایل ٹی۔
۳۔ ڈاکٹر کرشنیا صاحب۔ پی ایچ ڈی
۴۔ مسٹر چندر دواکر۔ ایم اے۔
۵۔ جناب سید محمد شریف صاحب مشہدی۔

۴۔ حسب سابق ریورنڈ فیبی فلپ اور مولوی شیخ ابوالحسن صاحب انجمن ہذا کے نائب صدر منتخب ہوئے۔ اور مولوی محمد شریف صاحب مشہدی کا انتخاب بحیثیت سابق معتمد عمومی کی خدمت پر کیا گیا۔

۵۔ لائبریری انجمن اساتذہ کے قواعد جو لائبریری سب کمیٹی نے مرتب کئے تھے۔ پیش ہونے پر منظور کئے گئے۔

مرکزی انتظامی کمیٹی انجمن اساتذہ کا دوسرا جلسہ بتاریخ ۱۷ ربہمن ۱۳۴۲ف بصدارت عالیجناب مولوی سید علی اکبر صاحب صدر انجمن ہذا دفتر صدر مہتمی تعلیمات بلدہ میں منعقد ہوا جسمیں گیارہ اراکین تشریف فرما تھے۔

۱۔ مولوی سید محمد شریف صاحب مشہدی کے زمانۂ رخصت میں معتمد عمومی انجمن اساتذہ کی خدمت کو انجام دینے کے لئے سید حسن الدین صاحب کا انتخاب کیا گیا۔

۲۔ مولوی سید محمد شریف صاحب مشہدی کے لئے مصارف شرکت کانفرنس مبلغ ۱۵ روپئے سکہ کلدار کی منظوری دی گئی۔

حسب ذیل اراکین کی ایک سب کمیٹی اس غرض کے لئے مقرر کیگئی کہ کنڈرگارٹن کے متعلق رپورٹ تیار کی جائے۔

۱۔ جناب مولوی سید علی اکبر صاحب صدر

۲۔ مس ولبسٹر۔

۳۔ " ٹائلر

۴۔ مسز گارڈن۔

۵۔ مولوی عبدالنور صاحب صدیقی معتمد

اور یہ تصفیہ ہوا کہ دو سب کمیٹیاں بیاک ورڈ طلبہ کے متعلق رپورٹ مرتب کرنے کے لئے مقرر کی جائیں۔ ایک سکندرآباد کے لئے اور دوسری حیدرآباد کے لئے۔

ڈاکٹر کرشنیا صاحب کو سکندرآباد کی سب کمیٹی کا صدر منتخب کرکے ان سے درخواست کی گئی کہ وہ سکندرآباد کی سب کمیٹی کے لئے اراکین منتخب فرمائیں۔ اور حسب ذیل حضرات کا انتخاب حیدرآباد کی سب کمیٹی کے لئے عمل میں آیا۔

۱۔ جناب مولوی سالم بن سعید صاحب صدر
۲۔ " " فیض محمد صاحب
۳۔ " " نورالحسن صاحب۔
۴۔ " " فخرالحسن صاحب۔
۵۔ غلام دستگیر صاحب۔

دوسری سہ ماہی ۱۳۴۲ف کے لئے حسب ذیل مضامین مقرر کئے گئے۔

۱۔ کمسن طلبہ کی تعلیم میں تکمیل کی قدر و قیمت خصوصاً کنڈرگارٹن کے اصول کا لحاظ کرتے ہوئے۔

۲۔ ہوم ورک (بست ذہن) طلبہ کا لحاظ کرتے ہوئے۔

۳۔ تعلیم کنڈرگارٹن کا ساز و سامان۔

گذارش

روئداد جلسہ سالانہ مدرسہ سطانیہ

حسب عادت قدیم مدرسہ سلطانیہ کا جلسہ سالانہ زیر صدارت جناب مولوی سید معین الدین صاحب مہتمم تعلیمات ضلع بیدر بتاریخ ۱۷ آذر ۱۳۴۲ف منعقد ہوا جس میں شرکاء کی تعداد تقریباً چھ سو کے علاوہ جناب تحصیلدار صاحب تعلقہ بیدر و معززین و ساہوکار قصبہ و اساتذہ مدارس مواضعات گرجواڑہ۔ دگوال کویلی۔ ملچلمہ و کنجوارم وغیرہ بھی مدعو و شریک تھے۔

جلسہ کا نظام العمل ۱۳ آذر سے مقرر تھا چنانچہ پہلے روز ہاکی میچ دوسرے روز فٹ بال اور تیسرے روز کرکٹ میچ ہوا۔ اس کے بعد ۱۷ آذر ۱۳۴۲ف کو ۱۰ بجے سے اسپورٹس ہوتے رہے اور ۴ ساعت شام سے جلسہ تقاریر و تقسیم انعامات شروع ہوا۔

جلسہ کی ابتدا مولوی محبوب خانصاحب مدرس مدرسہ (گرجواڑہ) نے آیات

متبرکہ قرآنی کی مجوید تلاوت سے کی اور مولوی عبدالقیوم صاحب مولوی فاضل و منشی فاضل صدر مدرس مدرسہ کی تحریک و مسٹر راد ہاکشن کی تائید پر جناب معین الدین صاحب بی۔ایس۔سی کرسی صدارت کو رونق بخشی۔

جناب صدر نے اولاً اسٹاف مدرسہ کی جانب سے مدرسہ ہذا کے تعلیمی ممتاز و مفخر نیز اسپورٹس میں گوے سبقت برندہ طلبہ کو تقریباً پچاس انعامات تقسیم کئے اور پھر معتمد انجمن اساتذۂ مدرسہ نے مدرسہ کی مبسوط رپورٹ سنائی۔

بعد ازاں مسٹر راد ھاکشن بی اے اول مددگار نے علم جغرافیہ کی وسعت ایک پرمغز تقریر کرتے ہوے معاشی و سیاسی حیثیت سے تعلیم جغرافیہ کی ضرورت و اہمیت کو تبلایا پھر مسٹر راگھواچاری مددگار مدرسہ نے بزبان انگریزی تعلیم سائنس کی ضرورت پر نہایت مدلل و مبرہن تقریر کی ان کے بعد مسٹر نرسہواں چاری مددگار مدرسہ نے تلنگی زبان میں بعنوان (تعلیم کا اثر اخلاق پر) عام فہم تقریر کی۔

اس کے بعد بروئے نظام العمل طلبہ کی تقاریر مقررتھیں مگر مغرب ہو جانے کے باعث ان کو ملتوی کر دیا گیا۔ اور جناب صدر جلسہ نے اپنی تقریر میں مدرسہ کی اپنی مساعی میں کامیابیوں کا ذکر کرتے ہوئے اسٹاف کے اتحاد عمل کی ستایش کی اور اسی سلسلہ میں اہل قصبہ کو مدرسہ کے متعلق ان کے فرائض اور تعلیمی تحریکات سے مزید دلچسپی کی اپیل کی

تقسیم انعامات تحتانی قصبہ بتاریخ ۱۹ ربہمن ۱۳۴۲ف مدرسہ ہذا کا جلسہ تعلیمی و تقسیم انعامات بوقت ۲½ ۳ بجے شام زیر صدارت عالیجناب مولوی سید معین الدین صاحب ڈار ہونہ تعلقہ احمد نگر ضلع بیدر بی ایس سی۔ بی ٹی مہتمم تعلیمات ضلع بیدر شریف منعقد ہوا میدان بازی گاہ میں ٹین شیڈ۔ (تیار کرکے) رنگ برنگ کی ہیر قون سے نہایت آراستہ کیا گیا تھا جناب دلیکھ صاحب و مولوی عبدالوہاب صاحب منصبدار و جناب منتظم صاحب پولس معہ عملہ و وکلاء و معززین و ساہو وا ولیار و ورثار طلبار و صدر مدرس صاحبان و اساتذہ صاحبان مدارس ہڈولتی۔ چاپولی۔ ہیڈرگلی۔ کمنہ۔ گنہ سور۔ لنگیر نے اپنی شرکت سے جلسہ کی رونق کو دوبالا فرمایا۔ جلسہ کا آغاز قرارت و قومی ترانہ سے ہوا۔ جناب دلیکھ صاحب کی تحریک صدارت و مولوی محمد عبدالحمید صاحب صدر مدرس کی تائید سے عالیجناب معتمم صاحب کرسی صدارت پر رونق افروز ہوے۔ مولوی محمد عبدالحمید صاحب کو ہیری صدر مدرس مدرسہ نے

رپورٹ مدرسہ ہائی طلبا نے خانگی و سرکاری تعلیم۔ دیہاتی و شہری زندگی۔ دولت اور وقت وچوری پر اردو و مرہٹی و انگریزی میں مکالمات کئے۔ و نیز مہابھارت کا ایک مختصر ڈراما کیا گیا۔ جس سے حاضرین بہت محفوظ ہوئے۔ لڑکوں نے انگریزی و مرہٹی نظمیں بھی سنائیں۔ جناب دیکھ صاحب نے مدرسہ کی ترقی و مولوی محمد عبدالحمید صاحب کو ہیری کی کوشش و تعلیمی دلچسپی کا اظہار فرماتے ہوئے مدرسہ کی ہر طرح امداد و اعانت کا وعدہ کیا۔ اور فی الحال (۵۰) روپیہ کے سلیٹ و کتب نادار طلبا کیلئے عطا فرما کر اپنی تعلیمی دلچسپی کا ثبوت دیا۔ مولوی محمد عبدالوہاب صاحب منصبدار نے مولوی محمد عبدالحمید صاحب کو ہیری صدر مدرس اور ان کے مددگار صاحبان کی انتھک کوششوں کا اظہار فرماتے ہوئے منجانب رعایا استدعا پیش کی کہ حالیہ صدر مدرس صاحب کی کوشش و دلچسپی سے جماعت پنجم قائم ہوگئی ہے۔ مدرسہ ہر حیثیت سے نمایاں ترقی کیا آئندہ مدرسہ کو مڈل اسکول کا گریڈ عطا فرمایا جائے یا کم از کم جماعت ششم کے افتتاح کی اجازت عطا ہو۔ و نیز موصوف نے انسان کو "تعلیم کی ضرورت" کے عنوان پر ایک فاضلانہ مضمون پڑھ کر حاضرین کو اپنے زرین خیالات سے مستفیض اور مبلغ (۷۷) کے گرانبہا عطیہ سے نادار طلبہ کو کتب سے مستفید فرمایا۔ مولوی محمد زکاء اللہ صاحب مسیحا حیدرآبادی نے ایک مدحیہ قصیدہ سنایا۔ اس کے بعد عالیجناب صدر نشین صاحب نے اپنے دست مبارک سے کتب انعامی تقسیم فرما کر علم کی ضرورت پر ایک بسیط و معنی خیز تقریر فرمائی اور حاضرین کو کئی تمثیلات کے ذریعہ حصول علم کی ترغیب و تحریص دلائی اور یہ تبلایا کہ ہماری فیاض گورنمنٹ دوسری حکومتوں کے مقابلہ میں کس قدر روپیہ صرف کر رہی ہے رعایائے و طلبا و رؤسا سے مخاطب ہو کر تعلیمی سہولت بہم پہنچانیکا وعدہ فرمایا۔ مابعد جناب صدر مدرس صاحب مدرسہ ہذا نے عالیجناب صدر نشین صاحب و حاضرین کی شرکت جلسہ و جناب دیکھ صاحب و منصبدار صاحب کے عطیہ کا شکریہ ادا کیا اعلیحضرت بندگانعالی مدظلہ العالی و شہزادگان بلند اقبال کی دعا کے ساتھ ۱½ بجے شام جلسہ برخاست ہوا۔

مدرسہ تحتانیہ قصبہ مرداگدہ مدرسہ ہذا کا سالانہ تعلیمی جلسہ بتاریخ ۷، امردی ۱۳۴۲ف زیر صدارت عالیجناب مولوی کریم احمد خانصاحب بی اے۔ یم۔ بی مہتمم تعلیمات

ضلع گلبرگہ شریف بعد ختم معائنہ مدرسہ منعقد کیا گیا جس میں معززین قصبہ ہذا نیز اطراف واکناف کے مدرسین اور دو تین مواضعات کے بااثر حضرات شریک تھے بعد ختم قرأت وحمد باری تعالیٰ صدر مدرس مدرسہ نے روئداد مدرسہ پڑھی اس کے بعد ناگیا وجیرام و نارائن و محمد سالم و کھوباجی و نرسیا و محمد حسین و بھل و بالا رام وغیرہ نے شراب کی قبائح و مذمت میں ایک ڈرامہ نہایت عمدگی سے بلا رعب طلبہ ادا کر کے ایک اچھا اثر حاضرین کے دلوں پر پیدا کیا اور نارائن و جیرام و کھوباجی دبندپانے مناظرہ علم دولت کو خوش اسلوبی سے ادا کر کے دو تین دفعہ چیرز لئے۔ بعد ازاں نرسپا و مامڑپا و سانیا طالب علموں نے تجارت و زراعت و علم پر بزبان تلنگی نہایت عذب بیانی سے مکالمہ کر کے حاضرین کو محظوظ کیا۔ اس کے بعد کچھ انعامی کتب نیز سامان نوشت و خواند معطیہ صدر مدرس مدرسہ ہذا جملہ (۵۵) انعامات کو صدر ذی حشم نے اپنے دست مبارک سے تقسیم فرما کر جملہ طلبا کی حوصلہ افزائی فرمائی آخر میں حاضرین جلسہ کی عطر و پان سے تواضع کیگئی۔ اور بعد ملاحظہ نمائش "جو طلبا، مدرسہ ہذا کی دستکاری و صناعی و جانکاہ کوششوں کا نتیجہ تھا۔ جلسہ برخاست ہوا۔

تحتانیہ دھول پیٹھ مدرسہ ہذا کے طلبہ جماعتہائے چہارم و سوم حسب اجازت جناب صدر مہتمم صاحب تعلیمات بلدہ بتاریخ (۳۰) ماہ شہریور سنہ ۱۳۴۱ف مع اسٹاف مدرسہ تعلیمی تفریح کی غرض سے قلعہ گولکنڈہ و مقابر سلاطین قطب شاہی ٹھیک (۶) بجے مدرسہ سے معمولی سواریوں میں روانہ ہوئے۔

نیز رفتار سواریوں کا انتظام اس وجہ سے نہیں کیا گیا کہ قدرتی مناظر اور عام کیفیات کی دیکھ بھال کا موقع جس قدر معمولی سواریوں میں نصیب ہوتا ہے وہ ہرگز ہرگز تیز رفتار سواریوں میں نہیں نصیب ہوتا۔

طلبہ کے اصرار پر سب سے پہلے مقابر سلاطین قطب شاہی پہونچے طلبہ کے لئے اس سے تفریح کا مقام اس گرد و نواح میں کوئی اور نہیں ہوسکتا تھا بہر حال ان شاہان سلف کے مقبروں کو فرداً فرداً بتلایا گیا بالخصوص ان کی تاریخ ولادت اور تخت نشینی اور سنہ وفات وغیرہ کو بھی بتلایا گیا۔ اس معائنہ کے بعد طلبا کو اس کیفیت کی جانب رجوع کیا گیا۔ کہ یہ وہ سلاطین سلف ہیں جو آج سے تقریباً تین سو برس

قبل اس سرزمین پر برسر حکومت تھے جن کے اقتدار اور حکومت کا شاہد تاریخ کا ہر ورق ہے۔

چارمینار اور مکہ مسجد وغیرہ وغیرہ جن کی یادگار ہیں۔ آج کس پرسی کی حالت میں اس مقام پر دفن ہیں۔ جہاں تم اور ہم کھڑے ہوئے ہیں۔ اس سبق کو بالخصوص طلبہ کے چند ایسے سوالات سے زیادہ اہمیت ہوگئی ہے کہ کیا ہر ذی اقتدار کے مرنے کے بعد یہی عمل ہوتا ہے؟ باوجود اس کے کہ بادشاہ وقت تھے لیکن آج ان کے قبروں پر ایک شخص تک نظر نہیں آتا بجز اس کے کہ چند ملازمین اس مقام کی نگرانی کے لئے مقرر ہیں۔

وقت کے لحاظ سے سب سے اول بادشاہ سلطان قلی قطب شاہ کے مقبرہ کے پاس بعد فاتحہ ترانہ دکن پڑھا گیا۔ اس موقع پر مولوی محمد رسول صاحب مدرگار مدرسہ ہذا نے طلبہ کو ان شاہان سلف کے حالات اور ان کے زندگی کے کارنامہ کو سلسلہ وار بطور سبق مختصر اور جامع لفظوں میں تفہیم کرایا۔

اسٹاف مدرسہ نے بچوں کے کھانے وغیرہ کے انتظام میں خاص دلچسپی لی تھی اور نہایت سلیقہ سے دو پارٹیاں کرکے ہندو اور مسلمان کے الگ الگ دسترخوان بچھوائے گئے اور طلبہ مدرسین نے ملکر کھانا کھایا اور اس کے بعد چائے نوشی ہوئی۔

تقریباً (۵) بجے گنبدوں سے قلعہ گولکنڈہ روانہ ہوئے طلبہ کو قلعہ تبلایا گیا اور بالاحصار پر پہونچکر اس مقام کی خصوصیت اور ابوالحسن تانا شاہ کے تمام حالات اور قلعہ گولکنڈہ کی فتح وغیرہ کی نسبت مجملاً تبلائی گئی اس مقام پر ترانہ دکن پڑھوا کر اعلیحضرت بندگانعالی خلداللہ ملکہ کے لئے (۳) چیرز ولوائے گئے وہاں سے نہایت آرام اور اطمینان کے ساتھ طلبہ کو ان کے مکانات پر پہنچا دیا گیا۔

اس تعلیمی تفریح سے طلبہ کو جسقدر مسرت اور ان کے معلومات میں اضافہ اور دلچسپی ہوی وہ ان کی زندگی کا پہلا موقع تھا اور ایسی تعلیمی تفریح طلبہ کے لئے بیحد مفید ثابت ہوی۔

روئیداد سالانہ جلسہ تقسیم انعامات مدرسہ تحتانیہ قصبہ بنجر و تعلقہ کلگیرو ضلع بیدر

مدرسہ تحتانیہ قصبہ بنجر و میں ۲۷ شہریور ۱۳۴۱ف بوقت ۴ ساعت شام بصدارت مولوی محمد عبدالعزیز خانصاحب نائب دگارنظم

سررشتہ انجمن امداد باہمی منعقد کیا گیا تھا۔ پبلک قصبہ و طالب علموں کا ایک کثیر مجمع تھا جلسہ کا افتتاح پہلے حمد سے کیا گیا جس کو حیات خاں طالب علم جماعت چہارم نے خوش الحانی سے ایک دل افروز نظم سنائی۔ اس کے بعد مسٹر سدانند مددگار مدرسہ ہذا نے ایک نمونہ کا سبق تمام پبلک کے سامنے دیا جو بہر حیثیت کامیاب رہا اس کے بعد مولوی شرف الدین صاحب مددگار نے علم اور اس کے فوائد پر تقریر کی جو دلچسپ رہی۔ اسکے بعد میر محی الدین علی طالب علم اور اس کے فوائد پر تقریر کی جو دلچسپ رہی۔ اس کے بعد میر محی الدین علی صاحب طالب علم جماعت چہارم نے سچائی پر ایک مضمون پڑھا۔ اور خوب پڑھا۔ پھر سدانند صاحب نے تلنگی زبان میں تعلیم کی ضرورت بتلاتے ہوئے خانگی و سرکاری تعلیم کے فرق کو واضح کیا۔ اور کہا جاسکتا ہے کہ انکی تقریر بہر طریق کامیاب رہی اس کے بعد مولوی سید عبدالعزیز صاحب صدر مدرس مدرسہ ہذا نے مدرسہ کی مختصر تاریخ یک سالہ رپورٹ سنائی۔ اور ضمنی طور پبلک کی ان ذمہ داریوں کو بھی واضح کیا جو لڑکوں کی تعلیم کے متعلق ان پر عائد ہوتی ہیں آخر میں چندہ کی تحریک پیش کرتے ہوئے اعلیحضرت بندگانعالی کی درازی عمر و اقبال کی دعا پر ختم کی اس کے بعد صدر صاحب نے اپنی پر مغز تقریر سنائی۔ جناب صدر مدرس صاحب مدرسہ نے تقریر فرماتے ہوئے تعلیم و تربیت کی ضرورت کو واضح فرمایا۔ اور خود بھی حضور پرنور کے حق میں دعائے خیر فرماتے ہوئے اپنے گران قدر چندہ کا بھی اعلان فرمایا۔

اس کے بعد ہندوؤں و مسلمانوں کی چارنوشی کے لئے علحدہ علحدہ کمرے جو مقرر کئے گئے تھے۔ اس میں یہ سب منتقل ہوگئے اور نہایت اطمینان کے ساتھ ان دونوں فریق نے چارنوش فرمائی۔ غرض حاضرین کی چاء پان سے تواضع کرنے کے بعد سکوں کے ساتھ سرمغرب یہ مجمع منتشر ہوا۔

اقتباسات

لڑکوں کا سلسلہ انجمن اساتذہ شاخ چادر گھاٹ کی سرپرستی میٹھو ڈسٹ بورڈ ہائی اسکول کے ہال میں مسٹر ٹریسی اسٹرانگ نے نہایت دلچسپ تقریر فرمائی تھی۔ مسٹر ٹریسی انجمن نوجوانان مسیحی کے ممبر ہیں جو بین الاقوامی کمیٹی برائے کار لاطفال میں بتعلق صنبوا قابل قدر کام کر رہے ہیں۔ جناب موصوف کو دنیا کے اکثر ممالک کی سیر و سیاحت کا اتفاق ہوا اس لئے وہ مختلف اقضائے عالم کے بچوں کی ضروریات اور انکے مسائل سے کما حقہٗ واقف ہیں اس لئے موصوف کے خیالات خصوصاً ایسے زمانہ میں جبکہ بقول صدر جلسہ مولوی سید علی اکبر صاحب بی اے صدر مہتمم تعلیمات بلدہ ہر طرف یہ غل ہے کہ بچے کے قوائے ذہنیہ کو چھوڑ دو اور ذاتی سعی اور اظہار ذاتی کے ذریعہ نشوونما پانے دو" بیحد مفید اور مشعل راہ ثابت ہونگے ہم ذیل میں صاحب موصوف کی فاضلانہ تقریر کا اقتباس ہدیہ قارئین کرتے ہیں۔

"بعض مسائل جنیا بھر نوجوانوں میں مشترک ہیں۔ انجمن نوجوانان مسیحی اور تحریک کشافان میں سے بعض مسائل عقدہ کشائی کر رہی ہے اور بین الاقوامی امن و آشتی کی ترقی میں کوشاں ہے جدید تعلیمی طریقہ اظہار خیال کی ترغیب و تحریص کرتے ہیں۔ ان کا آلہ کار یا تو گیہم اور تعلیمی سیر و سیاحت ہوتی ہے یا تحریک کشافہ جو انتہائی سرعت کیساتھ ساری دنیا میں پھیل گئی ہے۔ اور تعمیر کردار، خدمت خلائق، اور اظہار خیال کا موقعہ بہم پہونچاتی ہے۔ یہ چیزیں نصاب مدرسہ میں عنقا ہیں۔

Though, as previously remarked, Froebel was somewhat unpractical, he was remarkably methodical, and the connecting thread of an idea runs through each of his schemes, whether language-training, handwork, or other subjects, with regular continuity. His gifts, I to XV, had each the quality of "being complete in itself, yet foreshadowing the succeeding, and embodying the preceding, gifts." This assertion may be true, it is Froebel's own, but it needs unusual discernment to follow entirely the continuity. Similarly, the occupations were each intended "to teach something new, to revive that already taught, and to prepare for the subsequent." So far has modern thought advanced, with our knowledge of child psychology, that many of Froebel's schemes now fall into the category of "formal" or even "useless," but when they were presented to the educational world of the day, they created a sensation by their liberalism. He was the pioneer of educative handwork, of school physical training, of expression work, of dramatising as a means of self-expression, and impression, of elementary art training, of joy in doing and making and he deserves the title of The Father of Modern Education.

But as a family progresses, sons improving and altering the work begun by their father, so the Kindergarten has progressed beyond the ways of its originator. For some years, in Europe and in America, Froebel's principles were rigidly followed, then divergences and changes took place when one branch of students stressed certain points and another others, till the true spirit was over-shadowed, and a rot, a mortification, set in where had been garden freshness. Late Victorianism set the seal of its approval on kindergarten occupations, and a sorry mass of "pretty," useless, non-educative handiwork was produced under the title of "Kindergarten." (About 1894, a young student of Kindergarten methods in one of the large training colleges had to make "mosaics" which Art occupation consisted in fitting into a complicated and unlovely pattern, upwards of 200

point: How many of us have suffered in spirit with little Paul, the "son" of "Dombey and Son" in reading of Dr. Blimber's "Academy for young gentlemen" where this poor child, scarcely out of babyhood, learned Latin Grammar, the use of the globes, and other dry-as-dust subjects? We may be sure that Dickens had in mind some actual establishment when he thus described Dr. Blimber's school. Again, a report by one of H. M. I. on an Infant School in London (circa 1872-3) contains this remark, "The mental arithmetic of the Lower Infants is definitely weak." The Lower Infants (Heaven help them) were under five years of age, and there were sixty or even more in the class. Now for an excerpt from another H. M. I.'s report on an Elementary school in 1920: "The informal and happy atmosphere has enabled the children to develop their own individuality to an unusual degree." (This was part of the report on the Infant Department, of which I was in charge).

Childhood owes more to Froebel than the world at large realises, but there were other worthy pioneers whom we must not forget; Locke, even in the eighteenth century, drew up a treatise on the education of a child, which contains much of value in its suggestions, but being intended for a tutor of one, or at the most two children, it is of little use to a class-teacher in school. Rousseau also had revolutionary ideas as to what type of education best suited a child for life, but he again dealt with an individual, not with a class or group. (Who can forget Emile, and the little after-thought, Agnes?) Pestalozzi, pathetic failure of a school-master, glorious martyr to his humanitarian ideals, had, prior to Froebel's activities, opened a school for the very dregs of childhood, pauper orphans, illegitimate peasants, and other waifs, whom he taught, fed, and housed by his own, almost unaided efforts. But to one of Pestalozzi's home came young Froebel, and taught accepting no salary, for some two years, before he evolved his ideal school, his Kindergarten.

Kindergartens[1]

BY

MISS A. TYLER

Head-Mistress, Model Primary School, Hyderabad Deccan.

Froebel

When Freidrich Froebel called his school for young children their garden, it needs little imagination to realise that he intended the name to indicate everything which is fresh and sweet and wholesome. What is lovelier than a garden, in that beautiful part of Germany where Froebel lived? And what more fitting dwellers in a garden than children, whose freshness and innocence are so great a charm all over the world? Francis Bacon wrote "GOD Almighty first planted a garden, and indeed it is the purest of all pleasures." The purity of that "pleasure" is surely a fitting environment to the unsullied nature of a young child.

Froebel was a visionary, an idealist, as were so many of the Old Germans, and moreover he was unusually sensitive and sympathetic where children were concerned, his own early years having been embittered by the veritable cruel stepmother of the fairy tales. When he grew to manhood, he set himself the task of making other children happier than he had been, for he retained vivid recollections of the grief of his own infancy, and strove to prevent a repetition of his childish sorrows in others.

Like many an idealist, he was rather unpractical, so that many of his suggestions proved neither useful nor possible to carry out, nevertheless his humanitarian principles had a very far-reaching effect on children's education. One need only compare the general pre-Froebelian atmosphere with that accepted to-day almost universally as suitable and indeed necessary, in order to evaluate properly Froebel's influence. One or two examples will suffice to illustrate the

1. *Kindergarten.*—Children's garden, a garden of Children.

they must be artistically coloured. They must be like the object, otherwise the child gets a wrong impression, which is very difficult to correct later.

Rhythm also is a most important factor in the Kindergarten. Every child has an inborn tendency to rhythm, and to Indian children especially, rhythm should come naturally. Of course, it would be ideal to have a piano and a gramophone in the schools, but those schools which could not afford to have either, could do much in the way of rhyhmtic poetry. The school with a piano could teach the Dalcroze methods of beating time. They could have a Band with triangles, drums, bells, etc. The children could be taught to appreciate good music, both Oriental and European. Their ears could be trained to sound and expression i. e. loud and soft, merry and sad and so on.

Children, above all, love to play at real life. If it is possible to have a model shop or a Doll's house, a model train or a motor car, many games could be arranged involving a number of practical problems, in the solving of which much work could be done by the child. This is an education in itself. Finally, the children must be encouraged to talk. The Kindergarten should be a happy home with the master as a kind, but on occasions, firm friend. Indian children in school are so quiet and reserved. Perhaps they are awed by the presence of their teachers, this is probably because their teacher talks and does not give the child the opportunity of doing so. The child can only understand by doing, not by learning. The successful Kindergarten teacher is one who can forget he is a teacher, one who can come down to the child's level and see life from the child's point of view.

before they are children. The Kindergarten must teach these children to be children, they must learn to play. Parents who overhear this remark will say, "Play! my son can play at home, I send him to school to learn." "Be patient, parent, and I shall try and explain how your son through play will learn many lessons such as you wish him to have.

Through play, the child develops his senses and thus learns his capabilities. Montessori has done much in the way of sense-training apparatus to develop the senses of touch, sight, and sound. For instance, there is colour matching apparatus, an apparatus that teaches shape and proportion—many that will be known to those of us who have read Dr. Montessori's book. The object of having this apparatus is to develop the larger muscles of the body before developing the smaller muscles. Just as a baby learns to stand and then walk before he runs, so a child must learn to manipulate and control his muscles before he can write or draw. Although Montessori's apparatus is excellent, neither Froebel's gifts nor Montessori's Sense-Training Apparatus is enough. The Kindergarten teacher must invent his own apparatus. The child wants variety; he soon grows tired of the same thing day after day, just as we do ourselves.

Every child has a vivid imagination, and the teacher can make use of his gift of story telling and so convert the school room into a jungle or a Fairy Palace, just whatever setting the story demands. Every day there should be a definite story-telling time, and in connection with it there should be expression work. Either the children act the story, or they draw a picture; sometimes, they could do clay modelling or paper cutting. These stories must be carefully chosen and be told in the vernacular of the school.

Pictures play a great part in the life of the young child. He learns far more from pictures studied in his leisure time than whole weeks of dull lesson books. Pictures to be of use in teaching must be simple, illustrating the point, and

The Child Below Six

BY

MISS M. E. READ,

Head Mistress, Primary Department, Madrasae-Aliya

In Hyderabad Dominions to-day there are no fewer than 4052 Primary Schools. This means that roughly 240,508 boys and girls are attending school regularly, a certain small percentage of whom will reach School Leaving Certificate Standard, and a still smaller percentage will eventually go to Universities. In spite of the number of schools throughout the Dominions, there is a lack of a particular type of school, namely, the Kindergarten.

The question arises, on which Mr. Philip asked me to speak to-day, "What is to be done with the child below the age of six years?" These small people are too young for the routine work of an ordinary school. It is bad for their health to be made to sit still for any length of time, above all, they should not be doing book work at this age; the eye strain is too great for them, as the smaller muscles of the eye have not yet been developed. How many Indians do we see wearing spectacles? A great many you will admit; and if it would only be realised how important are the first years of a young child's life in a school, the health and physique of the community would benefit.

This is where the Kindergarten steps in. As I have just said, these early years of a child's life are the most important of all. They make or mar him for life, so he must be watched carefully in his work and in his play. At this stage character training plays an important part in his education. The work of the Kindergarten is, firstly, teaching the child how to live. True education, as Froebel said, is "Life." Many small Indian children grow up so rapidly that they skip a stage of their lives, and become grown up

1. A speech made at a recent meeting of the St. Georges Grammar School Branch of the Hyderabad Teachers' Association.

Popular Books For High School Use.

A SCHOOL HISTORY OF INDIA, by M. S. Ramaswami Aiyangar, M. A., Maharaja's College, Vizianagram. .. .. Re. 1-12-0.

ELEMENTARY SCIENCE, PHYSICS by V. N. Visvanatha Aiyar, M. A., Queen Mary's College, Madras, and CHEMISTRY, by P. A. Narayana Aiyar, M. A., Presidency College, Madras. (A Group.) Re. 1-4-0.

A HIGH SCHOOL MANUAL OF ENGLISH, by N. G. Welinkar, M.A., L.L.B., Osmania College Hyderabad .. .. Re. 1-8-0

CLASS EXERCISES IN ENGLISH COMPOSITION, by S. R. Kirkpatrick, B. A., Govt. High School, Gulburga .. .. As. 14.

THE ELEMENTS OF ALGEBRA, by Three Authors. Thoroughly revised & rewritten by N. Panchapagesan, B A., L.T., Findlay College, Mannargudi. Just Ready. (C. Group.) .. Rs. 2-0-0.

A MANUAL OF ARITHMETIC, by the late S. Radhakrishna Aiyar, B.A. (H. S. Classes.) Rs. 2-0-0.

A NEW GEOMETRY FOR HIGH SCHOOLS, by A. A. Krishnaswami Aiyangar, M. A. Maharaja's Intermediate College, Mysore Rs. 2-8-0

A PREPARATORY ALGEBRA, by V. Raghunatha Aiyar, B.A., L T., Deputy Inspector of Schools Ambasamudram .. .. Rs. 2-0-0.

A TEXT BOOK OF ARITHMETIC for Lower Secondary and Middle Schools by the late S. Radhakrishna Aiyar, B. A., and K. Vaidyanathaswami Aiyar, B.A., PART I FOR FORM I As. 12 PART II FOR FORM II & III As. 12.

THE ELEMENTS OF BOOK-KEEPING by K. Subramani Aiyar B.A., F.S.A.A. Re 1-8-0.

Also other COMMERCIAL BOOKS by Rao Sahib S. Vaidyanatha Aiyar, T. V. Subramania Aiyar and other High School Books in Elementary Mathematics, etc., available.

Srinivasa Varadachari & Co.,

Publishers, 190, Mount Road, Madras.

THE HYDERABAD TEACHER

CONTENTS

	PAGES.
THE CHILD BELOW SIX BY MISS. M. E. READ, ...	116
KINDERGARTENS BY MISS. A TYLER.	119
THE NEW ERA AND ITS NEEDS BY K. M. YUSUFUDDIN, M.A., LL.B. (Alig.) M.A., (Leeds.)	130
EXTRACTS FROM EDUCATIONAL NEWS BULLETIN	133
AJANTA AND ELLORA BY S. HANUMANTH RAO, M. A , L. T.	140
THE DOROTHEEN SCHULE COPENIC, BERLIN BY S. ALI AKBAR, M. A. (Cantab)	145
THE PROBLEMS AND NEEDS OF BOYS LECTURE BY DR. TRACY STRONG	153
THE HYDERABAD TEACHERS' ASSOCIATION General Secretary's Report for the Quarter	157
ADDITIONS TO THE TEACHERS' LIBRARY	158
EDITORIAL	160

Vol. VII. REGISTERED ASAFIA No. 47. No. 3.

THE HYDERABAD TEACHER

Quarterly Magazine of the Teachers' Association, Hyderabad-Deccan

Under the Patronage of Khan Fazl Mohamed Khan Esq., M. A., Director of Public Instruction.

JANUARY-MARCH 1933

Editorial Staff

S. ALI AKBAR, M. A. (Cantab.), *Chief Editor.*
F. C. PHILIP, M. A.
M. ATAUR RAHMAN, B. A.
G. S. KRISHNAYYA, M. A., Ph. D., (Columbia)

SECUNDERABAD-DECCAN
PRINTED AT THE EXCELSIOR PRESS, SECUNDERABAD.

1933.

Annual Subscription Rs. 3.

Teachers' Eyes
AND
Pupils' Eyes.

The teacher should see that sufficient, steady, diffuse, and uniform light is provided for all the seats. *Direct sunlight falling into the school room* is, in spite of its germ destroying power, found to be attended with many disadvantages. *Windows should never face the children.* A supply of light from the left is best. The windows should be as high as the ceiling, which should be painted white and the walls grey or light green.

Children in class should be seated according to their visual power, short-sighted in front and so on.

Teachers should not scold or punish the children for inattention or failure to read the black board from a distance especially if they are suffering from :— watering, redness, styes, inflamed and crusty lids, falling off of the eye lashes, dark rings and wrinkles round the eyes, burning, itching, twitching of eyes, squint, headaches, nervousness, drowsiness on reading, holding the books slanting or too far or near.

These symptoms are S. O. S. Messages (Seek Optical Service) to the sufferer, who are too young to realise the danger: the Educational Act in England and America requires all the children to be examined, treated and supplied free glasses if parents cannot afford.

Many a child with defective vision went through school *called a dunce whereas he was simply at a disadvantage with the other bright children because of his eyes.*

Your eyes never get a vacation. *Good vision means better* grades and increased satisfaction for the teacher.

It should be the duty of the teacher on the day following the opening of school *to test the acuity of vision of each pupil on a chart* giving simple instructions for examination, *and report to the parents if the eyes are found defective.*

Children could be supplied with splintanil (unsplinterable) lenses which do not splinter when broken, hence in case of an accident a great boon to children who play games with the glasses.

To avoid the unusual strain on the eyes of teachers and pupils in school work and its consequences, it is advisable to get the eyes retinoscopically examined by qualified opticians or oculists.

Teachers and pupils are supplied free with literature regarding better quality lenses and eye hygiene and are examined free if poor.

HARDY & Co., *Opticians & Oculists (London.)*
124, James Street, SECUNDERABAD.

Vol. VII. No. 3.

THE HYDERABAD TEACHER

JANUARY-MARCH 1933

Editorial Staff

S. ALI AKBAR, M. A. (Cantab.), *Chief Editor.*

F. C. PHILIP, M. A.

M. ATAUR RAHMAN, B. A.

G. S. KRISHNAYYA, M. A., Ph. D., (Columbia)

SECUNDERABAD-DECCAN

PRINTED AT THE EXCELSIOR PRESS, SECUNDERABAD.

1933.

جلد (۷)　　شمارہ (۴)

زیر سرپرستی جناب خان فضل محمد خان صاحب ایم۔ اے ناظم تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی

حیدرآباد ریویو

انجمن اساتذہ حیدرآباد دکن کا سہ ماہی رسالہ

مجلس ادارت:۔ سید علی اکبر ایم۔ اے (کنٹب) مدیر مسئول
سید فخر الحسن ملا بی۔ اے۔ بی۔ ٹی (علیگ) مدیر
محمد عبدالنور صدیقی بی۔ اے۔ بی۔ ٹی (علیگ) شریک مدیر

مقاصد

(۱) طبقۂ اساتذہ کے احساس علمی کو بیدار کرنا۔
(۲) طبقۂ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجربات معلمی کو شائع کرنا۔
(۳) فن معلمی پر نفسیاتی حیثیت سے نقد و نظر۔
(۴) انجمن اساتذہ کے مفید مضامین کی اشاعت
(۵) انجمن اساتذہ کے مقاصد و اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا۔

قواعد

(ا) رسالہ کا نام حیدرآباد ٹیچر ہوگا اور ہر سہ ماہی پر صدر دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے شائع ہوگا۔
(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بہ تفصیل ذیل ہوگی۔
اندرون و بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی تین روپیہ مع محصول ڈاک سالانہ (سکہ رائجہ)
صرف اردو، حصہ (عہ) سالانہ قیمت فی پرچہ اردو انگریزی ۱۲/۱ صرف اردو (۸/۱)۔
(ج) رسالہ نصف انگریزی و نصف اردو ہوگا جس میں حسب ضوابد یہ تغیر بھی ہو سکے گا۔
(د) صرف وہی مضامین درج ہو سکیں گے جو تعلیم سے متعلق ہوں۔
(ہ) جملہ مضامین و مراسلت دفتر کے پتہ سے ہونی چاہیئے۔
(و) اشتہارات کا نرخ حسب تفصیل اشاعت ہمارہے گا۔

نرخ اشتہارات حیدآباد ٹیچر حسب ذیل ہے

مقدار	سال بھر	۶ ماہ	فی اشاعت
پورا صفحہ	عہ ۵	عہ ۳	عہ ۲
نصف صفحہ	عہ ۳	عہ ۲/۱	عہ ۱/۸
ربع صفحہ	عہ ۱/۸	عہ ۱	عہ ۱۵
فی سطر	۱۰	۸	۶

اعظم اسٹیم پریس چارمینار حیدرآباد دکن میں طبع ہو کر دفتر انجمن اتنہ واقع صدر مہتمی تعلیمات بلدہ سے شائع ہوا

حیدرآباد ٹیچر

بابتہ خورداد ۱۳۴۲ف م اپریل ۱۹۳۳ء

جلد (۷) — شمارہ (۴)

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	جگنو	جناب ناظم صدیقی صاحب	۲
۲	فرمل اور کنڈرگارٹن (۱)	جناب سید نورالحسن صاحب بی، اے، بی، ٹی (علیگ) ٹوپ۔ اینڈ۔ سی۔ ٹی (گلاسگو)۔	۹
۳	تعلیم دینیات	جناب مولوی عبدالقدیر صاحب ناظر تعلیمات حلقہ کمم و ممبر کمیٹی تعلیم دینیات صوبہ ورنگل۔	۱۳
۴	زمانہ حال کے تعلیمی رجحانات	جناب اے، آر، داڈیا صاحب بی، اے، بیرسٹرایٹ لا پروفیسر فلسفہ۔ میسور یونیورسٹی۔	
۵	تنقید و تبصرہ (۱) جدید اردو شاعری۔	مترجمہ حفیظ النسا میر صاحب بی۔ اے	۲۱
	(۲) آدنامہ سی نفطی۔		۲۶
۶	شذرات		۲۷
۷	فہرست کتب موجودہ بہ کتب خانہ انجمن اساتذہ		۳۱
۸	بلدیہ تعلیم ریاضی	جناب ڈی۔ سی۔ بھوگلے صاحب بی اے بی ٹی	۲-۵-۷ / ۳۷-۵۲

جگنو

از

جناب ناظم صدیقی صاحب بی۔ ایس۔ سی

برسات کی تاریک مگر خوشگوار راتوں میں پانی کے کنارے ہری ہری گھاس پر یا سرسبز جھاڑیوں میں کرمکِ شب تاب کے جگمگاتے ہوئے چراغ آسمان کے جھلملاتے ہوئے تاروں سے کہیں زیادہ پُرکیف اور دلفریب ہوتے ہیں۔ یہی دل چاہتا ہے کہ بس خاموش بیٹھے قدرت کے اِس عجیب وغریب نورانی حُسن کے جلوؤں کی سیر کیا کیجئے۔

جب کوئی بھولا بھٹکا جگنو اتفاق سے کسی گھر میں آنکلتا ہے تو آنکھیں بے اختیار اِسکا تعاقب کرنے لگتی ہیں۔ بچے اُسے دیکھکر کسقدر محظوظ ہوتے ہیں جوشِ مسرت میں تالیاں بجاتے ہیں اُسکے پیچھے بھاگتے ہیں اور اکثر اُسے پکڑ ہی لیتے ہیں۔ کوئی اسے اپنے کرتے کے دامن میں لپیٹ کر قدرتی نور کی چمک دمک سے خوش ہوتا ہے اور کوئی اپنی کتاب کے ورق پر چھوڑ کر اُس کی روشنی میں حروف پڑھنے کی کوشش کرتا ہے۔ لیکن جب ایک محقق کی متجسس نگاہ اس پر پڑتی ہے تو وہ قدرت کے اِس اسرار کی تحقیق میں منہمک ہوجاتا ہے سیکڑوں تجربات کرتا ہے۔ عجیب وغریب مشاہدات ہوتے ہیں۔ اور بالآخر رموزِ قدرت کو منظرِ عام پر لاکر حقیقی مسرت حاصل کرتا ہے۔

چنانچہ ۱۶۶۷ء میں رابرٹ بائل (Robert Boyle) نے اس حیوانی نور کی ماہیت اور اصلیت دریافت کرنے کے لئے نورانی مچھلیوں اور بوسیدہ لکڑیوں وغیرہ پر مختلف تجربات کرکے یہ ثابت کیا کہ ہوا کی غیر موجودگی میں روشنی کا پیدا ہونا ممکن نہیں۔ گویا روشنی تکسید (Oxidation) یا احتراق کے فعل سے پیدا ہوتی ہے۔ اِس کے بعد ۱۷۹۴ء میں

ایک اطالوی مشہور محقق اسپلنزانی نے چند نورانی بحری مچھلیوں (Jelly Fish) کو خشک کرنے کے بعد اُن کو پانی میں ڈالا تو اُن مردہ مچھلیوں سے ویسی ہی روشنی نکلنے لگی جیسی کہ زندہ مچھلیوں سے نکلتی تھی۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ روشنی ایک کیمیائی عمل کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے جانور کی زندگی سے اسکا کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ اِن واقعات اور معلومات کو مدنظر رکھتے ہوئے ۱۸۸۸ء میں ایک فرانسیسی ماہر حیاتیات مسٹر ریفل دوبے نے ایک بڑا دلچسپ تجربہ کیا۔ اُس نے گھونگے کی قسم میں سے ایک نورانی جانور کی چمکدار بافت (Tissues) لیکر ٹھنڈے اور گرم پانی میں اس کے دو محلول تیار کئے جب ان دونوں میں روشنی گل ہوگئی تو اس نے اُن کو ایک جگہ ملایا۔ جس سے روشنی پھر نمودار ہوئی۔ چنانچہ اِس تجربہ کی بنا پر اُس نے یہ ثابت کیا کہ ایک مکسید مادہ (Oxidising Substance) جو گرم کرنے سے ضائع ہو جاتا ہے دوسرے مادے پر عمل تکسید کرتا ہے اور اس سے یہ روشنی پیدا ہوتی ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ روشنی گل کیوں ہوگئی تھی؟ اس کی وجہ یہ تھی کہ ٹھنڈے پانی کے محلول میں وہ مادہ جس کی تکسید ہوتی ہے صرف ہو چکا تھا لیکن مکسید موجود تھا اِسکے برخلاف گرم پانی کے محلول میں حرارت کی وجہ سے مکسد ضائع ہو چکا تھا اور دوسرا مادہ موجود تھا چنانچہ جب محلولات کو ملایا گیا تو عمل تکسید پھر شروع ہو کر روشنی کا باعث ہوا۔

ڈوبے کے اِن تجربات پر پروفیسر نیوٹن ہاروے نے مزید تحقیق و تدقیق کے بعد یہ نظریہ قائم کیا کہ روشنی پانی اور آکسیجن گیس کی موجودگی میں دو مادّوں کے باہم عمل پیرا ہونے سے پیدا ہوتی ہے اُن میں سے ایک لوسی فریس (Luciferase) ہے جو بطور مکسد عمل کرتا ہے اور دوسرا لوسی فرین (Luciferin) ہے جسکی تکسید ہوتی ہے۔

اِس قدر معلومات بہم پہنچنے کے بعد ۱۹۰۹ء میں فیراڈے نے جگنو پر متعدد دلچسپ تجربات کرکے یہ معلوم کیا کہ حیوانی نور میں حدت نہیں ہوتی۔ یہ نور قدرت کا ٹھنڈا نور ہوتا ہے۔ اگر ایک جگنو کو ہاتھ یا نیچے کے ہونٹ پر جو بدن کا حساس ترین حصہ ہے بٹھایا جائے تو گرمی کا کوئی اثر محسوس نہیں ہوتا۔ نیز یہ کہ اس روشنی میں تحت سرخ (Infra-red) اور بالا بنفشی U.Violet شعاعیں نہیں پائی جاتیں۔ تاہم اس میں اور معمولی روشنی میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔ اگر بہت سے جگنو کپڑ کر شیشے کے ایک ہوادار برتن میں رکھے جائیں تو اُن کی روشنی میں بخوبی مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔ یہ نور بالکل معمولی نور کی طرح عمل کرتا ہے۔ عکاسی کی تختی پر اثر آفریں ہوتا ہے مختلف اشیاء میں تزہر (Fluorescence) اور ماضی تزہر (Phosphorescence) بھی پیدا کرتا ہے

چھوٹے چھوٹے پودوں کی نئی اور نازک کونپلیں اُس کی طرف ایسے ہی جُھک آتی ہیں جیسے کہ سورج کی روشنی کی طرف۔ یہ نورِ خضرہ (Chlorophyll) کی افزائش کا بھی مدد ہوتا ہے۔

قدرت کا یہ ٹھنڈا نور تمام مصنوعی روشنیوں سے ارزان ترین ہے کیونکہ یہ حرارت کے بڑھنے سے پیدا نہیں ہوتا اور نہ خود اسکا کوئی حصہ حرارت کی صورت میں صرف ہوتا ہے۔ اکثر تجربات سے دریافت کیا گیا کہ موم بتی کے شعلے کے لئے جس قدر توانائی درکار ہوتی ہے جگنو کی چمک میں دست قدرت اسکا صرف $\frac{1}{20}$ حصہ صرف کرتا ہے اور اُس میں بمشکل $\frac{1}{100}$ درجے مٹی حرارت پیدا ہوتی ہے۔

اِس عجیب و غریب روشنی کے متعلق بعض محققین کا یہ بھی خیال ہے کہ جگنو کے خون میں ایک قسم کا مخمر مادہ ہوتا ہے جو چمکدار حصّے کے خلیوں میں روشنی پیدا کرنے والے مادہ پر عامل ہوتا ہے لیکن بعض اِس نظریہ کی تائید نہیں کرتے اُن کی رائے میں نورانی حصّے کے اندر منوّر جرثومے (Luminous Bacteria) کا اجتماع ہوتا ہے اور اُن کی وجہ سے روشنی نکلتی ہے۔

جگنو حشرات کی قسم میں "غلاف بازو" یا غلاف دار پروں والے کیڑوں کے خاندان سے ہے اُس کے جسم پر ایک سخت پوست ہوتا ہے جو مختلف حلقوں سے ملکر بنتا ہے یہ حلقے دونوں پہلوؤں پر جڑے ہوئے ہوتے ہیں۔ جس کی وجہ سے کیڑے کو اپنا جسم موڑنے اور حرکت کرنے میں کوئی تکلف نہیں ہوتا اِن حلقوں کی جوف کے اندر کیڑے کے نرم اعضا، رگیں اور اعصاب وغیرہ ہوتے ہیں۔ اور باہر کی طرف بازو اور ٹانگیں وغیرہ۔ جگنو کا تمام جسم تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے



جگنو کا نقشی خاکہ

(۱) سر (۲) سینہ (۳) شکم۔ پہلا حصّہ یا سر سخت پوست کے صرف ایک حلقے سے ڈھکا ہوا ہوتا ہے اس حصّے میں نیچے کی جانب مُنہ اور سر کے دونوں طرف آنکھیں ہوتی ہیں اُن کے علاوہ سر پر دو چھوٹے چھوٹے حساس بال بھی ہوتے ہیں۔ سر کے پیچھے سخت پوست کے تین حلقے سینہ کہلاتے ہیں جو بالترتیب پیش سینہ، میان سینہ، اور آخر سینہ کے نام سے موسوم ہیں۔ اِن تینوں میں سے ہر ایک میں نیچے کی طرف دو دو ٹانگیں ہوتی ہیں۔ اُوپر کی طرف اُن میں سے پہلا حلقہ یعنی پیش سینہ خالی رہتا ہے دوسرے حلقے میں دو بہت موٹے اور سخت پر ہوتے جو جسم کے ساتھ چپکے رہتے ہیں یہ پر تیسرے حلقے میں لگے ہوئے دو نرم و نازک پروں کے لئے غلاف کا کام دیتے ہیں۔ نیچے کے دونوں پر جو بڑے

پرواز کے بازو سخت بازوؤں کے نیچے چھپے ہوئے

اور باریک ہوتے ہیں اُوپر کے سخت پروں کے اندر لپٹے ہوئے رہتے ہیں۔ یہ پر پرواز کے کام آتے ہیں۔ اُوپر کے سخت پر آرام کی حالت میں کیڑے کی کمر کے وسط میں ایک خط مستقیم پر ملتے ہیں۔

سینے کے بعد کے آٹھ حلقے شکم کہلاتے ہیں۔ اُن میں سے ہر حلقے میں دونوں جانب اور اُوپر وسطی خط پر ایک ایک باریک سوراخچہ ہوتا ہے جو 'منافس' کہلاتا ہے۔ اِن کے علاوہ شکم میں دو تین حلقے اور بھی ہوتے ہیں جنہیں دم کہنا چاہیئے۔ روشنی کا سامان اُن ہی آخری تین حلقوں میں نیچے کی سطح پر ہوتا ہے۔

جگنو اکثر گھونگے وغیرہ کھاتا ہے۔ لیکن اسکا کھانے کا طریقہ بھی دلچسپی سے خالی نہیں جب گھاس کی پتی پر کوئی گھونگا لٹکا ہوا نظر آتا ہے تو پہلے جگنو اس کے جسم میں ایک قسم کا زہریلا مادہ داخل کر دیتا ہے جس سے گھونگا مرتا تو نہیں لیکن بیہوش ہو جاتا ہے۔ اسی حالت بیہوشی میں گھونگے کا جسم زہر کے اثر سے رفتہ رفتہ تحلیل ہو کر پیچ کی طرح ترقیق ہو جاتا ہے۔ تب جگنو اُسے بطور غذا استعمال کرتا ہے اور گھونگے کا سخت پوست گھاس کی پتی پر لٹکا رہجاتا ہے۔

دیگر حشرات کی طرح جگنو کی سرگذشت طبعی میں بھی چار مختلف حالتیں پائی جاتی ہیں۔ اول انڈے کی حالت دوسرے پہلروپ (Larva) تیسرے بنجھروپ (Pupa) اور چوتھے جگنو بحالت بلوغ Imago

مادہ جگنو بالعموم زمین پر انڈے دیتی ہے اور اپنی اگلی ٹانگوں سے اُنہیں تھوڑی سی مٹی سے ڈھک دیتی ہے بعض اوقات یہ بھی مشاہدہ ہوا ہے کہ انڈے دینے کے لئے خود مادہ زمین کے اندر گھس جاتی ہے اور انڈے دینے کے بعد پھر باہر نکل آتی ہے انڈے کے مادے میں ضروری تغیر و تبدل واقع ہو کر پہلروپ بنتا ہے اسکے انڈے سے باہر نکلنے سے قبل انڈا منور ہو جاتا ہے۔

موسم برسات میں اکثر دن کے وقت جگنو کے پہلروپ گھاس کے پتوں وغیرہ پر رینگتے ہوئے پائے جاتے ہیں۔ اُن کا منہ ایک دو شاخے چمٹے (Forked Sucker) کی طرح ہوتا ہے۔ اور دُم کے نیچے دو چھوٹے چھوٹے چمکدار نشانات ہوتے ہیں۔

سسٹر فلورینس۔ ایم۔ برومٹ (Florence M. Brummitt) نے جگنو کے چند پہلروپ کی حرکات و سکنات کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد ایک مضمون میں تحریر کیا ہے کہ جگنو کا

پہلروپ گھونگے کھاتا ہے۔ پہلے یہ اپنا چُسنا ایکدم گھونگے کے گوشت میں گھسا دیتا ہے۔ لیکن تکلیف کی وجہ سے گھونگا فوراً اپنے خول کے اندر گھس جاتا ہے۔ تب یہ کرم رینگ کر اُس کے خول کے اُوپر چڑھ جاتا ہے اور تاک لگائے بیٹھا رہتا ہے تھوڑی دیر کے بعد جیسے ہی گھونگا پھر باہر نکلتا ہے یہ اُس کے سر کی پشت پر دوبارہ چُسنا چبھوتا ہے اور گھونگا پھر اندر گھس جاتا ہے اِسی طرح چند دفعہ کے بعد گھونگا بیہوش ہو جاتا ہے۔ کیونکہ گھونگے پر حملہ کرتے وقت پہلروپ اپنا چسنا چبھانے کے علاوہ اُسکے جسم کے اندر ایک قسم کا زہریلا مایع بھی داخل کرتا ہے اسی کی وجہ سے گھونگا بیہوش ہو جاتا ہے اور حالت بیہوشی میں اسکا گوشت زہر کے اثر سے تحلیل ہو کر رقیق پڑ جاتا ہے۔ اُس کو پہلروپ اپنے چسنے کی مدد سے چوس لیتا ہے۔ چنانچہ کرم مذکور کے شکم سیر ہو کر چلے جانے کے بعد صاحب موصوف نے گھونگے کے خول کا مطالعہ کیا تو باقی ماندہ گوشت کو پیچ کی طرح نرم اور رقیق پایا خول کو اُلٹا کرنے سے گوشت ایک لزج مایع کی طرح ٹپکنے لگتا ہے۔

پہلروپ کی دم کے نیچے سپید رنگ کی تقریباً بارہ پتلی پتلی انگلیاں سی پوشیدہ ہوتی ہیں۔ جو برش کا کام دیتی ہیں۔ غذا کھانے کے بعد کرم اُن انگلیوں سے اپنے جسم کے تمام حلقوں کو خوب صاف کرتا ہے۔ اور اُس کے بعد یہ اُنگلیاں پھر لپیٹ لی جاتی ہیں۔ منہ نقطوں کو جلا دینے کے لئے بھی یہ انگلیاں استعمال کی جاتی ہیں۔ گھونگے کے خول کے اُوپر چڑھنے میں بھی اُن انگلیوں سے کافی مدد ملتی ہے اگر گھونگا حرکت کرے تب بھی جگنو خول پر سے نہیں گرتا۔ زمین پر چلنے کے لئے پہلروپ اپنی دم سے ایک چھڑی کی طرح مدد لیتا ہے۔ اُس کو زمین پر جما کر ایک جھٹکے کے ساتھ آگے کو بڑھتا ہے۔

جب پہلروپ بڑے ہو جاتے ہیں تو انکی جلد بہت زیادہ تن جاتی ہے۔ اب ایک دو روز کے لئے یہ کھانا پینا قطعاً ترک کر دیتے ہیں۔ اُن کا جسم بالکل پچپچا ہو جاتا ہے۔ اِس کے بعد سر کے اطراف سے جلد پھٹتی ہے اور پوست کے اندر سے زردی مائل سبز رنگ کا ایک کیڑا نکل آتا ہے لیکن اسکا رنگ بہت جلد گہرا ہو کر پہلے کی طرح تیز بھورا ہو جاتا ہے۔ اب اُس کیڑے کی جسامت بھی کافی بڑھ جاتی ہے۔ اور یہ پھر غذا کھانے لگتا ہے اِسیطرح متعدد مرتبہ پوست بدلنے کے بعد آخری مرتبہ کیڑا ایک سخت پوست کے اندر بند ہو جاتا ہے اسی حالت میں کیڑے پر ایک تغیر عظیم لاحق ہوتا ہے۔ اس کے اعضاء کی ساخت تبدیل ہو جاتی ہے۔ یعنی پہلروپ کے اعضاء جگنو کے اعضاء کی صورت اختیار کر لیتے ہیں۔ یہ حالت منجھروپی حالت کہلاتی ہے اِس روپ میں کیڑا بالکل بے حس و حرکت پڑا رہتا ہے۔ کھانا پینا بھی بند ہو جاتا ہے۔ البتہ اگر اُس کو چھیڑا جائے تو اسکے نورانی

نقطے چمکنے لگتے ہیں۔ ایک عجیب بات یہ مشاہدے میں آئی کہ اُس حالت سکون میں گھونگے جگنو کو کھا جاتے ہیں۔ اِسی لئے جب کرم پر منجمد روپی حالت طاری ہوتی ہے تو گھونگے اُن کے پاس سے علیحدہ کر لئے جاتے ہیں۔

تقریباً آٹھ دن کے بعد سر کے دونوں طرف سے جلد پہلے کی طرح پھر پھٹتی ہے اور ایک گلابی رنگ کا بالغ جگنو معہ اپنے ساز و سامان روشنی کے برآمد ہوتا ہے۔ آخری تین حلقوں کی زیریں سطح جنمین روشنی ہوتی ہے بادامی رنگ کی ہوتی ہے۔ اگر یہ جگنو نر ہو تو اُس کے پر بھی نظر آتے ہیں۔

جگنو مختلف الانواع ہوتے ہیں۔ انگریزی نوع کا جگنو لیمپ پائرس ناکٹیلوکا Lampyres Noctiluce کہلاتا ہے اسکا جسم سیاہ رنگ کا نرم، لوچدار اور اُوپر سے کچھ چپٹا ہوتا ہے نر جگنو کی آنکھیں بہت بڑی بڑی ہوتی ہیں۔ تاکہ وہ مادہ کو آسانی سے تلاش کر سکے۔ اس نوع کی مادہ کے پر نہیں ہوتے اُس کی آنکھیں بھی نر کے مقابلے میں چھوٹی ہوتی ہیں۔ البتہ روشنی نر سے زیادہ تیز ہوتی ہے جسکی وجہ صرف یہی معلوم ہوتی ہے کہ نر اُس کو دور سے دیکھ سکے۔ پر نہ ہونے کی وجہ سے یہ عموماً گھاس پر بیٹھی رہتی ہے اور بچے اس کو آسانی سے پکڑ لیتے ہیں۔

اِس مادہ میں روشنی کے تین حلقوں میں سے پہلے دو حلقوں پر سپید قلعی کے گول دائرے بنے ہوتے ہیں۔ لیکن تیسرے اور آخری حلقے پر صرف دو گول نشانات نظر آتے ہیں۔ نر جگنو کے پہلے دو حلقوں پر قلعی نہیں ہوتی بلکہ صرف آخری ایک حلقے میں یہ دو نشانات پائے جاتے ہیں اِسی سبب سے نر کی روشنی مقابلتہً پھیکی ہوتی ہے۔ کیونکہ یہی قلعی دراصل روشنی کا باعث ہے۔ اِس میں بھی مکسید مادہ لوسی فیرن دوسرے مادے لوسی فیرن کی تکسید کرتا ہے جس سے روشنی پیدا ہوتی ہے۔ یہ لوسی فیرن تکسید کے عمل سے آکسی لوسی فیرن میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ لیکن فوراً ہی اس پر تحلیل کا عمل لاحق ہو کر اسے پھر لوسی فیرن میں تبدیل کر دیتا ہے۔ جب سابق اسکی پھر تکسید ہوتی ہے غرض اِسی طرح یہ تعملات بالترتیب وقوع پذیر ہوتے رہتے ہیں اِسی وجہ سے روشنی جلتی اور بجھتی رہتی ہے جس کو ڈاکٹر اقبال نے کس خوبی سے ظاہر کیا ہے

چھوٹے سے چاند میں تھی ظلمت بھی روشنی بھی
نکلا کبھی گہن سے آیا کبھی گہن میں

اِس عمل کے لئے جیسا کہ اُس سے قبل بیان کیا جا چکا ہے ہوا کی ضرورت ہوتی ہے۔ جو اعضا تنفس سے چھوٹی چھوٹی باریک نالیوں کے ذریعہ سے کافی مقدار میں آتی رہتی ہے۔ اگر جگنو کا چمکدار حصہ

عنصرہ نکالکر ایسے پانی میں ڈالا جائے جس میں ہوا موجود نہ ہو یا پانی کو جوش دیکر خارج کر دی گئی ہو تو روشنی گل ہو جاتی ہے لیکن اگر ہوا پانی میں حل شدہ ہو تو روشنی برابر قایم رہیگی۔ گرم پانی میں ڈالنے سے جگنو کی روشنی تیز ہوتی ہوئی معلوم ہوتی ہے برخلاف اسکے ٹھنڈے پانی میں روشنی ہلکی پڑ جاتی ہے۔

ایک دوسری نوع کا جگنو جو لیوسیولا اٹیلیکا Lucida Italica کہلاتا ہے اٹلی میں پایا جاتا ہے۔ اس نوع میں مادین کی ٹانگیں بہت کمزور ہوتی ہیں لیکن یہ پردار ہوتی ہے۔ شام کے وقت جب یہ مادہ کہیں گھاس پر بیٹھتی ہے تو عجب دلکش اور نظر فریب منظر ہوتا ہے لاتعداد نر اس کے اوپر منڈلانے لگتے ہیں۔ یہ نظارہ نہایت پُرلطف ہوتا ہے۔ بقول حضرت اسمٰعیل۔

چمکنے سے جگنو کے تھا ایک سماں
ہوا پر اڑیں جیسے چنگاریاں

ان نروں کو دیکھکر مادیں کے دل میں ایک خاص جذبہ پیدا ہوتا ہے (لیکن وثوق کے ساتھ نہیں کہا جاسکتا) البتہ اتنا ضرور ہے کہ مادہ کی روشنی میں اس وقت ایک غیر معمولی چمک پیدا ہو جاتی ہے جسکا نر جگنوؤں پر ایک عجیب اثر پڑتا ہے۔ روشنی تیز ہو جانے کے بعد وہ سب زمین پر مادہ کے گرد جمع ہو کر ایک منور حلقہ قایم کر لیتے ہیں ان کی جگمگاہٹ سے جنگل کی تاریک اور خاموش فضا میں بزم چراغاں کی سی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے عجیب دلچسپ اور حیرت افزا منظر ہوتا ہے۔ شاید روشنی کی یہ شعاعیں جانبین کے دلوں میں التفات و مرافقت کی محرک ہوتی ہیں۔ کیونکہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ نر آہستہ آہستہ اپنا حلقہ چھوٹا کر کے مادین کے قریب تر ہوتے جاتے ہیں اور آخر اسکے چاروں طرف رقص کرنے لگتے ہیں اسوقت ان کی روشنی بھی بہت تیزی سے جلتی اور بجھتی رہتی ہے۔ یہ ہجوم عاشقاں مادین کے لئے بہت دل خوش کن ہوتا ہے۔

لیم پروفورس ٹینی براسس Lamprophorus Tenebraosus ایک دوسری نوع کا جگنو ہے جس کی مادہ کے پر نہیں ہوتے۔ اس کی روشنی ہلکے سبز رنگ کی ہوتی ہے۔ نر جگنو جب مادہ کے قریب جاتا ہے تو ایک تعجب انگیز مشاہدہ ہوتا ہے۔ نر اپنی روشنی کو بالکل خاموش کر لیتا ہے اور اندھیرا ہو جاتا ہے۔

یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ مختلف نورانی جانوروں کی روشنی مختلف رنگ کی ہوتی ہے۔ جگنو کی روشنی ہلکے سبز رنگ کی ہوتی ہے۔ اور اطالوی دیا مکھی کی نیلے رنگ کی۔ بعض مونگوں کی روشنی سپید و سرخ رنگ کی ہوتی ہے۔ یہ بھی مشاہدہ ہوا ہے کہ ایک ہی جانور سے مختلف رنگوں کی روشنیاں

نکلتی ہیں۔ لیکن ہنوز روشنی کے رنگ کی تبدیلی کی کوئی معقول وجہ دریافت نہیں ہوسکی۔

فروبل اور کنڈر گارٹن

از

جناب سید نورالحسن صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی (علیگ) ڈپٹی ایڈیسی۔ نی (گلاسگو)

(۱)

فریڈرک فروبل، اس طرز تعلیم کا بانی ایک جرمن ملا کا لڑکا تھا۔ ۲۱ اپریل ۱۷۸۲ء میں اس کی پیدائش اوبرویس باش میں تھرنگیہ کے مقام پر ہوئی۔ ابھی ایک سال کا بھی نہ ہوا تھا کہ شفیق ماں کا سایۂ سر سے اٹھ گیا۔ باپ کو مصروفیتوں کی وجہ سے سر اٹھانے کی فرصت نہ ملتی تھی لہٰذا بچے چوبیس گھنٹے نوکروں کے صحبت میں رہتے تھے۔

۱۷۸۶ء میں باپ نے دوسری شادی کی۔ فریڈرک کے واسطے یہ شادی بلائے ناگہانی ہوگئی۔ سوتیلی ماں کو اس سے نہ کوئی محبت تھی نہ کسی قسم کی دلچسپی شوہر کے کان بھرتے بھرتے باپ کو بیٹے سے بدظن کردیا۔ نوبت باین جارسید کہ ظلم و تشدد کے باب کھل گئے۔ قہر درویش بجان درویش فریڈرک ایک قیدی کیطرح گھر کی چہار دیواری میں مقید۔ اپنے ہم عمر بچوں سے الگ زندگی بسر کرنے لگا۔ غنیمت یہ تھا کہ گھر کے باغ میں اس کی فطرت پسند طبیعت نے مناظر قدرت کے مطالعہ سے دل بہلانا شروع کردیا۔ قوت مشاہدہ روز بروز بڑھنے لگی۔ غالباً لڑکپن کے اس ہی تجربہ کا نتیجہ تھا کہ کنڈر گارٹن کی تعلیم میں مناظر قدرت کے مشاہدہ کا بڑا جزو شامل کیا گیا۔

گیارہ برس کی عمر میں اسکی زندگی نے گویا ایک نیا جنم لیا اس کا چچا جس کا نام ہاف من تھا۔ بغرض ملاقات اپنے بھائی کے پاس آیا۔ بھتیجے کی طرز زندگی کو دیکھکر اس کریم النفس چچا پر

بڑا اثر ہوا۔ بہائی کو سمجھا بجھا کر بھتیجے کو اپنی نگرانی میں تعلیم و تربیت کے واسطے لیگیا۔

چچا کا گھر ہر لحاظ سے باپ کے گھر سے مختلف تھا۔ اِس گھر میں آزادی محبت۔ ہمدردی اور رسائی کا دور دورہ تھا۔ زندگی میں پہلی مرتبہ اِس نے مدرسہ میں قدم رکھا اور اپنے ہم عمر چالیس لڑکوں کی صحبت میں اُٹھنا بیٹھنا شروع کیا۔ اس کو شہر میں چکر لگانے کی اجازت دیدی گئی بشرطیکہ مقررہ وقت پر مکان پہونچ جائے۔ اس کو جلد احساس ہوگیا کہ اوائل عمر میں اس کی تعلیم و تربیت کا ماعاقبت اندیش والدین نے کچھ خیال و پاس نہیں کیا۔ نہایت مستعدی کے ساتھ وہ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے تیار ہوگیا شفیق اُستاد کی زیر نگرانی اُس نے اپنے دماغ اور جسم کو سدھارنا شروع کیا۔ جلد ہی اُس کے خیالات پاکیزہ ہوگئے۔

مدرسہ کی تعلیم سے فارغ ہوکر یونیورسٹی میں داخل ہونے کی تمنا لئے باپ کے پاس آیا۔ باپ نے اس کو ایک ماہر جنگلات کے سپرد کر دیا جس نے عدیم الفرصت ہونے کے سبب فریڈرک کو زندگی میں اپنا راستہ خود ڈھونڈ نکالنے کے لئے چھوڑ دیا۔ اس زمانہ میں فروبل نے چند قابل آدمیوں سے ملاقات پیدا کی۔ خصوصاً ایک ڈاکٹر نے اِس کو زندگی کا ایک دوسرا رُخ دِکھایا۔ گو اس کا مالک اس کو علیٰحدہ کرنا نہیں چاہتا تھا لیکن فروبل نے ایک مرتبہ پھر اپنے باپ سے التماس کی اور بمشکل وہ اِس شرط پر یونیورسٹی کی تعلیم دلانے پر راضی ہوا کہ فروبل اپنا خرچہ اپنی خیال کی جائداد سے اُٹھائے۔

فروبل اِن شرائط پر اٹھارہ سال کی عمر میں جینا کی یونیورسٹی میں داخل ہوا۔ حالانکہ وہ دن رات پڑھنے لکھنے میں لگا رہتا تھا۔ زندگی کی تعیشات سے اس کو کبھی سروکار نہ رہا۔ پھر بھی چھ مہینے کے اختتام پر وہ قرضدار ہوگیا۔ باپ کو خط پر خط بھیجے۔ ملتجی ہوا لیکن روپیہ نہ ملنا تھا نہ ملا۔ عدم ادائی قرضہ کی بنا پر اُس کو سزائے قید بھگتنا پڑی۔ قید سے رہائی اس وقت ہوئی جب اپنی جائداد کا حصہ فروخت کیا۔ قید کی زنجیروں سے نجات پاکر اپنے ایک عزیز کے پاس فرنکش ہوا اور عملی زراعت میں تجربات کرنے شروع کئے۔ باپ کی علالت کی خبر سنتے ہی خدمت کے واسطے حاضر ہوا۔ بستر مرگ پر باپ اپنے بیٹے کو سمجھ سکا اور دعائیں دیتا اِس دنیائے ناپائیدار سے چل بسا۔

اب اس کی عمر ۲۲ برس کی تھی۔ پہلے کچھ دن گرداور جنگل کی حیثیت سے بمبرگ میں پھر ایک رئیس کے سکرٹری کی حیثیت سے کلکنبرگ میں کام کرتا رہا۔

۱۸۰۵ء میں چچا نے اِنتقال کیا اور فروبل کو اپنا جائز وارث بنایا اِس جائداد نے روٹیوں کا سہارا کیا۔ ایک مرتبہ وہ فرینکفورٹ اِس غرض سے گیا کہ فن تعمیر میں دسترس حاصل کرلے۔ وہاں اِسکی ملاقات

ایک مدرس گرونر نامی سے ہوئی جس نے اس کی ملاقات دیگر مدرسین سے کرائی۔ وہاں اس نے مسئلہ تعلیم پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ گرونر نے اس کے خیالات کو بہت پسند کیا اور اپنے مدرسہ میں کام کرنے کی درخواست کی۔ یہ مدرسہ پسٹالوزی کے اصول تعلیم پر چل رہا تھا۔ فروبل کو مدرسہ سے اس قدر دلچسپی پیدا ہوئی اور پسٹالوزی کا اس قدر قائل ہوا کہ اس سے ملنے کے لئے روانہ ہوا۔ ماہر فن تعلیم کے تجربات کا عینی مشاہدہ کرکے فروبل فرنیکفورٹ واپس آیا اور تین بچوں کی تعلیم و تربیت کرنا شروع کی۔

۲۵ برس کی عمر میں ان بچوں کے ساتھ ایک مزرعہ پر رہنا شروع کیا اور اپنے تعلیمی نظریوں کے مطابق اُن کے خیالات کو ڈھالنا چاہا۔ اُس کو اپنی بے بسی اور کسمپرسی کا بچپن خوب یاد تھا اسی وجہ سے اُس نے تعلیمی اصولوں کی بنیاد آزادی، کھیل اور محبت پر رکھی۔ فطرت کا مشاہدہ ذہن اور جسمانی ترقی کے لئے ضروری خیال کیا اور ہر قسم کی ابتدائی تعلیم کی بنیاد عملی کام پر قائم کی۔

اب اس نے اپنے مشہور و معروف کھیلوں کو ایجاد کیا۔ نئی طرح کی اینٹیں۔ کاغذ کا موڑنا تہ کرنا کاٹنا۔ کاغذ کا دوسری چیزوں پر چپکانا۔ اس اثنار میں وہ اس طرز تعلیم کی کمزوریوں پر نظر رکھتا تھا۔ اس نے لڑکوں کے والدین کو راضی کیا کہ طلبار کو لیکر پسٹالوزی کے پاس سوئیٹزرلینڈ میں ایوردون جائے ۱۸۰۸ء میں وہ پسٹالوزی کی تعلیم سے دوبارہ مستفیض ہوا۔ بعد ازاں گوٹنجن یونیورسٹی میں اُس نے جرمن زبان اور نیچرل ہسٹری پڑھنا شروع کی۔ ۱۸۱۰ء میں وہ جرمن یونیورسٹی میں داخل ہوا۔ اس دوران میں دو مشہور معلموں سے اس کی ملاقات ہوئی جن کے نام لینگیتھال اور میلن ڈورف ہیں۔ یہ دونوں فروبل کے مدرسہ کے معلم بنے اور تمام عمر فروبل کے اصول تعلیم کی اشاعت میں صرف کی ۱۸۱۳ء میں شاہ پروشیا کے اعلان پر یہ جنگ میں شامل ہوا۔ ۱۸۱۴ء میں اختتام جنگ پر جرمن عجائب خانہ میں نوکر ہو گیا۔ سائنس کی تعلیم کے ساتھ ساتھ تعلیمی نظریوں کو بڑھاتا رہا۔

چھوٹے بھائی کے انتقال پر اس نے دو صغیر سن بھتیجوں کی تعلیم کا ذمہ لیا۔ نوکری سے مستعفی ہو کر ۱۸۱۶ء میں گریشہائم کے مقام پر ایک مدرسہ کھولا۔ میلن ڈورف فوراً اس کی مدد کو پہونچا۔ گو مالی اعتبار سے مدرسہ کامیاب نہ رہا تاہم تعداد طلبار اس قدر بڑھی کہ کیل ہاؤ کے مقام پر مدرسہ منتقل کرنا پڑا اب لینگیتھال بھی اس کار ثواب میں شریک ہو گیا۔ یہ تینوں ماہر تعلیمات نہایت تن دہی سے مدرسہ کی بہبودی اور بہتری کے لئے کام کرتے رہے مالی دقتوں نے ان کی ہمت کو کبھی پست نہ کیا۔ برلن کے دوران قیام میں فروبل کی ملاقات ایک تعلیم یافتہ، حسین، دولتمند، خاتون سے ہوئی جو اس کے اصول تعلیم کو

بہت پسند کرتی تھی۔ باوجود انتہائی محبت کے فروبل اپنی محبت کا اظہار نکر سکا۔ وہ اچھی طرح سے سمجھتا تھا کہ ایک مفلس اور دولتمند کی سماجی زندگی میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ فروبل نے اس خاتون سے استدعا کی کہ اس کی مدد کیجائے اس نیک نفس عورت نے بطیب خاطر برلن میں اپنا عالیشان گھر اس کے مدرسہ کے واسطے دیدیا اور خود شوہر کے ساتھ گاؤں میں رہنے لگی۔ باوجود مخالفتوں کے کیلہاؤ کے سلسلہ میں بہت سے مدرسے جاری ہوئے لوسرن میں گورنمنٹ نے اسکی امداد کی اور نوجوان معلمین کو برائے ٹریننگ اس کے پاس بھیجا جانے لگا۔

اُس کے اُصول تعلیم سے مستفیض ہونے کے لئے یہ ضروری خیال کیا گیا کہ کمسنی سے بچہ اس کے سپرد کیا جائے۔ اب اُس نے ایک تدریجی طریقہ تعلیم کی ایجاد کی جو تقریباً دو سال کی عمر سے ہی شروع ہو جاتا ہے اُس نے والدین کو راضی کیا کہ وہ بچوں کے کھیل اور مصروفیتوں کو غور سے دیکھیں اور سفید اور عام کھیل منتخب کریں۔ اِس طرح اُن کی مدد سے اس نے کھیلوں کی ایک فہرست بنائی جس میں باقاعدہ طور پر تدریجاً کھیل مندرج کئے گئے ۱۸۳۷ء میں کیلہاؤ کے قریب بلانکن برگ میں پہلا کنڈرگارٹن قائم ہوا۔ لیبین ثٹائن میں کنڈرگارٹن کی تعلیم دینے کے واسطے ایک ٹریننگ کالج قائم کیا۔ حالانکہ اُس کے مدارس میں مالی خسارے ہوتے رہے بایں ہمہ اُس کا اُصول تعلیم نہایت مقبول ہوا اور بہت سے مدرسے یکے بعد دیگرے کنڈرگارٹن کی طرز پر قائم ہوئے لیبن ثٹائن کے مقام پر اُس نے ایک بڑا جلسہ کرکے اساتذہ کو مدعو کیا اور اپنے تعلیمی نظریوں کو اُن کے سامنے پیش کیا۔ مدرسین پر بہت اثر ہوا اور بیشتر نے مدد کرنے کا وعدہ کیا۔

۱۸۵۱ء میں پروشیا کی گورنمنٹ نے کنڈرگارٹن کی تعلیم ناجائز قرار دیدی۔ یہ اس کے ایک قریبی رشتہ دار کے ایک مضمون کا اثر تھا جو کارل فروبل نے کنڈرگارٹن اور مدارس نسوان کے نام سے شائع کیا تھا۔ اِس مضمون میں سماجی ہیجان پیدا کرنے کی کوشش کیگئی تھی۔ گو فروبل کا اُصول تعلیم اِس مضمون کا بالکل ضد تھا لیکن نقار خانے میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے۔

۱۸۵۹ء میں یہ حکم منسوخ کیا گیا۔

۱۸۵۲ء میں گوتھا میں کنڈرگارٹن کے جلسہ میں شریک تھا کہ شدید زکام میں گرفتار ہوا سردی کا اثر سینہ پر ہوا اور فروبل نے اِس دنیا کو خیرباد کہا شیونیا کی خاک کو اس کا مدفن ہونے کی عزت ملی اُس کے قبر پر ایک گیند اور ایک مکعب بنایا گیا اور لوح مزار پر لکھ دیا گیا "ہم کو اپنے بچوں کے لئے زندہ رہنا چاہیئے"۔ (باقی آئندہ)

تعلیم دینیات

صوبہ ورنگل کی سالانہ تعلیمی کانفرنس ۸ ربہمن ۱۳۱۸ف کو زیر ہدایت جناب مولوی احمد حسین خاں صاحب بی، اے، صدر مہتمم تعلیمات منعقد ہوئی تھی۔ اس کانفرنس میں تعلیم دینیات کے متعلق کمیٹی نے جو رپورٹ پیش کی وہ ہم ذیل میں درج کر رہے ہیں۔ رپورٹ نہایت مختصر اور محض ایک خاکہ کی صورت میں ہے اور یہ مشکل ہے کہ ہم اسے بلا مزید صراحت کے کماحقہ سمجھ سکیں اسلئے ہم نے اسکے پہلے اس توضیح کو جگہ دی ہے جو تعلیم دینیات کی تحریک کے سلسلہ میں پیش ہوئی تھی اور جس کی روشنی میں کمیٹی نے اپنی تجاویز مرتب کیں اور اسی روشنی میں ہمیں رپورٹ کا مطالعہ کرنا چاہیئے چنانچہ ہم نے اس عنوان کے دو حصہ کر دیئے ہیں پہلے حصہ میں تحریک کی توضیح ہے اور دوسرے حصہ میں رپورٹ ہے ہم اس مضمون کیلئے جناب خاں صاحب کے بے حد ممنون ہیں جنھوں نے نہ صرف اس نہایت ضروری شعبہ تعلیم کی طرف پہلے پہل توجہ کی بلکہ اسلئے بھی کہ محترم نے ہمیں یہ پیپر ورنگل سے بھیجکر شائع کرنے کے لئے عطا فرمائی۔ (مدیر)

(۱)

دینیات کی تعلیم ذہنیات حاضرہ کے مطابق دیجانی چاہیئے۔

اس تحریک کی نسبت گزشتہ میٹنگ میں خواہش فرمائی گئی تھی کہ میں اس کی توضیح عرض کروں تعمیلاً گزارش ہے کہ دینیات پڑھانیوالے اساتذہ عموماً اور وہ حضرات جن سے متعلق نصاب تعلیم کی تکمیل و

نگرانی ہے خصوصاً عجیب کشمکش میں مبتلا ہیں سررشتہ کا نصاب دینیات کو مثل دیگر مضامین کے لازم قرار دیتا ہے اور عام رجحان و میلانات دینیات اور اس کے نام سے بیزار و متوحش ہوتے جا رہے ہیں اس لزوم و انکار کے اندر تو افق پیدا کرنا ہماری کانفرنس کا نہایت ہی دلچسپ کام ہوگا۔ رہا یہ سوال۔ کہ تو افق کیونکر پیدا کیا جائے؟ آیا یہ ممکن بھی ہے؟ بصورت امکان کیا ہماری کانفرنس متقدر و مجاز ہے کہ بلا اعانت و استمزاج صدر اس باب میں کوئی مضبوط طریقہ عمل تجویز کرے اور پھر اتنا اہم کام بلا ضیاع وقت و صرف زر سہل الحصول بھی ہے یا نہیں؟ اس سوال اور اس کے جملہ متعلقات کا جواب میرے نزدیک اثبات میں ہے۔ یعنی یہ کہ تحریک زیر بحث ہماری کانفرنس کی اختیاری چیز ہے۔ اس کو کامیاب بنانے میں صدر کے استمزاج و اعانت کی کوئی ضرورت نہیں۔ اور نہ اس میں وقت اور نقد ضائع ہوگا۔ اگر ہم صرف اصولی طریقہ تعلیم کی تدوین کریں۔ اور اس کو اپنی سمت میں گشت کرائیں۔ مرکزی مدارس اور جہاں جہاں باقاعدہ نصاب تعلیم پر عمل ہو رہا ہے وہاں ہمارے مدونہ طریقہ کی ایک ایک کاپی تعمیلاً بھیجدی جائے تو کافی ہے۔

(۲) دینیات کو پڑھانے کا اصولی طریقہ کیا ہوگا؟

رفقائے کانفرنس میں جن حضرات کو اس سے دلچسپی ہے وہ اپنے اپنے آرا و تجاویز مرتب فرمائیں۔ اور کسی مقررہ تاریخ میں ان انفرادی آرا پر اجتماعی غور و بحث ہو اس کے بعد جو تجاویز متفقاً پسند و منظور ہوں اُن کی توثیق صدر کانفرنس سے کرائی جائے۔

(۳) شخصی طور پر میری اپنی رائے حسب ذیل ہے:۔

دینیات کا مسلمہ سرکار نصاب ان تین شعبوں پر مشتمل ہے۔

(الف) خط نسخ (عربی رسم الخط)۔

(ب) سیرۃ طیبہ (آنحضرتؐ کی زندگی)۔

(ج) مسائل فقہیہ (حقوق اللہ و حقوق العباد)۔

پہلے شعبہ میں قاعدۂ بغدادی کے نام سے کلام پاک تک ناظرہ خوانی کی تعلیم ملزوم ہے۔ دوسرے شعبے میں ہمارے رسول، ہمارے نبی، وغیرہ ناموں سے چھوٹے چھوٹے رسائل شریک نصاب ہیں۔ تیسرے شعبے میں مقررہ رسائل پہلی سے ساتویں جماعت تک پڑھائے جاتے ہیں۔ میری تجویز یہ ہے کہ پہلے اور دوسرے شعبے کی تعلیم دینیات کے نام سے مذہب کے ذیل میں جو ہو رہی ہے وہ اصولاً درست نہیں کیونکہ پہلا شعبہ یعنی خط نسخ تستعلیق کا ہی ایک جزو ہے اور اب ٹائپ نے اس حقیقت کو

بہت زیادہ واضح کر دیا ہے کہ خط نسخ و نستعلیق دونوں رسم الخط کا مجموعہ اُردو خط ہے تو اِس کی تعلیم اُردو ادب کے تحت ہونی چاہیئے یعنی ابتدائی جماعتوں میں جس طرح نستعلیق حروف ہجا، اور اُس کی ترکیب بتائی جاتی ہے ساتھ ہی ساتھ اُردو پڑھانے والے اساتذہ حروف نسخ اور اُن کی کشش نوک پلک دوائر وغیرہ کی تعلیم دیا کریں۔ تو اِس پہلے شعبہ کے ساتھ ابتدا ہی سے طلبار کی دلچسپی مربوط ہو جائیگی علیٰ ہذا سیرۃ طیبہ کو تاریخ کے اساتذہ فن تاریخ ہی کے متھڈ سے پڑھانے پر مجبور کئے جائیں کیونکہ سیرۃ طیبہ کو جو تاریخی اہمیت حاصل ہے اپنے اندر وہ تمام خصوصیات رکھتی ہے جو تاریخی شعبوں میں مہتم بالشان سمجھے گئے ہیں۔ اتنی اہم چیز کو معمولی و غیر موزوں اساتذہ سے پڑھوانا لازماً غیر مفید ہوگا۔ اور یہ اساتذہ کبھی بھی وہ دلچسپیاں اپنے بہونڈے طرز تعلیم سے بچوں میں نہیں پیدا کر سکتے جو ایک تاریخ کا اُستاد اپنے فن کے مقررہ لوازم سے کرا سکتا ہے۔

اب رہگیا تیسرا شعبہ یعنی مسائل فقہیہ کی تعلیم یہ خالصتہً مذہب ہے اور اصولاً دینیات ہی ایک چیز ہے کہ اِس کو دوسرے فنون کے اساتذہ نہیں پڑھا سکتے اور جو پڑھا سکتے ہیں وہ مستقلاً اِس کو ایک فن تصور کر کے موزوں و دلچسپ تیاری کے ساتھ پڑھانے لگیں تو میرے خیال سے اِس تیسرے شعبہ سے بھی طلبار کو حقیقی مشاہبت و دلچسپی پیدا ہو سکتی ہے۔

(۴) فقہی مسائل کی تعلیم میں کیونکر دلچسپی پیدا کیجائے؟

یہ ایک مستقل سوال ہے اِس پر بھی رفقائے کانفرنس اپنی شخصی دلچسپیوں کی حد تک غور کریں۔

میں اپنی حد تک عرض کروں گا کہ فقہی مسائل میں دلچسپی پیدا کرنیکا واحد ذریعہ "فلسفہ" ہے۔ موجودہ تمدن اور اُس کے پیدا کردہ اِنقلاب نے عام مزاج کو علت طلب بنا دیا ہے۔ تو "تکلم الناس علیٰ قدر عقولہم" کے مطابق فلسفہ کی آمیزش کے ساتھ فقہی مسائل کی تعلیم مفید و کارگر ہوگی۔ یہاں بڑا سوال استعداد کا پیدا ہوتا ہے کہ ابتدائی مدارس میں جو مدرسین ہیں ان کی استعدادیں اتنی کہاں ہیں کہ وہ فقہی مسائل کو فلسفہ کا جامہ پہنا کر دلچسپ بنائیں اور اگر معدودے چند ایسے اساتذہ موجود بھی ہوں تو اُن کے فلسفہ کو سمجھنے کی مناسبت دیہاتی بچوں میں کہاں ہے بیشک یہ سوال بہت اہم ہے۔ لیکن مشہور ہے "چو دو دل یک شوند لشکر کوہ را" ہماری کانفرنس کے موقر رفقائے کار میں دو سے زیادہ ایسی شخصیتیں لازماً ہونگی جو ہمت کر سکتی ہیں کہ صرف اُن مسائل کی حد تک ابتدائی و تحتانی اور وسطانی مدارس میں شریک نصاب ہیں۔ کوئی آسان قسم کی عام فہم گائیڈ یا طرز تفہیم کے اشارات

مرتب فرمائیں۔ اِن انفرادی اشارات پر اجتماعی غور و بحث سے متفقہ "طریقہ تعلیم" تیار کر کے صدر کانفرنس سے منظور و نافذ کرایا جائے تو کیا عجب ہے کہ یہ مہم آسان ہو جائے "کہ بر مردان کار کار ہا دشوار نیست"

(۵) اُن حضرات کی تحریص اور بذل التفات کے لئے جو یہ کام کر سکتے ہیں اپنے خیال کا ایک ناقص نمونہ اشارت ذیل میں پیش کیا جاتا ہے فقہی مسائل ادنیٰ ترین جماعات سے لیکر اعلیٰ ترین جماعتوں تک جتنے بھی ہیں اولاً اون کی اصولی تعلیم کر لینی چاہیئے۔ مثلاً "عبادات" کا عنوان حقوق اللہ کے لئے اور "معاملات کا" عنوان حقوق العباد کے لئے اور پھر ان صدر عنوانات کے تحت ذیلی عنوان اِس طرح مرتب ہوں۔

(الف) عبادات۔

(۱) بنیادی اعتقاد یعنی کلمہ طیبہ یا رکن اول اسلام۔

(۲) وقت شناسی اور ہمہ وقت مستعدی کی بہترین مشق "نماز" یا رکن دوم۔

(۳) تربیت نفس و تہذیب اخلاق کا موثر پروگرام۔ روزہ یا رکن سوم۔

(۴) مدنیت اور اجتماعی زندگی سے استفادہ اور اس کا ایک ذریعہ۔ حج یا رکن چہارم۔

(۵) تحفظ اموال و صیانت ثروت کا بیمہ۔ زکوٰۃ یا رکن پنجم۔

اِس طرح پانچ رکن پانچ بنیادی اُصول ہیں جن پر خدا اور بندے کے رابطہ کی عمارت کھڑی کیجا سکتی ہے۔ پھر ان کے متعلقات علیحدہ ہیں جو بعنوان شروط و لوازم متعین کئے جا سکتے ہیں مثلاً ابواب طہارت، آداب نماز، ضوابط روزہ مناسک حج، اور نصاب زکوٰۃ اِس کے بعد ان کے مصطلحات، اِس طرح کی باب بندی کے بعد اساتذہ متعلقہ پابند کئے جائیں کہ اِن مسائل سے متعلق جس قدر رسائل کہ شریک نصاب ہیں اون کو صرف اپنے استعمال و مطالعہ کے لئے مختص سمجھیں اور بموجب نصاب و ماہواری تقسیم درجہ پر لڑکوں مدرسہ متعلقہ اِن ابواب سے یکے بعد دیگرے عنوانات کی تفہیم طلبار کو کراتے جائیں۔ ٹھیک اسطرح جیسے جماعت سوم تک معلومات عامہ، جغرافیائی مشاہدات، یا قواعد زبان، بلا امداد کتب پڑھائے جاتے ہیں۔ اِن ارکان خمسہ کے طریقہ تفہیم اور نمونہ ہائے اسباق علیحدہ کے منسلک کئے جاتے ہیں۔

(ب) عبادات کی طرح معاملات کی بھی تقسیم ہو سکتی ہے۔ مثلاً

(۱) نظام تمدن (۲) نظام معاشرت (۳) نظام سیاست (۴) نظام اخلاق وغیرہ۔

لیکن چونکہ یہ حصہ (معاملات) ہمارے دینی مدارس کے اعلیٰ ترین جماعتوں میں بھی شریک نصاب نہیں ہے اِسلئے اس کی طرز تعلیم پر غور کرنیکی ضرورت نہیں۔ ورنہ یہ حصہ عبادات سے کہیں زیادہ دلچسپ

ہوسکتا ہے اور اس حصہ کو دلچسپ بنانے میں جتنی آسانیاں میسر ہیں اتنی حصہ عبادات میں غالباً نہیں ہیں

نوٹ:- میری یہ تحریک نہ صرف دینیات اہل اسلام ہی سے متعلق ہے بلکہ مذہب و اخلاق کے تحت جتنا بھی نصاب منظورۂ سرکار و زیر تعلیم ہے وہ سب اسی نکتہ نظر سے پڑھائے جانیکا مستحق ہے جو مثلاً دینیات اہل اسلام کی نسبت پیش کیا گیا ہے لہذا ساتن دھرم و اخلاقیات ہنود سے متعلق مماثل تجاویز پر بھی وہ رفقائے کانفرنس غور فرمائیں جو اس سے ذاتی مناسبت و طبعی دلچسپی رکھتے ہیں۔

زیادہ اُمید قبول۔

سید عبد القدیر

ناظر تعلیمات حلقہ کہم

---

(۲)

رپورٹ تعلیم دینیات۔

محرک صاحب نے اپنے تحریک کے ساتھ جو توضیحی نوٹ دیا ہے چونکہ ہم کو اس کے ساتھ بالکلیہ اتفاق ہے لہذا یہ نوٹ ہماری تجاویز کا بہترین تمہیدی حصہ ہے اور اسی تمہید کی روشنی میں ہماری سفارشات پیش ہیں۔

(۱) جماعت اول سے ہفتم تک جتنا کچھ شریک نصاب ہے اس کے اصولاً تین حصے ہونے چاہئیں۔

حصہ اول خط نسخ - (عربی رسم الخط)

حصہ دوم - سیرۃ طیبہ - (آنحضرت صلعم کی مقدس زندگی)

حصہ سوم - مسائل فقہیہ - (نماز - روزہ - حج - زکوۃ - اور اس کے شروط و آداب)

حصہ اول خط نسخ کی تجزی اسطرح کیجائے تو مناسب ہے۔

(الف) مفردات ہجا کا مکتوبی مشاہدہ بآئین رسم خط نسخ۔

حروف مفردہ

(۲) حروف مفردہ کا صحیح تلفظ۔

(۳) مخارج کی مشق۔

(۴) ہم مخرج حروف کا صحیح امتیاز۔

(۵) مدات کی صرف مکتوبی صورتوں کا مشاہدہ۔

(ب) حروف مرکب کا تصور اور ان کا مکتوبی مشاہدہ۔

حروف مرکبہ

(۱) دو حرفی ترکیب و اتصال
(۲) سہ حرفی " "
(۳) چہار حرفی " "
(۴) پانچ حرفی " "

ان اتصالات کے ساتھ مدات کی مقروئی و مکتوبی مشقیں بھی ساتھ ساتھ ہونی چاہئیں۔

(ج) جملے اور ان کا تصور۔

(۱) دو لفظی جملے (۲) سہ لفظی جملے (۳) چہار لفظی جملے (۴) پانچ لفظی جملے (۵) ایک سے زیادہ جملوں کی مکتوبی و مقروئی مشق۔

(د) سورتوں کی تعلیم۔ مکتوبی و مقروئی۔

(۱) سورۂ کوثر (۲) سورۂ اخلاص (۳) سورہ آخر۔

(ھ) پارۂ عم کے ربع اول کی مکتوبی و مقروئی تفہیم تا حد سورۂ ذیل۔

(۱) سورۂ ناس (۲) سورۂ فلق
(۳) " ابی لہب (۴) " کافرون
(۵) " ماعون (۶) " قریش
(۷) " فیل

(و) باقی حصہ ربع اول پارۂ عم کو بقیہ تین ارباع کے ساتھ ناظرہ خوانی میں صاف کرا دیا جائے۔

(ح) پارۂ اول سے تا آخر پارۂ (۲۹) استخراجی یعنی سقراطی اصول پر طلبا سے بعنوان مشق سماعت کیا جائے۔

(ت) ہم وثوق کے ساتھ متوقع ہیں کہ اگر اس اصول سے حصہ اول خط نسخ کی تعلیم خالصتاً ادبی بیٹھ سے ختم کرا دیجائے تو اس حصہ کی موجودہ افسوسناک خامیاں اور عام بے اعتنائیاں انشاء اللہ رفع ہو جائینگی۔

حصۂ دوم سیرۃ طیبہ۔ اِس سلسلے میں جتنے رسائل شریک نصاب ہیں اولاً اُن کی تفصیلی پیمائش کرلینا لائق اساتذہ کا کام ہے۔ اور پھر طلباء کے فہم وعمر کے مطابق سبق آموز کہانیوں کی ترتیب پر اِسطرح کی حصہ بندی موزوں ہوگی جسکو نصاب کے حسب صراحت ذیل چار ابواب پر تقسیم کیا جائے اور ہر باب میں پانچ فصل رکھی جائیں اور ہر فصل پر تیس تیس سبق تیار کرلئے جائیں۔

۴ صدر سرخیاں اون کی تحت (۲۰) ذیلی عنوانات اور ہر عنوان پر کم سے کم تین تین تاریخی کہانیاں تیار کرلیجائیں اور کہانی کو تاریخ کے فنی اہتمام سے دلچسپ بناکر پڑھایا جائے۔

الف (باب اوّل) حضور کا مولد و منشاء (ولادت طیبہ سے ختم رضاعت تک کے دلچسپ حالات)۔

(۲) حضور کا عہد طفولیت (ڈھائی سال سے آٹھویں سال تک کے سبق آموز واقعات)۔

(۳) حضور کا زمانہ ہوش واحتیاط (آٹھویں سال سے سولہویں سال تک کے مفید وموزوں قصے)۔

(۴) حضور کا مقصد وحید۔ (خدمت الناس)۔

(۵) حضور کی مصروف ترین شبانہ روز زندگی۔

ب (باب دوم) حضور کی مکی زندگی اور اوس کے اہم شعبے (سولہویں سال سے باونویں سال تک)

(۱) حضور راعی کی حیثیت میں۔

(۲) حضور مصلح کی شان سے۔

(۳) حضور تاجر کی پوزیشن میں۔

(۴) حضور کی پیغمبرانہ دعوتیں۔

(۵) حضور کی ہجرت اور اس کے اسباب۔

ج (باب سوم) حضور کی مدنی زندگی (باونویں سال سے ترسٹھویں سال تک)۔

(۱) یثرب کی کایا پلٹ۔

(۲) مدینہ کی اصلاح وسعادت بخش۔

(۳) مدینہ کا بہائی چارہ۔

(۴) دعوت حق کی عالمگیر اشاعت۔

(۵) مدینہ کا جوش صداقت اور اسکا سیاسی پوزیشن۔

د۔ (باب چہارم) حضور کی غایت بعثت۔

(۱) دنیائے انسانیت کی حقیقی اصلاح وسنواری

(۲) مکارم اخلاق کی عملی تعلیم۔

(۳) ضبط نفس کی اعلیٰ ترین تربیت۔

(۴) ایثار وقربانی کے بے نظیر نمونے۔

(۵) کردار وسیرت کی بے مثال تکمیل۔

حصۂ سوم فقہی مسائل۔

اس حصے کی اصولی تعلیم کی نسبت محرک صاحب کے شخصی تجاویز پر ہم اس سے زیادہ اضافہ نہیں چاہتے کہ فلسفہ کی آمیزش سے لوچ وپچک پیدا کرلینا یقیناً نازک کام ہے اور یہ کام ذی استعداد وباحتیاط اساتذہ ہی سے ممکن ہے ورنہ عام مدرسین کی آزادی سے خوف ہے کہ مسائل کی فقہی روح کو فنا نہ کردیں لہٰذا جہاں ایسے باحتیاط اوستاد موجود ہیں اون سے خواہش کیجا سکتی ہے کہ مسائل فقہیہ کو فلسفہ کا جامہ پہنائیں۔ اور جہاں ایسے ذی استعداد اساتذہ موجود نہ ہوں وہاں کے اساتذہ صرف عملی تسلیم پر مجبور کئے جائیں۔

(۲) موجودہ حالات اور دینیات کی طرف سے افسوسناک بے اعتنائی کے مدنظر موقر کانفرنس سے ہماری پرزور استدعا یہ ہے کہ کانفرنس راست صدر مدرس صاحبان مدارس تحتانی۔ وسطانی۔ فوقانی کو اس مضمون کے لزوم کی اہمیت محسوس کرائے۔ صدر صاحبان کے توسط سے اساتذہ متعلقہ کو تنبیہ کیا جائے اور اساتذہ کے واسطے سے طلبار میں حقیقی احساس وبیداری پیدا کیجائے اس طرح تنبیہ کی نگرانی عہدہ دار صاحبان معائنہ کا مرغوب ترین فرض متصور ہونا چاہیئے۔

(۳) دینیات کا لزوم اور اس کی وسعت مقتضی ہے کہ مثل دیگر مضامین کے اسکے لئے بھی نظام الاوقات میں کافی وقت رکھا جائے۔ ایسا نہ ہونا چاہیئے کہ ہفتہ میں صرف دو پیریڈ اور کسی ہفتہ میں اتنی عنایت بھی ندار د اس طرز عمل سے ایک طرف نصاب ناتمام رہ جائیگا دوسرے طرف اساتذہ کی خدمت تعلیم ادھوری کی ادھوری رہیگی امید ہے کہ معزز کانفرنس اس جز کو انتظامی تحریک تصور نہ فرمائیگی بلکہ ہماری معروضہ سفارشات کو موثر بنانے کے لوازم میں شمار کریگی۔

(۴) تحتانیہ طبقات میں دینیات کے مضمون کو کم سے کم مڈل ٹرینڈ اساتذہ کے حوالہ کیا جانا چاہیئے وسطانی وفوقانی طبقات میں بھی بلند استعداد اساتذہ ہی موزون ہونگے۔ لہٰذا ہماری سفارش ہے کہ

انتخاب وتفویض کی احتیاط کو جتانے کی ضرورت بھی کانفرنس نوٹ فرمالے۔

(۵) عملی تعلیم کے واسطے علیحدہ کمرے یا اور ضروری مطالبات اساتذہ کو صدر صاحبان مدارس نظر انداز نہ فرمایا کریں تو مناسب ہے۔

بلا مطالبات بھی ممکنہ سہولتیں اساتذہ دینیات کو بہم پہونچانا اخلاقی و آئینی فرض متصور ہونا چاہیئے۔

(نوٹ) ہم نے اپنی سفارشات میں طریقہ تعلیم کے متعلق صرف اصول کو متعین کیا ہے کتاب سے ماہواری تقسیم کا پروگرام بنالینا اساتذہ متعلقہ ہی کا کام ہے۔

زمانہ حال کے تعلیمی رجحانات

از

جناب ای۔ آر۔ واڈیا صاحب بی۔ اے۔ کینٹب؛ بیرسٹرایٹ لا پروفیسر فلسفہ میسور یونیورسٹی

انجمن اساتذہ بلدہ شاخ چادرگھاٹ کی زیر سرپرستی سنیٹ جارجز گرامر اسکول کے ہال میں پروفیسر واڈیا نے عنوان مندرجہ بالا پر ایک نہایت دلچسپ اور بصیرت افروز تقریر فرمائی۔ صاحب موصوف جامعہ میسور کے پروفیسر فلسفہ ہیں اور کچھ عرصہ تک سررشتہ تعلیمات میسور کی عنان بھی آپ کے ہاتھوں میں رہ چکی ہے۔ آپ حیدرآباد انٹرمیڈیٹ بورڈ کے معتمد کی حیثیت سے تشریف لائے تھے اور باوجود سرکاری حیثیت ہونے کے آپ نے نہایت آزادی کے ساتھ تعلیمی مسائل پر بحث فرمائی اور تعلیم و تدریس کے فن و عمل کے بعض تاریک پہلوؤں پر بصیرت افروز روشنی ڈالی۔ ہمیں توقع ہے کہ قارئین نیچر اس فاضلانہ تقریر سے بے حد محظوظ اور مستفید ہونگے۔ ذیل میں ہم اس معرکتہ الآرا تقریر کا محض ترجمہ پیش کرتے ہیں۔

(مدیر)

تعلیم کا موضوع فنی بھی ہے اور عام فہم بھی ہے۔ میں اس موضوع پر مستند ماہر فن کی حیثیت سے کچھ کہنے کی تو جرأت نہیں کرسکتا۔ مگر ایک فلسفی اور مبصر حیات ہونے کی وجہ سے تعلیم کے بارہ میں میرے بھی

چند نظریے ہیں۔ علاوہ ازیں سررشتہ تعلیمات میسور کی مستمت کی باگ ڈور بھی کچھ عرصہ تک میرے ہاتھوں میں رہ چکی ہے اسلئے مجھے ابتدائی اور ثانوی مدارس کے حالات کے مطالعہ کرنے کا تھوڑا بہت موقعہ ملا ہے میں یہ تو نہیں کہہ سکتا کہ جو بات میسور پر صادق آتی ہے وہ حیدرآباد یا دوسرے صوبوں پر بھی صادق آئیگی لیکن تمام صوبوں کو، اپنے اختلافات کے باوجود، ایک ہی قسم کے تعلیمی مسائل پیش آرہے ہیں اور اپنی تقریر میں اُن ہی مسائل سے بحث کرونگا۔

تعلیم دو دور سے گذر چکی ہے۔ پہلے دور میں جو کئی سو برس تک پھیلا رہا، تعلیم کے اجارہ دار چند برگزیدہ ہستیاں تھیں۔ مثلاً ہندوستان میں برہمن اور یورپ میں پادری لوگ۔ یہ شعبہ اتنا خصوصی اور بالذات اتنا دشوار خیال کیا جاتا تھا کہ انے گنے چند آدمی اُس کے اہل سمجھے جاتے تھے اور باقی ماندہ لوگوں کو دوسرے معمولی کاموں پر قانع ہونا پڑتا تھا۔ یہ حالات پچھلی صدی کے بیچوں بیچ تک جاری رہے، یہاں تک کہ ایک ایسا دور شروع ہوا جس پر جمہوری اصول کا غلبہ تھا۔ جو یورپ میں انقلاب فرانس کی وجہ سے پھیلے تھے۔ اب یہ عقیدہ ہوگیا کہ تعلیم ہر آدمی کا پیدائشی حق ہے اور ہر شخص تعلیم حاصل کرنیکا اہل اور مستحق خیال کیا جانے لگا پہلے دور میں گویا کہ فطرت کا دور دورہ تھا اور دوسرا دور تعلیم و تربیت کا زمانہ تھا۔ اسی عقیدہ کا نتیجہ تھا کہ یورپ کے ممالک میں جبری تعلیم کے قوانین نافذ ہوئے۔ اب ایک نئے دور کا آغاز ہوا اور حماقت سے یہ یقین دلنشین ہوگیا کہ جمہوری حکومت کے شعار کو آناً فاناً عملی جامعہ پہنایا جاسکتا ہے اور عام تعلیم کے ذریعہ سے اُس کو بروئے عمل لایا جاسکتا ہے۔

خیالات اور تخیلات کے اِس انقلاب نے تعلیم کا ایک معیاری نمونہ پیدا کیا، جو ہر بچے کے لئے مقرر کیا جاتا تھا، اور یہ سمجھا جاتا تھا کہ اب ہر درد کی دوا ہو جائیگی۔ تعلیمی مسائل کی گوناگون پیچیدگیوں کا کوئی لحاظ نہیں تھا۔ حالانکہ یہ بالکل کھلی ہوئی بات ہے کہ تمام لوگ فطری قابلیتوں میں برابر نہیں ہوتے اور نہ اُن سب کا ماحول یکساں ہوتا ہے۔

بنتھم کا "نی کس ایک رائے" والا مقولہ سیاسی نظریوں پر ٹھیک اُترے تو اُترے مگر تعلیمی مسائل پر اُس کا اطلاق نہیں ہوسکتا۔ یہ تو ممکن ہی نہیں کہ جو تعلیم چند افراد یا گروہ کے لئے مفید ہو وہ لازمی طور پر ہر فرد اور ہر گروہ کے لئے مفید ہوگی۔ اگر ہر کس و ناکس کو جبراً ایک ہی قسم کی تعلیم دیجائے تو نئی دشواریاں اور نئے مسائل رونما ہونگے۔ چنانچہ تعلیم کا مسئلہ جس قدر پیچیدہ آج کل ہے اُتنا نہ تو افلاطون کے زمانہ میں تھا اور نہ ہربرٹ اسپنسر کے عہد میں۔

اب تیسرا دور آیا جس میں سے فی زمانہ تعلیم گذر رہی ہے۔ اسکو ہم "نئی تعلیم" کہہ سکتے ہیں یا یوں بھی

کہہ سکتے ہیں کہ یہ فطرت انسانی کو عقلی زاویہ نگاہ سے دیکھنے کا زمانہ ہے۔ عہد حاضرہ کو بجا طور پر عہد اطفال کہہ سکتے ہیں اب بچوں کو فقط ایک مشین یا ظرف خالی نہیں خیال کرتے جس میں استاد واقعات کا انبار ٹھونس دیتا ہے بلکہ بچہ کو ایک منفرد ہستی سمجھتے ہیں، جس میں اپنی ذاتی صفات اور رجحانات ہوتے ہیں جو دوسرے بچوں کی صفات و رجحانات سے الگ اور ممتاز ہوتے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ تمام بچوں میں ایک حد تک یکسانیت ہوتی ہے۔ لیکن ساتھ ہی ہم اس حقیقت کے بھی پورے پورے قائل ہیں کہ ہر بچہ میں اپنی انفرادی جبلت اور مخصوص مذاق ہوتا ہے یہ بڑی نادانی ہے کہ ہم اس بنیادی حقیقت کو نظر انداز کر دیں۔ اس لئے معیار بندی کی کوشش میں ہمیں یہ احتیاط کرنی چاہیئے کہ بچہ کی انفرادیت کا خون نہ ہونے پائے۔ اجتماعی تعلیم اس طور پر ہونی چاہیئے کہ ہر بچہ کا جوہر اپنے مخصوص انداز میں بڑھنے کے لئے آزاد رہے اور کمال کو پہونچے۔ ہم کو یاد رکھنا چاہیئے کہ تعلیم کا مقصد یہ ہے کہ بچوں کو دنیاوی زندگی کے لئے تیار کیا جائے۔

اس زمانہ میں ہم یہ بھی محسوس کرنے لگے ہیں کہ یہ توقع بے سود ہے کہ ہر بچہ معیاری تعلیم کے کسی خاص نظام سے ہماری مرضی کے مطابق متاثر ہوگا۔ اس سلسلہ میں مجھے اس مدرسہ کا خیال آگیا جو لندن کونٹی کونسل نے پھسڈی اور سست ذہن بچوں کی تعلیم کے لئے کھولا ہے۔ اس مدرسہ میں ایک بچہ تھا جسکی عمر ۱۴ سال کی تھی لیکن وہ اپنی درسی کتاب سے چند جملے بھی صحیح نہ پڑھ سکتا تھا اور اسکی یہ حالت چھ سال کی باقاعدہ تعلیم کے بعد تھی اس کی ماں چاہتی تھی کہ اسے مدرسہ سے نکال کر کسی پیشہ میں لگا دے تاکہ گھر کی قلیل آمدنی میں تھوڑا بہت اضافہ ہو جائے۔ ڈاکٹر نے بھی رائے دی تھی کہ لڑکے کو مدرسہ میں رکھکر مزید تعلیم دینا بالکل بے سود ہے۔ مگر جبری ابتدائی تعلیم کے قانون کا تقاضا تھا کہ وہ ایک سال اور مدرسہ میں رہے۔ یہ وہ صورت ہے جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ جبر چاہے جس قسم کا ہو کبھی مفید نہیں ہو سکتا۔ ہمیں جلدی سے یہ نتیجہ نہ نکالنا چاہیئے کہ اس قسم کے لڑکے بالکل مذمت ہیں۔ ایک لڑکا تھا جو مدرسہ میں بالکل نکھٹو تھا لیکن اس نے درزی کا پیشہ اختیار کیا اور خوب چمکا۔ اگر کوئی لڑکا پڑھ یا لکھ نہ سکے تو یہ لازم نہیں آتا کہ وہ ناکارہ ہے۔ فطرت مکافات میں بڑی فیاض ہے۔ جبری تعلیم کا تھوڑا بہت فائدہ ضرور ہے بشرطیکہ مجبور لڑکا تعلیم حاصل کرنیکی صلاحیت رکھتا ہو اور اس سے فائدہ اٹھا سکے مگر جب بچے کو زبردستی ایسے مضامین پڑھائے جاتے ہیں جس کو وہ سمجھ نہیں سکتا تو یہ بچوں کی عمر کے قیمتی زمانہ کا غارت کرنا نہیں تو اور کیا ہے۔

اب ہم تعلیم کو عام کرنے کے مسئلہ سے دوچار ہو رہے ہیں۔ تاکہ ہر بچہ خاصی تعلیم حاصل کرے اور اپنے مخصوص طریقہ پر ترقی کرے اور اپنے خاص مذاق کی پرورش کرے۔ یہ ظاہر ہے کہ مختلف سطح کے دماغوں کے لئے مختلف طریقہ تعلیم درکار ہوگا۔ ایک زمانہ تھا جبکہ لوگ خیال کرتے تھے کہ تعلیم ابتدائی منزل سے شروع

ہوتی ہے مگر حقیقت تو یہ ہے کہ بچے کی زندگی اچھے یا بُرے قالب میں اُن لامحدود اثرات کے اثر سے ڈھل جاتی ہے جو وہ پہلے کے زمانہ میں ابتدائی مدارس میں داخل ہونے سے بہت پہلے حاصل کرتا ہے تعلیم کے معنی محض پڑھنا یا لکھنا نہیں ہے بلکہ تعلیم انسان کی فطرت کاملہ کے ارتقاء کا نام ہے۔ اخلاقی اور مذہبی تعلیم کی داغ بیل ابتدائی سات سال کے اندر اندر ڈالی جاتی ہے اور جو اثرات کہ بچہ اپنے تعمیری سن میں حاصل کرتا ہے وہ مدۃ العمر باقی رہتے ہیں۔

یہ بیحد طمانیت بخش ہے کہ اس مسئلہ کو حل کرنے کے لئے یورپ میں ماقبل تحتانی یا نرسری مدارس کی تحریک زور پکڑ رہی ہے۔ نرسری مدارس میں نوعمری کی تعلیم کے خطرات سے حفاظت کیجاتی ہے اور اس بنیادی نفسیاتی اُصول کو تسلیم کیا جاتا ہے کہ بچپنا کھیل کود کا زمانہ ہے۔ کھیل سے فاضل قوت کی نکاسی ہوتی ہے اور اُس کو بچے کی نفع خیز اور سلامتی بخش ترقی میں بے حد اہمیت حاصل ہے۔ کھیل میں بچے کے تخلیقی قوی کو اظہار کا بڑا موقعہ ملتا ہے۔ یہی بنیادی اُصول وہ سنگ بنیاد ہے جس پر بانٹے سوری اور کنڈر گارٹن طریقہ تعلیم کی نیو رکھی گئی۔ جو تصویریں بچے نرسری مدارس میں کھینچتے ہیں وہ ممکن ہے کہ حسن کارانہ نہ ہوں لیکن وہ اُس دنیا کی دلچسپیوں کا مظہر ہوتی ہیں جسمیں بچہ رہتا سہتا اور چلتا پھرتا ہے۔

نرسری مدارس نے اوباشوں کی تعلیم کا مسئلہ بھی حل کر دیا ہے۔ ان مدارس کی وجہ سے ان مضرت رساں اثرات کو مٹا دیا ہے جو بچوں کی زندگی پر بُرے خاندان میں نشو ونما پانے سے پڑتا تھا۔ ہندوستان کے بیشمار والدین جاہل اور بہت سے نکھٹو اور بعضے بدمعاش ہیں۔ اگر بچے اِس فاسد ماحول سے کم از کم کچھ عرصہ کے لئے دور رکھے جائیں اور اُن پر کسی ہمدرد و شفیق معلمہ کی نگرانی رہے تو غریب بچوں کے لئے باعث رحمت ہوگا اور وہ صحت و سلامتی کے ساتھ ترقی کر سکیں گے۔ یہ نہایت دلچسپ تجربہ ہوگا مگر ذرا زر کیش ہوگا اور صرف ولایت اور امریکہ جیسے دولتمند ممالک بڑے پیمانہ پر اِس کام کا آغاز کر سکتے ہیں۔ ہندوستان کے بعض یتیم خانہ اور مشن اسکول کوشش کریں تو شاید کچھ فائدہ پہونچ سکے۔

اب ابتدائی مدارس کو لیجئے۔ یہاں کے اُستادوں کی تنخواہیں بالکل کم ہیں اور نصاب میں مضامین کا طومار ہے۔ ہمارے وطن میں تعلیم تحتانی مدرسہ سے شروع ہوتی ہے۔ چونکہ مدرس فاقہ مست ہوتا ہے اِسلئے وہ اپنے فرائض خاطر خواہ طور پر انجام نہیں دیتا۔ اور تحتانی مدرسہ کے چار سال محض قوت کی بربادی ہوتی ہے اور بچوں کے لئے سکرات کا سا عالم ہوتا ہے۔ اِس خامی پر طرہ نصاب کا طومار ہے اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بچہ لکھنا پڑھنا کچھ بھی خاطر خواہ طور پر نہیں سیکھتا۔ اسلئے سخت ضرورت ہے کہ نصاب کی پوری پوری نظر ثانی کیجائے۔ مطالعہ فطرت کے اسباق نکالدیئے جائیں اور ہوم ورک اور کاپیوں کا پشتارہ کم کرایا جائے۔

کثرت کار سے بچوں کی صحت برباد ہو جاتی ہے۔ مغرب کے نظریوں کی اندھا دھند تقلید کی کوئی ضرورت نہیں ابتدائی تعلیم کے زمانہ میں جو بچپن کا لوچدار زمانہ ہوتا ہے آرام کو اتنی ہی اہمیت حاصل ہے جتنی کہ جامعی تعلیم کے زمانہ میں۔ چار یا پانچ گھنٹہ کی تعلیم سے کچھ فائدہ نہیں۔ البتہ یہ زیادہ مفید ہوگا کہ زیادہ توجہ کے ساتھ تعلیم دیجائے اور بقیہ وقت بچوں کے کھیل کود کے لئے وقف کر دیا جائے۔ ہم یہ محسوس نہیں کرتے کہ بچوں کے نازک دماغوں پر زیادہ بار ڈالنے سے نشو و نما میں خلل پیدا ہوتا ہے اور حاصل یہ ہوتا ہے کہ بچے کی سوچنے اور عمل کرنے کی قوت زائل ہو جاتی ہے۔

ہمیں سب سے زیادہ نقائص ثانوی تعلیم کی منزل میں نظر آتے ہیں۔ یہاں تو بس جامعہ مرکز توجہ ہوتی ہے۔ اور یہ خاموشی کے ساتھ فرض کر لیا جاتا ہے کہ ثانوی تعلیم کی غرض و غایت یہ ہے کہ ہر لڑکے اور ہر لڑکی کو یونیورسٹی کی تعلیم کے لئے تیار کرے۔ مدرسہ اور مدرس کی کارگذاری نتائج امتحان پر منحصر ہوتی ہے ممتحن بالعموم ایسے نرم دل اور فیاض ہوتے ہیں کہ نالائق لڑکے بھی کامیابی کے نمبر حاصل کر لیتے ہیں۔ اور بالآخر ہم کو ایسے گریجوئیٹ ملتے ہیں جو صحیح انگریزی میں اپنی درخواست بھی نہیں لکھ سکتے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ ہمارے نظام تعلیم میں کچھ دال میں کالا ضرور ہے۔

میری رائے میں نااہلوں کی کاٹ چھانٹ ابتدائی منزل ہی میں ہونی چاہیئے۔ اسمیں نوجوانوں کا فائدہ ہے اور یونیورسٹی کا بھی۔ حال حال میں رجحان یہ ہو چلا ہے کہ معیار تعلیم گھٹا دیا جائے۔ یہ درست ہے کہ جامعات سے نااہل گریجوئیٹ نکلتے ہیں مگر یہ ثانوی تعلیم کا قصور ہے۔ یہ بڑی سخت غلطی ہے جو ایک ہی قسم کی ثانوی تعلیم رائج کی گئی ہے۔ یہ محسوس کرنا چاہیئے کہ ہر لڑکا جامعی تعلیم کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ میرا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ جو لڑکے جامعہ کی تعلیم کے لئے ناقابل ہیں وہ بچہ یا شہری کسی حیثیت سے بھی کمتر درجہ کے ہیں۔ اب اسناد کی کشش زائل ہو چلی ہے اور جو لوگ کہ گریجوئیٹ نہیں ہیں وہ بھی کاروبار میں کامیاب اور اچھے شہری ہو سکتے ہیں۔ اگر کوئی طالبعلم اس ادبی قسم کی تعلیم کے قابل نہ ہو تو کرنا یہ چاہیئے کہ نصاب بدل دیا جائے۔ یہی تو وہ مقام ہے جہاں پر ہمارے ماہرین تعلیم نے ٹھوکر کھائی ہے۔ انہوں نے کوئی ایسے طریقہ تعلیم کا انتظام نہیں کیا جو غیر جامعی طلبہ کے لئے موزوں ہو۔ یہ صدر مدرسین اور اساتذہ کا فریضہ ہے کہ وہ والدین کو سمجھا بجھا کر روکیں کہ بچوں کو اس تعلیم کے لئے جس کے وہ ناقابل ہیں۔ مجبور نہ کیا جائے اور انکو کسی مناسب فنی یا پیشہ ورانہ تعلیم کی ترغیب دیں۔

اس مسئلہ کو اسطرح حل کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ ثانوی پر پیشہ وری تعلیم کا رنگ چڑھایا گیا ہے مگر اس کوشش میں کامیابی نہیں ہوئی۔ یہ تجربہ بہت مہنگا ثابت ہوا کیونکہ اس کا آغاز ہی غلط اصول

پر ہوا۔ کوئی ایک پیشہ سیکھنے کیلئے دو گھنٹہ کا کام قطعی ناکافی ہے۔ اور جو لڑکے یونیورسٹی کی تعلیم حاصل کرنے کے آرزومند ہیں اُن کے لئے تو قوت اور وقت کی بربادی ہے جو کسی مفید مضمون کی تحصیل میں کام آسکتے تھے۔

اگر سختی کے ساتھ انتخابات کئے جائیں تو جامعی تعلیم کے لئے صرف معدودے چند لڑکے ملیں گے۔ اور تب ہی یہ حقیقت کھلیگی کہ تعلیم کے تین مقصد ہیں۔ اولاً تحصیل علم نہ صرف علم کی خاطر بلکہ اسلئے کہ علم دوسری ترقیوں کا ذریعہ بن سکے۔ ثانیاً سوچنے کی قوت، ثالثاً عمل کی قوت اور عقائد پر عمل پیرا ہونیکی ہمت۔ تعلیم دراصل ایسی حکمت عملی نہیں جس کے زور سے بچوں کو گھروں سے دُور رکھا جائے بلکہ وسیع ترین معنوں میں اسکا اطلاق پوری زندگی پر ہوتا ہے۔ یہ ایک تبلیغی کام ہے اور اُستاد ایک بڑا مبلغ ہے۔ سچا اُستاد سماج کا حاکم اور قوم کا بنانیوالا ہوتا ہے۔ (حفیظ اللہ میرٹھی)

تنقید و تبصرہ

اُردو جدید شاعری۔ | مؤلفہ مولوی عبدالقادر صاحب سروری ایم، اے، ایل، ایل، بی یہ کتاب تین حصوں پر منقسم ہے۔ پہلے دو حصوں میں شعر و شاعری کی ماہیت اور اصناف اور اسباب و محرکات جدید شاعری پر کافی روشنی ڈالی گئی ہے جس میں ایک حد تک ذوق و سلیقے سے کام لیا گیا ہے جو صاحبان ذوق کے لئے عجب نہیں کہ اک ارمغان نظر افروز ہو۔

تیسرے حصہ میں عصر حاضرہ کے شعرائے نامدار کا تذکرہ ہے اس میں اُن کے مختصر حالات اور منتخب کلام جمع کیا ہے اور بڑی محنت و جانفشانی سے جمع کیا ہے مؤلف نے ہر ایک شاعر کے متعلق اپنی ذاتی رائے بھی پیش کی ہے نیز بعض شعراء کا آپسمیں تقابل بھی کیا ہے اُردو جدید شاعری پر اپنی نوعیت کے اعتبار سے یہ پہلی تالیف ہے جو قدر کی نگاہ سے دیکھے جانے کے قابل ہے۔ اگرچہ اس کتاب کے مطالعہ کے بعد صاحبان بصیرت مؤلف موصوف کی اکثر رائیوں سے اختلاف کرینگے لیکن لائق مؤلف نے بلا تکلف اپنی آزادانہ رائے ہر شاعر کے متعلق ظاہر کردی ہے آئندہ مؤلفین کے لئے یہ کتاب ضرور کارآمد اور مفید ثابت ہوگی۔

لکھائی چھپائی اچھی ہے۔ قیمت مجلد عہ

ملنے کا پتہ:- مکتبہ ابراہیمیہ حیدرآباد دکن

۲۔ مرمہ آمدن سی نفلی | از ابوالمحاسن محسن خان متین۔ کراؤن سائز۔ تعداد صفحات ۴۰۔
قیمت ۲ر ملنے کا پتہ:- غلام دستگیر تاجر کتب چارکمان حیدرآباد دکن۔

مرمم نے یہ کتاب جو قدیم زمانے سے ہمارے مدارس میں فارسی مصادر کی تدریس کے لئے مفید تصور کیجاتی ہے نئے اسلوب اور جدید طریقہ پر ترتیب دی ہے۔ ابتدا میں ایک دیباچہ جو دراصل اس کتاب کی ایک حیثیت سے تاریخ کو پیش کرتا ہے تحقیقی طریقہ پر سپرد قلم کیا ہے۔ طریقہ تدریس اور قواعد مفیدہ کے تحت مفید معلومات درج کئے ہیں۔ غالباً اس کتاب کی اشاعت سے طلبہ کا بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔ اور مدرسین جو قدیم طریقہ پر اس کو پڑھاتے تھے اُن کے خیالات میں بھی اسکے مطالعہ سے بہت بڑی تبدیلی ہوگی۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ مرمم آئندہ بھی اس قسم کے کام کو جاری رکھتے ہوئے فارسی کی تدریس کے لئے اور بھی کارآمد کتب کی تالیف فرماتے رہینگے۔

شذرات

۱۔ روئداد تعلیمی مدرسہ تحتانیہ عثمانیہ بلی تعلقہ اندولہ ضلع گلبرگہ شریف۔ | بتاریخ ۹ فروردی ۱۳۴۲ف مدرسہ ہذا کا جلسہ زیر صدارت جناب ڈاکٹر موہل کر صاحب یف، آر، سی، یس سیول سرجن ضلع گلبرگہ شریف منعقد ہوا اول نمائش کمرہ کا معائنہ ہوا جس میں طلبا کا دستی کام مختلف دست کاری کے نمونہ جات نہایت نفاست سے بنائے گئے ہیں صدر نشین صاحب نے مدرسہ کی حالت پر اظہار مسرت فرماکر یہ اُمید ظاہر فرمائی کہ اس مدرسہ کو ہر ممکنہ ترقی جلد تر نصیب ہوگی۔

۲۔ جلسہ سالانہ مدرسہ وسطانیہ دیگلور۔ | بتاریخ ۱۷ و ۱۸ فروردی ۱۳۴۲ف مدرسہ وسطانیہ دیگلور کا جلسہ سالانہ زیر صدارت جناب مولوی محمد حفیظ اللہ صاحب بی، اے، بی، ٹی صدر مہتمم تعلیمات صوبہ اورنگ آباد شاندار طریقہ پر منایا گیا۔

پہلے روز بتاریخ ۱۷ فروری ۱۳۴۲ف ۴ بجے دن سے جونیر و سینیر طلبار کے مختلف اسپورٹس اور فٹ بال وبیڈمنٹن میچ ہوئے جس کو حاضرین نے دلچسپی سے ملاحظہ فرمایا اور بہت محظوظ ہوئے۔

دوسرے دن مختلف طلبائے مدرسہ نے اُردو، مرہٹی اور انگریزی ڈرامے اور مکالمون کو نہایت خوبی سے انجام دیا۔ اِس کے بعد مولوی محمد اشرف علیخاں ناظم مدرسہ نے مدرسہ کی رپورٹ پڑھی اور تعلیم کے مقاصد اور فوائد کو واضح کرتے ہوئے مدرسہ کے موجودہ اِنتظام و اصلاحات پر روشنی ڈالی جس میں خیاطی ونجاری کی تعلیم کے اِنتظام کے ساتھ بمقابلہ سابق ہر حیثیت سے مدرسہ کی نمایاں ترقی، صحن مدرسہ کی چمن بندی، گیمس کا معقول اِنتظام اسٹوڈنٹس لائبریری کا قیام نمائش تعلیمی کا انعقاد وغیرہ قابل ذکر اور موجودہ صدر مدرس مولوی سید شرف الدین صاحب قادری ایم، اے، بی، ٹی کے زمانہ کی یادگار چیزیں ہیں۔

بعد ازاں جناب صدر نشین صاحب نے اپنے دستِ مبارک سے اسپورٹس و گیمس میں جیتنے والے کھلاڑیوں اور تعلیمی و اخلاقی امتیازی حیثیت رکھنے والے طلبار کو تمغہ جات (معطیہ صدر مدرس صاحب) و دیگر انعامات تقسیم فرمائے۔

۳۔ جلسۂ قیام مدرسہ وسطانیہ لنگسور۔ مدرسہ وسطانیہ لنگسور ایک قدیم مدرسہ ہونے کے علاوہ ایک زمانہ سے پوری کامیابی کے ساتھ چل رہا تھا۔ اِس کی کارگزاری کے نتائج سابقہ نہایت قابل قدر ہیں۔ یہ مدرسہ اپنے اچھے نتائج کے باعث ممالک محروسہ سرکار عالی کے مدارس میں درجہ اول کا مدرسہ رہا ہے۔ باوجود اِس کے رعایا لنگسور کی بدقسمتی سے چند دنوں تک یہ مدرسہ ترقی معکوس کر کے تحتانیہ بن گیا تھا۔ رعایائے لنگسور نے اِس عظیم نقصان کی تلافی کے لئے جدوجہد میں کوئی معمولی دقیقہ بھی فروگذاشت نہیں کیا۔ بالآخر عالیجناب مولوی فضل محمد خاں صاحب ناظم تعلیمات ملک سرکار عالی نے قیام مدرسہ وسطانیہ لنگسور کی منظوری صادر فرمائی۔ اِس مسرت میں بتاریخ ۲۴ فروری ۱۳۴۲ف روز شنبہ بوقت (۵) بجے شام بصدارت عالیجناب صدر مہتمم صاحب تعلیمات صوبہ کلبرگہ شریف بہ مقام مدرسہ وسطانیہ لنگسور منجانب رعایا و وکلار لنگسور ایک شاندار جلسہ منعقد کیا گیا تھا۔ پنڈت وینکٹ راؤ صاحب وکیل نے حالات مدرسہ بیان فرماتے ہوئے فرمایا کہ اِس وقت یہاں جسقدر مقامی وکلار صاحبان اور ملازمان سرکار عالی موجود ہیں ان میں سے اکثر اسی مدرسہ کے تعلیم یافتہ ہیں جس پر اِس مدرسہ کو بڑا فخر و ناز ہے۔ مدرسہ کی کارگزاری ہمیشہ اچھی اور قابل اِطمینان رہی ہے مستقر لنگسور ایک مرکزی مقام ہے اور وہ اِس قابل ہے کہ اسکو تعلیم کا مرکز قرار دیا جائے اور اِس مدرسہ کو بجائے وسطانیہ کے فوقانیہ کا درجہ دیا جائے۔ بوجہ شکست مدرسہ یہاں کا بے نظیر کتب خانہ مدرسہ وسطانیہ عالم پور پر منتقل ہوگیا ہے۔ اب اِس مدرسہ کے لئے اس سے بہتر کتب خانہ کی ضرورت ہے

مولوی سید جمیل احمد صاحب وکیل نے مقامی حالات کے مدنظر صرف لنگسگور کی حد تک مدرسہ وسطانیہ میں معافی فیس کی ضرورت کا اظہار فرمایا اور فرمایا کہ ہماری ترقی کا دارومدار تعلیم پر ہے۔ اس ترقی یافتہ زمانہ میں جبکہ دیگر ممالک بہت کچھ علمی ترقی کر چکے ہیں اور ہر طرف ترقی ہی ترقی نظر آتی ہے ابھی ہمارے ملک دکن کو مزید ترقی کرنا باقی ہے۔ ہمارے ملک میں بیکاروں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اسلئے نصابی تعلیم کے ساتھ ساتھ دنیا کے ہر پیشے اور ہر ایک فن کی جداگانہ تعلیم کا عام طور پر مدارس میں انتظام ہونا زیادہ مناسب ہوگا۔ تاکہ ملک کا ہر شخص مفید اور کارآمد بن سکے۔ ہمارے علم پرور آقا سلطان العلوم خسرو دکن کی فیاضیوں نے قیام دارالترجمہ اور کلیہ جامعہ عثمانیہ کی بدولت ملک پر بڑا احسان فرمایا ہے۔ تاہم ملک کی تعلیم اور ترقی کا حضور پُرنور کو بے حد خیال ہے۔ سررشتہ تعلیمات بھی ہر طرح اپنے علم پرور آقائے ذیجاہ کے ہم خیال ترقی تعلیم میں ساعی اور کوشاں ہے۔ ہمارے ملک میں بھی علمی سیلاب بڑے شد و مد کے ساتھ ہر طرف پھیل رہا ہے۔ اور اہل ملک کو پورا یقین ہے کہ حضور پُرنور کے عہد ہمایوں اور مبارک سایۂ عاطفت میں ہمارا ملک دکن ایک دن ضرور ترقی کے مدارج اعلیٰ پر پہونچیگا"۔

پنڈت کپئے راؤ صاحب وکیل نے اپنی قابلانہ تقریر میں فرمایا کہ بچو ہماری ہمدرد سرکار نے تمہاری تعلیم کے لئے روپیہ پانی کی طرح بہادیا ہے اسکو ضائع نہ ہونے دو۔ اسکا خوب فائدہ اُٹھاؤ اور ملک اور مالک کی خدمت کے لئے بہترین فرد بننے کی کوشش کرو آیندہ دُنیا کے تم ہی قایم مقام بننے والے ہو اور یہ دُنیا کی مشین تم ہی سے چلنے والی ہے"۔ اسکے بعد صاحب صدر نے فرمایا کہ میں اس امر کو محسوس کرتا ہوں کہ طلبار مدرسہ کے لئے مکان مدرسہ کافی نہیں ہے توسیع عمارت کی ضرورت ہے۔ کتب خانہ جو عالم بالا پر منتقل ہوا ہے اب واپس نہیں ہوسکتا جدید بہتر سے بہتر کتب خانہ کی منظوری کی کارروائی کی جائیگی۔ اور یہ بھی فرمایا کہ اگر موجودہ مدرسہ وسطانیہ ترقی کرے گا تو اسکو ضرور مدرسہ فوقانیہ بنایا جاسکتا ہے۔ اور فرمایا کہ مدرسہ وسطانیہ کے تحت اس وقت ایک زراعتی مزرعہ قایم کیا جارہا ہے جس سے زراعت پیشہ بچوں کے حق میں عمدہ اور مفید نتائج برآمد ہونگے"۔

دوسرے روز بتاریخ ۲۵ فروری ۱۳۴۲ف روز یکشنبہ بوقت ۹ ساعت شب جناب محمد جیلانی صاحب صدر مدرس وسطانیہ لنگسگور نے مظاہرہ کیمپ فائر پیش کیا۔

۴۔ چنور ٹورنمنٹ۔ جناب رام کشن راؤ صاحب ناظر مدارس درجہ اول حلقہ چنور کے طلبار و مدرسین مرہون احسان ہیں کہ انہوں نے ٹورنمنٹ کی بنیاد قایم فرماکر طلبار کی حوصلہ افزائی اور مدرسین کے باہمی ارتباط و میل جول کا موقع دیا۔ دیسی کھیل مثلاً لون پاٹ، کبڈی، رسہ کشی وغیرہ کی تیاری مدارس سے

کیجاتی ہے۔

سالحال اس فائنل ٹورنمنٹ کا سنٹر اندارم تعلقہ چنور قرار دیا گیا۔ اور مقابلہ کی تواریخ ۶ تا ۸ مہ اردی بہشت ۱۳۴۲ف تعین چونہی اردی بہشت سے ہی دوسرے مقامات کے طلباء آنے لگے۔ رہائش کے لئے مکان اور معمولی انتظام منجانب مدرسہ اندارم ہوا۔ سرپور (کشتی پیٹھ۔ لونوپلی (سرپور) بھیارم۔ پکور (چنور) نسپور (کشتی پیٹھ) سے طلباء اپنے ایک ایک مدرس کی زیر نگرانی آئے۔ مسلسل تین دن تک کھیلوں کے مقابلہ ہوتے رہے۔

چوتھے دن شام کے ۵ بجے سے جلسہ تقسیم انعامات منعقد کیا گیا۔ اور رونیکٹ میتم راؤ صاحب نے انعامات تقسیم فرمائے۔

۵۔ سالانہ اسپورٹس مدرسہ تحتانیہ قصبہ ایلگندل تعلقہ وضلع کریم نگر۔ تاریخ ۱۳ خورداد ۱۳۴۲ف روز دوشنبہ زیر صدارت جناب مولوی محمد عزیز الدین صاحب بی اے، بی ٹی ناظر درجہ اول مدارس ضلع کریم نگر جلسہ سالانہ اسپورٹس ترتیب دیا گیا۔ اسپورٹس ٹھیک ۵ بجے عمل میں آئے۔ اسکے اختتام پر سید رضا روحمد عبد الحکیم طالب علم جماعت دوم نے ورزش کے فوائد پر نہایت ہی شیریں زبانی و پر لطف لب ولہجہ کے ساتھ مکالمہ کیا۔ اسپورٹس کے کامیاب طلباء کو انعامات تقسیم کئے گئے۔

۶۔ جلسہ سالانہ مدرسہ تحتانیہ قصبہ وہلیر تعلقہ وضلع ورنگل۔۔ تاریخ ۲۰ خورداد کی علی الصباح تقریباً صبح ۶ ساعت سے تقریباً ۹ بجے تک اسپورٹس کرایا گیا۔ تاریخ ۲۱ خورداد ۱۳۴۲ف صبح ۶ بجے سے طلباء مدرسہ نے نہایت ہی جوش عمل کے ساتھ بعد ادائی حمد باری تعالیٰ کے حضرت اقدس اعلیٰ حضور پرنور شہریار دکن وصاحبزادگان بلند اقبال ودولتمند کی شان میں دعا خوانی بڑی خوش الحانی کے ساتھ ادا کی جنکی گونج نے نیز اس دلکش سین نے اہل دہ کے نفس پر ایسا اثر طاری کیا کہ ہر کہہ ومہ کا انہماک مدرسہ ہذا کے کمپونڈ میں ایک بڑی حد تک اتحاد عمل کا نمایاں ثبوت تھا۔

بعدہٗ جلسہ ہذا کی صدارت کیلئے جناب مسٹر احمولی صاحب جو اس قصبہ کے ایک معزز ہستی میں سے ہیں انتخاب ہوا اس اہتمام کی تکمیل کے بعد رپورٹ سالانہ بزبان تلگو معتمد جلسہ نے پڑھی جسمیں بتلایا گیا کہ نسبتاً سالگذشتہ کے سالحال مدرسہ نے جو ترقی حاصل کی ہے رعایا میں علمی ترقیوں کا شوق اور طبقہ اساتذہ میں اپنی فرض شناسی کا مادہ راہ ترقی پر اپنا عمل کر رہا ہے جسمیں اہل دہ و دیگر کمبل پوش رعایا کو تعلیم کی اصلیت اور ہمارے نیک فرمانروائے دکن کی اپنے وفا شعار رعایا سے نیک سلوک کا احساس پیدا ہوتا گیا۔

چند پر مغز اور خرد افروز تقریروں کے بعد جیتنے والے طلبہ کو انعام اور تمغے تقسیم کئے گئے۔

فہرست کتب موجودہ بہ کتب خانہ انجمن اساتذہ بلدہ

اُردو ادب

۱	پہلواڑی	لالہ دیوان چند
۲	انتخاب سودا	جناب ابو محمد صاحب ثاقب کانپوری۔
۳	برگ سبز	میر محمد حسین فاضل نبیرہ میر محمد حسین خاں مرحوم۔
۴	منتخاب ہندی (ناگری خط) نظم	ڈاکٹر جعفر حسین۔
۵	انتخاب زرین۔	سید راس مسعود بی۔ اے۔
۶	درثمین	تصدق حسین۔
۷	کلیات اقبال	جناب مولوی محمد عبدالرزاق صاحب ایچ، سی، ایس۔
۸	بلغ المبین	ابو محمد سید حسین سیفی عفی اللہ عنہ
۹	انگریزی افسانے	عبدالقادر سروری و محمد محی الدین
۱۰	مضامین فرحت حصہ دوم	میرزا فرحت اللہ بیگ صاحب اسسٹنٹ ہوم سکریٹری۔
۱۱	〃 〃 حصہ سوم	〃 〃 〃 〃
۱۲	مذاکرات	
۱۳	روح جاپان	نواب مسعود جنگ بہادر سابق ناظم تعلیمات ملک سرکار عالی۔
۱۴	عروس ادب	
۱۵	یادگار غالب	شمس العلماء مولوی الطاف حسین حالی۔
۱۶	شاہ نہری چہارم	مترجمہ۔ مولوی سید وقار احمد مؤلف براؤننگ و مدیر نظام گزٹ
۱۷	نیا چاند	ڈاکٹر رابندر ناتھ ٹیگور۔
۱۸	احمد خاں و عزیزہ	آقا محمد کرمانی۔ بی۔ اے۔
۱۹	طلسم تقدیر	ابوالحسنات سید غلام محی الدین قادری زور۔
۲۰	روح تنقید	〃 〃 〃 〃
۲۱	گیتان جلی	مولینا ابوالمعانی نیاز فتح پوری۔
۲۲	گوئٹے کا فاؤسٹ حصہ اول	ڈاکٹر سید عابد حسین ایم، اے، پی، ایچ، ڈی۔

۲۳	خطوط سرسید	ڈاکٹر سید راس مسعود (نواب مسعود جنگ بہادر)
۲۴	محاسن کلام غالب	ڈاکٹر عبدالرحمن بجنوری مرحوم
۲۵	سب رس	(تصنیف ملا وجہی) مرتبہ مولوی عبدالحق صاحب بی، اے
۲۶	منظر الکرام	مولوی سید منظر علی صاحب۔ اشہر
۲۷	تذکرہ ہزار داستان جلد چہارم	جناب لالہ سریرام صاحب ایم۔ اے۔
	اصول تعلیم و تعلیمی نفسیات	
۲۸	فلسفہ تعلیم	ہربرٹ اسپنسر مترجمہ مولوی غلام حسین صاحب پانی پتی۔
۲۹	اساس التعلیم	محمد عبدالحق۔
۳۰	اصول تعلیم سلسلہ پنجاب	"
۳۱	رہنمائے تعلیم (ترجمہ پنجری اسٹوڈنٹس گائیڈ)	ٹی، ایس۔ ولسن صاحب
۳۲	تعلیمی علم النفس	مولوی نذیر احمد صاحب بی، اے
	طریقہ تعلیم	
۳۳	رہنمائے مدرسین لوئر پرائمری	پنڈت دیناناتھ برما سکینڈ ماسٹر
۳۴	رہنمائے تعلیم	جے، اے۔ ایجی
۳۵	اشارات جغرافیہ	مولوی عبدالخالق صاحب
۳۶	ابتدائی مدارس ہند میں تعلیم	مہدی حسن زبیری
۳۷	اصطلاحات جغرافیہ بطرز جدید	پروفیسر قاضی جلال الدین مراد آبادی۔
۳۸	نوپیشہ مدرس	مترجمہ عبدالنور صدیقی و عبدالشکور۔
۳۹	مادرزاد گونگوں اور بہروں کی تعلیم	خانصاحب ڈاکٹر فضل احمد۔
۴۰	رفیق المعلمین	ایس۔ انوار ربنی قریشی۔ بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔
۴۱	رفیق مدرسین	مخدوم علی۔ ٹی۔ ڈی۔ ناظر تعلیمات ضلع گلبرگہ۔
۴۲	اصول و طریقہ تعلیم حساب	لالہ بہاری لال صاحب۔ ریاضی ٹیچر
۴۳	رہنمائے مطالعہ قدرت عملی جغرافیہ	لالہ رتن لال، ایم۔ اے۔
۴۴	حساب کے سبقوں پر اشارے	لالہ بہاری لعل ریاضی ٹیچر
۴۵	معین مشاہدہ فطرت	گلاب چند کپور اینڈ سنز۔ لاہور

۴۶	اشارات قواعد	مولوی عبدالخالق بچھرانوی
۴۷	تسہیل التعلیم حصۂ اول	سید اصغر علی صاحب بی۔ اے بی۔ ٹی۔
۴۸	فن تعلیم و طریقہ تعلیم کی کتاب	چودہری فیض محمد خانصاحب منشی فاضل اوٹی۔
۴۹	رہنمائے علم التعلیم	سردار گوبند سنگھ صاحب گوہر۔

تعلیم الاطفال

۵۰	طریقہ تعلیم ابجد خوانان	لالہ تلسی رام بی، اے، بی، ٹی۔
۵۱	فطرت الطفال	مترجمہ منشی فاضل مولوی حامد حسین صاحب
۵۲	گلزار نونہال	لالہ خوان چند چاولہ بی، اے۔
۵۳	فطرت الطفال	منشی فاضل مولوی حامد حسین صاحب قادری
۵۴	اطوار بازیچہ	ایچ، ٹی نولسن

تعلیم متفرقات

۵۵	سکوٹ ماسٹر ہینڈ بک	ایچ، ڈبلیو۔ ہاگ پراونشل سکرٹری و مولوی کرامت اللہ
۵۶	طالب علم کی زندگی	فخر قوم جناب آغا محمد صفدر صاحب
۵۷	امور خانہ داری و تربیت اولاد	کونٹنس ای بارسٹر۔
۵۸	برائے اسکاؤٹنگ اور سکاوٹ ماسٹروں کے واسطے ضروری معلومات	

۵۹	پلے فار آل	رائے بہادر مسٹر آتمارام، ایم، اے، ائی۔
۶۰	میوزک فار آل	" " "
۶۱	ڈنمارک اور اسکا نظام تعلیم	سید محمد حسین جعفری بی، اے۔ نائب ناظم تعلیمات سرکار عالی
۶۲	ابتدائی تعلیم حصۂ دوم	
۶۳	تعلیم باغبان	جناب مولوی سید علی اکبر صاحب بیم، اے۔

۶۴	تعلیم روزگاری	جناب مولوی سجاد مرزا صاحب ایم، اے۔
۶۵	تاریخ التعلیم	ڈاکٹر ضیاء الدین احمد صاحب
۶۶	پیام دیہات شدھار	سید خورشید حسن بی، اے، بی، ٹی۔
۶۷	جغرافیہ	مخدوم علی ناظر تعلیمات ضلع گلبرگہ شریف۔
۶۸	رسالہ کانفرنس التربیۃ والتعلیم	
۶۹	جاپان اور اسکا تعلیمی نظم ونسق	سید راس مسعود، اے۔
۷۰	ابتدائی تعلیم	

تاریخ وجغرافیہ

۷۱	البدر	حضرت مولانا مولوی محمد عبدالواسع صاحب
۷۲	البیرونی	سید حسن برنی۔ بی، اے۔
۷۳	مشاہیر یونان وروما جلد اول	مترجمہ سید ہاشمی فرید آبادی
۷۴	دربار اکبری	شمس العلماء مولانا مولوی محمد حسین صاحب
۷۵	سیرۃ المحمود	جناب مولوی محمد عزیز مرزا صاحب مرحوم۔
۷۶	ہمارے رسول	خواجہ محمد عبدالحی فاروقی۔
۷۷	الخطبات الاحمدیہ فی العرب	ڈاکٹر سید احمد خان
۷۸	تاریخ الامت حصہ ہفتم	مولانا حافظ محمد اسلم صاحب جیراجپوری
۷۹	تاریخ ہند قدیم۔	مسٹر کے، ایم۔ اے۔
۸۰	قرون وسطی میں ہندوستانی تہذیب	مترجمہ منشی پرمیم چند۔
۸۱	عرب وہند کے تعلقات	مولانا سید سلیمان صاحب ندوی۔
۸۲	تاریخ ہند (حصہ دوم) ترجمہ اکسفورڈ ہسٹری آف انڈیا۔	استمے مترجمہ شیخ عبدالحمید صاحب۔

دینیات

۸۳	تفسیر القرآن از جلد اول تا ششم	ڈاکٹر سر سید احمد خان مرحوم

سائنس

۸۴	بصارت طلبار	سی۔سی۔کیلپ صاحب ایم۔اے۔
۸۵	فرسٹ ایڈ ٹو دی انجرڈ	ڈاکٹر مرزا کریم خاں خدیو جنگ ایم۔ڈی
۸۶	تندرستی	محمد واجد علی قادری

معاشیات

۸۷	زرعی افلاس ہند	ڈاکٹر جعفر حسن صاحب

اخلاقیات

۸۸	مضامین حکیمہ	مولوی عزیز حسن ابن مولوی الطاف حسین صاحب
۸۹	سیرت و کردار	〃 عبدالرحمٰن صاحب رئیس
۹۰	تعلیم الاخلاق	ناظم الاخلاق مولانا ذہین
۹۱	ہند و اخلاقیات	جے۔اے۔چندا و اکربی۔اے۔مترجمہ مولوی غلام ربانی صاحب
۹۲	تاریخ اخلاق یورپ جلد اول	عبدالماجد بی۔اے۔
۹۳	〃 〃 〃 حصہ دوم	〃 〃

علم السیاست

۹۴	ریاست افلاطون	مترجمہ ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب ایم۔اے۔پی۔ایچ۔ڈی

فلسفہ

۹۵	مبادی فلسفہ	میر حسن الدین بی۔اے۔
۹۶	مکالمات برکلے سوم	عبدالماجد بی۔اے۔
۹۷	مبادی علم النسان	مولوی عبدالباری ندوی

علم النفس

۹۸	نفسیات ترغیب	سید وہاج الدین احمد کنہوی
۹۹	فلسفہ اجتماع	عبد الماجد۔ بی۔ اے۔
۱۰۰	فلسفہ جذبات	" "
۱۰۱	نفسیات عنفوان شباب	مترجمہ ڈاکٹر سید عابد حسین۔ ایم۔ اے۔

لغات

۱۰۲	لغات جدیدہ (عربی)	محمد سلیمان ندوی
۱۰۳	وضع اصطلاحات (اردو)	مولوی وحید الدین صاحب سلیم

رپورٹ

۱۰۴	اسلامی تہذیب اور قومی تعلیم	مترجمہ محمد مسلم ایم۔ اے۔
۱۰۵	خطبات عالیہ حصہ اول	مرتبہ مولوی انوار احمد صاحب زبیری
۱۰۶	" " " دوم	" " " "
۱۰۷	" " " سوم	" " " "
۱۰۸	رپورٹ بہ اجلاس سی و ششم	
۱۰۹	سالنامہ ۳۵ و ۳۶ھ	

تفریق کے سوالات اکثر آخر الذکر طریقہ سے بھی حل کئے جاتے ہیں اور یہی طریقہ آجکل زیادہ مناسب سمجھا گیا ہے۔ اس میں یہ بات بچوں کے ذہن نشین کرانی ہوتی ہے کہ مفروق منہ ظاہر کرنیوالا عدد مفروق اور تفریق کو جمع کرنے سے آتا ہے۔

۴۵ - ۱۷ کو اس طرح بھی ظاہر کر سکتے ہیں کہ ۱۷ میں کونسا عدد جمع کیا جائے کہ حاصل جمع ۴۵ ہو سوال نما میں تفریق کا کوئی لفظ بھی نہیں۔ پایا جاتا۔

طریقہ تتمی یا تکمیلی جمع کا کافی تصور دلانے کی غرض سے ابتدا میں ایسے سوالات دئے جائیں جن میں مفروق منہ کا ہر درجہ کا ہندسہ مفروق کے اسی درجہ کے ہندسہ سے بڑا ہو۔

مثال ۴۸۹ - ۲۵۴ میں کیا جمع کیا جائے کہ حاصل جمع ۴۸۹ ہو۔ اس کا عمل ذیل میں بنایا جاتا ہے۔

سیکڑہ	دہائی	اکائی
۴	۸	۹
۲	۵	۴
۲	۳	۵

اکائیوں میں کتنی اکائیاں جمع کی جائیں کہ کل ۹ اکائیاں ہوں گی۔ جواب (۵) یہ ہندسہ اکائی کے خانہ میں لکھدیا جائے۔

۵۔ دہائیوں میں کتنی دہائیاں جمع کی جائیں کہ کل آٹھ دہائیاں ہوں گی۔ جواب (۳) یہ ہندسہ دہائی کے خانہ میں لکھدیا جائے۔

۲۔ سیکڑے میں کتنے سینکڑے جمع کئے جائیں کہ کل ۴ سینکڑے ہوں گے جواب (۲) یہ ہندسہ سینکڑے کے خانہ میں درج کیا جائے اور کل جواب ۲۳۵ بتایا جائے۔ مفروق اور حاصل تفریق کو اگر جمع کیا جائے تو نتیجہ مفروق منہ کے برابر ہوگا۔ ۲۵۴+۲۳۵=۴۸۹۔

بعض وقت تفریق بہ طریقہ تکمیل جمع کی پڑتال طریقہ تحلیل یا طریقہ مساوی جمع کے ذریعہ سے کرائی جائے تاکہ بچوں کو اس کا اطمینان ہو جائے کہ تینوں طریقے ایک ہی نتیجہ کو پہونچاتے ہیں اور طریقہ تتمی یا تکمیلی جمع ان کی سمجھ میں آسانی سے آئے گا۔

اس کے بعد ایسے سوالات دئے جائیں جنمیں مفروق منہ کے چند درجوں کے ہندسے مفروق کے ہندسوں سے چھوٹے ہوں۔

مثال ۳۳۴ - ۱۴۷

ابتدا میں ان سے ۱۸۷ + ۱۴۷ کا حاصل جمع دریافت کرایا جائے اور یہ بات ان سے اخذ کرائی جائے کہ ۳۳۴ کا عدد دو اعداد ۱۴۷ اور ۱۸۷ کا حاصل جمع ہے۔ لیکن جواب میں کاہر ہندسہ ان دو ہندسوں

۱	۸	۷
۱	۴	۷
۳	۳	۴

کی حقیقی جمع کو ظاہر نہیں کرتا۔ مثلاً ۷ اور ۷ کا حاصل جمع ۴ ہے ۴ نہیں ہے۔ جو جواب میں بتلایا گیا ہے۔ ۱۴ کا صرف اکائی کا ہندسہ وہاں رکھکر ایک دہائی حاصل لیکر دہائیوں میں ملائی جاتی ہے۔

طلبہ کو یہ سمجھایا جائے کہ اگر ۴۳ کا عدد ۷، ۱۴ اور کسی دوسرے عدد کا حاصل جمع ہے تو یہ ۴ جو سے چھوٹا عدد ہے، اور دوسرے عدد کی اکائیوں کا حاصل جمع نہیں ہوسکتا بلکہ وہ ہندسہ ۴ کا اس حاصل جمع کی اکائیوں کو ظاہر کرتا ہے جو عدد ۷ کے اوپر کے درجہ کا ہو۔ اور جس کا اکائی کا ہندسہ ۴ ہے یعنے ۱۴ متذکرۂ بالا سوال کا طرز عمل حسب ذیل ہوگا۔

	اکائی	دہائی	سینکڑہ
(۱) دس کی تکمیل کرکے ۷ اور ۳ دس۔ ۱۰ اور ۴ چودہ	۴	۳	۲
۷ اکائی کے خانہ میں لکھکر حاصل کا لیا جائے۔	۷	۴	۱
	۷	۸	۱

۱ اور ۴ پانچ ۵ اور ۵ دس ۱۰ اور ۳ تیرہ ۸ دہائی کے خانہ میں لکھکر حاصل کا لیا جائے۔

۱ اور ۱ دو ۲ اور ۱ تین ۳ سینکڑہ کے خانہ میں لکھدیا جائے۔ اور ۱۸۷ بنایا جائے۔

۲۔ راست جمع سے۔

۷ اور ۷ چودہ ۷ اکائی کے خانہ میں لکھدیں اور ۱ حاصل کا لیں اور ۴ پانچ ۵۔ اور ۵ تیرہ ۸ دہائی کے خانہ میں لکھدیں اور ۱ حاصل کا لیں ۱ اور ۱ دو ۲ اور ۱ تین ۳ سینکڑہ کے درجہ میں لکھدیں اور جواب ۱۸۷ بتائیں۔

یہ طریق گویا مساوی جمع کی ایک شاخ ہے۔ اس کو بعض اصحاب جمع استفہامی (Interrogative Addition) کہتے ہیں کیونکہ دوران عمل میں حسب ذیل طور پر سوالات کئے جاتے ہیں۔

مثلاً ۷ اور کتنے ۱۴؟ ۷ اور ۷ چودہ ۷ اکائی کے درجہ میں لکھدیتے ہیں حاصل آیا ۱، ۱ اور ۴ پانچ ۵ اور کتنے ۱۳؟ ۵ اور ۵ تیرہ ۸ دہائی کے درجہ میں لکھتے ہیں۔ حاصل آیا ۱، ۱ اور ۱ دو ۲ اور کتنے ۳؟ ۲ اور ۱ تین ۱ سینکڑہ کے خانہ میں لکھتے ہیں۔ اور جواب ۱۸۷ بتاتے ہیں۔

عمل بذریعہ ٹنکل



طرز عمل۔ ۷ میں کیا جمع کئے جائیں کہ ۱۴ ہو (مفروق کو بیج یا اور کسی چیز سے ظاہر کیا جائے) ۷ بیج زیادہ کر کے ۷ کا ہندسہ اکائی کے خانہ میں لکھدیا جائے اب اکائی کے خانہ میں ۴ بیج ہوں گے ان کو ۴ اکائیاں اور ایک دہائی کی صورت میں ظاہر کیا جائے اس جدید دہائی کو دہائیوں کے خانہ میں جمع کرنے سے ۵ دہائیاں ہوں گی۔

۵ دہائیوں میں کتنی دہائیاں جمع کیجائیں کہ ۱۳ دہائیاں ہوں؟ ۸ دہائیاں بیج (تھیلیوں کی صورت میں) جمع کئے جائیں اور ۸ کا ہندسہ دہائیوں کے خانہ میں لکھدیا جائے اب دہائیوں کے خانہ میں ۱۳ دہائیاں (تھیلیاں) ہیں جن میں سے دس دہائیوں کو سیکڑہ کی صورت میں تبدیل کیا جاسکتا ہے جس کو سیکڑہ کے خانہ میں منتقل کیا جائے تو کل سیکڑے ۲ ہوں گے۔ ۲ سیکڑے میں کیا جمع کیا جائے۔ اور اس ایک سیکڑہ کو سیکڑے کے خانہ میں لکھدیا جائے۔ جواب ۱۸۷ آئے گا۔

طریقہ تکمیلی یا تتمی جمع میں لفظ تفریق کا استعمال بالکل جمع نہ کیا جائے تفریق کو جمع کی نئی شکل میں بتایا جائے۔ متذکرہ بالا سوال کو حسب ذیل مرتب کیا جائے۔ دو اعداد کا حاصل جمع ۳۳۴ ہے ان میں سے ایک عدد ۱۴۷ ہے دوسرا عدد دریافت کرو۔ ۱۴۷ + ؟ = ۳۳۴

یا { ۱۴۷ / ؟ / ۳۳۴ } مثال ۱۹۸۷ - ۳۳۴۵

مثال مذکور کا عمل ذیل میں درج ہے ۷ اور ۵ پندرہ ۸ اکائیاں کے خانہ میں لکھکر ایک حاصل کا لیا جائے ۱ اور ۸ ۹ اور ۵ چودہ ۵ دہائی کے

۳	۳	۴	۵
۱	۹	۸	۷
۱	۳	۵	۸

خانہ میں لکھکر حاصل کا ایک لیا جائے۔ ۱ اور ۹ دس ۱۰ اور ۳ تیرہ۔ ۳ سیکڑے کے خانہ میں لکھدیا جائے۔ اور احاصل کا لیا جائے ۱ اور ۱ دو ۲ اور ۱ تین۔ ۱ سیکڑہ کے خانہ میں لکھدیا جائے۔ اور جواب ۱۳۵۸ بتایا جائے۔

طریقہ ہذا میں مثل جمع کے قاعدہ کے حاصل آتا ہے کیونکہ یہ جمع کا ہی طریقہ ہے تفریق کے سوالات حل کرنے کا یہ ایک راست اور قدرتی عمل ہے لہذا یہ طریقہ عام طور پر رائج ہو تو نامناسب نہیں ہوگا۔

تفریق سکھانے کے متعلق اور چند ہدایات۔

(ا) مروجہ طریقے (Formal Methods) بالکل ابتدائی حالت میں چھوٹے چھوٹے طلبہ کو بتائے جائیں۔ زبانی مشق سے ہی ان میں مہارت پیدا کی جائے۔ اور کافی مشق کے بعد قاعدے بنائے جائیں۔

(ب) چھوٹے بچوں کو اصطلاحات مفروق۔ مفروق منہ۔ حاصل تفریق وغیرہ سے پریشان نہ کیا جائے۔ صرف بڑا عدد۔ چھوٹا عدد۔ باقی وغیرہ الفاظ بتا دئے جائیں تو کافی ہے۔

(ج) تفریق کے سوالات کی پڑتال جمع کے ذریعہ سے کرائی جائے۔

(د) اگر کسی سوال میں بہت سے صفر واقع ہوں تو مفروق اور مفروق منہ ہر دو سے ایک ایک منہا کرنے سے تفریق کے عمل میں سہولت ہوگی۔ مثلاً ۴۵۰۰۰۰ - ۶ کا عمل کرتے وقت مفروق منہ اور مفروق ہر دو میں سے ایک ایک تفریق کرنے کے بعد سوال مذکور ۴۵۰۰۰ - ۹۹۹ کی

کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے اب آسانی کے ساتھ اور صحیح طور پر جواب معلوم ہو سکتا ہے۔

جب بچے تفریق کے سوالات حل کرنے میں مشاق ہوں گے تو ان کو ایسے عبارتی سوالات دئے جائیں۔ جن میں جمع اور تفریق دونوں عمل کرنے ہوں گے۔

مثال۔ ایک مدرسہ کی تعداد طلبہ درج رجسٹر ۲۲۰ ہے ایک روز صغیر جماعت میں ۵۹، اول جماعت میں ۴۱، دوم ۴۷، سوم میں ۳۵ اور چہارم ۲۰ طلبہ حاضر تھے۔ تو بتاؤ کہ کتنے غیر حاضر ہوں گے۔

اس قسم کے سوالات سے بچوں میں سوچنے کی عادت پیدا ہوگی۔ سوال میں کیا چیز دی گئی ہے۔ اور جواب کیا طلب کیا گیا ہے۔ جواب لانے کے لئے کیا عمل کرنا ہوگا۔ وغیرہ باتوں پر وہ غور کریں گے۔ مدرس پہلے ہی کچھ نہ بتائے ورنہ بچوں کی عقلی قوتوں کی مطلق ورزش نہ ہوگی اور وہ ہمیشہ مدرس کی امداد کے محتاج رہیں گے۔ بچے اگر نہ سمجھے ہوں تو انکی مشکل فوراً دور کی جائے۔ سب سوال حل کرکے نہ بتایا جائے۔

سوال مذکور کو حل کرنے میں بچے پہلے پانچ	صغیر	۵۹
جماعتوں کے حاضر طلبہ کی تعداد دریافت	اول	۴۱
کریں گے۔ تمام جماعتوں کے حاضر طلبہ کی تعداد	دوم	۴۷
کو جمع کرنے سے حاصل جمع ۲۰۲ معلوم ہوا۔	سوم	۳۵
جملہ تعداد درج رجسٹر ۲۲۰ ہے لہذا ۲۲۰	چہارم	۲۰
میں سے ۲۰۲ منہا کرنے سے ۲۲۰ درج رجسٹر		
۱۸ تعداد غیر حاضر طلبہ کی ہوگی ۲۲۰ حاضر	جملہ	۲۰۲
بعد میں انکو اس طرح عادی بنایا جائے کہ وہ ۱۸ غیر حاضر		۲۲۰
ایک ہی عمل میں جواب لاسکیں سوال مذکور کو	صغیر	۵۹
حسب مندرجہ حاشیہ لکھا جائے گا اور طرز عمل	اول	۴۱
حسب ذیل ہوگا۔ ۵، ۱۲، ۱۳، ۲۲، اور ۸	دوم	۴۷
تین ۳ نیچے لکھدیں حاصل آئے ۳،	سوم	۳۵
۳، ۵، ۸، ۱۲، ۲۱، اور ۲ بائیس ۲۲	چہارم	۲۰
انیچے لکھدیں اور جواب ۱۸ بنائیں	غیر حاضر	۱۸

یہی سوال جمع کے طرز پر بھی ظاہر کیا جاسکتا ہے۔ جس میں آخری سطر مقررہ رکھی جائے جیسا کہ ذیل میں بتایا گیا ہے۔ اس میں عمل اوپر سے نیچے کی طرف کرنا ہوگا۔ مثلاً ۹، ۱۰، ۱۷، ۲۲) اور ے تیس ۸ اکائی کے خانہ میں لکھدیں اور حاصل ۲، ۳، ۸، ۱۲، ۱۶، ۱۹، ۲۱) اور ۱ بائیں ۱ دہائی میں لکھدیں اور جواب ۱۸ بتائیں۔

صغیر	۵ ۹
اول	۴۱
دوم	۴۷
سوم	۳۵
چہارم	۴۰
عنرحاضر (۵ ۱)	
	۲۲۰

صحت اور عجلت کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر ایک طرز کے صرف ۵ یا ۶ سوالات حل کرانے سے کچھ فائدہ نہیں ہوگا۔ اس کے لئے متعدد سوالات کرانے کی ضرورت ہے تاکہ وہ بالکل عادی بن جائیں حساب میں زیادہ تر اعادہ۔ عمل و ذہانی کوشش کی ضرورت ہے قاعدہ رٹانے سے یا حفظ کرانے سے کوئی بات پختہ طور پر ذہن نشین نہیں ہوسکتی۔ بلکہ جلد بھول جانے کا اندیشہ ہوتا ہے

لہٰذا مشق کی سخت ضرورت ہے۔ ساتھ ہی ساتھ سوالات کے جانچ کی بھی ضرورت ہے۔ سوالات کی جانچ اگر احتیاط سے نہ ہو تو اس کی اہمیت کم ہوگی اور بچے لاپروا ہوں گے

ضرب ضرب متواتر جمع (۱):۔

ضرب کی تفہیم نئے سبق یا نئے قاعدے کی حیثیت سے نہ دیجائے بلکہ تجربہ کے طور پر بچوں کو یہ سمجھایا جائے کہ ایک ہی عدد کی متواتر جمع کا مختصر طریقہ ضرب کہلاتا ہے۔ یہ بات ایک دو مثالوں کے ذریعہ ان کے ذہن نشین کرائی جائے۔

مثال ۲ + ۲ + ۲ + ۲ = ۸

اس مثال میں ۲ چار مرتبہ لے کر ان کی جمع کیگئی ہے اور یہ معلوم کیا گیا ہے کہ ۲ چار مرتبہ لینے سے ۸ ہوتے ہیں اس کو حسب ذیل طریقہ سے بھی ظاہر کرسکتے ہیں

(۱) ۲ + ۲ + ۲ + ۲ = ۸۔ (ii) ۲ چوکے ۸ (iii) ۲ × ۴ = ۸

(i) جمع سے

۲
۲
۲
۲
۸

(ii) پہاڑے سے

۲ چوکے ۸

(iii) ضرب سے

۲
۴×
۸

علامت × مرتبہ یا دفعہ کی نشانی ہے۔

اسیطرح ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳ = ۱۵ یہاں تین کے عدد کو ۵ مرتبہ لے کر جمع کیا گیا ہے۔ اس کو ۳ × ۵ سے ظاہر کر سکتے ہیں۔ ۱ور ۳ پنجے ۵ کہتے ہیں۔

ان دو مثالوں سے بچوں کی توجہ اس بات کی طرف مبذول کرائی جائے کہ ضرب گویا ایک ہی عدد کو متعدد بار جمع کرتا ہے بعد میں ضرب کی علامت کا مطلب سمجھایا جائے کہ وہ علامت (×) متعدد بار جمع کے مختصر طریقہ کو ظاہر کرتی ہے۔ ۲ × ۳ سے مراد یہ ہے کہ ۲ کا عدد ۳ بار جمع کرنا ہے۔ اوپر بیان ہو چکا ہے کہ علامت (×) مرتبہ یا دفعہ کو ظاہر کرتی ہے اور پڑھتے وقت ۲ × ۳ کو ۲ ضرب ۳ کہتے ہیں۔ مفروں اشیاء کی مدد سے یہ بات اخذ کرائی جائے کہ ۳ × ۲ سے وہی نتیجہ حاصل ہوتا ہے جو ۲ × ۳ سے حاصل ہوتا ہے

ضرب کا تصور اس وقت بچوں کو دلایا جائے جبکہ ان کو ایک ہی عدد متعدد بار جمع کرنے کی کافی مشق ہو جائے۔ تاکہ اس صورت میں وہ ضرب کے قاعدہ کو ٹھیک طور پر سمجھ سکیں اور ایک ہی عدد کو متعدد بار جمع کرنے کا مختصر طریقہ ان کو معلوم ہونے پر اسی طریقہ کو پسند کریں۔ مثلاً ۲ چھ مرتبہ لکھکر ان کو جمع کرنے کے بجائے ۲ × ۶ کی صورت میں وہی سوال لکھنا زیادہ مختصر اور مفید سمجھیں گے۔

۲۔ ضرب کا ابتدائی سبق۔

(۱) جمع کو ضرب سے تعبیر کرنا۔



ابتدا میں بیج یا گولیاں استعمال میں لاکر ضرب کا تصور دلایا جائے۔ ایک ہی مقدار کو متعدد بار ظاہر کرنے کے لئے منہ سوں کے تاش (کارڈ) استعمال میں لائے

جائیں اور گولیوں کے ہر ایک ڈھیر یا کپّے پر تعداد بتانے والے ہندسہ کا کارڈ رکھدیا جائے ۔ اور تحریری عبارت ہندسوں کے ذریعہ جمع کی علامت کا استعمال کرکے ظاہر کی جائے مثلاً ۔

۲ + ۲ + ۲ یعنے ۲ تین مرتبہ = ۲ × ۳ = ۶

اور اسی تحریر کو الفاظ میں ضرب کا استعمال کرکے بھی بتایا جائے ۔

معرّہ خانوں کی تکمیل بچوں سے کرائی جائے

۲+۲+۲+۲	=	۲	×	۴	= ۸
۴+۴+۴	=	۴	×	۳	=
۳+۳+۳+۳	=	۳	×		=
۵+۵+۵+۵	=		×		

ب ۔ مساوی کپوں کی جمع سے چیزوں کی تعداد دریافت کرنا ۔

(۱) تیلیوں کے ذریعہ

ہر صورت میں نتیجہ فوراً بتایا جائے بچے تجربہ سے یہ معلوم کرلیں کہ ہر صورت میں نتیجہ وہی ہوگا

۳ تیلیاں ۴ مرتبہ
۴ ″ ۳ ″
۲ ″ ۶ ″
۶ ″ ۲ ″

۳×۴ = ۴×۳ = ۲×۶ = ۶×۲ = ۱۲ تیلیاں

۲ ۔ گولیوں کے ذریعہ ۔

بچوں کو کہا جائے کہ وہ ۱۸ گولیاں اٹھائی جائیں اور ان سے مساوی گولیوں کے جتنے کپے بن سکیں گے بنوائے جائیں اور نتیجہ تحریری طور پر ظاہر کرایا جائے ۔

{۹ × ۲ = ۱۸ ، ۲ × ۹ = ۱۸} {۶ × ۳ = ۱۸ ، ۳ × ۶ = ۱۸}
{۱۸ × ۱ = ۱۸ ، ۱ × ۱۸ = ۱۸}

ضرب میں مہارت پیدا کرنی ہو تو پہلے بچوں کو پہاڑوں سے اچھی طرح واقف کرایا جائے ۔ پہاڑوں کے اصول پر بھی ضرب کا قاعدہ مبنی ہے ۔ پہاڑوں کا تصور دلانے کے لئے چیزوں کے (مساوی مقدار کے) کپّوں کی گنتی کرانا مناسب ہے ایک ہی عدد کو متعدد بار جمع کرنا گویا پہاڑوں کی تعلیم کے لئے ۔ ان کو تیار کرنا ہے ۔

پہاڑے علم حساب میں پہاڑے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں کیونکہ انہیں کی بدولت روز مرہ لین دین کے حساب جلد اور صحت کے ساتھ حل کئے جاتے ہیں۔ جو شخص پہاڑوں سے خوب واقف ہے اس کو سوالات حل کرنا بالکل معمولی کام معلوم ہوتا ہے روزمرہ کاروبار کے اور بازاری لین دین کے سوالات آسانی سے حل کر سکتا ہے۔ زمانہ قدیم میں ۳۰ تک کے ضربی پہاڑے۔ اور پاؤ آدھا۔ پون۔ سوا۔ ڈیڑھ وغیرہ کے کسری پہاڑے بچوں سے حفظ یاد کرائے جاتے تھے لیکن بلا اصول بچوں سے پہاڑے یاد کرانے سے ان کے دماغ پر بہت زیادہ بار پڑتا ہے حقیقت میں اکثر پہاڑوں کا استعمال روزانہ کرنے کی ضرورت بھی نہیں پڑتی۔ اور جو پہاڑے روزانہ استعمال میں لانے کی ضرورت ہے وہ سب صغیر جماعت میں پڑھانا ٹھیک نہیں ہے کیونکہ ایک ہی سال میں سب پہاڑے پڑھانے سے اور بلا اصول یاد کرانے سے بچوں کے دماغ پر برا اثر پڑتا ہے۔ ایک دفعہ بچوں کو پہاڑوں کی ساخت (بناوٹ) معلوم ہو جائے تو وہ خود بخود پہاڑے تیار کر سکتے ہیں۔ اور خود کی کوشش سے تیار کئے ہوئے پہاڑے یاد بھی رہ سکتے ہیں۔

پہاڑوں کی تعلیم دیتے وقت اشیاء محسوسہ کا استعمال ضرور اور کافی طور پر کیا جائے پہلے تین یا چار پہاڑوں کا تصور اگر اچھی طرح دلایا جائے۔ تو پہاڑے کیا چیز ہے۔ یہ معلوم کر کے آئندہ کے پہاڑے بھی وہ جلد بنا سکیں گے۔

دو کا پہاڑہ مدرس پہلے دو گولیاں اٹھائے اور ان کو میز پر یا بچوں کے سامنے رکھدے بچوں سے بھی یہی عمل کروائے اور ان سے پوچھے کہ میز پر یا ان کے سامنے گولیوں کے کتنے کپتے ہیں؟ جواب "ایک" اخذ کرایا جائے اس کپے میں گولیاں کتنی ہیں؟ جواب "دو گولیاں" بذریعہ سوال و جواب بچوں سے یہ بات اخذ کرائی جائے کہ دو گولیاں ایک مرتبہ لیجائیں تو جملہ دو گولیاں ہوتی ہیں۔

اس کے بعد ایک کپے میں دو گولیاں ایسے دو کپے (ڈھیر) میز پر یا بچوں کے سامنے رکھدئے جائیں اور بچوں سے بھی عمل کرایا جائے اور ان سے پوچھا جائے کہ اب ان کے سامنے یا میز پر کتنے کپے ہیں؟

جواب "دو" نکلوایا جائے۔ ہر ایک کپے میں گولیاں کتنی ہیں۔ دو دو کپوں میں کل گولیاں کتنی ہوئیں؟ جواب "چار گولیاں" نکلوایا جائے۔ بذریعہ سوال و جواب

بچوں سے یہ بات اخذ کرائی جائے کہ ۲ گولیاں اگر ۲ مرتبہ لی جائیں تو جملہ ۴ گولیاں ہوتی ہیں۔ اس کے بعد ہر ایک کپّے میں ۲ گولیاں رکھکر ۳ کپّے بنائے جائیں اور بچوں سے بنوائے جائیں اور مندرجہ بالا طریقہ سے بذریعہ سوال وجواب یہ بات بچوں سے اخذ کرائی جائے کہ ۲ گولیاں ۳ مرتبہ لینے سے جملہ ۶ گولیاں ہوتی ہیں۔

اسیطرح دو دو گولیوں کے چار پانچ چھ کپّے بنا کر اور بچوں سے بنوا کر گولیوں کی جملہ تعداد ان سے دریافت کرائی جائے اور بذریعہ سوال وجواب یہ بات نکلوائی جائے کہ دو گولیاں ۵ مرتبہ ۲ لینے سے ۱۰ گولیاں ہوتی ہیں۔ علیٰ ہذا القیاس اسطرح دو کا پہاڑہ پورا بتایا جائے اور بچوں سے بنوایا جائے اور مختلف چیزیں استعمال میں لاکر پہاڑہ کی تصدیق کرادی جائے۔

* یعنے ۲ گولیاں ہوتی ہیں ۵ مرتبہ

[oo] دو گولیاں ایک مرتبہ لیجائیں تو جملہ دو گولیاں ہوتی ہیں۔

[oo] [oo] ۲ گولیاں دو مرتبہ لیجائیں تو ۴ گولیاں ہوتی ہیں۔

[oo] [oo] [oo] ۲ گولیاں ۳ مرتبہ لیجائیں تو ۶ گولیاں ہوتی ہیں۔

[oo] [oo] [oo] [oo] ۲ گولیاں ۴ مرتبہ لیجائیں تو جملہ ۸ گولیاں ہوتی ہیں۔

اس طرح ۲ کا پہاڑہ آخر تک بتایا جائے اور بچوں سے انہی کی کوشش سے بنوایا جائے ایک ہی روز میں سالم پہاڑہ نہ بتایا جائے اور کہا جائے کہ ایک بار دو (دفعہ) کیلئے ایکے۔ دو بار (دفعہ) کیلئے دوے یا دو نے۔ تین بار یا مرتبہ کے لئے تئے چار بار یا چار مرتبہ کے لئے چوکے کہتے ہیں۔ ۲ کا پہاڑہ حسب ذیل طور پر پڑھوایا جائے جو بذریعہ شکل ذیل درج کیا جائے۔

۲ × ۱ = ۲	دو ایکے دو								
۲ × ۲ = ۴	دو دو نے چار	oo							
۲ × ۳ = ۶	دو تئے چھ	oo	oo						
۲ × ۴ = ۸	دو چوکے آٹھ	oo	oo	oo					
۲ × ۵ = ۱۰	دو پنجے دس	oo	oo	oo	oo				
۲ × ۶ = ۱۲	دو چھکے بارہ	oo	oo	oo	oo	oo			
۲ × ۷ = ۱۴	دو ستے چودہ	oo	oo	oo	oo	oo	oo		
۲ × ۸ = ۱۶	دو آٹھے سولہ	oo	oo	oo	oo	oo	oo	oo	
۲ × ۹ = ۱۸	دو نوے اٹھارہ	oo	oo	oo	oo	oo	oo	oo	oo
۲ × ۱۰ = ۲۰	دو دہائی بیس	oo	oo	oo	oo	oo	oo	oo	oo

اسی طرح دو کا پہاڑا بچوں سے بنوا کر ان سے ان کی سلیٹوں پر لکھوایا جائے اور بعد میں یاد بھی کرایا جائے اور مشق کے لئے مندرجہ ذیل قسم کے شقی کارڈ بھی ان میں معمّٰی خانوں کی تکمیل بچوں سے کرا دی جائے۔



پہاڑوں کے شقی کارڈ

پہاڑوں کی تعلیم دیتے وقت ایک ہی نتیجہ ظاہر کرنیوالی اور بھی باتیں بذریعہ اشکال بنا کر بچوں کے ذہن نشین کرائی جائے مثلاً ۲ تین مرتبہ لینے سے جو نتیجہ حاصل ہوتا ہے وہی نتیجہ ۳ دو مرتبہ لینے سے حاصل ہوتا ہے۔



۲ × ۳ = ۳ × ۲ = ۶

دو تین دفعہ لینے سے یا تین دو دفعہ لینے سے یا جملہ ۶ آتے ہیں۔

۲ چار مرتبہ لینے سے جو نتیجہ حاصل ہوتا ہے وہی نتیجہ ۴ دو مرتبہ لینے سے آتا ہے



۲ × ۴ = ۴ × ۲ = ۸



دو چار مرتبہ لینے سے ۸ آتے ہیں
۴ دو مرتبہ لینے سے ۸ آتے ہیں۔

۲ × ۴ = ۴ + ۲

اس طرح تعلیم دی جائے تو ۲ کا پہاڑا بناتے وقت اور بھی دیگر باتیں بچوں کو بلا احساس تکلیف معلوم ہو سکتی ہے اور آئندہ پہاڑوں کی ساخت میں بہت آسانی اور سہولت بھی ہوتی ہے۔ مثلاً ۲ × ۳ کو معلوم کرتے وقت ۳ × ۲ کو بھی معلوم کر سکتے ہیں ۲ × ۴ کو معلوم کرتے وقت ۴ × ۲ بھی معلوم کر سکتے ہیں۔ اس طرح دو کے پہاڑے کی تعلیم دیتے وقت مندرجہ ذیل باتیں بھی

۳ × ۳ = ۳ × ۲ = ۶	۲ × ۷ = ۷ × ۲ = ۱۴
۲ × ۴ = ۴ × ۲ = ۸	۲ × ۸ = ۸ × ۲ = ۱۶
۲ × ۵ = ۵ × ۲ = ۱۰	۲ × ۹ = ۹ × ۲ = ۱۸
۲ × ۶ = ۶ × ۲ = ۱۲	۲ × ۱۰ = ۱۰ × ۲ = ۲۰

دو کا پہاڑہ اچھی طرح یاد ہونے پر اس پر چند عبارتی سوالات بھی کئے جائیں اور اچھی مشق کرائی جائے البتہ اس بات کی احتیاط رکھنا چاہئے کہ جواب دیتے وقت بچے پہاڑہ شروع سے نہ پڑھیں بلکہ جواب کیلئے جس کی ضرورت ہو وہی فوراً کہدیں۔

مشقی سوالات:۔ (۱) ہر ایک بچے کے دو ہاتھ ہوتے ہیں دو بچوں کے ملکر کتنے ہاتھ ہوں گے۔ (۲)۔ ہر ایک بچے کو دو دو گولیاں دیدی جائیں تو ۳ بچوں کو ملکر کتنی گولیاں دی جائیں گی۔ (۳) ہر ایک شیروانی کے دو جیب ہوتے ہیں تو ۴ شیروانیوں کے کتنے جیب ہوں گے وغیرہ وغیرہ۔

پہاڑوں کی بنیاد ٹ میں کاغذ کی پٹیاں (خانہ دار کاغذ ہو تو بہتر) بھی کارآمد ہو سکتی ہیں مثلاً ۶ کا پہاڑہ پڑھانا ہو تو ذیل میں بنائی ہوئی شکلیں کام دے سکتی ہیں۔





۶ × ۴ چھ چار مرتبہ = ۲۴



۶ × ۵ چھ پانچ مرتبہ = ۳۰



۶ × ۶ چھ مرتبہ = ۳۶

۶ × ۱ = ۶	۶ × ۶ = ۳۶
۶ × ۲ = ۶ × ۲ = ۱۱	۶ × ۷ = ۷ × ۶ = ۴۲
۶ × ۳ = ۶ × ۳ = ۱۸	۶ × ۸ = ۸ × ۶ = ۴۸
۶ × ۴ = ۶ × ۴ = ۲۴	۶ × ۹ = ۹ × ۶ = ۵۴
۶ × ۵ = ۶ × ۵ = ۳۰	۶ × ۱۰ = ۱۰ × ۶ = ۶۰

مقررن اشیاء کی مدد سے ۱ تک کے پہاڑے بتانیکے بعد مندرجہ ذیل تختہ پہاڑوں کے مشق اور اعادہ کیلئے کار آمد ہوسکتا ہے۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
۲	۴	۶	۸	۱۰	۱۲	۱۴	۱۶	۱۸	۲۰
۳	۶	۹	۱۲	۱۵	۱۸	۱۹	۲۴	۲۷	۳۰
۴	۸	۱۲	۱۶	۲۰	۲۴	۲۸	۳۲	۳۶	۴۰
۵	۱۰	۱۵	۲۰	۲۵	۳۰	۳۵	۴۰	۴۵	۵۰
۶	۱۲	۱۸	۲۴	۳۰	۳۶	۴۲	۴۸	۵۴	۶۰
۷	۱۴	۲۱	۲۸	۳۵	۴۲	۴۹	۵۶	۶۳	۷۰
۸	۱۶	۲۴	۳۲	۴۰	۴۸	۵۶	۶۴	۷۲	۸۰
۹	۱۸	۲۷	۳۶	۴۵	۵۴	۶۳	۷۲	۸۱	۹۰
۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰

تختہ مذکور جمع۔ تفریق ضرب تقسیم چاروں قاعدوں کے اعادہ کے لئے بھی کام دے سکتا ہے۔ تختہ مذکور میں یہ نظر آئیگا کہ دائیں طرف سے بائیں طرف جائیں۔ تو وہ خانہ جمع۔ پہاڑہ ضرب کو ظاہر کر سکتا ہے۔ اور یہی بات اوپر سے نیچے کی طرف آنے میں ظاہر ہوتی ہے۔ مثلاً

(۱) عمودی قطاروں میں سے پہلی قطار میں ۵ کا ہندسہ دیکھئے اور اس ہندسہ کے بائیں نیچے طرف افقی عمودی قطار دیکھی جائے تو یہ معلوم ہوگا کہ ۵ کی متواتر جمع ہے یعنے ۵ میں ۵ جمع کرنے سے ۱۰ ہوتے ہیں۔ ۱۰ میں ۵ جمع کرنے سے ۱۵ ہوتے ہیں ۱۵ میں ۵ جمع کرنے سے ۲۰ ہوتے ہیں یعنے ۵ کی متواتر جمع ان قطاروں میں نظر آتی ہے۔

(۲) ان قطاروں میں ۵، ۱۰، ۱۵، ۲۰ وغیرہ ۵ کے پہاڑے کو ظاہر کرتے ہیں ۵ ایکے ۵، ۵ دونے ۱۰، ۵ تئے ۱۵، ۵ چوکے ۲۰، وغیرہ

(۳) ۵، ۱۰، ۱۵، ۲۰ وغیرہ اعداد جس افقی عمودی قطار میں واقع ہیں اُسی قطار کے عمودی دائیں طرف کے پہلے خانہ میں ۱، ۲، ۳، ۴ وغیرہ ہندسے نظر آتے ہیں۔ اس سے اس بات سے یہ معلوم ہوگا کہ ۵ × ۱ = ۵، ۵ × ۳ = ۱۵، ۵ × ۴ = ۲۰ وغیرہ یعنے افقی عمودی پہلی قطار میں جو ہندسے ہیں ان کو اگر ۵ میں ضرب دیں وہ نتیجہ ۵ کے افقی عمودی خانہ میں نظر آتا ہے۔

اس تختہ میں بائیں طرف سے دائیں طرف اور نیچے سے اوپر کی طرف جائیں تو متواتر

تفریق اور تقسیم اور پہاڑوں کی الٹی ترتیب (یعنے دہائی سے ایکے کی طرف) نظر آتی ہے رمثلاً۔ ۴۰، ۳۶، ۳۲، ۲۸، وغیرہ میں یہ معلوم ہوگا کہ ۴ کی متواتر تفریق کیگئی ہے اور پہاڑے کے لحاظ سے ۴ × ۱۰ = ۴۰، ۴ × ۹ = ۳۶، ۴ × ۸ = ۳۲، کو ظاہر کیا جاتا ہے آخری خانہ کے ۴۰ کا دائیں۔ طرف ابتدائی خانہ میں ۱۰ کا ہندسہ ہے اسی ۴۰ کے عمودی قطار کے پہلے خانہ میں ۴ ہے اس سے تقسیم کا عمل ظاہر ہو سکتا ہے۔ لہذا یہ تختہ ابتدائی چار اقلی قاعدے پہاڑوں کی مشق اور اعداد کے لئے استعمال میں لایا جائے تو بچوں کو آیندہ اصول اور قاعدوں کی سمجھ میں بہت سہولت ہوگی اور عجلت اور صحت کے ساتھ سوالات حل کرنے میں بھی آسانی ہوگی۔

پہاڑوں کی بناوٹ کا طریقہ بچوں کی سمجھ میں آنے کے بعد اور پہاڑے ان کی ذاتی کوشش سے بنوانے کے بعد اگر عبارتی سوالات کے ذریعہ کافی مشق ہو جائے تو بچوں سے پہاڑے حفظ کرانے میں کچھ بھی مشکل نہ ہوگی۔ پہاڑوں کو حفظ یاد کرانا ضروری ہے عجلت اور صحت کیساتھ حساب حل کرنے کے لئے پہاڑوں کا حفظ ہونا سخت ضروری ہے۔ پہاڑے گویا حفظ کی کلید ہے کسی امر کا عادی ہونا باقاعدہ مشق پر منحصر ہے بلاتعلق یا بلاتسلسل کوئی بات یاد نہیں رہ سکتی ۴ × ۵ کا تعلق ۴ × ۶ کے ساتھ یا ۴ × ۶ کا تعلق ۴ × ۷ کے ساتھ دیکر یاد کرانا فضول ہے یہ صرف میکانی طریقہ ہے اشیاء محسوسہ کے ذریعہ تجربہ سے یہ بات جلد سمجھ میں آسکتی ہے اور آسانی سے یاد بھی رہ سکتی ہے۔

